بہار میں

اردو زبان و ادب کا ارتقا

اختر اورینوی

Marfat.com

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

Marfat.com

بہار میں

اردو زبان وادب کا ارتقا

۱۸۵۷ء تک

از: اختر اورینوی

ترقی اردو بیورو نئی دہلی

BIHAR MEN URDU ZABAN-O-ADAB KA IRTIQA

BY

AKHTAR URAINVE

130128

سنہ اشاعت جنوری، مارچ 1989 — شک 1911

© ترقی اردو بیورو، نئی دہلی

پہلا اڈیشن: 3000

قیمت: 18/-

سلسلۂ مطبوعات ترقی اردو بیورو 610

ناشر: ڈائرکٹر ترقی اردو بیورو، ویسٹ بلاک 8 آر کے پورم نئی دہلی-110066

طابع: سُپر پرنٹرز، ساؤتھ انارکلی، دہلی 110051

Marfat.com

پیش لفظ

ہندوستان میں اردو زبان و ادب کی ترقی و ترویج کے لیے ترقی اردو بیورو (بورڈ) قائم کیا گیا۔ اردو کے لیے کام کرنے والا یہ ملک کا سب سے بڑا ادارہ ہے جو دو دہائیوں سے مسلسل مختلف جہات میں اپنے خاص خاص منصوبوں کے ذریعہ سرگرم عمل ہے۔ اس ادارہ سے مختلف جدید اور مشرقی علوم پر مشتمل کتابیں خاصی تعداد میں سماجی ترقی، معاشی حصول، عصری تعلیمی اور معاشرہ کی دوسری ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے شائع کی گئی ہیں جن میں اردو کے کئی ادبی شاہکار، بنیادی متن، قلمی اور مطبوعہ کتابوں کی وضاحتی فہرستیں، تکنیکی اور سائنسی علوم کی کتابیں، بچوں کی کتابیں، جغرافیہ، تاریخ، سماجیات، سیاسیات، تجارت، زراعت، لسانیات، قانون، طب اور علوم کے کئی دوسرے شعبوں سے متعلق کتابیں شامل ہیں۔ بیورو کے اشاعتی پروگرام کے تحت شائع ہونے والی کتابوں کی افادیت اور اہمیت کا اندازہ اس سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ مختصر عرصہ میں بعض کتابوں کے دوسرے تیسرے ایڈیشن شائع کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ ترقی اردو بیورو نے اپنے منصوبوں میں کتابوں کی اشاعت کو خاص اہمیت دی ہے کیوں کہ کتابیں علم کا سرچشمہ رہی ہیں اور بغیر علم کے انسانی تہذیب کے ارتقا کی تاریخ مکمل نہیں تصور کی جاتی۔ جدید معاشرے میں کتابوں کی اہمیت مُسلّم ہے۔ بیورو کے اشاعتی منصوبہ میں اردو انسائیکلو پیڈیا، ذولسانی اور اردو۔ اردو لغات بھی شامل ہیں۔

ہمارے قارئین کا خیال ہے کہ بیورو کی کتابوں کا معیار اعلا پائے کا ہوتا ہے اور وہ ان کی ضرورتوں کو کامیابی کے ساتھ پورا کر رہی ہیں۔ قارئین کی سہولتوں کا مزید خیال کرتے ہوئے کتابوں کی قیمت بہت کم رکھی جاتی ہے تاکہ کتاب زیادہ سے زیادہ ہاتھوں تک پہنچے اور وہ اس بیش بہا علمی خزانہ سے زیادہ سے زیادہ مستفید اور مستفیض ہو سکیں۔

یہ کتاب بھی بیورو کے اشاعتی پروگرام کی ایک کڑی ہے۔ امید ہے کہ آپ کے علمی ادبی ذوق کی تسکین کا باعث بنے گی اور آپ کی ضرورت کو پورا کرے گی۔

ڈاکٹر فہمیدہ بیگم
ڈائرکٹر ترقی اردو بیورو

Marfat.com

فہرستِ مضامین

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	مقدّمہ	66 – 11
1	فلسفۂ زبان و اقوام	
2	اُردو زبان کے آغاز کا پسِ منظر ...	
3	اُردو زبان کا ارتقا	
	باب اوّل. بہار میں اُردو زبان	138-67
4	تمہید	
5	عہدِ عالمگیر میں لِسانی یکسانی	
6	کھڑی بولی ریختہ	
7	قدیم اُردو اور صوفیائے کرام	
8	انگریزی دَور میں اُردو زبان	
	باب دوم، بہار میں اُردو ادب	247-139
9	تمہید	
10	بہار میں اُردو شاعری	
11	مرزا عبدالقادر بیدلؔ	
12	سیّد عماد الدین عمادؔ پھلواروی	
13	مُلّا محمد علیم تحقیقؔ عظیم آبادی ...	
14	قاضی عبدالغفار غفاؔ	
15	غلام نقشبند سجاؔد	

Marfat.com

صفحہ	عنوان	نمبر شمار
	حضرت بی بی ولیہ	16
	لالہ اُجاگر چند اُلفت	17
	مہاراجہ رام نرائن موزوں	18
	شاہ آیت اللہ جوہری و مذاقی	19
	نُور محمد دلدار	20
	میر وارث علی نالاں	21
	غلام جیلانی محزوں	22
	شیخ غلام یحییٰ حضور	23
	ہیبت قلی خاں حسرت	24
	شاہ کمال علی کمال	25
	شیخ محمد عابد دل	26
	شیخ محمد روشن جوشش	27
	میر محمد رضا، رضا	28
	مفتی غلام مخدوم ثروت	29
	خواجہ امین الدین امین	30
	شاہ نورالحق طپاں پھلواروی	31
	غلام علی راسخ	32
	شاہ امان علی ترقی	33
	شاہ ظہور الحق پھلواروی	34
	شاہ ابوالحسن فرد	35
	قادر علی فگار عظیم آبادی	36
254-249	بہار کے تذکرہ نگار شعراء	

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
37	غلام حسین شورش	
38	نواب علی ابراہیم خاں خلیل	
39	وجیہہ الدین عشق	
	شعرائے شاہجہاں آباد جو عظیم آباد میں آباد ہوئے	259-253
40	میر محمد باقر حزیں	
41	اشرف علی خاں فغاں	
42	میر ضیاالدین ضیا	
43	شاہ رکن الدین عشق	
44	مرزا محمد علی فدوی	
45	مہاراجہ کلیان سنگھ عاشق	
	بہار میں اُردو نثر نگاری	378-271
46	حضرت عماد الدین قلندر پھلواری	
47	حضرت ظہور الحق ظہور	
48	حضرت محمد تقی بلخی فردوسی	
49	حضرت سید شاہ عطا حسین منعمی گیاوی	
50	سید محمد اسحاق عرف پیر دمڑیا	
51	عالم علی عظیم آبادی	
52	مولوی شجاع الدین علی	
53	مولوی محمد عالم علی	
54	حیدری	
55	مولانا محمد احسن گیلانی	
56	مولانا ولایت علی زبیری صادق پوری	

Marfat.com

صفحہ	عنوان	نمبر شمار
	مولانا عنایت علی زبیری صادق پوری . . .	57
	مولانا فیاض علی	58
331-329	بہار میں اردو ادب کے عام میلانات	
335-333	کتابیات . . .	59
337-347	اِشاریہ	60

Marfat.com

مُقدّمہ

فلسفۂ زبان واقوام

"اصل وطن مادری زبان کی حدود میں ہوتا ہے"۔ "زبان سے زیادہ کوئی چیز قومی سیرت اور قوم کی ذہنی وروحانی طاقت کی مظہر نہیں ہوتی"۔ مغرب ومشرق کے علماء نے اِس قسم کے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ زبان انفرادی ایجاد کا نتیجہ نہیں ہوتی بلکہ سماجی تغیرات لسانی ارتقاء کا باعث ہوتے ہیں۔ زبان کی فطری نشو ونما کے ساتھ ساتھ سماجی قماش کے مطابق بھی اس کی تشکیل وتعمیر ہوتی ہے۔ یوں تو مندرجۂ بالا خیالات نہایت دلکش معلوم ہوتے ہیں: اور ان سے قومی پندار وعصبیت کی تسکین بھی ہوتی ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس طرز کے خیالات محض مَن مانی باتوں کی بنیاد پر قائم ہیں۔ دنیا کی موجودہ زبانوں میں ایک بھی تو ایسی نہیں جو اکیلی ایک قوم کی آغوش میں پلی ہو۔

زبان کی پیدائش کے متعلق مختلف نظریے پیش کیے جاتے ہیں زبان کیا

Marfat.com

ہے ؛ زبان خیالات کا ذریعۂ اظہار ہے۔ ڈاکٹر محی الدین قادری زورؔ اِس کی مزید تفصیل یوں کرتے ہیں :

"پس[1] زبان کی واضح تعریف ان الفاظ میں کی جاسکتی ہے کہ زبانِ اِنسانی خیالات اور احساسات کی پیدا کی ہوئی ان تمام عضوی اور جسمانی حرکتوں اور اشاروں کا نام ہے جن میں زیادہ تر قوتِ گویائی شامل ہے۔ اور جن کو ایک دوسرا انسان سمجھ سکتا ہے اور جب وقت چاہے اپنے ارادہ سے دُہرا سکتا ہے۔"

سید احتشام حسین "ہندوستانی لسانیات کا خاکہ" از جان بیمز کا ترجمہ پیش کرتے ہوئے مقدّمے میں تحریر فرماتے ہیں :

"یہ بتانا[2] تو بہت مشکل ہے کہ زبان کسے کہتے ہیں۔ لیکن سمجھنے کے لیے یہ کہا جا سکتا ہے کہ زبان آوازوں کے ایک ایسے مجموعے کا نام ہے جسے انسان اپنا خیال دوسروں پر ظاہر کرنے کے لیے ارادتاً نکالتا ہے اور ان آوازوں کے معنی معیّن کر لیے گئے ہیں تاکہ کہنے اور سُننے والے کے یہاں تقریباً ایک ہی جذبہ پیدا ہو۔ الفاظ اِن ذہنی تصویروں کی ملفوظی علامتیں ہیں جنھیں ہم دوسروں کے ذہن تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ اِسی طرح زبان ایک بڑا پیچیدہ موضوع بن جاتی ہے کیونکہ کہنے والا ایک میکانکی اور جسمانی ذریعہ سے سُننے والے دماغ میں ایک نفسیاتی کیفیت بیدار کرتا ہے اور زبان، تالو، حلق، دانت، ہونٹ اور پھیپھڑے کے مرکب اور پیچ در پیچ عمل سے دماغ کے وہ حصّے تقریباً یکساں طور پر اثر پذیر ہوتے ہیں۔ جن میں خیال پیدا ہوتے ہیں۔ اور جو آوازوں سے بنی ہوئی ملفوظی تصویروں کے معنی جانتے ہیں۔"

زبان کی تعریف معلوم کر لینے کے بعد زبان کی پیدائش کے متعلق دو نظریوں سے واقفیت ضروری ہے۔ ایک نظریہ ہے کہ زبان۔

1ع ہندوستانی لسانیات صفحہ ۲۶ 2ع ہندوستانی لسانیات کا خاکہ صفحہ ۲۲

Marfat.com

ہاگیا پیدا کی گئی ہے اُردو میں اس خیال کی ترجمانی احمد دین نے اپنی کتاب "سرگزشت الفاظ" میں کی ہے۔ اس نظریہ کی دوسری شکل یہ ہے کہ زبان براہ راست ودیعتِ فطرت ہے جس میں ارادہ کو کوئی دخل نہیں۔ دوسرا نظریہ جو وہبی نظریہ کے مخالف ہے اِس امر کو پیش کرتا ہے کہ زبان کی پیدائش ارتقائی طور پر ہوئی ہے اور زبان انسانوں ہی نے پیدا کی۔ "اِنکی سماجی ضروریات نے اُسے اظہارِ خیال پر مجبور کیا اور اس کی ترقی یافتہ جسمانی اور دماغی ساخت نے اُسے اظہارِ خیال کے وہ ذرائع دیے جن تک جانوروں کی رسائی نہ تھی۔" غرض یہ کہ اِس نظریہ کے مطابق زبان کی پیدائش کا مسئلہ ارتقائی اور ارادی ہے۔ مابعد الطبیعیاتی نہیں۔ یہ کسبی نظریہ ہمیں بتاتا ہے کہ بچہ ماں کے پیٹ سے زبان سیکھ کر پیدا نہیں ہوتا بلکہ اپنے ماحول سے زبان سیکھتا ہے۔ اسی طرح ابتدائی انسانوں نے زبان سیکھی ہوگی۔ لیکن چونکہ نمونہ موجود نہ ہوگا، زبان کے ارتقار میں صدیاں لگ گئی ہوں گی۔

اگر سنجیدہ طور پر مذکورہ بالا مخالف نظریوں کے درمیان محاکمہ کیا جائے تو حقیقت تک رسائی ہوسکتی ہے۔ بائبل کے ۱۔ پیدائش سے متأثر ہوکر عیسائی علمائے کلیسا نے خلقِ عالم و آدم کے بارے میں جو نظریہ قائم کیا ہے وہی آغازِ زبان کے الہامی نظریہ کی تہہ میں ہے۔ یعنی یہ کہ اللہ تعالیٰ نے آدم و حوّا کو مٹی سے پیدا کرنے کے بعد انھیں الہامًا زبان سکھادی اور وہ گفتگو کرنے لگے۔ ویدوں میں بھی سنسار اور مانو کے رچے جانے کا نقشہ کچھ اسی طرز سے پیش ہوا ہے اور برہمن پنڈتوں کا لسانی نظریہ بھی یہی بتاتا ہے کہ ویدوں کی زبان دیو بھاشا ہے جو آکاش وانی کے ذریعہ ویدرشیوں کو سکھائی گئی اور قوموں کے اکثر علمائے دین بھی اسرائیلیات یا ہندو صنمیات سے متأثر ہوکر پیدائشِ عالم کا صحیح تصور قائم نہ کرسکے۔ دوسری طرف جدید مادّی فلسفوں نے کائنات کے مرکز، اس کی روحِ اعلیٰ، اس کے مبدا اور خالق سے مُنہ موڑا اور ارتقائے تمدّن کی ہر شئے کو محض انسانی ارادہ سے وابستہ کردیا۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ خود اِس عظیم مادّی کائنات

۱؎ "ہندوستانی لسانیات کا خاکہ" از احتشام حسین ص ۲

کا ارتقا رکس کے ارادے سے ہوا؟ حیات کس کے ارادے سے پیدا ہوئی؟ انسان کس کے ارادے سے وجود میں آیا؟ مادئین کے لیے خدا کا ابدی و ازلی، قدیر و حکیم ماننا تو دوبھر ہوا لیکن، آخرش، وہ مادّہ کو ہی ازلی و ابدی، فعّال، صاحبِ ارادہ قادرِ مطلق اور حکیم و بصیر ماننے پر مجبور ہوئے۔ یہ سب کچھ ہوا، مگر سائنس نے اپنے بنائے ہوئے بُت خود توڑنے شروع کر دیے۔ بیسویں صدی عیسوی کی سائنس نے حرفِ آغاز کے لیے مادّے کی بجائے قوّت (ENERGY) کا سراغ لگایا۔ جینز جینز، آئنسٹائن اور دوسرے ماہرینِ طبعیات کے نزدیک پہلے قوّت و توانائی مُنزّہ ہے، بعد میں مادّہ کا وجود ہوتا ہے۔ مادّہ کو اب وہ اولیّت و اہمیت حاصل نہیں رہی۔ مادّہ فنا بھی کیا جا سکتا ہے۔ جوہری توانائی کے راز دریافت ہو جانے کے بعد نُور الانوار کی طرف سائنس کی تشنہ نگاہیں بھی اُٹھنے لگی ہیں۔

بہرکیف جیسے علمائے مذاہب کے ایک بڑے گروہ نے پیدائشِ عالم و آدم کے بارے میں صحیح تصوّر قائم نہیں کیا، اسی طرح سائنس دانوں کی ایک جماعت بھی گمراہ رہی۔ لیکن حقیقت آشنائی سے دین و دانش دونوں کُلّی طور پر محروم نہیں۔ سائنس لغزش و افتاد کے بعد حق و صداقت کی منزل کی طرف قدم بڑھا رہی ہے اور مذاہب کے رازہائے سربستہ بھی اب کھُلتے جا رہے ہیں۔

سچ تو یہ ہے کہ پیدائشِ زبان کی اصلیّت وہبی بھی ہے اور کسبی بھی۔ الہامی بھی اور ارتقائی بھی۔ جیسے خود آدمؑ کا وجود اور اس کی ساری تمدّنی ترقیاں۔ علامہ اقبال کہتے ہیں کہ وہ دمادم[1] صدائے کُن فیکون سُنتے ہیں۔ خدائے تعالیٰ "کُن" کہتا ہے اور اس کی مشیّت اور قدرت تدریجی طور پر "فیکون" کے تحت ظاہر ہوتی رہتی ہے۔

ایک اور صاحب تجربہ بزرگ یوں فرماتے ہیں:

"غرض[2] اس آیت کا صرف یہ مطلب ہے کہ جب ہم چاہتے ہیں کہ کوئی

ع1 یہ کائنات ابھی ناتمام ہے شاید کہ آ رہی ہے دمادم صدائے کن فیکون۔ بال جبریل ص۴۲

ع2 اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَیْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰہُ اَنْ نَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ ○ سورہ نحل ۵ کی تفسیر از حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد۔ تفسیر کبیر جلد ۳ ص۱۶۵

امر ہو جائے۔ تو ہم اس قسم کی چیز کے پیدا کرنے کا ارادہ کرلیتے ہیں اور جس طرح ہم ارادہ کرتے ہیں، اسی طرح واقع ہو جاتا ہے۔"

دوسرے[1] مقام پر آپ تحریر کرتے ہیں:

"یُدَبِّرُ الْاَمْرَ کہہ کر یہ بھی بتایا کہ اللہ تعالیٰ کی نسبت جو کُن فیکون کے الفاظ آتے ہیں، یعنی وہ کہتا ہے "ہوجا" پس ہوجاتا ہے۔ اس کے یہ معنی نہیں کہ وہ اپنے حکموں کو فوراً پورا کرواتا ہے، وقت کی حدبندی نہیں کرتا۔ بلکہ اس کے احکام بھی تدبیر پر مشتمل ہوتے ہیں۔ یعنی باریک اور مخفی تدابیر سے کام لے کر وہ نتائج پیدا کرتا ہے۔ اور تدبیر کے معنی ہی یہ ہیں کہ اسباب میں ایسا تغیر کیا جائے کہ طبعی نتائج منشا کے مطابق پیدا ہوجائیں۔"

مندرجہ بالا گذارشات کے پیش نظر یہ کہنا صحیح ہوگا کہ "انسان[2] میں زبان سے کام لینے کی استعداد اس کی خاص فطرت کی طرح یقیناً ایک ودیعت الٰہی ہے۔ مگر زبان اس حد تک انسان کی اپنی کوششوں کا نتیجہ ہے کہ وہ اس خُدا داد قابلیت کو اپنی فطرت اور عضوی خصوصیات کی مدد سے ظاہر کرتا ہے۔ زبانوں کی تشکیل اور ارتقا براہ راست انسانی خیالات کی تشکیل اور ارتقا پر منحصر ہے۔" عجیب بات ہے کہ مادّی نظریہ کے علمبردار احتشام حسین بھی یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہوئے ہیں کہ زبان کی پیدائش میں "ابتداً[3] قصد اور ارادے کو بہت زیادہ دخل نہیں تھا۔"

آغاز کلام میں یہ بات پیش کی جاچکی ہے کہ دنیا کی موجودہ زبانوں میں کوئی ایسی زبان نہیں جس کی پیدائش کسی ایک نسلِ انسانی کے بطن سے ہوئی ہو۔ یا دن کسی ایک قوم

---

1. تفسیر کبیر ص۱۹۳ زیر آیت اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ یُدَبِّرُ الْاَمْرَ سورۂ یونس ع

2. ہندوستانی لسانیات، از محی الدین زور ص۱۲

3. ہندوستانی لسانیات کا خاکہ، مقدمہ ص۱۲

Marfat.com

کی گود میں پلی ہو۔ گو اس کا قوی امکان پایا جاتا ہے کہ ماضی بعید میں خالص بولیاں گوشہ گیر انسانی ٹولیوں اور دُور اُفتادہ قبیلوں میں رائج رہی ہوں۔ لیکن وہ دَور کب کا بیت چکا اور اب اس کی دُھندلی سی جھلک بھی تاریخ کی قدامت کے پردوں کے پیچھے ملنی مشکل ہے قدیم ترین انسانی بولیاں آوازوں کے تعین کی ابتدائی صورتیں ہوں گی۔ اُن آوازوں میں نہ تو کثرت و وُسعت پیدا ہوئی ہوگی اور نہ ترکیبی کیفیت۔ رفتہ رفتہ صدیوں میں زبان کا ارتقا ہوا ہوگا۔ اِبتدائی انسانوں کی زندگی کے تجربات خود اَنے گِنے تھے۔ تجربات میں ترقی ہوتی گئی انسان اور فطرت کے درمیان نئے رشتے قائم ہوتے رہے۔ انسان فطرت کو اپنے قابو میں لانے کی کوشش کرتا رہا۔ یہی انسانوں اور جانوروں کے درمیان نمایاں فرق تھا۔ انسان کو تدریجی طور پر اشیاء کا علم حاصل ہوا اور اس علم میں نیز اشیاء کے درمیان روابط و تعلقات کی واقفیت میں اضافے ہوتے رہے۔ انسان نے اشیاء، اعمال خاصیتوں اور کیفیتوں کو نام دے کر اپنے علم کو مُستقل، مفید اور دوسروں تک منتقل ہونے والا بنانا چاہا۔ اِس طرح زبان کے فطری نشوونما کے ساتھ ساتھ انسان کی ضرورتوں اور اس کے خیالات نے بیان و زبان کی تہذیبی تشکیل کی۔

کسی زبان کے خالص یا مخصوص طور پر قومی ہونے کا تصور ہی تہہ دار فریبوں کا پیدا کیا ہوا ہے۔ زبان کی انفرادیت تو اُسی وقت گُم ہو جاتی ہے جب ایک انسانی ٹولی دوسری ٹولی سے ملتی ہے۔ ایک قبیلہ دوسرے قبیلہ سے رَسم و راہ قائم کرتا ہے اور ایک نسل کے لوگ دوسری نسل کے لوگوں سے ملنے جُلنے لگتے ہیں۔ یہ تعلقات نوعِ انسانی کے آغاز سے ہی پیدا ہونے لگتے ہیں۔ ایک بولی دوسری بولی سے اثر پذیر ہوتی ہے۔ ایک تہذیب دوسری تہذیب سے اثر قبول کرتی ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کوئی زبان بھی صرف ایک قوم کے گہوارۂ تمدّن میں پرورش نہیں پاتی بلکہ کئی قومیں مل کر اُس کی پرداخت کرتی ہیں۔ ہر زبان ایک زندہ تنظیم اُسی وقت تک رہتی ہے جب تک اس کے اندر تبدیلیاں رونما ہوتی رہتی ہے۔ نئے تجربات، نئی چیزیں، جدید خیالات و تصوّرات، خواہ وہ سماجی ہوں یا سیاسی، یا اقتصادی و مذہبی، نئے اسلوبِ اظہار اور نئے لفظوں کی پیدائش کا سبب بنتے ہیں۔ زبان کے نئے عناصر کا بیشتر حصّہ اُس کے صَوتی سانچے میں ایسا ڈھل جاتا ہے کہ اُن عناصر کی اصل تک پہنچنا مشکل ہو تا ہے۔ ہر زبان میں ایسے لفظوں کی بکثرت

مثالیں مل جاتی ہیں۔

انسان کی سماجی زندگی میں جب کوئی نئی جلوہ گری ہوتی ہے تو ایسی نئی لفظی قماشیں اور ہیئتیں بنتی ہیں جو پہلی نسلوں کے لیے ناقابلِ فہم تھیں کیونکہ اُن پیڑھیوں کی سماجی اور ذہنی بُنیادیں نئے لسانی ڈھانچوں کے مناسبِ حال ہی نہ تھیں۔ لہٰذا نئی ضروری تبدیلیوں کی عمارت کو پرانی نیو پر اٹھانا غلط اور بے اثر طریقہ ہے۔

مختلف راستوں سے تبدیلیاں آتی ہیں، طرح طرح سے زبان ترقی کرتی رہتی ہے اور ایک عرصہ کے بعد زبانیں اِس طور سے بدل جاتی ہیں کہ قدیم و جدید کے درمیان بہت کم مشابہت رہ جاتی ہے۔ اِن کمزور مشابہتوں کو صرف علمائے انکشاف و تحقیقات ہی پہچان سکتے ہیں، اور بس۔ زبان کا آغاز وارتقا کبھی بھی قومی اصولوں یا تمناؤں کے مُطابق نہیں ہوتا۔

ہر تحریری زبان کا آغاز کسی بولی (DIALECT) سے ہوا ہے۔ ابتدائی بولیاں خود ایک دوسرے پر اثر ڈالتی رہتی ہیں اور ان میں سے کوئی بولی جو مقابلتاً کسی ترقی یافتہ علاقے سے تعلق رکھتی ہیں، آگے بڑھ جاتی ہے اور زبان بننے کی طرف قدم بڑھاتی ہے۔ اس نُمو کے دَور میں وہ دوسری بولیوں سے لفظ اور ترکیبیں حاصل کرکے اپنے حلقۂ اثر کو بڑھاتی چلی جاتی ہے۔ جیسے جیسے وہ تحریری اور ادبی زبان بنتی جاتی ہے اس کا اختلاف بول چال کی زبان سے نمایاں ہوتا جاتا ہے۔ مگر ابھی تک کوئی ایسا ماہرِ لسانیات پیدا نہیں ہوا جو بولی اور زبان کے درمیان واضح اور مستقل خطِ فاصل کھینچ سکے۔

پھر یہ ترقی کرنے اور پھیلنے والی بولی (DIALECT) زبان (LANGUAGE) بننے کے پہلے اور بعد دوسری زبانوں سے سرمایۂ الفاظ و ترکیب حاصل کرتی ہے۔ اس کی لُغت اور قواعد سے بھی اثر قبول کرتی اور اپنا دامن بھرتی ہے۔ زبان ہر دَور اور ہر ملک میں نئی سے نئی چال چلتی اور پُر پیچ راہیں بدلتی ہے۔ لسانیات کے طالب العلم کے سامنے عجیب عجیب لسانی گُتھیاں آتی رہتی ہیں۔ بعض تو اَب تک عقدۂ لاینحل بنی ہوئی ہیں۔

نوعِ بشر ایک مخصوص نوع ہے جو کامل طور پر ناطق ہے۔ جدید نسلیات اور عمرانیات نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ نوعِ انسان کی مختلف ٹولیوں نے سماجی اور تہذیبی ترقیاں بڑے مشابہ رنگ میں کی ہیں۔ اُن میں بڑی یگانگت پائی جاتی ہے۔ نئے انکشافات پُرانے سے

Marfat.com

پُرانے انسانی کلچروں کو ہمارے سامنے لا رہے ہیں۔ نیا کلچر پُرانے کلچر سے فیضیاب ہوتا ہے اور عموماً ہر کلچر ایک آمیزہ یا مرکب ہوتا ہے، جو کئی کلچروں سے مل کر بنتا ہے خالص کلچر کا اِس بھری دُنیا میں کوئی وجود نہیں۔ تمام انسانوں کا جوہر اور ان کی عالمگیر خصوصیات بنیادی طور پر ایک ہیں۔ نوع بشر کا رُوحانی اور ذہنی عطر بھی ایک رنگ میں کشید ہوتا ہے اور اِن عطروں میں بڑی مشابہت و مماثلت پائی جاتی ہے۔

دُنیا کی مختلف قوموں اور نسلوں میں ایک ہی فطرت انسانی کام کرتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔ اقوام و ملل کی انفرادی خصوصیتوں کے باوجود اُن کی انسانی قدرِ مشترک ایک ہے، ایک تھی اور قرینہ غالب ہے کہ ایک رہے گی۔ دراصل نوع انساں اجتماعی طور پر ایک حیاتی اِکائی ہے۔ نسل و رنگ کی تقسیم ذیلی یا مصنوعی ہے۔ علم الحیات نئے انتہاپسندانہ نسلی نظریوں یا پُرانے نسلی توہمات کا بطلان کرتا ہے۔ ہٹلر کا آریائی نسلِ خالص کا خبط، برہمنی نسل کی آسمانی تقدیس کا کبر، اسرائیلی اُمت کی برتری کا پندار اور عرب و عجم کی جاہلانہ تفریق بالکل باطل ہیں۔

اب رہی یہ بات کہ نوع بشر کا آغاز کس طرح ہوا۔ یہ بڑا پیچیدہ مسئلہ ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ ہمارے پاس اتنے شواہد موجود نہیں کہ ہم نوع انسان کے آغاز، ارتقاء و توسیع کی پیچ در پیچ منزلوں کا صاف اور واضح نقشہ پیش کرسکیں۔ صرف چند اصولی باتیں بیان کی جاسکتی ہیں اور ایک دُھندلا سا خاکہ پیش کیا جاسکتا ہے اور بس۔ مگر اِس خاکہ کی پیش کش میں بھی اہل نظر و خبر کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

زبان اور نسل کے متوازی ہونے سے زیادہ باطل تصور قوم (جدید معنوں میں) اور زبان کے ایک ہونے کا خیال ہے۔ کثرت سے ایسی مثالیں ملتی ہیں کہ زبانوں کی سرحدیں قومی سرحدوں سے مطابقت نہیں رکھتیں۔ یہ اتنی عام بات ہے کہ عصر حاضر کی قومی ریاستوں کے درمیان آئے دن زبان کی بنا پر سرحدی جھگڑے اُٹھتے رہتے ہیں۔ دوسری طرف ایک ہی ریاست کے اندر کئی کئی مختلف الاصل زبانیں یا بہت حد تک علیحدہ زبانیں بولی جاتی ہیں۔ لہٰذا یہ سچائی اتنی صاف اور روشن ہے کہ زبان قومی خصوصیات میں داخل نہیں۔ آج کی دُنیا میں اِتحاد کی بُنیادوں کے لیے نئے حکمتی تصوّرات قائم ہوتے جاتے ہیں۔

Marfat.com

مختلف زبانوں کی ابتدار اور تشکیل ماضی کی ناقابلِ عبور تاریکی میں اس طرح ڈھکی چھپی ہوئی ہے کہ ہمیں بہت ہی سنبھل سنبھل کر راہِ تحقیق پر چلنا چاہیئے ہم زیادہ سے زیادہ فرضیوں (HYPOTHESIS) ہی کے سہارے چل سکتے ہیں اور یہ فرضیے بھی کتنے غیر یقینی ہوتے ہیں۔ فرضیہ کا نظریہ (THEORY) بننا بھی بڑی کدوکاوش کے بعد ہوتا ہے۔ اور لسانیات کی دُنیا میں نظریوں سے آگے قانون، آئین اور اٹل اصول کی منزل کی طرف بڑھنا اور سرِ منزل پہنچ پانا جُوئے شیر لانے سے بھی زیادہ مشکل ہے پُرانے فرضیے اور نظریے نئی تحقیقات کے بعد ٹوٹ ٹوٹ کر بِکھر رہے ہیں۔ لیکن میرے خیال میں نئے فرضیوں اور نظریوں پر بھی اِعتماد کامل نہیں ہو سکتا۔

یہ نظریہ کہ ہر زبان کسی ایک مخصوص نسل یا خاص قوم کی تخلیقِ اختراعی ہے یا صرف اُسی کی آغوش کی پروردہ ہے محض بے بُنیاد ہے۔ اور اس کا شمار بھی اُن اَنگنت خود فریبیوں میں ہے۔ جن میں نسلی نظریہ باز اور تنگ نظر قوم پرست مُبتلا ہیں اور دوسروں کو مبتلا کرنا چاہتے ہیں۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ اس عالم نیرنگ میں نہ تو خالص نسلوں اور قوموں کا کوئی وجود ہے، نہ خالص کلچر کا اور نہ خالص زبان کا۔ نسل، قوم، کلچر، اور زبان یہ سب ہمیشہ سیّال حالت میں ہیں۔ تھے اور رہیں گے۔ اِن میں ہرآن میل جول، خلط ملط، لین دین ہوتا رہتا ہے۔ نسلیات و انواع کا ماہر فریڈ ریش ہرٹزن[1]، اس نتیجہ پر پہنچا ہے کہ نسلی خصوصیات غیر مبدّل اور مقدّس ہرگز نہیں۔ فطری اور تہذیبی ماحول کے بَدلنے سے نسلی و قومی خصوصیات بَدل جاتی ہیں۔ اور پھر اس تبدیلی کا اثر کلچر کی ہر شاخ پر پڑتا ہے۔ انواعِ انسانی کا محقق آیولوسکی کہتا ہے کہ "انواعِ انسانی کے ٹائپوں کا غیر مبدّل ہونا بس ایک کہانی ہے"۔

پروفیسر جے۔ ایچ بلر یونیورسٹی آف ٹکساز (امریکہ) نے رونٹجن شعاعوں سے قانونِ توارث کے متعلق بصیرت افروز سائنسی تجربے کیے ہیں۔ اِن تجربوں نے توارث کے نظریوں میں انقلاب برپا کر دیا ہے۔ لہٰذا ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ "شدھ جیا شاؤں" ذاتوں اور تہذیبوں کے تصوّر کے بارے میں یہ کہنا صحیح ہے کہ:

---

[1] ملاحظہ ہو فریڈیش ہرٹزل کتاب "ریس اینڈ ہم"

کیمبرج ہسٹری آف انڈیا، جلد اوّل ص ٦٦

"ایں خیال است ومحال است وجنوں"

مُقدّس نسلوں، تہذیبوں اور زبانوں کا نہ تو کوئی حقیقی وجود کبھی رہا ہے اور نہ آج کسی زبان، نسل یا قوم کی اَزلی و ابدی برتری و فوقیت کی کوئی کمزور سے کمزور سائنسی وجہ موجود ہے۔

دُنیا میں جو زبانیں مُروّج ہیں۔ اُن کی گروہ بندی عموماً دو اصول کے ماتحت کی جاتی ہے اور تمام عالمی زبانوں کو پہلے اصل کے مطابق دو بڑے گروہوں میں تقسیم کردیا جاتا ہے۔ گروہ بندی کا پہلا اصل زبانوں کی لفظی اور حرفی خصوصیات کا جائزہ لیتا ہے۔ پہلا لسانی گروہ یک لفظی زبانوں کا ہے، جن کے اساسی الفاظ میں اشتقاق نہیں ہوتا یعنی مادّے کے اِرد گرد شکلی تبدیلیوں سے معنی میں تبدیلی نہیں ہوتی۔ سب کے سب الفاظ عام طور سے آزاد ہوتے ہیں۔ اور ان میں سابقے[1] اور لاحقے[2] نہیں ہوتے۔ اس گروہ کی زبانوں میں چینی، برما، ہند چینی، ملایا وغیرہ کی زبانیں شامل ہیں۔

دوسرے گروہ میں دُنیا کی باقیماندہ زبانیں شامل ہیں۔ اُن میں اشتقاق ہوتا ہے۔ یعنی الفاظ اپنی شکلیں اور مفہوم بدلتے رہتے ہیں۔ سابقے اور لاحقے بھی لفظوں کے آگے پیچھے جُڑ کر معنی میں طرح طرح کے گوشے اور زاویے پیدا کرتے ہیں۔ ایک لفظ اصل یا مَصدر ہوتا ہے۔ اور اِسی جَڑ سے بہت سی لفظی شاخیں پھوٹتی ہیں اور لفظوں کا مربُوط سِلسلہ چلتا ہے۔ مثلاً عربی، عبرانی، سنسکرت، لاطینی، جرمن، انگریزی، اُردو، ہندی، فارسی، وغیرہ زبانیں۔

دوسری قسم کی گروہ بندی نسلی اور تاریخی یگانگت کی بنا پر ہوتی ہے۔ اِن تعلقاتِ نسلی وتاریخی کے اعتبار سے کُل زبانوں کو آٹھ[3] بڑے بڑے خاندانوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ ہر خاندان کی زبان میں اشتراک پایا جاتا ہے۔ آٹھ بڑے لِسانی خاندان حسب ذیل ہیں:

(۱) سامی، (۲) ہندیوروپی، (۳) ڈراوڑی، (۴) ہند چینی، (۵) ملائی (۶) افریقی (بانتو)، (۷) امریکی، (سُرخ ہندی)، (۸) مونڈا (آدی باسی)

---

[1]، [2] سابقے اور لاحقے کی تفصیلی بحث کے لیے دیکھیے پروفیسر وحید الدین سلیم کی بیش قیمت کتاب "وضع اصطلاحات"

[3] ہندوستانی لسانیات، از ڈاکٹر زور، ص ۲۹

اُردو زبان کے آغاز کا پس منظر

اُردو زبان کو پروفیسر وحید الدّین سلیم نے آریائی زبان قرار دیا ہے اور اسے " ہندلمانی " تہذیب یعنی ہندو مسلمانوں کے متحدہ تمدّن کی پیداوار بتایا ہے۔ دوسرے ماہرین لسانیات بھی اسے آریائی بھاشا ہی قرار دیتے ہیں۔ لیکن اگر اُردو زبان کے آغاز کا پسِ منظر دیکھا جائے اور اس کی تخلیق کے عناصِر ترکیبی پر غور کیا جائے تو پھر اسے شُدھ آریائی زبان کہنے میں احتیاط کرنی پڑے گی اُردو ہندلمانی تہذیب کی پیداوار ضرور ہے۔ لیکن ہندو تہذیب خالص آریائی تہذیب کا نام نہیں۔ ہندو قوم بھی نسلی اعتبار سے ملی جلی کول آسٹرک، ڈراوڑ، تبتی چینی، آریائی قوم ہے۔ مُسلم تہذیب بھی کسی ایک قومی تمدّن سے وابستہ نہیں۔ ملّتِ اسلامیہ ایک سہی، مگر نسلی لحاظ سے یہ عرب، ایرانی، ترکی، مُغل، بربر، حبشی، سلافی، چینی وغیرہ قوموں پر مشتمل ہے۔ لہٰذا ہندو لمانی تہذیب کی نمائندہ زبانوں میں مختلف لسانی عناصر پائے جاتے ہیں۔ اور جب تک اُن عناصِر ترکیبی کا صحیح نقشہ پیش نہ کیا جائے حقیقت مکمّل طور پر سامنے نہیں آتی۔

۱۔ مُلاحظہ ہو مقالہ " بولیوں کا سنگم " تحقیق و تنقید ص ۴۹ - ۱۱ از: اختر اورینوی

کاٹ گلا لہو سے نہلایا ہاے حسین بیدیسی پنتی

Marfat.com

ہند آریائی تہذیب اور زبان کے غیر آریائی پسِ منظر کے متعلق سونیتی کمار چٹرجی یوں رقمطراز ہیں :

" ہندوستانی[1] تہذیب کی تعمیر کا فخر صرف آریہ قوم کو ہی اکیلے حاصل نہیں بلکہ ہندوستان کے غیر آریہ بھی اس کے حصہ دار ہیں اور بنیادیں قائم کرنے میں تو اُن کا زیادہ بڑا حصہ ہے ۔"

باہر[2] سے آنے والے آریائی قبیلے تو خانہ بدوش وحشی تھے ۔ ان میں بربریت تھی ۔ اُن کے مقابلہ میں ہندوستان کے ڈراوری لوگ بہت ہی مہذب ، شستہ و شائستہ اور متمدن تھے ۔ اُن کے بڑے بڑے شہر آباد تھے اور اُن کی سنسکرتی دیس بھر میں پھیلی ہوتی تھی ۔

سندھ اور پنجاب کی ڈراوری تہذیب اُس زمانہ سے تعلق رکھتی ہے جس کے متعلق تاریخی مواد بہت کم ملتا ہے ۔ لیکن نئی کھدائیوں سے بہت سی باتیں معلوم ہوئی ہیں ۔ اِس تہذیب میں پڑھنے لکھنے کا فن عام اور ترقی یافتہ حالت میں تھا ۔ ابھی تک تشفی بخش طور پر سندھ پنجاب[3] تمدن کی رسم تحریر کو پڑھا نہیں جا سکا ہے ۔ یہ رسم تحریر فنیقی رسم تحریر کے ماقبل علمی اور جزیرۂ کریٹ و قبرص کی رسوم تحریر سے مشابہت رکھتی ہے ۔

سنہ۴۰۰ ق م تا سنہ۳۰۰ ق م کے موریہ براہمی[4] رسم الخط کے قدیم نمونوں سے بھی مہنجو

ع۱ انڈو ایرین اینڈ ہندی صفحہ ۳۱

ع۲ انڈو ایرین اینڈ ہندی صفحہ ۳۱، اور " وولگا سے گنگا تک " از : راہول سنکرتیاین

ع۳ " مہنجو دارو " از سرجان مارشل سنہ۱۹۲۰ء اور " ہڑپا " از شری مادھو سروپ واتس

ع۴ " عرب و ہند کے تعلقات " از علامہ سلیمان ندوی ص۵

" یہ سب کو معلوم ہے کہ ہندوستان کی تمام تحریریں ، بلکہ تمام آرین تحریریں بائیں طرف سے لکھی جاتی ہیں لیکن اس آریہ ورت کی ابتدائی تحریریں حیرت سے سُنا جائے گا کہ سامی طرز تحریر کی طرح داہنی طرف سے شروع ہوئی تھیں ،، ص ۱۰ ، ع۹ پر یوں درج ہے :

" انسائکلو پیڈیا برٹانیکا (طبع ۱۱) کے مضمون سنسکرت کا لکھنے والا یہاں کی ابتدائی تحریر (باقی ص۲۳ پر)

130/28

Marfat.com

دارد۔ ہڑپا کی لپی کو کچھ مُشابہت حاصل ہے۔ موریہ براہمی لپی موجودہ دیوناگری لپی کی مورثِ اعلیٰ کہی جاتی ہے۔ آریوں نے ڈراوری قوموں سے لکھنا پڑھنا اسی طرح سیکھا جس طرح وحشی مونگول وتاتاری فاتحین نے مفتوح بغدادیوں، عربوں، ایرانیوں، خوارزمیوں سے حملۂ ہلاکو اور زوال بغداد کے بعد سیکھا تھا۔ آریہ قبیلوں نے ڈراوری تہذیب سے بہت گہرا اثر قبول کیا۔ ڈراوری مذہب، ثقافت، روایات و اساطیر، اور تاریخ نے انھیں مُتاثر کیا۔ لیکن یہ آریائی زبان تھی جس نے نئی رلی مُلی بھاشا میں غالب عُنصر کی حیثیت

(حاشیہ بائی صفحہ ۲۲) کی تاریخ ان الفاظ میں بیان کرتا ہے:

"ہندوستانی حروف کی ابتدا کا مسئلہ ابھی شکوک سے گھرا ہوا ہے۔ ہندوستانی تحریر کے قدیم ترین نمونے وہ کتبات ہیں جو چٹانوں پر کندہ ہیں۔ یہ پالی زبان (وہ پراکرت جو جنوبی بودھ مذہبی تحریروں کے لیے استعمال کی جاتی تھی) کے وہ مذہبی احکام ہیں جن کو ۲۵۳ ق م میں موریہ خاندان کے شہنشاہ اشوک نے کندہ کرایا تھا۔ اور یہ شمالی ہند، شمالی مغربی سرحد، پشاور کے مضافات، اور گجرات میں گرنار سے لے کر مشرقی ساحل پر کٹک کے ضلع میں جوگادہ اور دھولی تک پھیلے ہوئے ہیں، انتہائے مغرب کے وہ کتبات جو کپور دا گڈھی یا شہباز گڈھی اور منصورہ کے قرب وجوار میں ہیں۔ دوسرے کتبات کے حروف تہجی سے بالکل جُداگانہ حروف میں لکھے گئے ہیں۔ وہ داہنی جانب سے بائیں جانب پڑھے جاتے ہیں۔ ان کو عموماً "آرین پالی" کہا جاتا ہے۔ رہے دوسرے حروف جو بائیں جانب سے داہنی جانب پڑھے جاتے ہیں "ہندی پالی" حروف کہلاتے ہیں۔ مقدم الذکر جن کو کھروشتی یا خروشتی، یا گندھارا (لپی) حروف بھی کہا جاتا ہے۔ اور جو بظاہر کسی سامی (اور شاید آرامی) زبان سے ماخوذ ہیں، ہندوستان کی بعد کی تحریروں میں کوئی اثر نہیں چھوڑا ہے۔ دوسری جانب ہندی پالی (یا براہمی) حروف جن سے موجودہ ہندوستانی حروف ماخوذ ہیں بہت زیادہ ترقی کرلی تھی۔ اور اس کو علمی مقاصد میں حیرت انگیز طور پر استعمال کیا جانے لگا تھا۔ تاہم اس کے بعض حروف کا قدیم فینقی حروف سے (جو شاید خود مصری، ہیروغلیفی، خط سے ماخوذ تھے) تشابہ یہ خیال پیدا کرتا ہے کہ شاید یہ بھی سامی الاصل ہوں۔

اختیار کرلی۔ یہ چٹرجی، بھنڈارکر اور گریرکسین کا نظریہ ہے۔ مجھے اِس نظریہ سے تسلی نہیں حاصل ہوتی۔ اپنے شبہات اور اس کی وجہیں، مَیں بعد میں پیش کروں گا۔ خود چٹرجی اس اَمر کو تسلیم کرتے ہیں کہ غیر آریائی عناصر نے آریائی زبان میں بھرپور نفوذ حاصل کیا۔ اور اُسے شُدھ نہ رہنے دیا۔

قوموں کے عروج و زوال کے اسباب و علل پر غور کرنے سے یہ پتہ[1] چلتا ہے کہ عروج کے بعد کی عشرت سامانیاں ہی زوال کا پیش خیمہ بن جاتی ہیں۔ اپنے اپنے وقتوں میں بابل و بغداد اور مہنجو دارو و دہلی کے انحطاط و زوال کے اسباب ایک جیسے ہی تھے۔ غرض یہ کہ متمدن و مہذب ڈراوری قوم وحشی آریوں سے شکست کھا گئی۔ عین ممکن ہے کہ وہ آریہ قبیلے جو عراق و عرب میں بود و باش اختیار کر چکے ہوں وہ مہذب و متمدن بن گئے ہوں اور ایران و ہندوستان کی طرف آ نکلنے والے خانہ بدوش قبائل وحشی ہوں۔ رفتہ رفتہ ایران و ہندوستان کی قدیم تر قوموں سے گھُل مل کر ان آریائی قبائل نے متعدد عظیم تہذیبوں کی بنا ڈالی۔ ہند آریائی قبیلوں نے ہندوستان کی کول ڈراور نسلوں کے ساتھ مخلوط ہو کر ایک حیرت انگیز نسلی، مذہبی، تہذیبی اور لسانی مُرکب بنایا۔ ہندو قوم[2]، ہندو تہذیب اور ہندو دھرم مخلوط و مرکب ہیں۔

ہندوستان میں آنے والی اور اِسے اپنا گھر بنا لینے والی نسلوں اور قوموں میں سب سے قدیم نگریٹو نسل ہے، جو افریقہ سے غالباً سمندری راستے جنوب ہندوستان میں آئی اور بس گئی۔ آج اُن کی نشاندہی، کادر، کرُمبا، ایرولا، اور پنیان قبیلوں میں ہوتی ہے۔ جنوبی ہند کے مذکورہ قبائل میں کچھ حبشی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔

ہند آنے والی نسلوں میں آسٹرک یعنی آسٹرو ایشیاٹک (آسٹروی۔ایشیائی) کا دوسرا نمبر ہے۔ یہ شمال ہند چین سے اِس ملک میں وارد ہوئی۔ ہندوستان کے کھاسی، کول

1۔ ملاحظہ ہو مقدمۂ تاریخ ابن خلدون اور "انقلاب الامم" از علامہ رینان فرانسیسی۔

علامہ اقبال کہتے ہیں ؎ میں تجھ کو بتاتا ہوں تقدیرِ اُمم کیا ہے

شمشیر و سناں اوّل، طاؤس و رباب آخر (بال جبریل ص۲۷)

2۔ انڈو ایرین اینڈ ہندی، ص۲۸۔

Marfat.com

کرکر۔ ہوز، سنتال، اور غالباً اُڑاوَن اور مُنڈا بھی اِسی نسل سے ہیں۔ یہ قوم سارے شمالی ہند میں پھیلی ہوئی تھی۔ آسام سے پنجاب تک۔ شمال مشرق میں اِس نسل کا اختلاط منگول (تبتی چینی) نسل سے بھی ہوتا رہا جو شمال مشرقی پہاڑی دَرّوں سے ہندوستان آتے اور یہاں وقتاً فوقتاً بستے رہے۔ ملک کے اور علاقوں میں آسٹرک نسل ڈراوری نسل سے مخلوط ہوتی رہی۔ بنگال اور آسام میں خطوں میں آسٹرک، منگول، ڈراوری خصوصیات بہت غالب ہیں۔ کیونکہ آریائی اثر و نفوذ اس طرف بہت دیر سے پہنچا۔

تیسری نسلی لہر پھر مغرب سے آئی۔ یہ ڈراوری قوم کا ورود تھا۔ یہ لوگ غالباً آسٹرک نسل کی آمد کے زمانہ میں یا اس کے آخری دور میں ایشیائے کوچک اور مشرقی بحرِ متوسط کے جزائر سے عراق، ایران، اور بلوچستان ہوتے ہوئے ہندوستان آئے۔ موجودہ براہوئی قبیلہ بلوچستان ہیں اور جنوب ہند کے تلنگی، تامل، ملیالم، کنٹر، ٹولو، ٹودا، کوڈرگو، اور گونڈ قومیں ڈراوری نسل سے ہیں۔ عہدِ ماضی میں یہ نسل سارے ہندوستان میں چھا گئی تھی۔ اس متمدّن قوم نے مہنجوداڑو اور ہڑپا جیسے بڑے شہر بسائے تھے۔

ہندوستان میں داخل ہونے والوں اور یہاں بس جانے والوں میں چوتھا نمبر آریائی قبیلوں کا ہے۔ یہ بھی مغرب سے آئے اور اِن کا سفرِ شرق بھی تقریباً انھیں نشانہائے منزل کے مطابق ہوا جو ڈراوری قوم ماضی میں بنا آئی تھی۔ ایشیا کوچک سے چل کر یہ آریہ عراق میں رہ پڑے۔ کتنی صدیاں وہاں گزریں۔ یہ قطعیت کے ساتھ کہنا مشکل ہے۔ ان کا یتانی، حارَی، د آریہ حاری۔ حارث۔ عربی، کھیت جوتنے والا۔ آج بھی سندھ میں کاشتکار قبیلوں کو حاری کہتے ہیں۔ ممکن ہے یہ قدیم آریہ قبیلہ حارَی کے سلسلہ سے ہوں۔ مانڈا کسائی وغیرہ عراق عرب میں رہ پڑے اور ظاہر ہے وہاں کے لوگوں میں گھُل مل گئے یہ عہد دو ہزار پانچسو سال قبل مسیح تھا۔ یہ حضرت نوحؑ کے بعد اور حضرت ابراہیمؑ کے تھوڑا پہلے کا عہد ہے۔ آریائی زبان میں سامی اثرات کا تذکرہ ہو چکا ہے۔ [illegible] میں بھی سامی اثر موجود ہے۔ کیا عجب کہ ابو الانبیاء حضرت ابراہیمؑ نام اور صفات بگڑ کر برہما، کے روپ میں ظاہر ہوئے ہوں۔ اسی دور میں مادہ یا میدی اور بعد ازاں پرشو آریائی قبائل عراق عرب کی روایات لے کر شمال مغربی ایران میں داخل ہوئے۔ اور سارے ایران میں پھیل گئے۔ لسانی اعتبار سے قیام ایران کے اس بڑے دور کو ہند

Marfat.com

ایرانی دَور کہتے ہیں۔ اس کی ایک شاخ ہند آریائی کہلائی۔ نیز اگر وہ ساکا قبیلہ کا گروہ تھا جو طاقتور اور مضبوط تھا۔ یہ قبیلہ شمال کی طرف جا نکلا۔ شمال مشرقی اور شمال مغربی ایران، افغانستان (سیتھیا اور توران) اور جنوب روس کے علاقوں پر چھا گیا۔

ایرآن سے ہند میں آریوں کا ورود نہایت ہی تدریجی طور پر ہوا۔ مشرقی ایرآن میں بسنے والے آریہ قبیلے آہستہ آہستہ بلوچستآن اور افغانستان سے ہوتے ہوئے پنجاب میں پھیلتے گئے۔ یہ سلسلہ ۱۵۰۰ قبل مسیح شروع ہوا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اُس عہد میں مشرقی ایرآن کے آدی باسی قبائل اور پنجاب کے آدی باسی ایک ہی قوم سے تھے۔ اور ایک ہی طرح کی زبان بولتے تھے۔ آریہ قبیلوں نے انھیں داسا داسیوں نام دیا۔ پوربی ایران کے آریوں اور پنجاب میں آبسنے والے آریوں کی بولیاں بھی ایک ہی تھیں۔ اُردو زبان کی ترکیب کے متعلق غور کرنے میں یہ بات ایک اہم نکتہ کو پیش کرتی ہے کہ مشرقی ایران اور مغربی ہند کی بولیوں میں قدیم یگانگت پائی جاتی ہے۔ ڈھائی ہزار سال بعد اگر اُس عہد کی ہند آریائی بولی سے ایرانی بولی ملی اور ریختہ کی ترکیب ہوئی تو اس انصال کی بنیادیں صدیوں پہلے قدیم ہو چکی تھیں۔ بقول محمد حسین آزاد دو بچھڑی ہوئی بہنیں پھر گلے مل گئیں۔

قبل اس کے کہ آریہ قبیلے ہندوستان میں وارد ہوئے اُن کا ایران میں ہزار سال تک قیام رہا۔ ایسی حالت میں آریائی بولیاں ایرانی آدی باسی بولیوں سے ضرور گھُل مل گئی ہوں گی۔ جیسے وہ بعد میں ہندوستان آکر یہاں کی ڈراوری سے ملیں۔ بہرکیف ہند آریائی عہد کے شروع ہونے سے پہلے آریائی بولیاں عراقی عرب اور قدیم آدی باسی ایرانی سے مل کر مخلوط ہو گئی ہوں گی۔ لہٰذا میں اَوستائی اور ویدکی بولیوں کو ملواں بولی سمجھتا ہوں۔

اِس عہد کی نسلوں اور بولیوں کے متعلق کوئی قطعی بات نہیں کہی جا سکتی۔ اتنا تو ظاہر ہے کہ ہند آریائی زبان کا اولین نمونہ نراسینسا گاتھا بھی خالص آریائی نہیں ہوگا اور جب ہندوستان میں آریہ قبیلے آئے تو مخلوط بولیاں بولتے آئے جن میں آریائی عناصر کے ساتھ غیر آریائی عناصر بھی موجود تھے۔ نیز یہ کہ ہند آریائی بولیوں میں ڈراوری، (داسا داسیو) عناصر مشرقی ایرانی دَور سے ہی ملتے آئے تھے۔ پنجاب، سندھ، مدھ دیش جنوبی اور مشرقی ہند میں لسانی اختلاط کی آنچ اور تیز ہو گئی جس کے بکثرت شواہد ملتے ہیں

Marfat.com

مشرقی ایران، پنجاب اور سندھ میں غیر آریائی داسا داسیو (ڈراوری) قبائل بستے تھے، اور اُس عہد میں بھی خِطّۂ سندھ کے اندر اُن کے رَستے بستے شہر تھے۔

آریہ قبائل اپنے آغاز (وایروس "WIROS" = آدمی = وِیرُ، سنسکرت) میں بھی پنج میل[1] تھے اور دوسرے قبائل سے ہر طرح کے اثرات قبول کر رہے تھے۔ اِن کا تعلق مختلف نسلوں سے تھا۔ حالاتِ زمانہ نے انھیں مخلوط بنا کر اکٹھا کر دیا تھا۔ عہد وسطیٰ میں عراق عرب اور ایران میں نہ جانے کتنا اختلاطِ نسلی ہوا ہوگا۔ اور لسانی اعتبار سے کتنی آمیزشیں ابتدائی آریائی بولیوں میں ہوگئی ہوں گی۔ جس وقت آریہ قبائل ہندوستان میں داخل ہو رہے تھے (۱۵۰۰ ق م قریباً) تو اس وقت بھی اُن کی قوم یِتّانی، عراق میں موجود تھی (بوگھازکوئی مسوّدات ۱۴۰۰ ق م) اور ایران تو اُن کا گھر آنگن تھا۔ وہ ہزار سال وہاں قیام کر چکے تھے۔ عراق عرب اور شمال مغربی ایران میں اُن کے توطّن اور بود و باش پر غالباً اس سے بھی زیادہ عرصہ گزر چکا تھا چٹرجی تو ویدوں کے عہد میں بھی پنجاب سے مغربی فارس تک ایک لسانی تسلسل کو تسلیم کرتے ہیں۔ اس وسیع بولی میں "ر" اور "ل" ہر دو حرفوں کی آوازوں کے لیے صرف حرف "ر" کی آواز کا چلن تھا۔

جس طرح آریہ قبائل تدریجی طور پر ہندوستان کے مغرب میں داخل ہوئے اور پنجاب پر چھا گئے۔ اسی طرح تدریجی طور پر یہ ہندوستان کے دوسرے خطوں میں پھیلے اس توسیع میں صدیاں لگی ہیں۔ بقول ڈاکٹر ایس۔ سی سرکار سابق صدر شعبۂ تاریخ پٹنہ کالج، پٹنہ۔ آریہ حملہ آور تین بڑی بڑی لہروں میں ہندوستان کے طول و عرض میں پھیلے ہیں۔ پہلے پہل صرف پنجاب، آریہ ورت، بنا پھر سندھ اُس حلقہ میں آیا۔ بعد ازاں مدھ دیش (ملک کا وسطی حصہ) پھر ہند کے جنوبی اور مشرقی حصے اس دائرہ میں آئے۔

ہند میں داخل ہونے والے آریہ قبیلوں کی بولیوں میں قدرے اختلاف پایا جاتا ہے۔ قبیلہ قبیلہ کی بولی الگ الگ تھی اور بنیادی مُشابہتوں کے باوجود ان میں اختلاف

---

[1] انڈو ایرین اینڈ ہندی۔ ص ۔ چٹرجی۔ اے۔ ایچ لیفے بٹن پاسٹ اینڈ پریذنٹ ۱۹۶۰ ص د.د

کیمبرج ہسٹری آف انڈیا، جلد اوّل، ص ۶۶

موجود تھا۔ لیکن، کہتے ہیں کہ، اُن کے درمیان ایک اچھی خاصی معیاری ادبی بولی بھی پائی جاتی تھی۔ اور یہی معیاری بولی بھجن اور دُعائیہ نغمات میں استعمال ہوتی تھی۔ یہی معیاری زبان "رگ وید" اور اتھروا وید کی ہے۔

حقیقتِ حال یہ ہے کہ چاروں وید ایک ساتھ مُرتب نہیں ہوئے۔ ان کی ترتیب وتدوین کے درمیان بڑا فصل ہے۔ چٹرجی یہ تو تسلیم کرتے ہیں کہ ویدوں کا قدیم ترین مخطوط آج سے ہزار سال زیادہ قدیم نہیں، لیکن اس کے باوجود کہتے ہیں کہ ویدک روایات اصلاً تین ہزار سال سے بالکل محفوظ چلی آتی ہیں۔ ممکن ہے قدیم مخطوطات ضائع ہو گئے ہوں۔ مگر جو ہے وہ تو خیالی تدوینِ وید کے دو ہزار سال بعد کا ہے۔ اس دو ہزار سال دَور میں نہ جانے کتنا پانی گنگا، جمنا، سندھ اور برہم پترا سے بہتا ہوا سمندروں میں جا ملا ہوگا۔

سوال یہ ہے کہ ویدوں کا حقیقی زمانہ کیا ہے؟ اس کے متعلق علماء یا تو سکوت اختیار کرتے ہیں یا ظنّی باتیں پیش کرتے ہیں یا صاف طور پر یہ تسلیم کرتے ہیں کہ ویدوں کے مختلف حصّوں کے متعلق یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اُن کا آغاز کہاں اور کب ہوا۔ میکس ملر کی طرح بعض علماء تو یہاں تک بتلاتے ہیں کہ ویدوں کے کچھ حصّے ہندوستان سے باہر رشیوں نے پیش کیے۔ دوسرا گروہ پنجاب کو گہوارۂ وید مانتا ہے مگر گریرسن کے نزدیک "اندرونی آریہ قبیلوں" میں ویدک سنسکرتی اور براہمنی خیالات نے پرورش پائی اور اس اعتبار سے وید مدھ دیش میں رشیوں پر ظاہر ہوئے۔

میں سمجھتا ہوں کہ ویدوں کا کوئی تاریخی لسانی معیار قائم نہیں کیا جا سکتا۔ یہ بتانا بھی مشکل ہے کہ لسانی اعتبار سے ویدوں کی عبارت، الفاظ اور ویاکرن کا ہند ایرانی حصّہ کتنا ہے، خالص ہند آریائی کتنا اور دراوڑی کتنا۔ پنڈت ویدک منی اپنی کتاب "وید سرودسو" میں لکھتے ہیں کہ اتھروا وید میں بڑی بے ترتیبی پائی جاتی ہے۔ ابتری کا یہ عالم ہے کہ سیانا چاریہ کے بعد کے زمانوں میں بھی بہت سے "ٹکڑے" ملا دیے گئے ہیں۔ (ص ۹۷) ایک دوسرے فاضل پنڈت شانتی دیو شاستری تحریر فرماتے ہیں کہ اب تک اس امر کی تحقیق نہ ہو سکی کہ وید دراصل تین ہیں یا چار۔ منوسمرتی اور شتاپتھا براہمنا کے مطابق وید صرف تین ہیں۔ رگ وید، یجروید، اور ساما وید۔ لیکن وہ آسینی اُپنشار

Marfat.com

برہمنا اُوپانیشاد اور منڈل اُوپانیشاد کی شہادت کے مطابق وید چار ہیں (رسالہ گنگا، فروری ۱۹۳۱ء، ص ۲۳۲) پنڈت ہردے نرائن لکھتے ہیں کہ شتنا کارشی کا صحیفہ چرنا ویوہا، اور اُن کی دوسری تحریروں سے وید کے منتروں، شبدوں اور اکھروں کی معین تعداد ثابت ہوتی ہے۔ لیکن حالیہ وید پُستکیں اُن کے مطابق نہیں۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے۔ ویدوں میں آزادانہ کمی بیشی کی گئی ہے (رسالہ گنگا، جنوری ۱۹۳۱ء) حقیقت یہ ہے کہ گوپتھا برہمنا کی تصنیف کے وقت مختلف فرقے کے لوگوں نے اپنے عقائد ثابت کرنے کے لیے ویدوں میں خوب خوب تحریفیں کیں۔ ویدوں میں اختلاف کی کوئی حد نہیں رہی۔ ہر فرقہ اپنے نسخے کو صحیح اور دوسرے نسخوں کو بے سروپا، مخلوط اور غلط بتاتا تھا۔ آج بھی ویدوں کے نسخوں میں بہ کثرت اختلاف پایا جاتا ہے۔ اور ان کی بُنیاد اُسی عہدِ ابتری میں پڑی۔

(وید سروسوا، صفحہ ۱۰۶-۱۰۵)

رگ وید کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ قدیم ترین وید ہے۔ اس کتاب کا بھی کوئی ایک لسانی معیار نہیں۔ موجودہ نسخوں یا قدیم ترین مسودوں کی زبان بھی ناہموار ہے۔ رگ وید مختلف آریائی قبائل کی بولیوں کا نمائندہ ہے۔ یہ ایک قسم کی ادبی زبان ہے۔ جو شاید ابتدا میں کسی ایک قبیلہ کی بولی کی بنا پر شروع ہوئی ہو۔ اور رفتہ رفتہ دوسرے آریائی قبائل کی بولیوں کو اپنے اندر شامل کرتی گئی ہو۔ بُنیادی بولی ملک کے انتہائی مغربی حصے یعنی پنجاب کی بولی تھی۔ اس میں "ل" (ल) کی آواز کی جگہ بھی "ر" (र) کی آواز ہی مُستعمل تھی۔ رگ وید کے وہ حصے جو بعد میں داخل ہوئے (ल) "ل" کی آواز بھی نکالتے ہیں۔ جو مشرقی قبائل کی خصوصیت ہے۔

ویدوں کی معیاری بولی نہیں۔ اور اُن کے متعلق یہ کہنا کہ وہ ہند میں آنے والے آریہ قبائل کی اولین بولی کے نمائندہ ہیں۔ صحیح نہیں۔ ہاں وہ اُن لسانی نمونوں میں قدیم ترین ہیں جو اب تک قدیم ہند آریائی کے دستیاب ہو سکے ہیں۔ لیکن پرانے سے پرانے ویدی مخطوطے کی عمر ہزار سال سے زیادہ نہیں۔ ان وجوہات کی بنا پر یہ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ ویدوں کے بڑے حصہ کی زبان ہر پہلو سے مخلوط ہے۔ میرا خیال ہے کہ ویدوں کی زبان پر اس سے بہت زیادہ دراوڑی اثر پڑا ہے۔ جتنا قیاس کیا جاتا ہے۔ پھر یہ تو ادبی، مذہبی زبان کا حال ہے۔ بول چال کی بھاشا کا کیا عالم ہوگا۔

Marfat.com

کا ڈول، گنڈرٹ، کیٹل وغیرہ جیسے ماہرین لسانیات اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ ایران میں بھی ڈراوری بولی بولنے والے قبیلے موجود تھے اور ہند ایرانی عہد میں ہی ڈراوری الفاظ آریائی بولیوں میں داخل ہو رہے تھے۔ ہند ایرانی اور ہند آریائی بولیوں میں بہت سے ایسے الفاظ ہیں، جن کا کوئی لسانی بدل ہند یوروپی بولیوں میں نہیں ملتا۔ غالباً یہ سب کے سب کول ڈراوری ہیں یا اُس سے بھی قبل کے۔ ویدک بھاشا میں ڈراوری شبدوں کا پایا جانا بہت ہی دلچسپ ہے۔ مثلاً: "نیہار" = ابر، برف۔ "پشپا" = پھول۔ "پوجن" پوجا، پرستش، پھَل، = پھَل۔ "بیل" = سوراخ۔ "بیج" = بیج، تخم۔ "راتری" = رات۔ "روپ" = شکل، صورت۔ "سایم" = شام، وغیرہ۔ غیر آریائی الفاظ "برہمنا" صحیفوں کے عہد میں اور زیادہ ہوگئے۔ اور یہ سلسلہ جاری رہا۔

ہر چند کہ رگ وید کی زبان اپنی ہیئت اور ساخت کے لحاظ سے ہند یوروپی آریائی نہج کی ہے۔ لیکن اس کی صوتیات پر ڈراوری اثر صاف طور پر پڑا ہے۔ ویدک بولی نے بہت سے ایسے لفظ ڈراوری بولی سے قرض لیے جو نا آشنا چیزوں کے تھے یا نئے تصورات سے متعلق تھے۔ مثلاً: "ڈکپی" = بندر۔ "دکلا" = فن، آرٹ۔ "کال" = وقت عصر۔ "کوٹ" = جھونپڑی، کٹیا۔ "گن" = جماعت۔ "نانا" = بہت سے۔ "نیلا" = نیلا۔ بلو۔

ہند آریائی زبان اور ڈراوری زبان میں اور بھی مشابہتیں پائی جاتی ہیں۔ اغلب یہی ہے کہ یہ مماثلت ڈراوری کے اثر کے نتیجہ میں پیدا ہوئی ہیں۔ ترکیب وصرفی قواعد کی مشابہت کے سلسلہ میں چند مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں۔ جیسے حروف منفصل جار کا ترک، قدیم ہند آریائی بولی کے حال اور عصر زمانہ کا قریباً کلی طور پر متروک ہو جانا۔ نحو، لسانیات میں صوتیات اور جملوں کی ترکیب وصَرف سے زیادہ اہم ہوتا ہے۔ اور بقول چٹرجی نحو کے اعتبار سے ہند آریائی اور ڈراوری دنیا میں بڑی یگانگت رکھتی ہیں۔

ہند آریائی اور ڈراوری زبانوں میں نحوی اعتبار سے بڑی یگانگت پائی جاتی ہے کسی ڈراوری زبان مثلاً تامل یا تلنگی کا ایک جملہ اپنی ترتیب الفاظ کے لحاظ سے جیوں کا تیوں صرف لفظوں کے بدلنے سے ہندی، اُردو یا بنگالی میں منتقل ہو سکتا ہے۔ برخلاف اس کے انگریزی یا فارسی جُملے جیوں کے تیوں کسی جدید ہند آریائی زبان

لہ بنگالی زبان کا آغاز وارتقاء۔ چٹرجی

مُبدّل نہیں ہو سکتے۔ یہ رَو عہدِ وُسطیٰ کی ہند آریائی زبانوں یعنی پراکرتوں کے عہد سے ہی چل پڑی تھی۔ پالی اور دوسری پراکرتوں کے قواعد نحو کا موازنہ و مقابلہ اگر جدید ہند آریائی زبانوں سے کیا جائے تو یہ بات ظاہر ہونے لگتی ہے۔ کلاسیکی سنسکرت تک میں مذکورہ نحوی تصرفات پائے جاتے ہیں۔

ڈراوری اور ہند آریائی زبانوں کے محاروں میں بھی بڑی یگانگت ملتی ہے۔ فعل امر کو مہذب و نرم طریقہ سے ظاہر کرنے کے لیے مصدر کا استعمال جیسے بجائے "یہ کام کرو" کے "یہ کام کرنا" کنڑی زبان میں یوں کہیں گے "اِی کِلَسا مادو وَ دو۔ فعل سے اَمر بناتے وقت یا تمنّا و طلب ظاہر کرتے وقت فعل "دینا" کا اضافہ۔ جیسے "مجھے بولنے دو" اور تلنگی میں یوں کہیں گے کہ "ننو سیپّن آئی ای" ہندوستان سے باہر کی آریائی زبانوں میں یہ خصوصیات نہیں پائی جاتی ہیں۔ لہٰذا یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ ہند آریائی زبان پر ڈراوری ماحول کا اثر پڑا ہے۔ ڈراوری دماغ نے آریائی زبان قبول کرنے کو تو کرلیا، لیکن اُس نے اُس کی روح اور ساخت و ترکیب اور نشست و برخواست بدل دی۔

ایک اور مشابہت یہ پائی جاتی ہے کہ ڈراوری اور جدید ہند آریائی دونوں زبانوں میں اشیاء اور حرکات سے پیدا ہونے والی آوازوں کے مُطابق الفاظ کا گڑھنا بہت عام اور بہ کثرت ہے۔ جیسے کھٹکھٹانا، تھپتھپانا، ہنہنانا، غُرّانا، سنسناہٹ، گھگھراہٹ وغیرہ۔ یہ انداز کول بولیوں میں بھی ہے۔

اسی طرح "بازگشتی" لفظوں (ECHO. WORDS) کا پایا جانا بھی ڈراوری اثر ہے۔ اس عمل میں الفاظ کی نیم تکراری کیفیت ظاہر ہوتی ہے۔ جیسے: بھارت وات، گھوڑا ووڑا، کیچڑ ویچڑ، نقاب وقاب، کوٹ ووٹ، گھڑی وڑی وغیرہ۔ تامل اور کنڑ زبانوں میں بھی یہی حال ہے۔

غرض یہ کہ ہندوستان میں آکر آریائی زبان صوتیات، ساخت و صرف، نحو و ترتیب اور لُغات کے اعتبار سے ڈراوری زبان کا گہرا اثر قبول کرتی رہی اور اب

[illegible]

وہ اثرات جدید ہند آریائی مثلاً ہندی، بنگالی، مراہٹی، اُردو وغیرہ زبانوں کی خصوصیات میں داخل ہیں۔

ہند آریائی زبان کے ارتقار کی مختلف منزلوں سے گزرنا اُس پس منظر کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے جسے ہم اُردو زبان کی فضائے بعید بلکہ بُنیادوں کے طور پر پیش کررہے ہیں۔ اس لسانی ارتقار کے نقوش کے اہم ماخذوں کا تذکرہ بھی لازمی ہے۔

اصلی ماخذ تو حسب ذیل ہیں:

۱۔ ویدک لٹریچر۔ اِن کے قدیم ترین مخطوطات آج سے ہزار سال قبل کے ہیں اور بس۔ مگر اِن کی روایات پُرانی ہیں۔

۲۔ برہمنائیں۔ ویدک عہد کے بعد برہمنوں نے ویدوں کی تفسیریں لکھی ہیں۔ یہ صحیفے بھی زبان کے ارتقار کو پیش کرتے ہیں۔

۳۔ قواعدنویسوں کی کلاسیکی سنسکرت۔ پانینی، اور پاتنجلی۔

۴۔ قدیم پراکرتیں۔ اِن میں قدیم ترین چٹانوں اور لاٹوں پر اشوکا کی کندہ کرائی ہوئی تحریریں ہیں۔ شمال مغرب میں شہباز گڑھی اور مانسہرہ میں کندہ کرائی ہوئی تحریریں کھروشٹی رسم الخط میں ہے۔ اور باقی سب براہمی میں۔ ۲۵۰ ق م

۵۔ پالی پراکرت اور دوسری پراکرتوں میں لکھے ہوئے دھارمک مخطوطات۔ پالی میں بودھ دھرم کی تحریریں ہیں۔ اور پراکرت ادب کے دوسرے سرمایہ میں جین دھرم کی پستکیں ہیں۔

۶۔ قدیم ڈرامے۔ اِن میں سنسکرت اور پراکرت دونوں بولیوں کا استعمال ہوتا ہے۔ کالی داس، بھوبھوتی، اسوگھوش کے ڈرامے مشہور ہیں۔ جیسے شکنتلا، وِکرم اُروسی وغیرہ وغیرہ۔

۷۔ ہیم چندر گجراتی کا پراکرت گرامر۔ ۱۰۸۸ء–۱۱۷۲ء

۸۔ آخری دور کا پراکرتی ادب یعنی اپ بھرنش کا ادبی سرمایہ۔ یہ بہت قلیل ہے۔ مثلاً ہیم چندر، "دیسی نام مالا"

ہند آریائی زبان کے ارتقار کو تین دوروں میں تقسیم کرسکتے ہیں۔ قدیم متوسط اور جدید۔

Marfat.com

(الف) قدیم ہند آریائی کی نمائندگی رگ وید اور دوسرے ویدوں کی زبان ہے۔ اس ادبی زبان کے علاوہ اس دور کے روزمرہ کی بولیاں بھی تھیں جن کی بُنیادوں پر چھنداسا، رزمیہ شاعری اور برہمنا، ویدی تفسیروں کی زبانوں نے پرورش پائی اور بعد ازاں انھیں بولیوں میں سے پانینی اور پاتنجلی کی مرصّع وشستہ وشائستہ سنسکرت بھاشا نے جنم لیا۔ اور بہت بعد اسی بنیاد پر کالی داس اور دوسرے ناٹک کاروں کی بھاشا کی عمارت کھڑی ہوئی۔

(ب) عہدِ وسطیٰ، گوتم بدھ کے زمانہ سے کچھ پہلے شروع ہوتا ہے۔ اس کی ادبی نمائندگی پالی اور دوسری پراکرتوں سے ہوتی ہے۔

قدیم ہند آریائی بولیوں کی صوتیات، قواعد وغیرہ میں نمایاں تبدیلی شروع ہوئی اور رفتہ رفتہ ۱۰۰۰ئ تک ہوتی رہی۔ یہاں تک کہ جدید ہند آریائی عہد تک جاری رہی انھیں بولیوں سے پالی اور پراکرت ادب پیدا ہوا۔

(ج) جدید ہند آریائی دور کے آغاز کے متعلق قطعیت سے کچھ نہیں کہا جا سکتا یہ دور آخری عہد کی پراکرتوں یعنی اپ بھرنشوں کے سمئے سے شروع ہوتا ہے مثلاً ہیمچندر کے پیش کردہ نمونے اور بعد ازاں پرانی ہندی بھاشا شاعری کی زبانیں۔

قدیم ترین پراکرتی دور اشوکا کی کندہ کرائی ہوئی عبارتوں۔ اور ان کے علاوہ دوسری کندہ عبارتوں (سنہ ۳۰۰ ق م تا سنہ ۲۰۰ئ)، بودھی مذہبی صحیفوں (پالی)، جین سُتروں اور قدیم ناٹکوں[1] (اشو گھوش[1]) پر منحصر ہے۔

متوسط پراکرتی عہد کالی داس اور اس کے بعد آنے والے ناٹک کاروں کی برتی ہوئی شورسینی، مہاراشٹری اور ماگدھی پراکرتوں، قواعد[2] نویسوں کی پراکرتوں اور متاخرین جین بزرگوں کی پستکوں پر حاوی ہے۔

متاخرین کی پراکرتوں یعنی اپ بھرنشاؤں میں ادبی نمونے بہت کم ملتے ہیں یہ بول چال کی رواں دواں، بولیاں تھیں۔ اس دور میں ہر طرح کی لسانی تبدیلیاں بڑی تیز رفتاری

۱۔ اشو گھوش کے ناٹکوں کے ٹکڑے، متوسط ایشیا میں دستیاب ہوئے ہیں۔ یہ کشن عہد کے ہیں۔

۲۔ قواعد نویسوں نے لکھا ہے کہ پیشاچی پراکرت میں بڑھ کتھا منظوم ہوئی تھی۔

سے عمل میں آرہی تھیں۔ صوتی، ہیئتی، صرفی ونحوی۔ ہیم چندر نے ایک مغربی اپ بھرنش کا تذکرہ کیا ہے۔ اور اس کے نمونے درج کیے ہیں۔

اشوکا کے دربار کی زبان اَردھ ماگدھی تھی۔ کندہ عبارتوں میں تھوڑی، تھوڑی، تبدیلیوں کے ساتھ یہی زبان ملتی ہے۔ اشوکا اور اس کے جانشینوں کے عہد میں "مگدھین" سارے ہندوستان پر چھا گیا تھا۔ ماگدھی اور اردھ ماگدھی کے لسانی اثرات دُور دُور تک پھیل گئے تھے۔ اور ان اثرات[۱] نے مغربی بولیوں کو بھی متاثر کیا تھا۔ گرنار، شہباز گڑھی مانسہرہ کی کندہ عبارتوں سے اِس خیال کی تصدیق ہوتی ہے۔ بودھ دھرم کے ذریعہ یہ اثرات وسط ایشیا، تک پھیل گئے تھے۔ ہندوستان میں زبانیں اور بولیاں ہمیشہ ایک دوسرے سے ملتی اور ایک دوسرے کو مُتاثر کرتی رہی ہیں۔

بُودھ اور مہاویر کی نصیحتیں اور وعظ اَردھ ماگدھی میں درج کیے گئے تھے۔ یہ پراچیہ بولی تھی۔ گوتم بُدھ کے یہ مواعظ بعد میں کسی مغربی بولی میں بھی منتقل کیے گئے۔ یہ مدھ دیشیا علاقہ کی بولی شورسینی کی کوئی قدیم شکل تھی۔ لیکن یہ ترجمہ ملا جُلا ہوا تھا۔ بُنیادی اَردھ ماگدھی بولی بھی اس کے ساتھ وابستہ و پیوستہ تھی۔ غرض یہ کہ شورسینی اور اَردھ ماگدھی کے مجموعے کو پالی کہتے ہیں۔ گویا پراکرت کی پہلی ادبی شکل پالی کہلائی جو خود ملی جُلی زبان تھی۔ اس میں بودھی سنسکرت کے الفاظ بھی بعد میں ملے۔ خصوصاً اُن دَوروں میں جب سنسکرت کے احیار کی کوششیں ہوتی رہیں۔ خود پالی میں ارتقائی کیفیت پائی جاتی ہے۔ لیکن [۲]سنہ ۰ء کے بعد کلاسیکی سنسکرت کی طرح پالی بھی منجمد زبان بن کر رہ گئی۔ اور مصنوعی ہوکر عوام سے دور ہوگئی۔

پالی اور دوسری پراکرتوں کی طرح خود سنسکرت بھی ملی جُلی زبان اور تین تہذیبوں کی نمائندہ تھی۔ آریائی، ڈراوری اور آسٹرک۔ ایک پہلو سے سنسکرت کو اپنے علاقے اور عہد کی پراکرت کہہ سکتے ہیں۔ لیکن قواعد دانوں کے اثر سے جب وہ مصنوعی زبان بن گئی تو دوسری مخلوط بولیوں نے پے بہ پے اس کی جگہ لی۔ پالی،

۱۔ امریکن جرنل آف فائلولوجی ۱۹۰۱ء ص ۲۸۴۔

۲۔ تاریخ زبان اُردو، از: ڈاکٹر مسعود حسین ص ۲۲۔ ۲۳۔

Marfat.com

دوسری پراکرتیں، اپ بھرنش، بعدازآں نئی بھاشائیں اور پھر ہندی، بنگلہ اور اُردو زبانیں جیتی جاگتی زبانوں کی حیثیت سے عوام میں، اور زندہ ادب میں مستعمل ہوئیں۔

Marfat.com

Marfat.com

اُردو زبان کا اِرتقا

اُردو جدید ہند آریائی دَور کی ایک اہم زبان ہے۔ جدید ہند آریائی دَور کے آغاز کے متعلق کوئی قطعی بات پیش نہیں کی جا سکتی۔ یہ دَور آخری عہد کی پراکرتوں یعنی اَپ بھرنشوں کے بعد شروع ہوتا ہے۔ لیکن اَپ بھرنشوں اور جدید آریائی عہد کی زبانوں کے درمیان کوئی صاف، واضح، معیّن اور دو ٹوک حدِ فاصل کھینچنا ناممکن ہے۔ زندگی، سماج، تمدّن و تہذیب، زبان، ادب اور فن رواں دواں تغیّر پذیر حقیقتیں ہیں۔ تغیرات میکانکی طور پر رونما نہیں ہوتے بلکہ تدریجی اور عضویاتی رنگ میں ظاہر ہوتے ہیں۔ ایک دَور کا دوسرے دَور سے تعلق رہتا ہے۔ دو دَوروں کے درمیان ایک عبوری منزل آتی ہے۔ اور اس عبوری زمانہ میں دَورِ ماسبق و مابعد کی ملی جُلی کیفیتیں پائی جاتی ہیں۔

یوں تو جدید ہند آریائی دَور ۱۰۰۰ء سے شروع ہوتا ہوا معلوم ہوتا ہے مگر میرے خیال میں ۱۰۰۰ء تا ۱۳۰۰ء لِسانی اعتبار سے ایک عبوری دَور ہے۔ پُرانے سانچے بدل رہے تھے۔ زبانوں میں صوتی، ہیئتی اور قواعد کی تبدیلیاں رُونما ہو رہی تھیں۔ استقلال کا دَور گزر چکا تھا۔ اضطراب کا زمانہ آگیا تھا۔ یہ کیفیت ہندوستان کی سماجی، سیاسی اور اقتصادی سطحوں پر بھی ظاہر ہو رہی تھی۔ ملک کی نفسیاتی اور ذہنی حالت بھی ہیجانی تھی۔ ہرشاوردھن کے بعد بے ثباتی اور ابتری تو پھیلی تھی مگر اس حال میں بھی ایک ثبات اور استحکام پیدا ہوگیا تھا۔ تاآنکہ پُرانی سماجی تنظیم کی برف پگھلنے لگی اور

Marfat.com

رفتہ رفتہ انقلاب کے تیز جھکڑ بھی چلنے لگے۔ ہندوستان کی زندگی، سماج، سیاست اقتدار زبان، ادب، آرٹ سبھی منقلب ہو رہے تھے۔

یہ زمانۂ تغیر بڑا اہم ثابت ہوا۔ بودھ مذہب کا اثر ختم ہو رہا تھا۔ اور برہمن اپنے فلسفے کو نیا رنگ دینے میں مشغول تھے۔ نئی قومیں اور نئے تمدن ملک میں داخل ہونا شروع ہوئے۔ دو بڑی تہذیبوں، ہندو اور مسلم، کا تصادم اور پھر اختلاط ہوا۔ اس عہد کی بھاشائیں سیال حالت میں تھیں اور انقلاباتِ زمانہ کا اثر قبول کر رہی تھیں۔ چٹرجی کی رائے کے مطابق اگر ہندوستان پر مسلم قبضہ نہ بھی ہوتا تو بھی لسانی تبدیلیاں رونما ہوتیں اور ایک لسانی دَور شروع ہو کر رہتا۔ لیکن نئی ہند آریائی زبانوں کی پیدائش اور ان کے اندر ادب کی تخلیق اتنی جلد نہ ہوتی اگر مسلمانوں کے زیر اثر ایک نئے تہذیبی دَور کا آغاز نہ ہو جاتا[1]۔

" اپ بھرنشوں نے نکھر کر جدید ہند آریائی پراکرتوں کی شکل اختیار کی۔" (احتشام حسین)۔ لیکن اس جدید دَور میں داخل ہوتے ہوتے صدیاں لگیں۔ دوسری اہم بات یہ ہے کہ عہد وسطیٰ کی ہر پراکرت سے اپ بھرنش پیدا ہوئی۔ اور ان اپ بھرنشوں کی مزید تبدیلی کے بعد تدریجی طور پر جدید ہند آریائی زبانیں وجود میں آئیں جن میں اردو بھی شامل ہے۔ اس سے پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ شورسینی پراکرت سے شورسینی اپ بھرنش نکلی اور ایک مخلوط شورسینی اپ بھرنش اردو سے پہلے سارے شمالی ہندوستان کی ادبی بولی بھی بنی۔

جدید ہند آریائی زبانوں کے ارتقا کے سلسلے میں چند نکتے اہمیت رکھتے ہیں۔

(الف) ہر بولی جانے والی پراکرت سے کئی جدید بولیاں پیدا ہوئیں۔ ان کے اصل کے لحاظ سے ان کی گروپ بندی کی جا سکتی ہے۔ اور ان کی مشترک خصوصیات رہنما بنتی ہیں۔ اسی طرح قدیم ہند آریائی بولیوں کی جڑ سے کئی شاخیں پھوٹی تھیں اور پراکرتوں کا وجود ہوا تھا۔

---

[1] انڈو ایرین اینڈ ہندی، ص ۹۸

Marfat.com

(ب) ہندوستانی کی لسانی تاریخ میں یہ دلچسپ بات ہوتی رہی ہے کہ کوئی نہ کوئی بولی ہر دَور میں، دوسری بولیوں پر فوقیت حاصل کرلیتی ہے۔ اشوکا سے پہلے مغربی بولی فائق رہی اور اشوکا کے زمانہ میں مشرقی اردھ ماگدھی نے سبقت وسیادت حاصل کی۔ پھر کوشن عہد میں مغربی اور وسطی بولیوں کی اہمیت اور ہندوستان گیری عود کرآئی۔ بعد کے دَوروں میں مغربی اپ بھرنش کا عروج ہوا۔ پھر برج بھاشا سب بھاشاؤں پر چھائی اور آخرالامر ہندوستانی اُردو کی نوبت آئی۔ گویا عام طور پر مغربی اور وُسطی بولیوں کو مُلک بھر میں اہمیت اور وُسعت حاصل ہوتی رہی ہے۔

(ج) کوئی بھی جدید ہند آریائی زبان ایسی نہیں جسے ہم صرف کسی ایک وُسطی ہند آریائی بولی کی خالصتًا اور براہ راست ترقی یافتہ شکل کہہ سکیں۔ ہندوستان اپنی وُسعت کے باوجود ایک اِکائی ہے۔ اس کے مختلف حصّوں کے درمیان رسل رسائل، ربط و تعلقات، آمدورفت کے سلسلے ہمیشہ قائم رہے۔ یہاں کی لسانی زندگی میں باہمی اثر و تاثر سَدا ہوتا رہا ہے۔ لسانی لہریں باہم دگر پیچیدہ قماش بناتی رہی ہیں۔ اسی سبب سے اکثر نئی ہند آریائی بولیوں کی ارتقائی منزلیں اُلجھی ہوئی نظر آتی ہیں۔ کبھی کبھی تو اس اُلجھن کو دور کرنا اور لسانی فارموں کی گتھی کو سُلجھانا ناممکن ہوجاتا ہے۔ نئی بولیوں کے "تدبھاو" الفاظ کے ہیئتی ارتقا میں اتنا تنوع اور اُلٹ پھیر ہے کہ اُن کے آغاز واصل کا قطعی تصوّر قائم کرنا محال ہوجاتا ہے۔ یہ اندرونی تنوع اور اختلاف ہمسایہ اور ایک تنے سے نکلی ہوئی بولیوں کے اثرات کی وجہ سے زیادہ پیدا ہوا ہے۔ لیکن اس کے باوجود جدید ہند آریائی زبانوں کے ارتقا کے مرکزی خطوط عمومًا واضح ہیں۔

(د) جدید ہند آریائی زبانوں کا ترکیبی وصَرفی ارتقا مجموعی طور پر یکساں ہوا ہے۔ ان جدید ہند آریائی زبانوں کی باہمی مشابہت اتنی قریبی ہے کہ اس سے یہ بات ظاہر ہوجاتی ہے کہ وسطی ہند آریائی بولیوں کے درمیان بھی خاصی یگانگت پائی جاتی

---

۱ • بنگالی زبان کی آغاز وارتقا، ضمیمہ D، ص ۱۹۹

Marfat.com

تھی۔ اور یہ مشابہتیں جدید ہند آریائی عہد کے آغاز تک باوجود بولیوں کے فرق کے موجود تھیں۔ جدید ہند آریائی زبانوں کی ترکیب و قماش (MORPHOLOGY) میں ان کی صوتی کیفیات کی بہ نسبت زیادہ قدیم مواد کا توڑ جوڑ اور اُلٹ پھیر نظر آتا ہے اس بارے میں قدیم ہند آریائی بولیوں (ویدک اور سنسکرت) کا براہِ راست اصلی ورثہ بہت ہی کم ہے۔

(ھ) جدید ہند آریائی زبانوں کا ذخیرۂ الفاظ چار عناصر پر مشتمل ہے۔ (۱) تتسم، (۲) تدبھاو۔ (۳) دیسی (۴) ودیسی۔

(۱) تتسم۔ وہ الفاظ جو سنسکرت اصل کے ہیں، اُن کی ہیئت بھی سنسکرت جیسی ہے۔ اور اُن میں کوئی صوتی تبدیلی رُونما نہیں ہوئی۔ جیسے سُندر، دیو، دیش، بعض تتسم لفظوں میں تھوڑی صوتی تبدیلی یا تلفظ میں ترمیم ہوئی ہے۔

(۲) تدبھاو۔ تدبھاو کا عنصر عوامی اور مقامی عنصر ہے۔ یہ وسطی ہند آریائی اور جدید ہند آریائی بولیوں کا فطری سرمایہ ہے۔ یہ سرمایہ قدیم ہند آریائی سنسکرت یا براہ راست ویدک سے ہی حاصل ہوا ہے۔ مگر اس پر زمانہ کی کھراد اور شکست وریخت کا گہرا اثر پایا جاتا ہے۔ جدید ہند آریائی زبانوں کے الفاظ کی نمایاں اکثریت تدبھاو عنصر کی ہی ہے۔ یہی عنصر نئی بولیوں کا وسطی دھارا ہے۔ اور پراکرتوں میں بھی یہی گویا سب کچھ تھا۔ تتسم الفاظ صدیوں کی بہت نئی تبدیلیوں کے بعد بھانت بھانت کے تدبھاو الفاظ میں فطری طور پر بدل گئے ہیں۔ یہ الفاظ زندہ، رواں دواں، خود شکن خود گر، اور تازہ کار ہیں۔ یہ زبان کا جیتا جاگتا، چونچال، بہتا، بل کھاتا، سکڑتا، پھیلتا اور نئی لہروں میں بٹ جانے والا دھارا اپنے منبع سے نکل کر صدیوں کا سفر کرتا ہوا، خزانے لٹاتا اور زندگی کو شاداب و پُرمعنیٰ بناتا ہوا ہم تک پہنچا ہے۔ نئی بولیوں کے دوسرے عناصر خواہ تتسم الفاظ ہی کیوں نہ ہوں محض اضافے کی حیثیت رکھتے ہیں۔ تتسم لفظ حرفی

ے البیرونی (۱۰۳۰ء) کا بھی یہی مُشاہدہ تھا (کتاب الہند) نیز پروفیسر جیولس بلاک (JULES BLOCH) کی رائے اس کی تائید کرتی ہے۔ (انڈو ایرین اینڈ ہندی۔ چٹرجی ص ۱۲۳۔

کمی بیشی، ردّو بدل اور صوتی تبدیلیوں کے بعد تدبھاؤ بنے ہیں۔ یہ تدبھاؤ لفظ ہمیشہ چولا بدلتے رہے ہیں اور ان کا چولا بدلنا لسانی دَور اور علاقائی بولیاں پیدا کرتا ہے۔ ان کی لچک داری سے جدّت، نیرنگی اور کثرت پیدا ہوتی ہے۔ لیکن چونکہ اِن لفظوں کی اصل ایک ہے۔ لہٰذا اس کثرت میں وحدت کی جلوہ گری ہے۔ تدبھاو کی مثالیں لاکھوں ہے۔ مثلاً ماں، باپ، بھائی، بہن، روٹی، پانی، کھانا، پینا، آنا، جانا، سونا، پیڑ پودے، کھیت، ندی، ناؤ، ہاتھ، پاؤں، آنکھ، کان، ناک، جینا، مرنا، وغیرہ وغیرہ۔ یہ مثالیں تو اُردو، ہندی (ہندوستانی) کی مثالیں ہیں۔ انھیں لفظوں کے متوازی اور مماثل الفاظ ہر نئی ہند آریائی زبان میں پائے جاتے ہیں۔ جو اُن زبانوں کی تدبھاؤ پونجی ہے۔ اَب ذرا تتسم کی شکست وریخت کا نقشہ دیکھئے۔ ہئیتی تبدیلی کی منزلوں کا مشاہدہ آنکھیں کھولنے والا ہوتا ہے۔ پُتر (تتسم سنسکرت) ← پُتّر ← پُت ← پوت پُت ← پُتا یا پُتّا ← بیٹا۔

دوہِتر (سنسکرت)۔ ← دوہیت ← دیہیتا ← دھیتا ← دھیدا ← دھی (دھیا) ← دِھی (ہندی) ← جھیا ← جھی (بنگالی)

← دھیتا ← دھیدیا ← بھٹیا ← بیٹیا ← بیٹی

اسی طرح بھراتر سے بھائی۔ ماتر سے ماں، پتر سے باپ۔ دیوش سے دن، دَرش سے دیکھنا وغیرہ وغیرہ۔

(۳) دیسی۔ جدید ہندوستانی زبانوں میں الفاظ کی بہت بڑی تعداد ایسی ہے جسے آریائی ماخذ سے وابستہ نہیں کیا جاسکتا ہے ایسے الفاظ کول اور ڈراوڑی عہد سے منتقل ہوتے ہوئے ہم تک پہنچے ہیں یہ اُن عوامی بولیوں کی یادگار ہیں جو آریائی بولی کے اثر و نفوذ سے پہلے ملک بھر میں پھیلی ہوئی تھیں۔ اس سے پہلے باب میں ذکر ہوچکا ہے کہ کول ڈراوڑی الفاظ ویدک دَور سے ہی آریائی بولی میں داخل ہونے لگے تھے۔ یہ عمل وسطی ہند آریائی دَور میں بھی جاری رہا۔ اور جدید ہند آریائی زبانوں میں کول ڈراوڑی الفاظ کا ایک بڑا ذخیرہ فطری طور پر شامل ہے۔ مثلاً پھل، بیج روپ، نیلا، کُٹیا وغیرہ۔

دیسی الفاظ کی دوسری قسم آہنگ (ONO MATO POETIC) لفظوں پر مشتمل ہے۔

Marfat.com

مثلاً کھلکھلانا، ہنہناانا، جھلملانا، لہلہانا وغیرہ۔

(۴) وِدیشی ۔ جدید ہند آریائی زبانوں میں بہت سے لفظ غیر مُلکی ہیں یوں تو آریائی لفظوں کو بھی غیر مُلکی کہا جاسکتا ہے۔ بہرکیف دیسی اور ودیشی کی اصطلاحیں اضافی ہیں اور بس۔ ورنہ ڈراوری، آریائی، فارسی، عربی وغیرہ سبھی الفاظ ودیشی کہے جاسکتے ہیں۔ جدید ہند آریائی زبانوں میں اُن لفظوں کو نسبتی طور پر ودیشی کہا جاتا ہے جو نہ تو آریائی ہیں (تتسم اور تدبھاؤ) اور نہ دیسی کول ڈراوری۔ اُردو کے علاوہ کم و بیش سبھی ہند آریائی زبانوں میں ایسے بہتیرے بدیشی الفاظ ہیں۔ اس گروہ کے سب لفظوں کے متعلق یہ کہنا بہت مشکل بلکہ بعض اوقات ناممکن ہے کہ یہ کب اور کس طرح زبان میں داخل ہوئے۔

اُردو زبان اُس دور کی پیداوار ہے جب دوسری جدید ہند آریائی زبانیں اپ بھرنشوں سے پیدا ہورہی تھیں۔ اُردو بھی اسی جدید ہند آریائی دَور کی پیداوار ہے۔ لیکن دوسری جدید ہند آریائی زبانوں کے مُقابلہ میں اس کی تخلیق زیادہ مرکب، پیچیدہ، بالیدہ اور ارتقا یافتہ انداز میں ہوئی ہے۔ اُردو، بلاشبہ ایک جدید ہندوستانی زبان ہے۔ لیکن صفت "آریائی" پر غیر متوازن زور حقیقت وحق اور ہندی تہذیب کے جلوۂ صدرنگ کے خلاف ہے۔ یہ تاکید راری ہند جدید آریائی زبانوں کے ارتقا کو پیش نظر رکھتے ہوئے صحیح نہیں۔ نہ تو مُلک ہند خالصتاً یا بہ اعتبار اکثریت "آریہ ورت" ہے۔ اور نہ یہاں کی کوئی جدید ہند آریائی زبان خالصتاً آریائی کہلانے کی مستحق ہے۔ خاص کر اُردو کو اپنے ڈراوری ورثہ پر وہی فخر ہے۔ جو اُسے اپنے ہند آریائی یا سامی یا ہند ایرانی ورثہ پر ہے۔

دوسری اہم بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ "قدیم اُردو" یعنی ابتدائی "ریختائیں" ہندوستان کے مختلف علاقوں میں پیدا ہوتی رہی ہیں۔ یوں تو ہر جدید ہند آریائی اور ہر جدید ڈراوری زبان پر عربی اور فارسی زبانوں کا اثر پڑا ہے۔ لیکن اُردو زبان کے ارتقا میں عربی و فارسی زبانوں کا خاص اثر پڑا ہے۔

تیسری اہم بات یہ ہے کہ اُردو زبان کی دو حیثیتیں ہیں۔ ایک علاقائی اور دوسری ہندوستان گیر۔ اِس عملِ ارتقا کا اظہار بہت ہی مرکب اور پیچیدہ حرکت کے ساتھ ہوا ہے۔

Marfat.com

اس راہ میں "قدیم اُردو" کے مختلف سانچوں کی منزلیں آتی ہیں۔ اور ان منزلوں میں ایک اہم ترین منزل "کھڑی بولی" کے سانچے سے بننے والے ریختہ کی منزل تھی بعد ازاں اس معیاری سانچہ کے مستحکم ہوجانے کے بعد عہدِ وسطیٰ میں "معیاری اُردو" کے ہندوستان گیر بننے کی مختلف منزلیں آئیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُردو کی تخلیق کے سلسلہ میں "کھڑی بولی ریختہ" کا مرکب سانچہ نگاہِ فطرت میں منزلِ مقصود کی حیثیت رکھتا تھا۔ بہرکیف جدید ہند آریائی زبانوں میں زبانِ اُردو کو نمایاں انفرادیت حاصل ہے اور یہ انفرادیتِ لسانی اُردو ادب کے مزاج کو بھی منفرد و مشخص بنانے میں ممد و معاون ہوئی ہے۔

اُردو زبان و ادب کے سلسلہ میں کسی مقامی نظریہ کی تائید سائنسی حقیقت اور صداقتِ محض کے خلاف ہے۔ اُردو زبان کی پیدائش کے متعلق کسی جزوی یا سادہ تصور کی گنجائش باقی نہیں رہی۔ اس کے بجائے اب اہلِ خبر و نظر کُلی حقیقت اور پیچیدہ و مرکب قماش کی طرف متوجہ ہو رہے ہیں۔ حیات کی جس رَو نے، تہذیب کی جس تحریک نے، اور تاریخ کے جس دَور نے اُردو زبان کو پیدا کیا وہ بہت ہی وسیع، تہہ دار و مرکب کیفیتِ زندگی تھی۔

ویدک اور سنسکرت یا قدیم ہند آریائی زبان کا دَور پندرہ سو سال قبل مسیحؑ سے پانچ سو سال قبل مسیحؑ تک ہے۔ وسطیٰ ہند آریائی زبان کا عہد تقریباً چھ سو سال قبل مسیحؑ سے ہزار سال بعد مسیحؑ تک اور جدید ہند آریائی کا زمانہ ہزار سال بعد مسیحؑ سے آج تک۔ وسطیٰ ہند آریائی زبان کے عہد میں پراکرتوں کا دَور دَورہ تھا۔ پراکرتوں کے تین دَور ہوئے ہیں۔ آخری عبوری دَور کا نام "اپ بھرنش" ہے جتنی پراکرتیں تھیں اتنی ہی "اپ بھرنش" دراصل یہ پراکرتوں کی بدلی ہوئی صورتیں تھیں۔ یہی اپ بھرنشائیں بعد میں بھاشاؤں کے الگ ناموں سے یاد کی جانے لگیں۔

تین بڑی پراکرتیں ارضِ ہند میں پھلی پھولی ہیں۔ شورسینی، مہاراشٹری اور ماگدھی شورسینی، وسطی مغربی علاقہ میں پھیلی ہوئی تھی۔ مہاراشٹری جنوبی علاقہ میں اور ماگدھی مشرقی علاقہ میں۔ یہ تینوں پراکرتیں ایک دوسرے کو متاثر کرتی رہی ہیں۔ اور ان کے اثرات ہند کی دوسری پراکرتوں پر بھی پڑتے رہے ہیں۔ مگر عام طور پر لسانی لہریں

Marfat.com

۔۔۔ مشرق کی طرف جاتی رہی ہیں۔ مغربی اور وسطی زبانوں کی حیثیت اکثر و بیشتر معیاری رہی ہے۔ لیکن موریا خاندان کے عروج کے زمانہ میں تہذیب اور زبان کی لہریں مشرق سے مغرب کی طرف بڑھنے لگیں۔ لہٰذا ماگدھی پراکرت کے اثرات شورسینی اور مہاراشٹری پر زمانہ تک پڑتے رہے۔ تاہم خود پالی ایک ایسی اردھ ماگدھی زبان تھی جس پر مغربی پراکرتوں کا نمایاں اثر پڑا۔ یہ بھی نہایت اہم حقیقت ہے کہ مہاراشٹری پراکرت صرف شورسینی سے فیضیاب نہیں، بلکہ اسی کی ایک شاخ تھی۔

مذکورہ بالا حالات میں یہ کہنا کہ بعد کی اپ بھرنشائیں، خصوصاً خالص رہی ہوں گی صحیح نہیں۔ ساخت و ترکیب میں یہ بھاشائیں، خصوصاً ان کی ادبی شکلیں قریبی اور دوسری ترقی یافتہ بھاشاؤں سے بہت متاثر ہوتی رہی ہیں۔ راجستھانی پنگل (ادب و شعر کی زبان) کھڑی بولی سے متاثر رہی۔ برج بھاشا کا اثر دوسری بھاشاؤں پر پڑتا رہا۔ اور وہ خود بھی دوسروں سے اثر قبول کرتی رہی۔ بہار کی میتھلی بھاشا نے بنگالی بھاشا کو متاثر کیا۔ اور خود اس کے اثر میں آئی۔ اسی طرح اودھی اور بھوجپوری نے ایک دوسرے کو متاثر کیا۔ راجستھانی پنگل نے بہت سی بھاشاؤں کی ادبی زبان پر اپنا سکہ جمایا۔ یہاں تک کہ دور دراز کی بنگالی پر بھی (چٹرجی)

اردو کی پیدائش کے سلسلہ میں یہ بحث کہ اس کا بنیادی لسانی سانچہ کون سا ہے، اہم ضروری ہے۔ اور اس امر کا تعین لازمی ہے۔ لیکن ابتدائی یا بنیادی ڈھانچے کو حد سے زیادہ قطعیت دے دینا صحیح نہیں ہوگا۔ تھوڑی خلط ملط کی گنجائش رکھنی ہوگی۔ کیونکہ قدیم ہند آریائی عہد سے لے کر جدید ہند آریائی زمانہ تک لسانی سانچے خلط ملط ہوتے آئے ہیں اور آج تک ہو رہے ہیں۔

اردو زبان بھاشا اور فارسی و عربی کے میل سے بنی ہے۔ اس ریختہ اردو پر ارتقا کے کئی دور گزرے ہیں۔ میں ان ادوار کا مختصراً جائزہ لینا چاہتا ہوں۔ میں نے اپنے

۱۔ ملاحظہ ہوں ووکنر، لاؤ اور چٹرجی کی کتابیں۔

۲۔ انڈو ایرین اینڈ ہندی۔ چٹرجی ص ۸۵۔۸۶۔ دکھنی ریختہ بھی کھڑی بولی ہندوستانی، پنجابی ریختہ کی شاخ ہی تھی۔

Marfat.com

کئی مقالوں میں اس امر کی وضاحت کی ہے کہ میں ریختہ یعنی "قدیم اُردو" کی صرف ایک شکل تسلیم نہیں کرتا۔ بلکہ میرا یہ نظریہ ہے کہ جتنی "بھاشائیں" ہند میں تھیں، اتنی ہی ریختائیں بنیں۔ ان مختلف "ریختاؤں" کے عہد کو "اُردوئے قدیم" کا عہد کہنا چاہیے جب کہ اُردو زبان کا لسانی سانچہ متعین نہیں ہوا تھا۔ اس کے بعد اُردوئے وسطیٰ کا عہد آتا ہے۔ پھر اس دور کی تکمیل کے بعد معیاری اُردو کی منزل آتی ہے۔ اور اُردوئے معلیٰ کا [illegible] شروع ہوجاتا ہے جو آج تک منتہی ہے۔

ابتدائی اُردو، یا اُردوئے قدیم کا تصور میرے ذہن میں یوں ہے کہ [illegible] ملک کے ہر خطے میں وہاں کی مقامی بھاشا کے ساتھ عربی و فارسی الفاظ ملتے رہے اور اس آمیزش سے ریختہ کی ابتدائی قاشیں پیدا ہوئیں۔ "دورِ آمیزش" بھی ایک [illegible] دور تھا۔ قطعیت کے ساتھ تو کہا نہیں جا سکتا۔ لیکن یہ ظاہر ہے کہ اس عمل میں بھی چند [illegible] لگیں۔ اس کے بعد "دورِ ترکیب" شروع ہوا۔ یعنی ریختائیں اب آمیزہ نہیں مرکب [illegible] تھیں۔ اس عہد میں بھاشاؤں اور عربی و فارسی کے امتزاج میں اب گال مرچ نمک کے میل کی صورت نہیں تھی بلکہ شیر و شکر کے بالکل گھل مل جانے کی کیفیت پیدا ہو گئی تھی۔ ملکی اور غیر ملکی الفاظ ازدواج کی کامیاب منزل طے کر کے ایک خاندان کے [illegible] بن گئے تھے اور اب ایک متحدہ کنبہ کی تخلیق ہونے لگی تھی۔ صورت [illegible] یہ تھی کہ سندھی، ملتانی، پنجابی، ہندوستانی (کھڑی بولی)، برج، راجستھانی، گجراتی، مراٹھی، ہریانی، بندیلی، اودھی، بھوجپوری، مگھی، میتھیلی، بنگالی ریختائیں وجود میں آ چکی تھیں۔ میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ نئے ہند آریائی لسانی دور میں بھی ریختہ کی لسانی لہر مغرب سے مشرق کی طرف بڑھی ہے۔ سندھ، پنجاب اور گجرات میں ریختہ کا [illegible] مرکب پہلے تیار ہونا شروع ہو گیا۔ اودھ، بہار اور بنگال میں کچھ عرصہ کے بعد۔ ان مختلف وجوہات سے بعض [illegible] میں یہ عمل امتزاج ادھورا رہ گیا۔ اور بعض میں "ریختہ" کی علامت تو پیدا ہو گئی گویا [illegible]

لہ (الف) [illegible] ص [illegible] تحقیق و تنقید از اختر [illegible]

(ب) [illegible] ص [illegible] ۱۸۰ تحقیق [illegible] ایضاً۔

(ج) اُردو زبان کا ارتقا [illegible] [illegible] ایضاً۔

Marfat.com

کا رواج دیر میں ہوا یا خال خال ہوا۔ ریختاؤں کا مرکب بننے کا عمل اُردوئے قدیم کے مختلف طبقوں میں ہوا اور ایک حد تک اس کے اثرات "اُردوئے وسطیٰ" اور معیاری اُردو تک قائم رہے۔ اسی دَور میں لسانی عمل و ردِ عمل کا ایک اور پہلو شروع ہو گیا تھا، یعنی علاقائی ریختاؤں کو کھڑی بولی کی ریختہ متاثر کر رہی تھی۔ اس سطح پر بھی سارے مُلک میں کم و بیش لسانی تبدیلیاں ہو رہی تھیں۔ شہروں اور قصبات میں پہلے اور دیہاتوں میں بہت آہستہ آہستہ۔ اُردوئے وسطیٰ کے دَور میں یہ رَو اور تیز ہو گئی اور کھڑی بولی پر ہندوستانی ریختہ کا معیاری زبان اور ادبی حیثیت سے غلبہ ہونے لگا۔

میں اُردوئے وسطیٰ کا دَور اُسے کہتا ہوں جب ہر لسانی علاقہ[1] میں علاقائی ریختہ کے ساتھ کھڑی بولی ریختہ مل رہی تھی۔ اور ایک ملے جُلے ساچوں کی زبان استعمال ہونے لگی تھی، خصوصاً ادب کی تخلیق اور تہذیبی بول چال میں یہ دور بھی تا بدیر سیال حالت میں رہا۔

---

[1] دکن میں ایک حد تک حضرت خواجہ بندہ نواز کے زمانہ میں اُردو کا وسطیٰ دَور شروع ہو گیا تھا۔ خود حضرت کے رسالے "معراج العاشقین" کی زبان مل جُلی ہے۔ اُردو شہ پارے، جلد اوّل ص ۱۹۔۲۰ میں ڈاکٹر محی الدین زور لکھتے ہیں:

"لسانی تحقیق کے لحاظ سے یہ "معراج العاشقین" ایک اہم چیز ہے ...... اس کی زبان کئی لحاظ سے قدیم دکنی سے مختلف ہے۔ اس کی صورت کھڑی بولی سے زیادہ متاثر معلوم ہوتی ہے۔ اور اس کے برخلاف دکنی نثر کی صورت کم و بیش پنجابی سے مُشابہ ہے۔ حضرت خواجہ بندہ نواز نے کوئی ساٹھ برس دہلی میں بسر فرمائے (اور ۸۰۱ھ تک) لازمی طور پر آپ کی تحریر اُس زبان میں ہونی چاہیے، جو وہاں بولی جاتی تھی...... حضرت خواجہ بندہ نواز کی زبان کھڑی سے متاثر اُردو ہے اور اس کے برخلاف دکنی قدیم اُردو کی قدرتی طور پر ترقی یافتہ صورت، جس میں بہت سی اصلی صفات و خصوصیات موجود ہیں۔"

حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز نے گلبرگہ (دکن) میں توطن اختیار کر لیا تھا۔ نثر اُردو کی تاریخ آٹھویں صدی ہجری سے شروع ہوتی ہے۔ (اسکیمہ) یہ نمونے چھوٹے چھوٹے مذہبی صوفیانہ رسالوں کی صورت میں ہیں مثلاً شیخ عین الدین گنج العلم متوفی ۷۹۵ھ کے رسالے اور معراج العاشقین مُصنفہ حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز گلبرگوی (متوفی ۸۲۵ھ)

رفتہ رفتہ ہر لسانی علاقہ میں کھڑی بولی ریختہ ادبی اور متمدن سماجی فضا پر چھا گئی اور علاقائی ریختہ محض عوامی زبان کی حیثیت سے مروّج رہی۔ علاقائی اور مقامی ریختائیں ادب العالیہ کی محفل سے اُٹھ گئیں۔ تہذیبی مجلسوں سے بھی چلی گئیں۔ اور صرف لوک ساہتیہ اور دیہاتی عوامی بولیوں میں اپنی پھبن دکھانے پر اکتفا کرنے لگیں۔ میں اس دور کو معیاری اُردو کا عہد کہتا ہوں۔ یہ فارم بڑی پیچیدہ منزلوں سے گزر کر مستحکم ہوا ہے۔ اُردو زبان کے ابتدائی سانچے تو کئی ہیں۔ لیکن اس کا معیاری سانچہ کھڑی بولی یعنی بقول گریرسن "ورنکلر ہندوستانی" کی بنیادوں پر قائم ہے۔

زبان کا معیاری سانچہ کیوں پیدا ہوا؟ یہ ایک دلچسپ سوال ہے۔ لیکن اس کا جواب ہندوستان کی لسانی تاریخ سے مل جاتا ہے۔ جب بھی ہندوستان میں کوئی ہمہ گیر تہذیب قائم ہوئی اور جب بھی ملک کے نظام میں کسی نوع کی مرکزیت پیدا ہوئی تو علاقائی زبانوں میں سے کوئی ایک زبان مختلف اسباب وعلل سے آگے بڑھی اور مُلک کے بڑے حصّہ میں تہذیبی اور معیاری طور پر پھیل گئی۔ ایک زمانہ میں سنسکرت نے یہ فرض انجام دیا۔ پھر شورسینی اور پالی پراکرت نے۔ پھر مغربی اپ بھرنشوں نے۔ نئے ہند آریائی عہد میں داخل ہونے کے بعد علاقائی بھاشاؤں میں ہندوستان کی صدارتِ لسانی کے لیے خاموشی سے مقابلہ شروع ہو گیا۔ لیکن یہ مقابلہ بیشتر مغربی بھاشاؤں کے درمیان ہی ہوا۔ اس عبوری دور میں زبانوں کے ہیولے دُخانی حالت میں تھے۔ پھر وہ ملی جُلی سیال حالت میں آئے اور رفتہ رفتہ ان کا انجماد شروع ہوا۔ کبیر داس کی زبان کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ اس وقت معیاری ہندوستانی زبان کی تخلیق کا خمیر اُٹھنے لگا تھا۔ مگر کبیر کی مقبول زبان ابھی سیال اور بے ربط تھی۔ اس زبان پر اودھی، کھڑی، ہندوستانی اور برج بھاشاؤں کا اثر تھا۔ کبیر کی زبان کے بعد برج بھاشا کرسیِ صدارت پر بیٹھ گئی اور آگرہ کی مرکزیت کا سہارا پا کر سارے ہندوستان میں تہذیبی، ادبی اور معیاری [illegible] پر پھیلی۔ سورداس اور عبدالرحیم خانخاناں جیسے عظیم فن کار اس کے ادیب [illegible] ہونے لگا کہ ہندوستان کی نئی متحدہ عظیم تہذیب [illegible] معیاری زبان کا فیصلہ برج بھاشا [illegible]

ﻠﮧ تاریخ زبان اُردو، ص [illegible] ڈاکٹر مسعود حسین

Marfat.com

کے حق میں ہوگیا۔ لیکن ابھی تاریخ کو حرف آخر لکھنا باقی تھا۔ آگرہ کی مرکزی زبان کے ساتھ "زبانِ دہلوی"، جو دکن میں ترقی کر رہی تھی اور آخرش دہلی کو آگرہ پر فوقیت حاصل ہوگئی۔ آگرہ، اکبر، اور جہانگیر کی راجدھانی تھا اور شاہجہاں نے دلی کو نئے سرے سے دارالسلطنت بنایا، اور اس واقعہ نے ہندوستان کی لسانی تاریخ کو گہرے طور پر متاثر کیا۔ اس سبب کے علاوہ اور بھی اسباب تھے جن کے نتیجہ میں "زبانِ دہلوی" معیاری ہندوستانی زبان بنی۔

"زبانِ دہلوی" کیا تھی؛ زبانِ دہلوی کی دو حیثیتیں تھیں۔ ایک مقامی اور دوسری ہندوستان گیر، جیساکہ پہلے ذکر آچکا ہے اس عبوری عہد کی کھڑی بولی ہندوستانی روحِ عہد کی ترجمان بن کر نکھرنے لگی تھی۔ اور وہ بھی پنجابی، برج اور اودھی کے ساتھ ریختہ کا روپ اختیار کر رہی تھی۔ یہ امر یاد رکھنے کے قابل ہے کہ "زبانِ دہلوی" کوئی منجمد اور ساکن چیز نہیں تھی بلکہ سیال اور متحرک۔ صدیوں میں اس کا معیاری سانچہ متعین ہوا ہے۔ امیر خسرو[۵۱] (متوفی ۷۲۵ھ/۱۳۲۴ء)، شیخ باجن (متوفی ۹۱۲ھ/۱۵۰۶ء) اور ابوالفضل[۵۲] نے "زبانِ دہلوی" کی منفرد حیثیت تسلیم کی ہے۔

دہلی کا شہر کھڑی بولی، ہریانی (بانگڑو)، برج اور میواتی (راجستھانی) بولیوں کے علاقوں کے مقامِ اتصال پر واقع ہے۔ راجپوتی عہد میں دلی کی زبان پر میواتی راجستھانی اثر زیادہ تھا۔ ترکوں کے زمانہ سے لے کر شاہجہاں کے ابتدائی دور تک دہلی کی زبان پر لاہوری، پنجابی اور ہریانی کا اثر زیادہ رہا۔ لیکن ساتھ ساتھ برج اور کھڑی بولی کے اثرات بھی ملے جلے ہوئے تھے۔ تاآنکہ رفتہ رفتہ کھڑی بولی ہندوستانی ریختہ کا رواج سب پر چھاگیا۔ ترک فاتحین کے ساتھ جو زبان دکن گئی تھی وہ پنجابی اور ہریانی سے زیادہ متاثر تھی۔ لیکن اس کی بنیادیں بھی کھڑی بولی سے فیضیاب تھیں۔ یعنی اس عہد کی "زبانِ دہلوی" ہی دکن گئی تھی نہ کہ پنجابی۔ ہاں "زبانِ دہلوی" اس وقت تک سیال حالت میں تھی اور اس دور میں دہلی کی ہندوستانی زبان پر پنجابی اثر نمایاں تھا۔

---

۵۱ تاریخ زبان اُردو مسعود حسین ص۱۳۷ بحوالہ تاریخ ہند۔ ایلیٹ اور ڈوسن ص۵۶۱ جلد سوم ضمیمہ

۵۲ ایضاً بحوالہ نقوش سلیمانی۔

Marfat.com

"زبان دہلوی" کا آخری مہذب سانچہ کھڑی بولی ہندوستانی کا فارم تھا، جو کچھ ترمیم و اصلاح کے بعد اُردو کا معیاری سانچہ بنا، اور مرکز کے علاوہ سارے مُلک میں اس کے سکّے چلنے لگے اور علاقے کے علاقے اس کی قلم رَو میں داخل ہوتے گئے۔

اس امر سے تو کسی کو انکار نہیں کہ اُردو اور ہندی کا معیاری بنیادی سانچہ کھڑی بولی ہندوستانی کی ہی اصلاح یافتہ شکل ہے۔ جولز بلاک، گریرسن، گارساں دتاسی، بیمز سونیتی کمار چٹرجی، محی الدین زور، محمود شیرانی، احتشام حسین، مسعود حسین اور شوکت سبزواری یہ سب مذکورہ بالا صداقت کو مانتے ہیں۔ لیکن قدیم اُردو کے اوّلین فارموں کے متعلق اختلاف پایا جاتا ہے۔ میں اس پر بعد میں مختصر محاکمہ کروں گا۔ پہلے کھڑی بولی کے متعلق تھوڑی وضاحت لازمی ہے۔

شورسینی پراکرت سے شورسینی اَپ بھرنش نکلی۔ اس شورسینی اَپ بھرنش نے مغربی ہندی کو جنم دیا جو سنہ ۱۰۰۰ء کے قریب مستقل لسانی کیفیت اختیار کرلیتی ہے۔ مگر یہ تھوڑے تھوڑے فرق کے ساتھ مختلف بولیوں میں بٹ جاتی ہے۔ شورسینی اَپ بھرنش، مغربی ہندی (گریرسن)، اور مدھ دیشیا (چٹرجی) گویا ہم معنیٰ ہیں۔ چٹرجی نے مدھ دیشیا بھاشا کی مندرجہ ذیل تقسیم کی ہے۔

شورسینی

قنوجی	بُندیلی	برج بھاشا	ہندوستانی کھڑی بولی	بانگرو یا ہریانی
بالائی	بُندیل کھنڈ	بریلی	انبالہ ضلع سے	جنوب مشرق
دوآبہ	اور	آگرہ	رام پور تک	پنجاب
برج سے	وسطی ہند	متھرا	برج کے علاقہ	
پورب	کا کچھ حصّہ	علی گڑھ	سے شمال	

(رام پور، بجنور، مُرادآباد، مغربی روہیلکھنڈ، میرٹھ، مظفرنگر، سہارن پور، دہرہ دون اور مشرقی انبالہ)

گریرسن نے اس کھڑی بولی کو "ورنکلر ہندوستانی" کا نام دیا ہے۔ چٹرجی کے نزدیک شورسینی کی شاخ کھڑی بولی (ہندوستانی) اُردو اور ہندی کا معیاری

Marfat.com

سانچہ ہے۔ (انڈو ایرین اور ہندی صفحہ ۱۹)

اَب میں اُردو کے قدیم ترین فارم کے بارے میں اپنا محاکمہ پیش کرنا چاہتا ہوں۔ اُردو کے قدیم بُنیادی فارموں کے سلسلہ میں ڈاکٹر محی الدین زورؔ کی ہندوستانی لِسانیات، پروفیسر محمود شیرانی کی پنجاب میں اُردو، ڈاکٹر مسعود حسین کی تاریخ زبان اُردو، ڈاکٹر شوکت سبزواری کی اُردو زبان کا ارتقا، بڑی اہمیت رکھنے والی کتابیں ہیں۔ان کے علاوہ علاّمہ سلیمان ندوی کا مجموعۂ مضامین "نقوش سلیمانی" اور پروفیسر احتشام حسین کا ترجمہ "ہندوستانی لِسانیات کا خاکہ" (بیمز) مسئلہ زیر بحث پر روشنی ڈالنے والی کتابیں ہیں۔ زبان انگریزی میں متعلقہ لِسانی مسائل پر معیاری کتابیں گریرسن کی لنگوسٹک سروے آف انڈیا" اور سونیتی کمار چٹرجی کی" انڈو ایرین اینڈ ہندی" ہیں۔ڈاکٹر محُی الدّین زورؔ نے پچھلے دنوں زبان اُردو کے مسئلہ پر ایک مقالہ بعنوان" اُردو اور پنجابی" لکھا ہے (رسالہ نقوش، لاہور جولائی ۱۹۵۲ء) میرے خیال میں چند لِسانی نظریے اہم ہیں۔ ڈاکٹر زورؔ اور پروفیسر شیرانی پنجابی کو اُردو کا بُنیادی فارم بتاتے ہیں۔دوسرا نظریہ ڈاکٹر مسعود حسین کا ہے جو ہریانی (بانگڑو یا جاٹو) کو اُردو کا بنیادی فارم قرار دیتے ہیں۔ تیسرا نظریہ برج بھاشا کو اُردو کا بُنیادی سانچہ بتاتا ہے۔محمد حسین آزاد نے "آبِ حیات" کے مقدمہ میں اسی خیال کا اظہار کیا ہے۔چوتھا نظریہ کھڑی بولی ہندوستانی میں اُردو کا بُنیادی سانچہ پاتا ہے اور معیاری سانچے میں بھی اسی کی ساخت کو کارفرما بتاتا ہے۔ گریرسن، بیمز اور چٹرجی اسی امر کے قائل ہیں۔ علاّمہ سلیمان ندوی سندھی بھاشا میں اُردو کا قدیم ترین فارم ڈھونڈتے اور پاتے ہیں۔ڈاکٹر شوکت سبزواری شورسینی کی بجائے پالی کو اُردو زبان کی اصل قرار دیتے ہیں۔

میں اُردو کے قدیم فارم کے بارے میں اپنا خیال پہلے پیش کر چکا ہوں اور اسی سلسلہ میں لِسانی نظریوں کا محاکمہ در پیش ہے۔ میری نظر میں اُردو کے قدیم فارم بہت سے ہیں۔ ہر بھاشا سے ریختہ بنی تھی۔ یہ تو تدریجی انکشافات پر منحصر ہے کہ اُردو کے قدیم کے فارم کہاں کہاں ملتے جاتے ہیں۔ ہاں ارتقائے زبان کے وسطی مرحلوں میں دِلّی کے ارد گرد کی بولیوں، ہندوستانی کھڑی بولی، برج بھاشا اور ہریانی کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ نیز مختلف لب ولہجے اور سانچے کی پنجابی بولی کی بھی اہمیت ہے۔

Marfat.com

یہ بات پیشِ نظر رکھنے کے قابل ہے کہ پنجابی کے سوا تینوں مذکورہ بولیاں شورسینی اَپ بھرنش کی شاخیں تھیں اور خود پنجابی (مشرقی اور وسطی) پر شورسینی کا اثر مختلف دوروں میں پڑتا رہا تھا۔ عہدِ وسطیٰ کے بعد رفتہ رفتہ ریختہ کا معیاری سانچہ کھڑی بولی کے فارم کے مطابق ڈھلتا گیا اور کچھ پنجابی اور برج کے سانچوں کے درمیان مفاہمت قبول کرتا گیا۔ اُردو زبان کا معیاری سانچہ سو فیصد کھڑی بولی (درنکلر ہندوستانی) کے مطابق نہیں۔ ہاں اُردو کے معیاری سانچے کی ساخت بہت زیادہ کھڑی بولی سے مُطابقت رکھتی ہے۔ کچھ اثرات پنجابی اور برج کے ہیں۔ کچھ متمدّن مراکز اُردو کی تراش و خراش، ترمیم و اضافہ، کھراد اور پالش ہے۔

برج بھاشا کی بُنیادی اہمیت کا نظریہ اب منظرِ پیش میں نہیں رہا۔ زورؔ و شیرانی کا نظریہ اور مسعود حسین کا نظریہ زیادہ توجہ کے قابل ہے۔

زورؔ صاحب کا جدید ترین خیال حسبِ ذیل ہے:

"زبانِ اُردو کا پنجابی سے جتنا قدیم اور جتنا گہرا تعلق ہے۔ اتنا کسی اور زبان سے نہیں ..... بعض لوگ غلط فہمی یا مقامی تعصب کی وجہ سے اُردو کو ہندی یا سندھی یا برج بھاشا یا کھڑی بولی کی بیٹی سمجھ لیتے ہیں۔"

(نقوش، لاہور، جولائی ۵۰ء)

ڈاکٹر زورؔ نے پروفیسر شیرانی کی کتاب "پنجاب میں اُردو" اور اپنی تحقیقات کا حوالہ دے کر یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ اُردو سرزمین پنجاب میں پیدا ہوئی اور اس نے وہیں لسانیاتی نشوونما حاصل کیا۔ یہاں تک کہ وہ اسے مستحکم اور مسلم الثبوت نظریہ بتاتے ہیں۔ میرا مطالعہ یہ ہے کہ پروفیسر شیرانی نے کہیں بھی یہ نہیں [illegible] کا معیاری سانچہ پنجابی بھاشا کے سانچے سے لیا گیا ہے۔ لیکن اُردو سے [illegible] وہ پنجابی بھاشا کو بُنیادی ضرور قرار دیتے ہیں۔ شیرانی کے [illegible] پنجاب کے اثرات اُردو سے قدیم ہیں [illegible] ملتانی [illegible] پنجابی [illegible] تسلیم کرتے ہیں کہ وسطی اور معیاری اُردو میں پنجابی اثر کم [illegible]:

"ظاہر ہے کہ اُردو اور پنجابی زبانوں کا [illegible] تھا۔ رفتہ رفتہ اُردو زبان سے خارج ہوتا [illegible]

نیز یہ کہ :

" دہلی میں یہ زبان برج اور دوسری زبانوں کے دن رات کے باہمی تعلقات کی بنا پر وقتاً فوقتاً ترمیم قبول کرتی رہتی ہے۔ اور رفتہ رفتہ اُردو کی شکل میں تبدیلی ہوتی جاتی ہے۔"

قدیم اُردو میں پنجابی اثرات سے کون انکار کر سکتا ہے۔ سندھ کے بعد پنجاب ہی وہ علاقہ ہے جہاں مقامی بھاشا میں "ریختہ پن" پیدا ہوا ہو گا۔ بلکہ قاسمیوں سے زیادہ غزنویوں کے عہد میں رلی ملی زبان کی ترکیب، تشکیل اور ترویج ہوئی ہوگی۔ پھر سندھ، گجرات یا مالابار کے اثرات وہیں تک رہے وہ براہ راست اتنی وسعت اور شدت کے ساتھ دلّی، دکن، اور ہند کے دوسرے علاقوں میں نہیں پہنچے جتنے پنجاب کے اثرات پہنچے۔ غوریوں، تغلقوں اور خلجیوں کے دَور میں پنجابی ریختہ کا دباؤ دلّی، دکن اور بہار نے محسوس کرنا شروع کیا۔ مگر یہ یاد رہے کہ پنجابی ریختہ منجملہ اور ریختاؤں کے ایک ریختہ ہے۔ پنجابی بھاشا سے کم سہی لیکن دوسری بھاشاؤں میں بھی ریختہ پن پیدا ہونا شروع ہو چکا تھا۔ مُسلمانوں کا تہذیبی اثر اُن کے سیاسی اثر سے زیادہ وسیع تھا پرتھی راج راسو میں عربی و فارسی الفاظ ملتے ہیں۔ غرض یہ کہ ہر بھاشا کی ایک ریختہ بنی۔ اور ہر ریختہ کا اپنا علیٰحدہ وجود ہے۔ پھر یہ ریختائیں خلط ملط ہوئیں اور اس اختلاط و امتزاج کے لیے دلّی کا شہر سب سے بڑا معمل تھا۔ پروفیسر محمود شیرانی کو خود اِن باتوں کا احساس ہے۔ مگر ارتقائے اُردو کا صاف نقشہ اُن کے تصوّر میں نہیں۔ وہ لکھتے ہیں :

" ساتویں صدی ہجری میں اس میں وہ خصوصیات نظر آتی ہیں جو ایک طرف اس کو پنجابی سے اور دوسری طرف برج سے ممیز کرتی ہیں۔" (پنجاب میں اُردو)

" پنجاب میں اُردو" کے اقتباسات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ شیرانی بھی آخر یہ ماننے پر مجبور ہوئے ہیں کہ پنجابی ریختہ اور " اُردو کی شکل" میں فرق نمایاں ہے۔ نیز یہ کہ زبان اُردو کا آخری معیاری سانچہ کئی منزلوں اور مرحلوں کے بعد جا کر معیّن و مشخص ہوا ہے۔

ڈاکٹر محی الدین زوؔر کے اِں تھوڑا تضاد اور ابہام ہے۔ نقوش، لاہور والے مقالہ " اُردو اور پنجابی" میں وہ یہ خیال ظاہر کرتے ہیں :

Marfat.com

"اُردو، ہندی اور پنجابی تینوں زبانوں کے ارباب کو معلوم ہوگا کہ یہ تینوں زبانیں باہم دگر کتنی پیوست ہیں۔ اور یہ کہ سرزمین پنجاب نے ہندی اور اُردو کی شکل میں ہندوستان اور پاکستان کو کیسی عظیم الشان نعمتیں عطا کی ہیں۔"

زورؔ صاحب "ہندوستانی لسانیات" میں فرماتے ہیں:

"اُردو کا سنگِ بُنیاد دراصل مُسلمانوں کی فتح دہلی سے بہت پہلے رکھا جاچکا تھا۔ یہ اور بات ہے کہ اس نے اس وقت تک ایک مستقل زبان کی حیثیت نہیں حاصل کی جب تک مُسلمانوں نے اس شہر کو اپنا پائے تخت نہ بنالیا۔ اُردو اس زبان سے مشتق ہے جو بالعموم نئے ہند آریائی دَور میں اُس حِصّہ مُلک میں بولی جاتی تھی جس کے ایک طرف عہد حاضر کا شمال مغربی سرحدی صوبہ ہے۔ اور دوسری طرف الہ آباد ......" (ہندوستانی لسانیات صفحہ ۸۹)

اِس بیان میں کتنا ابہام ہے۔ اودُھیہ، مدھ دیشیا اور پراچیہ بھاشاؤں میں ہمیشہ فرق رہا ہے۔ یہ فرق نئے ہند آریائی دَور میں مٹا نہیں۔ صوبہ سرحد اور مشرقی اُتر پردیش میں بڑا فرق ہے۔ مگر آگے چل کر زورؔ صاحب اکثر محققین کے خیال سے متفق ہوجاتے ہیں۔ لکھتے ہیں:

"شمالی ہندوستانی پر کھڑی کا ایسا گہرا اثر مرتسم ہوا کہ اس کی بہت سی ابتدائی یا اصلی خصوصیتیں مفقود ہوگئیں اور جو کچھ باقی رہیں۔ وہ مسخ شدہ حالت میں ہیں۔" (ہندوستانی لسانیات)

زورؔ صاحب پنجابی اور کھڑی کے ابتدائی فرق کے بارے میں یہ تسلیم کرتے ہیں کہ ابتدا میں وہ صرف ایک تدریجی تغیّر ہوگا۔" (لسانیات صفحہ)

پھر لکھتے ہیں:

"اُردو، نہ تو پنجابی سے مشتق ہے اور نہ کھڑی بولی سے۔ بلکہ اُس زبان سے جو ان دونوں کی مشترک سرچشمہ تھی اور یہی وجہ ہے کہ وہ بعض باتوں میں پنجابی سے مُشابہ ہے اور بعض میں کھڑی سے۔ لیکن مُسلمانوں کے صدر مقام صدیوں تک دہلی اور آگرہ رہے ہیں۔ اس لیے اُردو زیادہ تر کھڑی بولی ہی سے متاثر ہوتی گئی۔ (لسانیات ص ۸۹۔۹۰)

نیز لکھا ہے کہ:

"اُردو پر بانگڑو یا ہریانی زبان کا بھی قابل لحاظ اثر ہے" (ص۹۰)

مذکورہ بالا اقتباسات پر غور کرنے سے زورؔ صاحب کے بیانات میں تضاد معلوم ہوتا ہے۔ حقیقت حال تک پہنچ جانے کے باوجود وہ اُردو کو پنجابی مصدر سے نکلتا ہوا بتاتے اور دوسرے قدیمی تبعوں کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔

اب میں مسعود حسین کے نظریہ سے بحث کرنا چاہتا ہوں۔ میں مسعود حسین کے نظریہ کو زورؔ اور شیرانؔی کے نظریہ کا مصلح قرار دیتا ہوں۔ لیکن انھوں نے بھی ترازو کے دوسرے پلے پر زیادہ زور ڈال دیا ہے۔ "مقدمۂ تاریخ زبانِ اُردو" میں مسعود حسین لکھتے ہیں:

"مُسلمان پنجاب سے فارسی آمیز یا جدید پنجابی بولتے دہلی میں داخل ہوتے ہیں۔ دہلی میں اور اس کے آس پاس ان کی مڈبھیڑ کئی بولیوں سے ہوتی ہے۔ آس پاس کے علاقوں میں ایک طرف پرانی ہریانی اور دوسری طرف پُرانی کھڑی بولی، بولی جاتی تھی۔ چونکہ کسی قدیم زمانہ میں مشرقی پنجابی خود انھیں دونوں بولیوں کے زیر اثر پیدا ہوئی تھی۔ اس لیے پنجابی بولنے والوں کو برج بھاشا کی بہ نسبت کھڑی بولی اور ہریانی اپنے سے زیادہ قریب دکھائی دی۔ انھوں نے اس کی صوتیات اور صرف و نحو کو پنجابی سے ملتا جُلتا پایا۔ اس لیے ان کی نظر انتخاب (غیر شعوری طور پر) برج کی بجائے انھیں بولیوں پر پڑی جسے وہ بہت جلد بولنا سیکھ گئے۔ اور جس کی ابتدائی شکل کو انھوں نے اپنے پنجابی لب ولہجہ اور محاورے سے متاثر بھی کیا۔ اُردو کی تہہ میں جو بُنیادی بولی ہے اس کا تعلق تو نواحِ دہلی ہی سے ہے۔ لیکن اس میں شک نہیں کہ سلاطین دہلی کے عہد میں اس پر اہل پنجاب کی زبان کا گہرا اثر رہا ہے۔ جس کی وجہ سے دو تین صدیوں تک اس کا اپنا کنیڈا متعین نہ ہوسکا اسی خام اور غیر متعیّن زبان کو مُسلمان دکن[1] لے گئے جہاں کچھ عرصے

---

[1] "جب شمال کے مُسلمانوں نے دکن پر حملہ کیا تو وہاں ان کے ساتھ وہی زبان گئی جو ابھی خام تھی۔ اور جس پر نواح دہلی کی زبان کا پورا اثر پڑنے نہیں پایا تھا۔ یہ غیر پختہ زبان دکن میں پھیل گئی اور بالکل نئے (باقی صفحہ ۵۵ پر)

Marfat.com

بعد اجنبی زبانوں کے ماحول میں اس کا اپنا معیار قائم ہو جاتا ہے۔" (ص۱۳۷-۱۳۸)

پھر لکھتے ہیں:

سلاطین دہلی کے ابتدائی عہد میں چونکہ فوج میں پنجابیوں کی کثیر تعداد تھی، اِس لیے سرزمین پنجاب کے لسانی اثرات حاوی تھے۔ لیکن بہت جلد بازار کی زبان فوج پر حاوی آگئی۔ جہاں تک بازار کی زبان کا تعلق ہے۔ تحقیق سے کہا جا سکتا ہے کہ اس پر دہلی کے جمنا پار والے مضافات کا اثر غالب رہا ہے"۔

(مقدمہ تاریخ زبان اُردو ص۱۴۲، بحوالہ پروفیسر جولیس

بلاک، بلیٹن اسکول آف اورینٹل اسٹڈیز جلد ۵-۱۹۲۸)

نیز یہ کہ:

"موجودہ پنجابی ایک "ملتانی" زبان ہے جو دوآبہ کی بولیوں کے زیر اثر بہت بعد کو ظہور پذیر ہوئی ہے۔ اور جس کے مقابلہ میں متھرا، دہلی اور ہریانہ علاقوں کی بولیاں زیادہ قدیم ہیں۔ یہ بڑی دلچسپ حقیقت ہے کہ قدیم اُردو کی جن خصوصیات کو پنجابی سے منسوب کیا جاتا ہے۔ وہ دراصل اُس قدیم زبان کی خصوصیات ہیں جسے ہم اپ بھرنش کی جدید شکل کہہ سکتے ہیں اور جو کسی زمانہ میں راجپوتوں کے سیاسی اقتدار کے تحت شمالی ہند کی مسلمہ ادبی زبان بن گئی تھی۔" (ص۱۴۵)

میرے خیال میں اس تحقیقات پر زیادہ اعتماد نہیں کیا جا سکتا کہ بازار دہلی پر ہریانہ کا اثر زیادہ تھا۔ مسعود حسین پہلے تو فوج پر پنجابیوں کا اثر زیادہ مانتے ہیں۔ اور بعد میں پروفیسر جولیس بلاک کا یہ قول پیش کرتے ہیں کہ سلاطین دہلی کے لشکر میں پنجابیوں سے زیادہ ہریانہ علاقہ کے جنگی اور اکھڑ لوگوں کی تعداد تھی۔ میں نہیں سمجھتا کہ ہمارے پاس

(باقی ص۵۴ کا) اصل پر نشوونما پانے لگی۔ وہ ان اثرات سے محروم رہی جو شمال میں اُردو کی تشکیل کر رہے تھے۔ اور یہی

وجہ ہے وہاں مُعدہ رفتہ رفتہ کھڑی بولی سے قریب ہوتی جا رہی تھی۔

لہ گریرسن نے بھی مشرقی پنجابی کو ملتانی زبان قرار دیا ہے۔ لسانیاتی ترجمہ ہند: جلد نہم حصہ اوّل ص۶۰۷

لہ بلیٹن اسکول آف اورینٹل اسٹڈیز (لندن)، ۱۹۲۸ء۔ ص۱۹۰

ایسے کون سے تاریخی دلائل ہیں جن سے تشفی بخش طور پر یہ ثابت کیا جا سکتا ہے کہ سلاطین دہلی کے عہدوں میں کب کون سے علاقے کے لوگ فوج شاہی میں زیادہ تھے۔ خود ہریانہ کا علاقہ جنوب مشرقی پنجاب میں واقع ہے۔ لسانیاتی اثرات کے اعتبار سے ہریانہ پر مشرقی پنجاب کی دوسری بولیوں کا اثر ضرور پڑتا رہا ہوگا۔ خود مسعود حسین لکھتے ہیں:

"جمنا پار کر کے پنجاب میں داخل ہوئے تو جنوب سے شمال کی طرف جو اضلاع ملتے ہیں، حسب ذیل ہیں: دہلی، کرنال، انبالہ، ... دہلی (قطع نظر شہر دہلی) اور کرنال کے اضلاع کی زبان ہندوستانی نہیں ہے۔ یہاں مغربی ہندی کی ایک دوسری بولی جس کا نام بانگڑو یا جاٹو ہے، بولی جاتی ہے۔ اس پر راجستھانی اور پنجابی کی گہری چھاپ نظر آتی ہے۔ ضلع انبالہ تک پہونچتے پہونچتے راجستھانی کے اثرات زائل ہو جاتے ہیں۔" (ص ۹۳)

مسعود حسین مشرقی انبالہ اور پٹیالہ کی بعض تحصیلوں کی زبان کو ہندوستانی بتلاتے ہیں جو پنجابی سے بہت زیادہ متاثر ہو گئی ہے۔ اس کے باوجود وہ اس خیال کی تکرار کرتے ہیں کہ "قدیم اُردو جمنا پار کی ہریانہ بولی سے قریب تھی" مشرقی پنجابی اور ہریانی میں بہت سی متحد باتیں تھیں۔ اُردوئے قدیم کی بعض شکلوں پر پنجاب کا براہ راست اثر ہے یا ہریانہ کے واسطے سے یہ کہنا مشکل ہے۔ بہر حال اُردو کے معیاری فارم پر کھڑی بولی کے ٹھپّے کو مسعود حسین بھی تسلیم کرتے ہیں۔ دراصل اٹل اور ناقابلِ ترمیم بات اس سلسلہ میں اس لیے نہیں کہی جا سکتی کہ عصر قدیم میں بولیاں آپس میں خلط ملط تھیں اور "دہلی کے نواح کی بولیوں (ہریانی اور ہندوستانی) کے قدیم نمونے ناپید ہیں"۔ مسعود حسین بھی اور دوسری بھاشاؤں سے بنے ہوئے اُردو کے قدیم نمونوں کی طرف سے آنکھیں پھیر لیتے ہیں۔ لیکن حقیقت اپنی طرف بہر حال کھینچتی ہے۔ لکھتے ہیں کہ:

"دراصل اُردو زبان کے ارتقا کے سلسلہ میں دارالسلطنت آگرہ اور برج بھاشا نے جو حصّہ لیا ہے اس پر بہت ہی کم زور دیا گیا ہے۔ اُردو زبان اور اس کے محاورے اور تلفظ کی وہ نئی شکل جس کی تکمیل بعد کو لکھنؤ جا کر ہوئی ہے۔ اُس کا بیج آگرہ ہی میں اکبر کے عہد میں ڈال دیا گیا تھا۔"

محمد حسین آزاد اور نصیر حسین خیال نے تو برج ہی کو بُنیاد اُردو کہا۔ بات یہ ہے کہ

ماہرین افراط و تفریط کے شکار ہو گئے ہیں۔ بعد کے اہل نظر ایک معیاری حقیقت تک پہنچے بھی ہیں تو اُن میں سے اکثر ارتقائے اُردو کے مختلف مرحلوں، منزلوں اور مقاموں میں سے کسی ایک کی طرف زیادہ ریجھ گئے ہیں۔

قدیم اُردو کے ارتقا کی مرکب درمرکب قماش کو سمجھنے کے لیے "دکنی" کا مُطالعہ بھی ضروری ہے۔ دکنی زبان کے متعلق اس امر میں کسی کو اختلاف نہیں کہ وہ شُمال ہندوستان سے ہی اُس دیار میں گئی تھی۔ مگر بعض باتیں تشریح طلب ہیں۔ اُردوئے قدیم کو اہل دکن "زبان دہلوی" بھی کہتے ہیں۔ "ریختہ" بھی "دکنی" بھی، اور "زبان ہندوستان" بھی۔ مُلاحظہ ہو:

"آغاز داستان، زبان ہندوستان۔ نقل۔ ایک شہر تھا۔ ان کا ناؤں سیستان۔ اس سیستان کے بادشاہ کا ناؤں عقل دین و دنیا کا تمام کام اس لیے چلتا۔ اس کے حکم باج ذرا کیں نہیں ہلتا۔۔۔۔۔" (سب رس: وجہی ص۱۶)

شیرانی کہتے ہیں کہ:

"ایک دلچسپ امر یہ ہے کہ جب اہالی دکن نے اُردو کا نام دکنی رکھا۔ اہالی گجرات نے اس کا نام "گجراتی" یا "گوجری" رکھ دیا۔"

میرے خیال میں اس امر کی بُنیادی وجہ موجود تھی۔ یعنی یہ کہ ہندوستانی ریختہ کا اثر دکنی یا گجراتی ریختہ کی زمین پر ہی پڑا تھا اور عہد وُسطیٰ تک مقامی اثرات صاف نظر آتے تھے۔ کہیں تیسری منزل پر پہنچ کر کھڑی بولی ہندوستانی کا غلبہ ہوا ہے۔ یہ تیسری منزل ہر علاقے میں الگ الگ وقتوں میں آئی ہے۔

سب رس کے مقدمہ میں مولانا عبدالحق یوں رقمطراز ہیں:

"اگرچہ وجہی گولکنڈہ کا ہے۔ اور گولکنڈہ اور حیدرآباد، تلنگانے میں ہیں لیکن یہ عجیب بات ہے کہ وہ مرہٹی مثل تو ایک جگہ لکھتا ہے۔ اور ایک آدھ گجراتی لفظ اور شعر بھی استعمال کرتا ہے۔ مگر کہیں تلنگی مثل یا فقرہ یا لفظ (سوائے درا یا درائی کے جس کے متعلق ابھی مجھے شُبہ ہے) اس کتاب میں نہیں آیا۔ اہل ہند سے مُراد مُصنف کی ہمیشہ شمال ہند والے ہیں مثلاً ایک جگہ لکھتا ہے: "بقول اہل ہند" پیا سا کیا منگتا پانی۔ اسی طرح جب

اہل دکن کی مثل یا قول کی طرف اشارہ کرنا ہوتا ہے تو لکھتا ہے ، "جون دکھن میں چلیا ہے" (ص ۱۳۶) یعنی جیسا دکن میں مشہور ہے یا "مثلاً ہے دکن میں" (ص ۱۵۶) یا دکنی دُھرا (ص ۲۲۶) اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ مصنف شمالی ہند اور دکن کی زبان میں فرق کرتا ہے۔" (مقدمہ سب رس ص ۲۵)

اس فرق کی تین وجہیں ہوسکتی ہیں۔ اوّل تو یہ کہ دکن کی زبان پر مرہٹی اور گجراتی بھاشاؤں کا اثر تھا اور دوسرے یہ کہ غالباً اس وقت تک شمال ہندوستان کی اُردو پر سے پنجابی اثر کم سے کم ہوگیا تھا۔ اور دکن میں ابھی تک پنجابی اثر کافی موجود تھا تیسرے یہ کہ ہر علاقہ میں مقامی کہاوتیں مروّج ہوتی ہیں۔ عبدالحق صاحب کو تلنگی اثر نہ ہونے پر تعجب ہے۔ لیکن یہ بات کوئی ایسے تعجب کی بھی نہیں۔ دکن میں مرہٹواری علاقہ ہی شمال کا اثر زیادہ قبول کرسکتا تھا۔ خصوصاً شورسینی زبان کی شاخوں کا اثر، کیونکہ مرہٹی خود کسی قدیم شورسینی کی شاخ تھی اور تلنگی ڈراوری زبان ہونے کی وجہ سے شمال ہند کی زبان سے میل نہیں کھا سکتی تھی۔ یوں تلنگی کا ہلکا پھلکا اثر ہوسکتا تھا۔ میرے خیال میں دراصل مرہٹی بھاشا سے بنی ہوئی ریختہ جس پر پنجابی اور کھڑی بولی ہندوستانی ریختاؤں کے اثرات پڑے "دکنی" کہلائی اور گجراتی بھاشا سے پیدا شدہ ریختہ جس پر کچھ پنجابی، ہریانی کھڑی بولی ہندوستانی اور راجستھانی اثرات پڑے "گجراتی" یا "گوجری" کہلائی۔ یہ سب قدیم اُردو کی مختلف شکلیں ہیں۔ یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ شمال ہندوستان خصوصاً دہلی سے جو زبان دکن گئی وہ کئی رشتہ دار بولیوں کا آمیزہ تھی۔ صرف پنجابی آمیز دہلی یا ہندوستانی یا ہریانی نہ تھی۔ خود مسعود حسین آخر میں یہ لکھتے ہیں :

"ممکن ہے کہ دکن میں بھی شمالی ہند کی ایک بولی نہ گئی۔ بلکہ کئی بولیاں پہنچی ہوں۔ جن کی آمیزش سے بعد کو وجہی اور قلی قطب شاہ کی معیاری دکنی

لہ (i) دکنی پر مرہٹی و گجراتی اثر۔ نوائے وقت، بمبئی (ii) مرہٹی "کے بعض اسما، حروف اور افعال دکنی میں مستعمل ہیں۔ مثلاً کیتک = کئی ایک، بسلا، بیٹھا، بسلانا، بیٹھانا، نکو، نہیں۔ یا نفی اور تاکید کے لیے "چ" کا استعمال ....." (تاریخ زبان اُردو، مسعود حسین ص ۸۰)

سلہ ڈاکٹر من موہن گھوش کے حوالہ سے چٹرجی نے اپنی کتاب انڈوآرین اینڈ ہندی- ص ۸۵-۸۶ میں مذکورہ خیال ظاہر کیا ہے

مشکل ہوتی ہے۔" (تاریخ زبان اُردو ص۲۵۶)

وجہی اور قطب شاہ کے بہت پہلے سے دکنی کا ارتقا ہو رہا تھا۔ اس قدیم دور میں مرہٹی کی نیو پر مرہٹی ریختہ بنی اور بعد ازاں شمال ہند کی بولیوں کی آمیزش سے عہدِ وسطیٰ کی دکنی بنی جسے پھر معیاری اُردو نے اپنے مقام سے ہٹایا۔ مشکل یہ ہے کہ جو لسانی نمونے ملتے ہیں وہ ادبی ہیں۔ قدیم ترین دکنی بول چال کی زبان کا سُراغ نہیں ملتا۔ لیکن موجودہ مرہٹی بولیوں کے مُطالعہ سے بہت کچھ معلوم کیا جا سکتا ہے۔ جن میں ریختہ پن موجود ہے لیکن دکنی دیر تک کھڑی بولی کے اثرات سے نہ بچ سکی۔ ولی کے عہد تک کھڑی کا غلبہ دکن میں بھی ہو گیا۔

ڈاکٹر زورؔ نے علامہ سُلیمان ندوی کے بعض مقالوں پر تبصرہ کیا ہے۔ جس میں پیدائش وارتقائے اُردو سے بحث ہوئی ہے۔ میں یہاں پر اس تبصرہ پر بھی تنقید کرنی چاہتا ہوں۔

علامہ سلیمان ندوی نے لکھا ہے کہ:

"قرینِ قیاس یہی ہے کہ جس کو ہم آج اُردو کہتے ہیں، اس کا ہیولیٰ اس وادیٔ سندھ میں تیار ہوا ہو گا۔" (نقوش سلیمانی ص۳۱)

نیز یہ کہ

"یہ مخلوط زبان سندھ، گجرات، اودھ، دکن، پنجاب اور بنگال ہر جگہ کی صوبہ وار زبانوں سے مل کر ہر صوبہ میں الگ الگ پیدا ہوئی" (نقوش سلیمانی ص۲۵)

ان بیانات کے متعلق ڈاکٹر زور لکھتے ہیں:

"واضح ہو کہ مولانا سلیمان ندوی کے یہ عجیب و غریب و متضاد بیانات "پنجاب میں اُردو" اور "ہندوستانی لسانیات" کی اشاعت کے بعد شائع ہوئے ہیں۔ جن میں اس مسئلہ کو پوری طرح واضح کر دیا گیا تھا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مولانا نے ان تحقیقی اور لسانیاتی کتابوں کے مُطالعہ کی زحمت ہی گوارا نہ فرمائی" (نقوش، لاہور، جولائی ۱۹۵۲ء)

میرے خیال میں مولانا سُلیمان ندوی کے بیان میں کوئی تضاد نہیں۔ وضاحت و تشریح کی کمی ضرور ہے۔ پنجابی ریختہ کی اہمیت مُسلم۔ مگر اس میں کیا شک ہے کہ سندھی ریختہ

کو پنجابی ریختہ پر تقدم حاصل ہے۔ خصوصاً نئے ہند آریائی عہد میں۔ کیونکہ عربی و فارسی بولنے والے پہلے پہل باضابطہ طور پر سندھ میں آئے اور دو سو سال تک جم کر رہے۔ سندھی بھاشا پر عربی و فارسی اثرات پڑے۔ لہٰذا یہ کہنا دور از قیاس نہیں کہ نئے ہند آریائی دور کے لگ بھگ اُردو کا ہیولیٰ سندھ میں بنا۔ عین ممکن ہے کہ یہ "ریختہ" کا اوّلین ہیولیٰ ہو۔ مولانا سلیمان ندوی نے کافی تاریخی دلائل پیش کرنے کے بعد لکھا ہے کہ:

"اس تشریح سے یہ بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ مُسلمانوں کی عربی و فارسی سب سے پہلے ہندوستان کی جس دیسی زبان سے مخلوط ہوئی وہ سندھی اور ملتانی ہے۔ پھر پنجابی اور بعد ازاں دہلوی۔ سندھی پر اس اختلاط کی شہادت آج بھی اسی طرح نمایاں ہے . . . .
سندھی، ملتانی اور پنجابی آپس میں بالکل ملتی جلتی ہیں . . . .
. . . . . . واقعہ یہ ہے کہ موجودہ اُردو ان ہی بولیوں کی ترقی یافتہ اور اصلاح شدہ شکل ہے۔ یعنی جس کو ہم اُردو کہتے ہیں اس کا آغاز ان ہی بولیوں میں عربی و فارسی کے میل سے ہوا، اور آگے چل کر دارالسلطنت دہلی کی بولی سے، جس کو دہلوی کہتے ہیں۔ مل کر معیاری زبان بن گئی اور پھر دارالسلطنت کی بولی معیاری زبان بن کر تمام صوبوں میں پھیل گئی۔"

(نقوش سلیمانی ص۳۲)

یہ واضح ہے کہ مولانا سلیمان ندوی نے اُردو کے "ریختہ پن" والے پہلو پر زور دیا ہے اور اس کے معیاری سانچے کے بارے میں یہاں کچھ نہیں لکھا۔ انھوں نے ارتقائے زبان کی منزلیں غلط طور پر نہیں پیش کیں۔ لیکن زبان کی مختلف منزلوں خصوصاً منزلِ دہلی کی تماش و ساخت سے بحث نہیں کی۔ میں نے پچھلے صفحات میں حتی الوسع اس مسئلہ کی وضاحت کی ہے۔ ڈاکٹر زور نے مولانا سلیمان ندوی کے بیانات کو اچھی طرح نہیں سمجھا۔ آخر الذکر نے ارتقائے اُردو کی کئی سچائیاں پیش کی ہیں۔ مگر مجھے علامہ موصوف سے تھوڑا سا اختلاف ہے۔ اوّل تو میرا یہ خیال ہے کہ عربی و فارسی الفاظ مسلمانوں کے منظرِ عام پر آنے سے بہت پہلے ہی بھاشاؤں سے ملنے لگے تھے بلکہ یہ عمل پراکرتوں کے دور سے ہی شروع ہو گیا تھا۔ ہندوستان کے سرحدی اور ساحلی علاقوں میں عمل

Marfat.com

امتزاج تیز تر رہا تھا۔ علامہ ندوی نے خود عرب و ہند کے تعلقات قبل از اسلام پر ایک تحقیقی کتاب لکھی ہے۔ یہ عمل دو طرفہ تھا۔ قرآن حکیم میں ہندی الاصل الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ دوسرا اختلاف مجھے یہ ہے کہ اسلام کے بعد جب عربی و فارسی بولنے والوں کے اثرات بھاشاؤں پر پڑنے لگے تو وہ کسی ایک علاقہ میں محدود نہیں رہے۔ وقتاً فوقتاً ایک علاقہ مرکز کی حیثیت ضرور اختیار کر گیا۔ لیکن خالص سیاسی وجوہات کی بنا پر نہ صحیح، سماجی و تہذیبی اثرات کے تحت ہی سارے ملک میں کم و بیش مخلوط زبان پیدا ہونے لگی۔ لہٰذا میں اس باب میں قطعی قسم کی اوّلیت کا قابل نہیں۔ بعض خطوں کی اہمیت کا اقرار ضرور کرتا ہوں۔ تیسرا اختلاف مجھے یہ ہے کہ معیاری اُردو کا سانچہ اس معنی میں ہرگز دہلوی نہیں کہ وہ اُس علاقہ کا تھا جس میں شہر دہلی آباد ہے۔ دہلی کا شہر، جیسا ذکر ہو چکا ہے، کئی علاقوں کے سنگم پر آباد تھا اور پھر مختلف دَوروں میں اس کا جائے وقوع بدلتا رہا ہے۔ یہ اور بات ہے کہ بعد میں اُردو کے معیاری سانچے کو دہلوی کہنے لگے اور اس شہرِ تمدن و علم میں یہی کھڑی بولی کا سانچہ صدر مملکت ہوا۔ ان اہم امور کی وضاحت کرنی تھی، سو علامہ موصوف نے نہیں کی۔ یہ صحیح ہے کہ آخر الامر کھڑی بولی پر ڈھلی ہوئی زبان کو صدارت، قیادت اور عمومیت نصیب ہوئی۔

بہرکیف مذکورہ گزارشات کی روشنی میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ ڈاکٹر زور نے صحیح فیصلہ نہیں فرمایا۔ اُردوئے قدیم کے سلسلہ میں سندھ کی اہمیت بھی مُسلّم ہے، مگر دوسرے خطوں کی اہمیت بھی قابلِ لحاظ ہے۔ "اُردوئے قدیم" ہندوستان گیر طور پر پیدا ہوئی اور "معیاری اُردو" کا بُنیادی سانچہ بیشتر ہندوستانی کھڑی بولی ہے جو مختلف تہذیبی مراکز میں نکھر، سنور، سج کر محبوبِ عالم ہوئی۔ سونیتی کمار چٹر جی جیسا مُسلّم الثبوت ماہرِ لسانیات بھی کھڑی بولی (ہندوستانی) کو اُردو ہندی کا بنیادی اور معیاری سانچہ قرار دیتا ہے۔ مُلاحظہ ہوں چٹرجی کی دو معرکہ آرا کتابیں "بنگالی زبان

لہ عرب و ہند کے تعلقات قبل از اسلام۔ علامہ ندوی ص...

بحوالہ ابن حجر و حافظ سیوطی۔ مثلاً "مسک" (موشکا ہندی سے بہ معنی "مشک") "کافور" (کپور، ہندی سے بہ معنی کافور) اور "زنجبیل" (زنجا بیرا، ہندی سے بہ معنی ادرک)

کا آغاز و ارتقا" (۱۹۲۸ء) اور "ہند آریائی اور ہندی" (۱۹۴۰-۴۲ء)۔ اپنے مذکورہ مقالہ میں زورؔ صاحب نے چٹرجی کے جو حوالے دیے ہیں اُن سے صرف اتنا ظاہر ہوتا ہے کہ پنجابی اور کھڑی بولی ہندوستانی ایک ہی مَنبع و مَصدر سے نکلی ہوئی بھاشائیں ہیں اور اُن میں قریبی رشتہ ہے۔ اور یہ کہ بعد میں اُردوئے قدیم کے مختلف نمونوں پر پنجابی کا اثر پڑتا رہا ہے۔ اِن سے ہرگز یہ ثابت نہیں ہوتا کہ "چٹرجی پھر اُردو کا اصلی وطن پنجاب ہی کو قرار دینے کی طرف مائل ہوتے ہیں"۔ (زورؔ) اس کے برخلاف وہ نہایت واضح طور پر شورسینی کی ہندوستانی بولی شاخ کو اُردو اور ہندی کا بُنیادی سانچہ اور ہیئت قرار دیتے ہیں۔

"پس ہمیں ایک عام پسند و عام فہم زبان مل گئی، جو مغربی ہندی کی "آ" بولی سے ترقی پاکر تیرھویں صدی میں اور اس کے بعد بنی تھی۔ اس پر ابتدائی پنجابی کا اثر بھی تھا۔ اس کی ایک شکل کا سنجیدہ ادبی استعمال سولھویں صدی میں دکن میں ہوا۔ اور اس نے برج بھاشا سے مل کر شمالی ہند کے مستقبل کی ادبی زبان کو اس کی مختلف مرکزی ہیئتوں میں سے ایک ہیئت عطا کی۔" (انڈو ایرین اینڈ ہندی صہ ۱۹)

اُردو زبان کی اصل کے بارے میں تازہ ترین کتاب ڈاکٹر شوکت سبزواریؔ کی "اُردو زبان کا ارتقا" ہے۔ سبزواری کی تحقیقات کا خلاصہ حسب ذیل ہے:

(۱) "تمام اَپ بھرنشوں کا ماخذ ادبی پراکرتوں کو بتانا قیاس اور حقیقت دونوں کے خلاف ہے۔" (ص ۳)

(۲) "اُردو جس اَپ بھرنش سے نکلی ہے اس کا ذکر "ہیم چندر" نے اپنی گرامر میں کیا ہے۔ اس اَپ بھرنش میں اَسما و صفات اُردو کی طرح "ا" پر منتہی ہوتے تھے۔" (ص ۵۲)

(۳) "شورسینی برج بھاشا کی ایک قدیم تر صورت ہے، یہ درست ہے۔ لیکن "برج ہندوستانی کی بہن ہے" یہ غلط ہے، اگر اس کا مطلب یہ ہے

لہ جولائی ۱۹۵۶ء، "گہوارہ ادب" ڈھاکہ، مشرقی پاکستان

Marfat.com

کہ برج اور ہندوستانی دونوں نے "شورسینی" سے جنم لیا۔"

(۴) "اُردو کی صرفی و نحوی خصوصیات پر ایک نظر ڈالنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ اُردو کا ماخذ "شورسینی" پراکرت یا اَپ بھرنش نہیں۔ (ص۵۵) "اُردو شورسینی پراکرت، شورسینی اَپ بھرنش اور اس سلسلہ کی موجودہ بولیوں یعنی "برج" ہریانی، بندیلی وغیرہ سے ماخوذ نہیں۔" (ص۶۶)

(۵) "اُردو، ہندوستانی یا کھڑی قدیم ویدک بولیوں میں سے ایک بولی ہے جو ترقی کرتے کرتے یا یوں کہیے کہ ادلتے بدلتے۔ پاس پڑوس کی بولیوں کو کچھ دیتے اور کچھ ان سے لیتے اس حالت کو پہنچی جس میں آج ہم اسے دیکھتے ہیں۔ قیاس کیا جاتا ہے کہ یہ میرٹھ اور اس کے نواح میں بولی جاتی تھی۔ پالی اس کی ترقی یافتہ ادبی اور معیاری شکل ہے۔" اُردو" اور "پالی" دونوں کا منبع ایک ہے۔" (ص۸۵)

(۶) "اُردو، جس بولی سے متفرع ہوئی اس کا قدیم فارسی اور "پہلوی" سے بہت قریب کا تعلق رہا ہے۔" (۸۹-۹۰)

(۷) "اُردو کا یہ اختتامیہ (ــے ا) "پراکرت" اور اَپ بھرنش کے جس روپ سے لیا گیا ہے اس کا ایرانی گروہ کی زبانوں سے تعلق ہے۔ اس لیے شیام سُندر داس کا یہ قیاس صحیح ہو سکتا ہے کہ (ــے ا) پر ختم ہونے والے اسمار جس "اَپ بھرنش" میں پائے جاتے ہیں اور جس کا ذکر ہیم چندر کے حوالے سے اُوپر کیا گیا وہ "بے ساچی" سلسلہ کی زبان ہے۔" (ص۹۰)

شوکت سبزواری کے خیالات کے کئی پہلوؤں سے اتفاق کیا جا سکتا ہے۔ [illegible] "شورسینی" پراکرت اور "اَپ بھرنش" سے کلی طور پر رشتہ توڑ لینے [illegible] انتہاپسندی ہے۔ دوسری بات یہ کہ [illegible] خود ایک [illegible] جوڑنا نسلی مسلہ کو صاف نہیں کرتا [illegible] بنیادوں کی طرف توجہ دلائی ہے اور [illegible] بصیرت افروز دلائل اٹھائے ہیں۔

[illegible] بڑی مشکل یہ ہے کہ ہمارے [illegible]

بولیوں کے نمونے نہیں۔ ہاں اُس دَور کی ادبی زبان "ویدی" اور پھر "سنسکرت" کے نمونے ملتے ہیں۔ اسی طرح وسطی ہند آریائی بول چال کے نمونے نایاب ہیں۔ چٹانوں یا لاٹوں کے کتبے یا سنسکرت ڈراموں کی پراکرتیں ایک حد تک ادبی حیثیت ہی رکھتی ہیں۔ لہٰذا پالی پراکرت بھی ادبی زبان ہی کہلائے گی۔ سبزواری کو یہ تسلیم ہے کہ "پالی ادب، فن اور فلسفے کی زبان ہے اور ہندوستانی روزانہ بول چال، لین دین اور کاروبار کی ہے" (ص۸۷) وہ یہ بھی مانتے ہیں کہ "بول چال کی زبان کے تغیرات کا پتہ چلانا آسان نہیں ہے" اگر "تمام اپ بھرنشوں کا ماخذ ادبی پراکرتوں کو بتانا قیاس اور حقیقت دونوں کے خلاف ہے" تو پھر پالی پراکرت کو بھی یہ حیثیت نہیں دی جا سکتی۔

میرے خیال میں اگر کھڑی بولی ہندوستانی کا منبع پالی کے مصدر سے ملتا ہے، تو کئی جہتوں سے شورسینی کے مخرج سے بھی جا ملتا ہے۔ سبزواری ہرگز یہ ثابت نہیں کر سکے کہ "کھڑی بولی" کی گرامر کو پالی گرامر سے نسبتاً زیادہ قربت ہے۔ ہاں یہ واضح ہوا ہے کہ بعض باتوں میں "کھڑی بولی" شورسینی گرامر سے مختلف ہے اور پالی یا سنسکرت سے ملتی ہے۔ غالباً کھڑی ہندوستانی، شورسینی اور پالی کی جڑ ایک تھی اور یہ تنے اور شاخیں ہیں۔ سونیتی کمار چٹرجی بھی یہ نہیں مانتے کہ جدید ہند آریائی زبانوں کا ارتقا براہ راست ہوا ہے۔ شورسینی پراکرت "مدھ دیش" کی اُس قدیم ہند آریائی بولی سے نکلی تھی جس کی بُنیاد پر کلاسیکی سنسکرت کی عمارت اس سے پہلے اُٹھائی گئی تھی۔ دوسری پراکرتیں مختلف قدیم ہند آریائی بولیوں سے براہ راست نکلیں۔ یہ کہنا بالکل صحیح کہ پراکرتیں سنسکرت سے نکلی ہیں۔ سنسکرت پراکرتوں کی ماں نہیں، بڑی بہن ہے اور نسبتاً زیادہ مہذّب، اسی طرح جدید ہند آریائی بولیوں کو بھی ہم کسی ایک اپ بھرنش یا پراکرت کی بیٹی نہیں کہہ سکتے۔ لسانی شاخیں بہت ہی پیچیدہ طور پر "کچھ قبل" "کچھ بعد" تنوں سے نکل نکل کر پھیلی بھی ہیں اور ایک دوسرے میں گتھم گتھا بھی ہوئی ہیں۔

شوکت سبزواری اس حقیقت کو بھی نظر انداز کر دیتے ہیں کہ پالی اور شورسینی بہت قریب کی زبانیں ہیں۔ اوّل تو پالی ملواں ادبی زبان ہے اور اس کا فائق حصّہ شورسینی ہی کی کوئی قدیم شکل تھی۔ "شورسینی" اور "اردھ ماگدھی" کے مجموعے کو

ے ڈبلو گیگر: پالی گرامر اور ڈاکٹر لاؤ کی پالی دو جلدیں

پالی کہتے ہیں۔ اس پر بودھی سنسکرت کی بھی پُٹ پڑی ہے۔ نیز خود پالی میں ارتقائی کیفیت پائی جاتی ہے۔ یعنی پالی میں ردّ و بدل بھی ہوا ہے۔ غرض یہ کہ پالی کے لسانی فارم کی کوئی مستقل حیثیت نہیں۔ جن صَرفی و نحوی قاعدوں میں کھڑی بولی بعد کی شورسینی سے مختلف نظر آتی ہے۔ ہو سکتا ہے وہ قاعدے قدیم شورسینی میں ہوں۔ یہی پالی کا منبع ہے۔ شورسینی پہ پشاچی کا اثر بھی تو پڑا ہے۔ مثلاً (ے ا) کی آواز قبول کرنے میں۔ عہدِ اشوک میں اَردھ ماگدھی کے اثرات بھی پڑتے رہے ہیں۔

بہرکیف شوکت سبزواری اُردو کے سانچے کو کھڑی بولی کا سانچہ ہی قرار دیتے ہیں۔ اور یہی ماہرینِ لسانیات کی رائے ہے۔ شوکت صاحب کی تحقیق سے اتنا فائدہ ضرور ہوا کہ خود کھڑی بولی کی اصل کے بارے میں لطیف لسانی زاویوں کی طرف توجہ منعطف ہوئی۔ ظاہر ہے کہ "کھڑی بولی ہندوستانی" پر "شورسینی" پراکرت کے علاوہ پشاچی اور اَردھ ماگدھی پراکرت کے قدیم اثرات بھی ہیں۔ اَردھ ماگدھی "مدھ دیشیا" اور "ماگدھی پراکرت" کے درمیان مفاہمتی شکل ہے۔ اس طرح بہار کی قدیم بولی کا کسی نہ کسی حد تک کھڑی بولی ہندوستانی یعنی اُردو کی بنیادوں کے قیام میں بھی دخل ثابت ہوتا ہے۔ سبزواری کی تحقیقات سے اس حقیقت کو تقویت پہونچتی ہے۔ سبزواری کی تحقیق نے اُردو، فارسی ریختہ کا ایک قدیم جواز بھی پیش کر دیا ہے۔

میں اپنے محاکمہ کو مکمل کرنے کے لیے چند آخری معروضات پیش کرتا ہوں۔

میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ ماہرین و مبقرین نے افراط و تفریط سے کام لیا ہے اور دوسروں کے نقطہ ہائے نظر کو سمجھنے کی کوشش نہیں کی۔ ارتقائے اُردو کے سلسلہ میں مسئلہ کے دو منفرد پہلوؤں کو خلط ملط کیا گیا ہے۔ قدیم اُردو کے مختلف سانچوں کا ریختہ پن ایک الگ پہلو ہے اور معیاری اُردو کے سانچہ کا تعین ایک دوسری جہت ہے۔ گریرسن، زور، شیرانی، ندوی، چٹرجی، مسعود حسین اور سبزواری نے ان دو پہلوؤں کو شرح و بسط کے ساتھ نہیں پیش کیا۔ نیز اس امر کا لحاظ اچھی طرح نہیں رکھا گیا کہ خالص یک رنگی بھاشا کا وجود بولیوں کے عبوری دَور میں ناممکن تھا۔ اس لیے لسانی سانچوں کے متعلق ذمّہ دار حضرات نے بھی کٹرپن کے ساتھ باتیں کی ہیں۔ قدیم اپ بھرنش اور قدیم اُردو کے قدیم ترین نمونے جو اب تک ملے ہیں اُن کی بنیاد پر حرفِ آخر

Marfat.com

پیش کرنے کی عجلت غلط ہے۔ تحقیقات کا میدان وسیع ہے۔ نئے انکشافات سے فیصلے بدلتے ہیں۔ اس لیے علوم میں کٹرپن کی گنجائش نہیں۔ اُردو کا اِرتقا نہایت ہی پیچیدہ مرکب نازک و نیرنگ سامان لِسانی تماشیں پیش کرتا ہے۔ مبصر و محقق کو ان تہہ دار نازک پرتوں کے اُٹھانے میں چابکدستی، لطافت و نفاست سے کام لینا چاہیے۔

مختصراً مسئلہ کے اہم پہلو۔یوں ہیں:

اوّل یہ سوال کہ جدید اُردو زبان کی اصل قماش اور اس کا انفرادی سانچہ نئے ہند آریائی دَور کی کس بھاشا سے زیادہ قریب ہے؟ میری رائے میں یہ ثابت ہوتا ہے کہ ہندوستانی کھڑی بولی معیاری اُردو کا خاص تنا ہے۔ مگر کھڑی بولی کی اصل کا دو ٹوک تعین بہت مشکل اور مشتبہ ہے۔ دوئم یہ کہ قدیم ترین "ریختہ" کس بھاشا سے بنی؟ اب تک کی تحقیقات کے لحاظ سے اس سوال کا تشفی بخش جواب نہیں ملتا اور غالباً جواب ملنا ممکن بھی نہیں۔ ہند کی ہر آریائی اور غیر آریائی بھاشاؤں میں قدیم "ریختہ" کے نمونے ملتے ہیں۔ ہاں اس بارے میں پنجابی ریختہ، سندھی ریختہ، گجراتی ریختہ، ہریانی ریختہ، اور دکنی ریختہ کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ مگر سرحدی ریختہ، کھڑی بولی ہندوستانی ریختہ، برج ریختہ، اَودھی ریختہ، مگھی اور بنگالی ریختہ کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ نیز یہ کہ معیاری اُردو کے فارم پر کھڑی بولی کے لِسانی سانچے کے علاوہ چند اور بولیوں کے سانچوں کا بھی اثر ہے۔ مثلاً پنجابی، برج اور اَودھی۔ بعض اہم ریختاؤں کے وسطی دَور میں ہریانی یا پنجابی اثر نمایاں ہے۔ مگر علاقائی خصوصیات کے ساتھ یوں کہنا زیادہ صحیح ہوگا کہ قدیم اُردو کے قدیم ترین نمونے جواب تک ملے ہیں۔ اُن کے بیشتر حصّہ کو "پنجابی ہریانی ہندوستانی" آمیختہ کہہ سکتے ہیں۔ مگر رفتہ رفتہ ہندوستانی (کھڑی) ریختہ سب پر غالب آیا۔

Marfat.com

بابِ اوّل

بہار میں اُردو زبان

تمہید

عہد قدیم میں بہار، اوپنیشد کے برہم ودّیا کا گہوارہ تھا. جین دھرم اور بودھ مت نے یہیں پرورش پائی۔ اور عہد وسطیٰ میں صوفیائے کرام نے یہاں اسلام کا نور پھیلایا۔

چھٹی صدی قبل مسیحؑ سے پانچویں صدی بعد مسیحؑ تک ایک ہزار سالہ دور ایسا گزرا ہے کہ سارے ملک ہند کی تاریخ پاٹلی پتر کے مرکز کے گرد گھومتی ہے۔ اور اس عظیم شہر کے سیاسی زوال کے بعد بھی اس کا تہذیبی اقتدار زمانۂ دراز تک قائم رہا۔ نہ صرف ملک کے اندر بلکہ ملک سے باہر بھی۔ جنوب مشرقی ایشیا اور مشرق وسطیٰ تک بودھ دھرم اور بہاری تہذیب کا اثر تھا۔ نالندہ اور وکرم شیلا کی یونیورسٹیاں ایشیا میں علم و ثقافت کا مینار تھیں۔ علامہ سلیمان ندوی نے اپنی کتاب "عرب و ہند کے تعلقات" [illegible] میں یہ اہم تحقیق پیش کی ہے کہ عباسی عہد کا مشہور برمکی خاندان بودھ تھا اور معبد نوبہار

Marfat.com

دراصل "نو وہارا" تھا۔ ابن ندیم نے لکھا ہے کہ "اسلام سے پہلے خراسان کا مذہب بودھ تھا"۔ بلخ خراسان کا ایک شہر ہے معبدِ نوبہار اسی شہر میں واقع تھا۔ وہ مجوسیوں کا آتشکدہ نہیں بلکہ بودھوں کا "وہار" تھا۔ برامکہ اسی معبد کے پجاری تھے جو ہارون الرشید کے عہد میں اسلام لاکر وزارت کے عہدہ تک پہنچے۔ بلخ حضرت عثمان کے عہد میں فتح ہوا تھا اور نو بہار کا متولی اسی عہدِ سعادت میں مشرف بہ اسلام ہوا تھا۔ برمک دراصل سنسکرت ہے۔ یعنی "پرمکھ"۔ ڈاکٹر زخاؤ جو سنسکرت کے ماہر ہیں اس کے معنی بڑے مرتبہ والا، کے کرتے ہیں۔ "پرمکھ" سے "پرمک" اور پھر "برمک" ہوگیا۔

اوپر کی گزارشات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ایران و عرب سے بہار کا تہذیبی تعلق بہت پرانا ہے۔ ایسی حالت میں بہار کی بھاشاؤں پر عربی و فارسی زبانوں کا اثر بودھ عہد "خصوصاً دورِ موریا سے" ضرور پڑنے لگا ہوگا۔ اور یہی ریختہ کی بنیاد ہے۔ جسے ڈاکٹر ایس۔ بی سرکار "پروٹو اردو" کہتے ہیں۔ یاد رہے بارہویں صدی عیسوی تک نالندہ اور وکرم شیلا کی یونیورسٹیوں میں سارے ایشیا کے طلب جمع ہوتے تھے۔ ترکستان تا تاراور کشمیر کے علاقے اس عہد تک بودھ دھرم کے پیرو تھے۔ یہی زمانۂ تاریخ نئی ہند آریائی زبانوں کی تاسیس کا دور ہے۔ یعنی بہار میں اسلامی اثر پہنچنے کے پہلے ہی یہاں کی پراکرت اور پھر اپ بھرنش پر عربی و فارسی زبان کے اثرات ضرور پڑنے لگے تھے۔ صوبہ بہار کا نام بودھ معبد "وہارا" سے ہی حاصل ہوا ہے۔ اور اسی صوبہ کے نام کے ماخذ نے مشرقِ وسطیٰ میں "نو وہارا" یا "نوبہار" کی بنا ڈالی۔

صوبہ بہار کا ترہت ڈویزن کم و بیش میتھلا دیش کی حدی کے مطابق ہے۔ میتھلا کی زوال کے بعد ویشالی کی طاقتور عوامی حکومت برسرِ اقتدار آئی۔ پٹنہ ڈویزن قدیم سلطنت مگدھ سے تطابق رکھتا ہے۔ اور بھاگلپور ڈویزن کو کم و بیش ریاست انگہ سے مطابقت حاصل ہے۔ آریائی اقتدار سے پہلے علاقۂ بہار

ڈ بہار جدید و قدیم: ۱۹۵۱ء ڈاکٹر بی بی مجمدار۔ پی۔ آر۔ ایس۔ پی۔ ایچ۔ ڈی

Marfat.com

ہیں کول ڈراوری حکومتیں تھیں۔ چھوٹا ناگپور کا علاقہ تو عہد وسطیٰ کے استحکام تک آدی باسی، کول ڈراوری قبائل کے ہاتھوں میں رہا۔ بہار پر آریائی قبائل کا قبضہ پہلے شمالی حصے میں ہوا ہے۔ لہٰذا آریائی ویدک اور سنسکرت زبانوں کی نشر و اشاعت پہلے شمالی بہار میں ہوئی۔ جنوبی بہار اس کے بعد بھی زمانہ تک غیر آریائی (کول ڈراوری) تہذیب و تمدن کا گہوارہ رہا۔ مگر عصر اوپانشد کے اختتام کے قریب مگدھ دیش میں برہمنوں کی نوآبادیاں قائم ہونے لگیں۔ مگدھ کی پہلی راجدھانی راج گریہہ یعنی راجگیر تھی۔ رامائن میں اس کا تذکرہ آتا ہے۔ واسوچیدیا اوپاریچارا نے اس کی بنا ڈالی تھی۔ مہابھارت میں اس کے بیٹے بری ہدرتھا کا ذکر ہے۔ بری ہدرتھا کا بیٹا جراسندھا شری کرشن مہاراج اور پانڈوؤں کا ہمعصر تھا۔ یہ بڑا طاقتور راجہ گذرا ہے۔ بعض علمائے تاریخ کا خیال ہے کہ جراسندھا ڈراوری راجہ تھا۔ اس نے متھرا کے راجہ کنس سے اپنی بیٹی کی شادی کر کے شمالی ہند پر قبضہ کرنا چاہا۔ بھیم (پانڈو) نے اسے قتل کیا۔

مگدھ دیش کا شاندار دور چھٹی صدی قبل مسیح سے شروع ہوتا ہے۔ یہ بمبسارا اور اجات شترو کا عہد زریں تھا۔ شمالی ہند میں مگدھ کی طاقت سب سے بڑی اور سب پر فائق تھی۔ اس کی تہذیبی اور مذہبی اہمیت اس کی سیاسی حیثیت سے بہت زیادہ تھی۔ مہاویر اور گوتم بدھ نے اپنی زندگیوں کا بڑا حصہ یہاں بسر کیا۔ مہاویر کا انتقال بہار شریف کے پاس پاواپوری میں ہوا۔ اور گوتم بدھ راجگیر اور بدھ گیا میں تلاش حق و جستجوئے معرفت کرتے رہے۔ بودھ گیا میں ہی آپ کو نور ہدایت حاصل ہوا۔ بودھ دھرم کی چار بڑی مجالس مشاورت میں سے دو بہار میں منعقد ہوئیں۔ ایک راجگیر میں اور دوسری پاٹلی پتر میں۔

پاٹلی پتر (پٹنہ) ہندوستان کا پہلا شہنشاہی دارالسلطنت تھا۔ اجات شترو نے یہاں ایک قلعہ تعمیر کیا تھا۔ اودیئین نے پاٹلی پترا کا شہر بسایا اور راجگیر سے راجدھانی وہاں منتقل کردی۔

پاٹلی پتر نے شیشوناگ راجوں کے زمانہ میں بڑی ترقی کی۔ یہ مہاراجے سارے ہندوستان پر غلبہ حاصل کر چکے تھے۔ عہد موریہ میں تو پاٹلی پترا ایک ایسی سلطنت

عظمیٰ کا مرکز تھا جس کی سرحدیں کوہ ہندوکش اور میسور کے کہستانوں تک دیسع تھیں۔ شہنشاہ اشوکا کے شاندار دور میں پاٹلی پترا سارے ایشیا کا سیاسی، تجارتی، تہذیبی اور ذہنی صدر مقام تھا۔

سلطنت موریہ کے زوال کے بعد باختر کے یونانیوں اور ساکا قوم (تورانیوں) نے مگدھ کو تاخت و تاراج کیا۔ ظاہر ہے کہ اس دور میں بھی یونانیوں کے ذریعہ ایرانی اثرات اور ساکا قوم کے ذریعہ تورانی اثرات مگدھ کی پراکرت پر ضرور پڑتے رہے ہوں گے۔ یونانی ایران میں رہ کر یہاں آئے تھے۔

پاٹلی پترا نے گپتا عہد میں نئے سرے سے ترقی حاصل کی۔ پانچویں صدی عیسوی میں گپتا سلطنت کی راجدھانی پاٹلی پترا سے اودھ میں منتقل ہوگئی۔ ہیون سانگ (چینی سفیر) نے اس شہر کو ویران پایا (۶۴۳ء-۶۳۴ء)۔ غالباً ہن قوم کے حملوں نے اس شہر کو لوٹ کر ویران کر دیا۔ اور یہاں کے مالدار تجارت پیشہ شہری جاوا، سماترا اور بالی، جزائر شرق الہند میں جابسے۔

ساتویں اور آٹھویں صدی عیسوی میں بہار پر مختلف مغربی ہندوستانی سلطنتوں کے حملے ہوئے۔ اور وقتاً فوقتاً ان کا اقتدار قائم ہوا۔ لسانی اعتبار سے یہ پراکرتوں کا تیسرا دور تھا۔ یعنی اپ بھرنشوں کا عہد۔ اس دور میں مگدھی اپ بھرنش پر مغربی اپ بھرنشوں کا اثر ضرور پے بہ پے پڑتا رہا۔ یہ مرحلہ بھی بہار میں مغربی بولی کے اثر و نفوذ کی ایک اہم منزل ہے۔

طوائف الملوکی کے اس دور کے بعد گوپال، دھرم پال اور دیوپال کے زمانہ میں بہار، خصوصاً مگدھ کو پھر استقلال و استحکام حاصل ہوا۔ پالی (بودھ) عہد میں نالندہ وکرم شیلا، اور اودنت پوری کی یونیورسٹیوں کے ذریعہ اس دیار کو پھر ایک بار ایشیا کی ذہنی رہبری کا مقام حاصل ہوا۔ یہی وہ زمانہ ہے جب نئی ہند آریائی زبانوں کی تاسیس ہونے لگی تھی۔ ظاہر ہے کہ بہار کی اپ بھرنشوں پر نہ صرف مغربی اپ بھرنش کا اثر پڑ رہا تھا بلکہ شمال مغربی ایشیا کی زبانیں بھی مگدھ کی بھاشا پر اثر انداز ہو رہی تھیں۔

اسلامی عہد شروع ہونے سے پہلے بہار پھر ایک بار ٹکڑے ٹکڑے ہو کر پریشان

Marfat.com

و تباہ حال ہو رہا تھا۔ قطب الدین ایبک کے سپہ سالار اختیار الدین محمد بختیار خلجی نے جنوبی بہار فتح کر لیا (۱۲۰۴ء ؟)۔ بہار کا ایک بڑا علاقہ دہلی کے سلطانوں کے ماتحت ہوگیا۔ شاہ آباد، پٹنہ، بہار شریف، مونگیر اور بھاگلپور کے اضلاع اُن کے زیرنگیں پہلے ہوئے۔ غیاث الدین تغلق کے عہد میں میتھیلا (شمالی بہار) مفتوح ہوا (۱۳۲۴ء) پندرہویں صدی عیسوی میں بہار، افغانوں اور مغلوں کے رقیبانہ مجادلہ کی آماجگاہ بنا۔ ترکوں اور افغانوں کے عہد میں بہار شریف دارالسلطنت تھا۔ شیر شاہ سوری افغان نے (۱۵۴۱ء) میں پٹنہ کو اپنی سلطنت کا صدر مقام بنایا۔ اکبر اعظم نے ۱۵۷۴ء میں افغانوں سے بہار چھینا، پٹنہ فتح کیا۔ اور باڑھ تک بڑھتا چلا گیا۔ وہ خود اس مہم کی قیادت کر رہا تھا۔ راجہ ٹوڈرمل اور صوبہ دار بہار منعم خاں نے صوبہ کے مختلف علاقوں کو مفتوح کیا۔ مغل حکومت چھوٹا ناگپور (جھاڑکھنڈ) تک وسیع ہوئی۔ یہ عہد جہانگیر کا واقعہ ہے۔ مگر ۱۶۳۹-۶۰ء تک کے سال قبائلِ جھاڑکھنڈ کو زیر کرنے میں لگے۔ اورنگ زیب عالمگیر نے اپنے پوتے عظیم الشان کو اٹھارہویں صدی عیسوی کے آغاز میں صوبہ دارِ بہار مقرر کیا۔ شہر پٹنہ کا نام عظیم آباد رکھا گیا۔ ۱۷۳۳ء میں بہار اور بنگال کو ملا دیا گیا۔ ۱۹۱۲ء تک یہی عالم رہا۔ تاآنکہ برطانوی عہد میں بہار، بنگال سے علیحدہ ہوا۔ ۱۷۴۲-۵۱ء تک بہار پر مرہٹہ گردی بھی رہی۔ ۱۷۵۷ء میں جنگ پلاسی کی جیت کے بعد انگریز بنگال اور بہار پر قابض ہوگئے۔ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں اس صوبہ کے سپوتوں نے حصہ لیا مگر میجر آئر نے دوبارہ اِسے فتح کر لیا۔

مسلم عہد میں بہار کے دارالخلافہ پٹنہ کی بہت بڑی سیاسی اور تہذیبی اہمیت پیدا ہوگئی تھی۔ بڑے بڑے شاہزادے یہاں صوبہ دار مقرر ہو کر آتے رہے ہیں۔ اکبر اعظم خود پٹنہ آیا۔ جہانگیر کا بیٹا شہزادہ پرویز یہاں کا صوبہ دار مقرر ہوا (۱۶۲۶ء)۔ شہزادہ

ل اب پروفیسر حسن عسکری نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ شمالی بہار عہد غلامان میں ہی سلطنت دہلی کے ماتحت ہوگیا تھا۔ ملک محمد سرمل دربھنگہ کا نام تاریخ میں ملتا ہے۔ اس عہد میں دہلی سے بنگال جانے والی فوجیں شمالی بہار سے آزادانہ گزرتی تھیں۔ ہاں یہ صحیح ہے کہ جنوبی بہار پر دہلی کا اثر و اقتدار زیادہ تھا۔

Marfat.com

عظیم الشان کا تذکرہ اُوپر ہو چکا ہے۔ نواب علی وردی خاں کا بھتیجا اور داماد نواب ہیبت جنگ ۱۷۴۰-۴۸ء تک صوبہ دار بہار رہا۔ جنگ پلاسی کا مجاہد سراج الدولہ، نواب ہیبت جنگ کا بیٹا تھا۔ راجہ رام نرائن لعل ۱۷۵۲-۶۱ء تک نائب صوبہ دار بہار رہا۔ سلطنت دہلی کے نہایت ہی جلیل القدر اُمرا صوبہ بہار کے گورنر مقرر ہوا کرتے تھے۔ مثلاً راجہ مان سنگھ اور سیف خاں ۱۶۲۸-۳۲ء۔ سیف خاں نے دریائے گنگا کے کنارے بہت بڑی مسجد اور مدرسہ تعمیر کیا۔ یہ مدرسہ عربی تعلیم و تعلم کا ایک عظیم الشان مرکز بن گیا تھا۔ چمنی گھاٹ، محلہ خواجہ کلاں میں آج بھی مدرسہ اور مسجد کی عمارتیں موجود ہیں۔ مدرسہ سیف خاں کے نزدیک عہد شاہجہاں کی ایک یادگار چہل ستون کے نام سے مشہور ہے۔ یہ چالیس ستونوں کا ایک محل تھا۔ فرخ سیرؔ اور شاہ عالم ثانی کی تاجپوشی اسی محل میں ہوئی تھی۔ پٹنہ سٹی کا چوک تھانہ اسی عمارت کی جگہ واقع ہے۔ شیرشاہ کا بنایا ہوا قلعہ پٹنہ میں صوبہ داروں کی قیام گاہ ہوا کرتا تھا۔ آج یہ "قلعہ ہاؤس" رادھا کرشن جلان کے تصرف میں ہے۔

عظیم الشان امرار کے علاوہ جلیل القدر صوفیا ربھی صوبہ بہار میں تشریف لائے اور یہ "ہندوستان کے روحانی فاتح" یہیں کے ہو رہے۔ اس کی تفصیل آگے آئے گی۔ ان بزرگ اصفیار میں سب سے اہم اور قدیم نام حضرت مخدوم یحیٰی منیری اور اُن کے صاحبزادے حضرت مخدوم شرف الدین منیری ثم بہاری کے ہیں۔ منیر، پٹنہ سے بارہ میل مغرب میں ایک قصبہ ہے۔ ترکوں نے اس پر ۱۱۲۶ء میں اختیار الدین بن بختیار کے حملہ سے پہلے قبضہ حاصل کر لیا تھا۔ حضرت یحیٰی منیری کا انتقال ۱۲۹۱ء میں ہوا۔ آپ کی بڑی درگاہ منیر میں ہے۔

مذکورہ تاریخی حقائق سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ صوبہ بہار کی زبان پر عربی و فارسی اثرات اور کھڑی بولی کے اثرات باضابطہ طور پر دہلی کے غلام خاندان کے سلطانوں کے دورِ حکومت ہی میں پڑنے لگے تھے۔

علاقۂ بہار کی قدیم ترین زبان تو کول اور ڈراوڑی یا اُن کا آمیزہ ہی تھی۔ آج تک چھوٹا ناگپور کے خطے میں آدی باسی قبیلے کول، ڈراوڑی زبانیں بولتے ہیں۔ اور اُن کی اکثریت ہے۔ مگر چھوٹا ناگپور میں بھی آریائی زبان کا نفوذ بعد میں نمایاں طور پر ہوا۔

Marfat.com

شمال بہار کے لوگ وہاں جاکر بسے ہیں۔ آریائی عہد میں بھی جنوبی بہار اور جھارکھنڈ (چھوٹا ناگپور) پر کول ڈراوری حکومتیں رہی ہیں۔ شمالی بہار پر بھی آریائی اقتدار ہندوستان کے وسطی اور شمال مغربی علاقوں پر غلبہ کے صدیوں بعد آیا۔ بہار کی قدیم ترین زبانیں آج بھی تبدیل شدہ شکل میں باقی ہیں۔ مثلاً اُڑاؤن، منڈا، ہو، وغیرہ وغیرہ۔ یہ سب کول ڈراوری زبانیں زندہ اور قبائلِ چھوٹا ناگپور کے زیرِ استعمال ہیں۔

جب یہ کول ڈراور دیس آریائی قبضہ میں آیا تو ملک کے مشرقی علاقوں میں قدیم ہند آریائی بولی کی ایک خاص شکل مروّج ہوئی۔ اسے "پراچیہ" کہتے ہیں۔ پھر رفتہ رفتہ اس پراچیہ بولی کی دو نمایاں شاخیں ہوگئیں۔ ماگدھی اور اردھ ماگدھی پراکرتیں۔ اِن سے ماگدھی اور اردھ ماگدھی اپ بھرنشیں بنیں۔ اردھ ماگدھی اپ بھرنش سے اودھی، بھگیلی اور چھتیس گڑھی بولیاں پیدا ہوئیں۔ اور ماگدھی اپ بھرنش کی مغربی شاخ سے بھوجپوری، وسطی شاخ سے مگہی اور میتھیلی اور مشرقی شاخ سے بنگالی، آسامی اور اُڑیہ بولیوں نے جنم لیا۔ ملاحظہ ہو ذیل کا لسانی نقشہ۔ اس سے بہار کی آریائی بولیوں کا سلسلہ معلوم ہوتا ہے۔



مہاتما گوتم بدھ اور مہاویر کے وعظ و پند اصل میں پراچیہ [illegible] کے بعد اوّل الذکر کے مواعظ کو مغربی بولیوں میں منتقل کیا گیا۔ یعنی شورسینی کے روپ میں ڈھالا گیا۔ مگر مشرقی ماگدھی اور اردھ ماگدھی کا بنیادی اثر نچلی سطح پر قائم رہا۔ یہی پالی[1] زبان ہے۔ لہٰذا پالی زبان کے جتنے نمونے ملتے ہیں۔ ان میں ہمیں بہار کی

---

[1] ڈبلو گیگر: پالی گرامینک۔

ماگدھی بولی کا سُراغ ملتا ہے۔

خاص ماگدھی زبان کا قدیم ترین نمونہ رام گڑھ کی پہاڑی کے ایک غار میں ملتا ہے اس غار کو جوگی مارا کہتے ہیں۔ یہ چھوٹا ناگپور کی سرگوجا ریاست میں واقع ہے۔ غار میں ایک عبارت بہ زبانِ مگھی کندہ ہے۔ کتبہ کو "سوتنو کا" کتبہ کہا جاتا ہے۔ اس کا رسم الخط براہمی ہے۔ پتھر پر کندہ عبارت رقاصہ سوتنو کا اور ایک بُت تراش دیو دین کی عرفانی محبت کی یادگار ہے۔ عبارت یوں ہے:

"شُوتنو کا نامَ دیوُ داسِک ای تم کَمَ ای تھَ
بَل نے ای دیوُ دینے نامَ لوپَ دَکھے"

یعنی: سوتنو کا نام کی دیو داسی سے محبت کرتا تھا بنارس کا دیو دین نامی روپ بنانے والا۔

جوگی مارا غار کی عبارت تین سو سال قبل مسیح کی ہے۔ یہ دو ہزار سال سے پہلے کی بہاری (مگدھی) زبان کا ایک نمونہ ہے۔ اسی سلسلہ کی ایک کڑی وہ براہمی مُہرہے جو پٹنہ میں دستیاب ہوئی ہے۔ یہ موریہ عہد سے قبل کی چیز ہے۔ اس پر "اگیَس" کندہ ہے۔ اسی طرح بودھ گیا میں مُہریں ملی ہیں۔ یہ دوسری صدی قبل مسیح کی ہیں۔ اشوکا کے کتبے بھی اسی سلسلہ کی کڑیاں۔ خصوصاً مشرقی اور وسطی ہند کے کتبے۔ مگر اشوکا کے بعد ماگدھی بولی کی اہمیت گھٹتی گئی اور جیسے جیسے برہمنیت کی نشاۃ الثانیہ ہوتی گئی ماگدھی بولی نظروں سے گرتی گئی۔ کیونکہ اس میں غیر آریائی ڈراوری اثر دوسری ہند آریائی بولیوں سے بہت زیادہ تھی۔ یہاں تک کہ خود ماگدھی اور اردھ ماگدھی علاقوں میں بھی شورسینی زبان ادبی حیثیت میں جڑ پکڑنے لگی۔ خلقت تو ماگدھی اور اردھ ماگدھی بولتی تھی۔ مگر شورسینی ہی مہذب زبان سمجھی جاتی تھی اور پوربی شاعر

ل آثار قدیمہ ہند کے سروے کی سالانہ رپورٹ ۱۹۰۳ء و ۱۹۰۴ء۔ صفحہ ۱۲۳۔ بحوالہ "بنگالی زبان کا آغاز وارتقا: سونیتی کمار چڑجی۔ چڑجی نے عبارت کا سنسکرت فارم یوں دیا ہے:
"سوتنوکا نامَ دیوُ داسیکا تمَ اکامَ ایشٹ دارانَسیہ دیوُ دَتو نامَ روپَ دکشہ"

ل "بنگالی زبان کا آغاز وارتقا": چڑجی۔ اور تاریخ اُردو زبان: مسعود حسین خاں، صفحہ ۴۲۔

Marfat.com

بھی بجائے ماگدھی کے شورسینی اپ بھرنش ہی میں طبع آزمائی کرتے تھے۔ دسویں تا تیرہویں صدی عیسوی کی قدیم ترین بنگالی نظمیں شورسینی اپ بھرنش میں لکھی گئی ہیں۔ ہاں بہار کے میتھیلی علاقہ کے ایک شاعر ودیا پتی نے اپ بھرنش کے بعد کے فارم یعنی اپ بھرسٹ، میں شاعری کی ہے۔

۶۴۵ء تک ماگدھی بولیاں ممیز طور پر اپنی مختلف شاخوں میں نہیں بٹی تھیں ہیون چیانگ، چینی سفیر (۶۴۵ء) نے ماگدھی کی شاخوں کا تذکرہ نہیں کیا ہے۔ یہ لسانی تفرقہ بعد میں عمل میں آئی۔ چٹرجی کا خیال ہے کہ مغربی ماگدھی اپ بھرنش ۸۰۰ء اور ۱۱۰۰ء کے درمیان منفرد و مشخص ہوئی ہے۔ اور اسی سیال دور کے معاً بعد مگدھی ریختہ کا امتزاجی دور شروع ہوا۔ اُوپر کے بیانات سے یہ بھی ظاہر ہو چکا ہے کہ شورسینی کا اثر بہت پہلے سے بہار پر پڑ رہا تھا۔ غرض یہ کہ کھڑی بولی کا اثر و نفوذ ادبی لحاظ سے یقینی طور پر بہت قبل بہار میں ہو چکا تھا اور "پرولو اُردو" کی تاسیس کے لیے عربی و فارسی کا اثر بھی دور قدیم سے پڑنے لگا تھا۔ لیکن اُردوئے قدیم کی عمارت بارہویں صدی عیسوی کے آغاز سے اٹھنی شروع ہوئی۔

چٹرجی اس فیصلہ پر پہنچا ہے کہ مگھی بولی باضابطہ طور پر کبھی ادبی تخلیقات کے لیے استعمال نہیں کی گئی۔ لوک گیتوں اور عوامی کہانیوں سے قطع نظر ۱۱۰۰ء سے پہلے بہار میں بھی مغربی اپ بھرنشوں کے ادب پاروں کا چلن تھا۔ گریرسن اور بعد میں آرچر نے بہار کے لوک گیتوں کو جمع کیا تھا۔ آرچر کے مجموعہ کے پہلے حصہ میں چھوٹا ناگپور کے لوک گیت ہیں۔ دوسرا حصہ اب تک شائع نہیں ہو سکا۔ شکیلہ اختر نے رسالہ معاصر، پٹنہ میں بہار کے مروجہ لوک گیتوں کے بارے میں ایک مضمون لکھا تھا۔ آج کل کے لوک گیتوں کے متعلق یہ کہنا مشکل ہے کہ اُن کا کتنا حصہ قدیم ہے، کتنا وسطی اور کتنا جدید۔ ان گیتوں کے چند مشہور فارم یہ ہیں:

بدیسیا، رسیا، چیت، ساون، جھومر، ملہار وغیرہ۔ ان کے علاوہ شادی بیاہ کے گیت ہیں۔

۱؎ "بنگالی زبان کا آغاز و ارتقا" چٹرجی ص ۹۱

۲؎ گریرسن، "لنگوسٹک سروے آف انڈیا" جلد پنجم، حصہ دوم

Marfat.com

بہار کی مقامی بولیوں میں میتھلی نے ادبی لحاظ سے اپنی حیثیت قائم کی۔ میتھلا دیش کے مشہور شاعر ودّیاپتی (تیرھویں صدی عیسوی) نے میتھلی کے ساتھ ساتھ مغربی اَپ بھرنش (اودہٹ) میں بھی شاعری کی ہے۔ اس سلسلہ میں اس کی دو کتابیں اہم ہیں کرتی لتا اور کرتی پتاکا۔ ودّیاپتی کی اَپ بھرنش میں مروّجہ مقامی زبان کی پُٹ بھی ملتی ہے۔ وہ خود کہتا ہے، "دیسی بھاشا سب کو میٹھی لگتی ہے۔ اس لیے اس سے ملی ہوئی اَپ بھرنش میں شاعری کرتا ہوں"[1]۔ ودّیاپتی کی پداولی بھی بہار کے لسانی ارتقا کو سمجھنے کے لیے ایک ضروری کتاب ہے۔

کرتی لتا میں ریختہ پن موجود ہے۔ اَپ بھرنش کے بیچ بیچ فارسی اور عربی الفاظ ملتے ہیں۔ مثلاً: خدا بند (خداوند)، وجیر (وزیر)، صدر دار گہہ (صدر درگاہ)، نماج گہہ (نماز گہ)، بارگہہ، پھرمان (فرمان)، پاپوش، بادشا (بادشاہ)، رعیت، مجاز مزا، محل، کباب، سراب (شراب)، پیدا (پیادہ) وغیرہ۔

کرتی لتا کرت سنگھ کا قصہ ہے۔ جسے ایک مسلمان امیر اسلان (غالباً ارسلان) نے شکست دی اور اس کے حقوق تلف کیے۔ وہ فریادی بن کر میتھلا سے جون پور گیا اور ابراہیم شاہ (غالباً شرقی) کے دربار میں حاضر ہو کر اپنی مظلومی کی داستان کہہ سنائی۔ بادشاہ نے مظلوم کی مدد کی۔ اور ارسلان پر لشکر کشی کی۔ کرتی لتا ابراہیم شاہ اور کرت سنگھ کی بہادری کی داستان ہے۔ نمونۂ کلام درج ذیل ہے۔

کھن اِک مَن دَے سُنو بیکھن
کچھو بولّں تُرکا نوں لکھن
تتو بے کارد پیٹھے بجاری
جہنہ لکھ گھوڑا مُوڑگا ہجاری
کھریدے کھریدے بہوتا گلامو
تُرکیں تُرکیں اَنیکو سلامو

ترجمہ۔ ذرا جی لگا کے ایک اچھا بیان سنو۔ کچھ ترکوں کے لچھن میں بتاتا

---

[1] ہندی ساہتیہ کا اتہاس صلاے از ہزاری پرشاد دویدی۔

Marfat.com

ہوں۔ وہاں دو کار بازار میں داخل ہوئے، جہاں لاکھوں گھوڑے اور ہزاروں ہاتھی تھے۔ بہت سے غلام خریدے گئے۔ ترک ترک کو خوب سلام کرتے ہیں۔

اب ذرا اس عہد کے فاتح ترک کی خصوصیتیں سنیئے۔ ہو سکتا ہے کہ اس بیان میں تعصب کی کارفرمائی بھی ہو :

اَبے بے بھڑنتا سرا با پیونتا
کلما کہنتا کلامے جیئنتا
کَسیدہ کتنا مسیدا بھرنتا
کتیب پھڑنتا تُرُکا اَننتا

ترجمہ : (ترک) اَبے اَبے بولتے ہیں، شرابیں پیتے ہیں، کلمہ پڑھتے ہیں۔ کلام (شریف) سے جیتے ہیں۔ کشیدہ کاری کرتے ہیں مسجدیں بھرتے ہیں کتابیں پڑھتے ہیں۔ بہتیرے ترک۔

مندرجہ ذیل دوہے میں ابراہیم شاہ کی تعریف ہے :

ابراہیم ساہ پُوان اَر یو بھی نہ یسر کوان سَہہ
گرسار پار اُبار نہیں رعیت بھیل جیبب رَہ

ترجمہ : ابراہیم شاہ جب چلتا ہے تو اس پرتھوی کے راجہ (کے حملہ) کو کون سہہ سکتا ہے؟ پہاڑ اور ساگر پار کر کے بھی بچنا مشکل ہے۔ اس کی رعیت بن جانے سے ہی جان (سلامت) رہتا ہے۔

مندرجہ بالا دوہوں میں مغربی اَپ بھرنش اور فارسی و عربی الفاظ کا ملنا آ چکا ہے۔ بازار، ہزار، خریدنا، غلام، سلام، شراب، کلمہ، کلام، کشیدہ، مسجد، کتاب اور رعیت کا استعمال ملاحظہ ہو۔ بہار میں بھی بولی کے اثرات بھی واضح ہیں۔

قدیم دور کے بھوجپوری ادب کے نمونے بھی کچھ مل جاتے ہیں۔ مثلاً کبیر داس (پندرہویں صدی عیسوی) نے بھوجپوری بولی میں چند نظمیں لکھیں۔ نمونۂ کلام درج ذیل ہے :

کنواً بھیڑانے ہوگی جنوا بڑھولے

لے بنگال زبان کا آغاز و ارتقاء از سونتی کمار چڑجی صہ ۹۹

داڑھی بڑھایے جوگی ہوئی گیلے بکرا
کہہ ہیں کبیرا سُنو بھائی سادھو
جم دَرجوا باندھل جیبے پکڑا

ترجمہ: کان پھڑواکے جوگی نے جٹا بڑھایا ہے۔ داڑھی بڑھاکے جوگی بکرا ہوگیا ہے۔ کہتا ہے کبیر سُنو بھائی سادھو۔ جم کے دروازے پر تم پکڑ باندھ کر لے جائے جاؤ گے۔

آخری مصرع میں "دَرجوا" یعنی "دروازہ" کی آمیزش ریختہ پن کا پتہ دیتی ہے۔ کبیر بھوجپور علاقے کا رہنے والا تھا۔ بنارس بھوجپور میں ہے۔ مگر اس نے زیادہ تر اَودھی، برج اور ملی جلی اپ بھرنش میں شاعری کی ہے۔

مندرجہ بالا نمونہ کو چٹرجی نے بھوجپوری قرار دیا ہے۔ لیکن میں صاف طور پر اس میں مگھی بولی کے اثرات بھی پاتا ہوں۔ مثلاً "کہہ ہیں" اور "باندھل جیبے"۔ "سُنو بھائی سادھو" تو واضح طور پر پچھمی بولی ہے۔ اُس عبوری دَور میں بولیاں خلط ملط ہو رہی تھیں۔ مغربی اثرات مشرق کی طرف آرہے تھے اور مشرقی اثرات مغرب کی جانب بڑھ رہے تھے۔ عہد قدیم میں بودھ بھکشوؤں، اشوک اعظم اور جَین جوگیوں کے ذریعہ مشرقی لسانی اثرات ہند کے وُسطی اور مغربی علاقوں پر پڑتے رہے اور دکن تک اِن کی آوازِ بازگشت پہنچی۔ عہدِ وُسطیٰ میں بودھ سِدھوں اور بعدازاں کبیر داس کے واسطے سے مشرق اور مغرب کا اتّصال ہوا۔

میتھلا اور بھوجپور کے اَدبی اور لسانی میلانات کا جائزہ لیا جاچکا۔ لیکن مگدھ یا مگدھ خاص میں ایسی تباہی آئی تھی کہ تہذیب و تمدن اور اَدب و فن کو پرانی بنیادوں پر نئے سرے سے اُٹھانا بہت ہی مشکل تھا۔ ہرش وردھن اور ترکوں کے درمیانی عہد میں طوائف الملوکی پھیلی ہوئی تھی۔ اسی دَور میں وحشی ہُن قبائل کا حملہ پاٹلی پُترا پر ہوا اس وحشیانہ یورش میں قلبِ مگدھ یعنی شہر پاٹلی پترا اور سارا علاقہ تباہ و برباد ہوگیا۔ اس آفت کے علاوہ اور بلائیں بھی نازل ہوتی رہیں۔ سیلاب اور آتشزدگی نے بھی بڑی تباہی مچائی۔ اہلِ شہر اپنا وطن چھوڑ کر دور دیسوں کو چلے گئے۔ بعض تاجر پیشہ لوگ تو جاوا و سماترا کی طرف جا نکلے۔ غرض یہ کہ تمدن اور فنون کی بنیادیں ہل گئیں۔ اور ساری

Marfat.com

عمارت ڈھ گئی۔ جس غارت گری کو متعصب یا نافہم اور کم سواد تاریخ نویسوں نے تُرکوں کے سر منڈھا ہے وہ حقیقتاً ہُن حملہ آوروں کی لائی ہوئی تھی۔ دوسری وجہ مگدھ کی بربادی اور مگھی زبان کی کس مپرسی کی یہ بھی ہوئی ہے کہ موریہ۔ بودھوں کے زوال کے بعد برہمنی احیاء شروع ہوا۔ برہمنی دھرم اور بودھ دھرم کے ماننے والوں کے درمیان سخت طور پر ملک بھر میں تصادم ہوتا رہا۔ یہ تصادم اتنا تُند تھا کہ ہند کی نوآبادیوں یعنی جاوا، سماترا میں بھی ہندوؤں اور بودھوں کے درمیان آویزش و پیکار جاری رہا۔ چٹرجی لکھتا ہے کہ پاٹلی پتر اور مگدھ کی مکمل تباہی کی وجہ سمجھ میں نہیں آتی۔ میرے نزدیک ہُن بربریت اور خانہ جنگی مگدھ کی بربادی کے دو محوری اسباب ہیں۔ پاٹلی پُترا ایشیا میں تہذیب کا مینار تھا اور بودھ دھرم کا مرکز۔ بربریت اور عصبیت کے طوفان اس کے خلاف اُٹھے اور ماگدھی تہذیب مِٹ گئی۔ اس کی روشنیٔ طبع اس کے لیے بَلا بنی۔ بغداد کی تباہی کے اَسباب بھی اسی قسم کے ہوئے جیسے پاٹلی پُترا کے تھے۔

جیسا کہ اُوپر ذکر ہو چکا ہے ماگدھی اور اردھ ماگدھی پراکرتیں اشوکا کے عہد میں ہندوستان گیر اہمیت کی مالک تھیں۔ اس کے نمونے اشوکا کے کتبوں میں ملتے ہیں۔ سنسکرت ناٹکوں میں بھی ماگدھی پراکرت کی مثالیں ملتی ہیں۔ نیچ ذات کے کرداروں سے یہی زبان بلوائی گئی ہے۔ یہ عوامی بولیوں کے زوال و انحطاط کا دَور تھا۔ اور برہمنی سنسکرت کے نشاۃ الثانیہ کا۔ چونکہ ماگدھی پراکرت میں ڈراوری اور دیسی عُنصر زیادہ تھا۔ لہٰذا اسے نیچ کہا گیا اور یہ زبان سب سے زیادہ تباہی کا شکار ہوئی۔ اس کے بعد مختلف اَپ بھرنشوں کا دَور آیا۔ ماگدھی اَپ بھرنش یا مگھی بھاشا کا رواج ہوا مگر اسے اَدبی اہمیتِ خاص حاصل نہیں ہوئی۔ راجپوتوں کے عہد سے ابتدائی سلاطین دہلی کے زمانہ تک (سنہ ۸۰۰ء تا سنہ ۱۲۰۰ء) ایک خاص لسانیاتی دَور گزرا ہے یقینی طور پر یہ نہیں کہا جاسکتا کہ ہند کی جدید زبانوں کی ابتدا کب سے ہوئی اور اَپ بھرنشیں کب ختم ہوئیں۔ اس زمانہ کے قریب بودھ دھرم کی بگڑی ہوئی شکل ہند کے پوربی علاقوں

لہ ملاحظہ ہوں چٹرجی، ووَلز اور مسعود حسین کے مصنفات۔

Marfat.com

میں پھیلی ہوئی تھی ۔ بودھ راہبوں کی خانقاہوں میں نالندہ اور وکرم شیلا دو بڑی درسگاہیں مشہور تھیں ۔صوبہ بہار خصوصاً ان بودھ سِدّھوں یا بھکشوؤں کا مرکز تھا۔ ان راہبوں نے مغربی اپ بھرنش ملی ہوئی دیسی بولی میں بھی دوہے لکھے ہیں۔ ان میں چوراسی سِدّھوں کی بڑی شہرت ہے ۔لسانی حیثیت سے بودھ سِدّھوں کے دوہے ابتدائی بہاری مُسلم صوفیوں کے دوہوں کے پیش رَو ہیں۔

سَب سے پُرانے سِدّھ "سرہ" ہیں جو ۷۳۳ء کے آس پاس گزرے ہیں ۔ نمونۂ کلام حسبِ ذیل ہے:

جہی مَن پون نہ سنچرئی ، روی سسی ناہیں پَویس
تہی بٹ چت بسام کرو، سرہے کہی اُدیس
گھور اندھارے چند منی جمی، اُجوا کرئی
پرم مہاسو دا یکھو کنے دُری اا شیش ہرئی

لوہی پا نامی ایک سِدّھ ۷۷۳ء کے لگ بھگ گزرے ہیں ۔ دوہے کا نمونہ حسبِ ذیل ہے:

ڈِٹ کری اُمہا سوہ پری مان
لوئی بھنئی گرد پوچھیا جان

بِروپا سِدّھ (۸۴۳ء) اور تانتی پا سِدّھ کے دوہوں میں بھی زبان کا یہی رنگ ہے ۔ "چونکہ یہ سِدّھ زیادہ تر ملک کے پوربی علاقوں میں اپنے مذہب کی تبلیغ کرتے تھے ۔ اِس لیے وہاں کی مقامی بولیوں سے متاثر ہونا ناگزیر تھا۔" ان دوہوں سے اس دَور کی بہاری بولیوں کا اندازہ ملتا ہے۔ اختیارالدّین بن بختیار خلجی کی فتوحات سے جب بودھ سِدّھوں کے مراکز زیر ہوئے تو یہ راہب ملک کے مختلف حِصّوں میں پھیل گئے اور اِن کے ذریعہ اِن کا لسانی اثر بھی پھیلا۔ جہی ، تہی ، کرہی ، آ ، کنے ، دُری ،

۵۱؎ مقدمہ تاریخ زبان اُردو : ڈاکٹر مسعود حسین : ص ۹۲-۹۳ ۔ ان دوہوں کا تذکرہ ہری اودھ کی تاریخ ادب ہندی اور رام چندر شکل کی تاریخ ادب ہندی میں بھی ہے۔

۵۲؎ مقدمہ تاریخ زبان اُردو ڈاکٹر مسعود حسین ، ص ۹۴

کری آ، کا مگھی پن ملاحظہ ہو آج بھی مگہی بولی اسی طرح بولی جاتی ہے۔

تُرک بہار پر باضابطہ رنگ میں بارہویں صدی عیسوی کے اواخر اور تیرہویں صدی عیسوی کے اوائل میں قابض ہوئے۔ علامہ سُلیمان ندوی لکھتے ہیں کہ: "سُلطان قطب الدین ایبک پہلا بادشاہ ہے جس کے بہادر سپہ سالار بختیار خلجی نے بنارس سے آگے بڑھ کر مگدھ دیس میں قدم جمائے اور بہار سے لے کر بنگال تک کی زمین اُس کے فتوحات کے پاؤں کے نیچے آگئی۔ بختیار خلجی المتوفی ۶۰۲ھ نے چھٹی صدی ہجری کے آخر میں منیر اور بہار پر قبضہ کیا۔[۱]

"چوں مرد شجاع و دلیر بود بطرف زمین منیر و بہاری دوانید.....

تمامت آں حصار در شہر مدرسہ بود و بہار بلُغت ہندوی اسم مدرسہ باشد"[۲]

بہار میں اُردو کے ارتقا کا یہ ایک اہم سنگ میل ہے، گرچہ اس سے پہلے بھی کھڑی بولی اور ریختہ کے لیے سازگار فضا پیدا ہوچکی تھی۔ بہار، خصوصاً مگدھ کے اعلیٰ طبقات مثلاً برہمن، چھتری وغیرہ اکثر و بیشتر مغربی علاقوں سے آکر یہاں بسے تھے اور اپنے ساتھ پچھمی بھاشائیں لائے تھے[۳] شرفا برج بھاشا اور اَودھی بولتے تھے عوام، جو آدی باسی تھے، کول ڈراوڑی بولیاں بولتے تھے۔ اور دوسرے مگہی، بھوجپوری یا میتھلی بولتے تھے۔ تُرکوں کی آمد کے بعد مُلک کے مغربی علاقوں کے لوگ اور تیزی سے بہار آنے لگے۔ ان میں ہندو اور مسلمان دونوں تھے۔

پروفیسر گورکھ ناتھ[۴] سنہا نے فرامین، دستاویزات اور مختلف خاندانی روایات کی بنا پر یہ تحقیق کی ہے کہ بہار کے اکثر راجپوت گھرانے ترکوں اور مغلوں کی افواج کے ساتھ اس دیار میں آئے، یہاں کے پُرانے رجواڑوں اور قبیلوں سے لڑے انعام میں دلّی کے بادشاہوں سے جاگیریں پائیں، یہیں بس گئے اور یہیں کے ہو رہے۔ بہار میں

---

۱ "بہار میں اُردو" از: علامہ سلیمان ندوی، ندیم، بہار نمبر ۱۹۳۲ء

۲ بحوالہ طبقات ناصری منہاج سراج ص ۱۴۵: تالیف ۶۵۸ھ

۳ "بنگالی زبان کا آغاز و ارتقاء" از سونیتی کمار چیٹرجی ص ۱۴۱

۴ سابق صدر شعبۂ معاشیات، پٹنہ کالج۔ آپ بعد میں پرنسپل پٹنہ کالج اور پھر ڈائرکٹر تعلیمات بہار مقرر ہوئے۔

بہتیرے گاؤں اور قصبات ایسے ہیں جہاں مسلم اور راجپوت خاندان جاگیر اور جائداد کے شریک داروں کی حیثیت سے اب تک ساتھ ساتھ بھائیوں کی طرح رچے بسے ہوئے ہیں۔

اُردو زبان کی ترویج و ترقی میں سیاسی اثرات سے زیادہ اہم سماجی اثرات ہیں۔ بہار میں نہ صرف سپہ سالار اور ان کی فاتح فوجیں مغربی علاقوں سے آئیں بلکہ بہ کثرت خاندان شمال مغربی ہند اور ایران و عرب سے آکر یہاں آباد ہوئے۔ اور انھوں نے تہذیب و تمدن اور زبان و ادب کو گہرے طور پر متاثر کیا۔ آج بھی سارے صوبۂ بہار میں سادات، شیوخ عربی (صدیقی، فاروقی، عثمانی، علوی جعفری وردائی وغیرہ) پٹھان، تُرک، ملک، مغل اور مرزا آباد ہیں۔ مختلف بہاری خاندانوں کے نسب نامے اس کی گواہی دیتے ہیں۔ نیز شہروں کے پُرانے محلوں قصبوں، اور گاؤں کے نام اس بات کے شاہدِ ناطق ہیں۔ مثلاً شہر پٹنہ کے محلّے لودی کٹرہ مغل پورہ لوہانی پور، لودی پور وغیرہ۔ سارے اثرات میں اہم ترین اثر صوفیائے کرام کے ذریعہ پڑا۔ ان کی تبلیغ و تلقین سے بہ کثرت اہلِ بہار مشرف بہ اسلام ہوئے۔ نومُسلم خاندان سارے صوبہ میں پھیلے ہوئے تھے۔ اُن کی اولاد اب بھی حلقہ بگوش اسلام ہے۔ نومسلموں کے حلقے ریختہ اور کھڑی بولی کی ترویج کے دائرے بن گئے۔ عہد وسطیٰ میں صوفیائے عرب و عجم دہلی ہوتے ہوئے بہار آئے۔ اور بڑی تعداد میں آئے۔ ان کے فیض سے وہ روحانی، اخلاقی، تہذیبی اور ادبی خلا پُر ہوا۔ جو صدیوں سے پاٹلی پتر کی تباہی کے بعد چلا آرہا تھا۔ بہار شریف اور پھر پٹنہ اس عہد کی نئی ترقی پسند ایشیائی تہذیب کا مرکز بنا اور سارے بہار میں اُجالا ہوگیا۔

وِدّیاپتی اور کبیر سے پہلے صوفیائے بہار نے اس دیار کی بولیوں میں کلام کیا ہے۔ ہر چند کہ اس عہد کے بہت کم نمونے ملتے ہیں۔ مگر ان اصفیاء کے کلام منظوم و منثور دونوں موجود ہیں۔ پروفیسر سید حسن عسکری نے اپنے ایک گرانقدر مقالہ میں

لہ "قرون وسطیٰ کے بہار میں اسلامی تصوّف کی تاریخی اہمیت" از پروفیسر سید حسن عسکری۔ پٹنہ کالج، پٹنہ: سالنامہ ساتھی پٹنہ، ستمبر ۱۹۵۱ء۔

مغلیہ عہد کے قبل کے ان اثرات کا ذکر کیا ہے جو اسلامی تصوّف نے صوبہ بہار پر ڈالے اور اپنے پائندہ نقوش چھوڑے۔ اسلامی تصوّف کے چشمۂ روحانی نے بہار کی سرزمین کو سیراب کیا اور اس وسیع المشرب اور روادارانہ تحریک نے ہندو سنسکرتی اور مسلم تہذیب کو متحد کرنے میں بڑی مدد دی۔ اس کا ایک اور اہم نتیجہ یہ نکلا کہ بہار میں "بہاری ریختہ" اور پھر زبان اُردو کی ترویج و ترقی بڑی محبت اور ہم آہنگی کے ساتھ ہوئی اور یہاں کے ہندو و مسلم عوام و خواص نے مل کر متحدہ تہذیب اور متحدہ زبان کی آبیاری کی۔ بہار کے ایک بڑے صوفی حضرت قاضی شُطّاری کا مقبرہ ویشالی شمالی بہار میں بساڑھ اسٹوپ کے نزدیک ہے۔ یہاں ہر سال ایک بڑا میلہ اب تک لگتا ہے۔ خواجہ اجمیری کے جانشینوں میں سیّد حسین خِنگسوار تھے۔ ان کے تین اعزہ بہار آئے۔ سیّد حسن خِنگسوار جن کا مقبرہ پٹنہ ضلع میں ہے۔ دوسرے سیّد احمد اور اُن کے بھانجے سیّد محمد۔ آخرالذکر دونوں صوفی ماموں بھانجہ کے نام سے یاد کیے جاتے ہیں۔ یہ دونوں حاجی پور (ترہُت) کے موضع بردحہ[1] میں شہید کیے گئے۔ بردحہ کا مقبرہ اب شکستہ حالت میں ہے۔ اسی طرح شیخ فتو اور شیخ برہان فیروز شاہ تغلق کے دور میں سلیم آباد آئے اور شمالی بہار میں شہید ہوئے۔ کاکو ضلع گیا کے شیخ آز اور احمد بہارشی بھی بڑے صوفی گزرے ہیں۔ دہلی کے علمار ظاہر کی ترغیب پر فیروز تغلق نے ان کے لیے سزائے موت تجویز کی۔ حضرت شرف الدین احمد منیری کے قریبی رشتہ دار "مناقب الاصفیا" کے صوفی مُصنّف سے روایت ہے کہ جب حضرت شرف الدین احمد منیری بہاری نے یہ خبر سُنی تو انھیں نہایت صدمہ ہوا۔ اور آپ نے فرمایا کہ ایسے "پاکان" کا خون رنگ لاکر ہی رہے گا۔

غزنویوں نے بنارس تک لشکر کشی کی تھی۔ ممکن ہے کہ غزنویوں اور غوریوں نے مشرق کی جانب اور دور تک حملے کیے ہوں۔ ان کے حملے ہوئے ہوں یا نہ ہوئے ہوں۔ لیکن صوفیائے کرام نے اُس قدیم عہد میں بھی بہار پر ذہنی حملے کیے ہوں گے۔

---

[1] "بنگال پاسٹ اینڈ پریزنٹ" میں مقبرہ بردحہ کے متعلق حسن عسکری کا مقالہ مُلاحظہ ہو۔

[2] ایضاً حصہ سوم، ص ۲۰۸۔

یہ بلند مقام درویش مُسلمان فاتحین کے لشکروں کے پیچھے پیچھے نہیں چلتے تھے بلکہ وہ محبّت و دردمندی کے جذبات سے سرشار ھندوستانی دلوں میں گھر کرنے اور اُن کے پریم کو جیتنے سُلطانوں کی فوجوں سے بالکل مستغنی ہو کر آگے آگے چلتے تھے۔ بہار نے اُن صوفی دُرویشوں کو سرِ دور اوّل میں ہی اپنی طرف کھینچا۔ منیر شریف ضلع پٹنہ کی بڑی درگاہ کے پچھمی دروازے کے پاس ایک مزار تاج الدّین خاندان سے منسوب ہے۔ منیر میں "تاج شاہی" کے نام سے ایک مٹھائی اب تک بنتی ہے۔ مولانا محمد موسوم بہ امام تاج فقیہ[1] یروشلم (فلسطین) سے منیر، بہار ۵۷۶ھ ۱۱۸۰ء تشریف لائے۔ آپ بہار کے فردوسیہ اور سہروردیہ صوفیوں کے جد امجد تھے۔ آپ کے فرزند اسرائیل، عبدالعزیز اور اسماعیل تھے۔ حضرت تاج فقیہ تو واپس چلے گئے۔ مگر اپنے دو فرزندوں کو جنوبی بہار میں رُشد و ہدایات کے چھوڑا۔ اور تیسرے اسماعیل کو شمالی بہار بھیجا۔ جناب اسمٰعیل بنیا بساڑھ کے صوفیوں کے مورث تھے۔ اور جناب اسرائیل حضرت مخدوم یحییٰ منیری کے والد ماجد تھے۔ حضرت پیر شہاب الدین جگجوت (موضع جھتلی[2] ضلع پٹنہ) کی بڑی لڑکی سے حضرت مخدوم یحییٰ منیری کی شادی ہوئی۔ اس مجمع البحرین سے وہ گرانقدر موتی پیدا ہوا جو عالمِ روحانیت میں آفتاب دارچمکا۔ یعنی حضرت شیخ شرف الدّین احمد منیری ثم بہاری حضرت مخدوم بہار اندرون ملک و بیرون ملک مشہور و مقبول ہوئے۔

بہار کے صوفیائے کرام کی ابتدائی تاریخ "مناقب الاصفیار" ہے اس کے مؤلف حضرت مخدوم شیخ شعیب شیخپوری (ضلع مونگیر) تاج فقیہ کے پوتے تھے۔ حضرت پیر جگجوت (جھتلی) کی تین اور بیٹیاں تھیں۔ ان کے بطن سے مخدوم سید احمد

---

1. پروفیسر حسن عسکری کا مقالہ "قرون وسطیٰ بہار میں اسلامی تصوّف کی تاریخی اہمیت" سالنامہ "ساتھی" پٹنہ، ستمبر ۱۹۵۲ء

2. جھتلی = جی اٹھلی۔ کہا جاتا ہے کہ پیر جگجوت کی کرامت سے ایک "مارگزیدہ" نے نئی زندگی پائی تو بول اٹھا "جی اٹھلی" یعنی "میں جی اٹھا" قدیم مگہی زبان کا نمونہ ہے۔ "جگجوت" اور "جی اٹھلی" کے الفاظ سے اس عہد کی زبان کا اندازہ ہوتا ہے۔

Marfat.com

چرم پوش، تیم اللہ سفید باز (بہار شریف)، بی بی کماکو (کاکو، گیا)۔ اور تاجپور ضلع پورنیہ (بہار) کے شیخ حسین دھکڑپوش کی والدہ پیدا ہوئیں۔ حضرت تاج فقیہہ کے فرزند جناب اسمٰعیل کا سلسلہ شمالی بہار میں خوب پھیلا۔ صوبۂ بہار کے شطاریہ صوفی آپ ہی کے سلسلہ سے ہیں۔

بہار کے چند اور بزرگ صوفیائے قدیم کا نام لیا جا سکتا ہے۔ مثلاً حضرات مولانا شمس مظفر بلخی، حسن بلخی، احمد لنگر دریا، بدر عالم (چھوٹی درگاہ بہار شریف) ابراہیم بن ابوبکر موسوم بہ ملک بیا (جو بہاری ملکوں کے جدِ امجد تھے) مداری صوفی سید جمال الدین (ہلسہ) شیخ برکت اللہ قتال۔ شیخ تاج الدین مداری (دربھنگہ) سید محمد (امجھر، شریف، گیا)، سید فضل اللہ گوسائیں (بہار شریف) مخدوم شاہ شمس الدین (اردل، گیا)، سید احمد جاجنیری (ضلع مونگیر)، سید احمد جان (اورین مونگیر) مخدوم سید حسن (حسن پورہ، ضلع سارن)، حضرت مخدوم بہار شیخ شرف الدین احمد کے خلفاء میں حضرت منہاج راستی پھلواروی اور حضرت مظفر شمس بلخی اجل صوفیوں میں سے گزرے ہیں۔ حضرت منہاج راستی کے سلسلہ کے صوفیا پھلواری شریف، ضلع پٹنہ میں آباد میں رہے۔ مختصر یہ کہ چشتیہ، سہروردیا، قادریہ، فردوسیہ مداریہ، شطاریہ سلسلوں کے صوفیائے کرام بہار میں موجود تھے۔ اور اُن کے فیوض و برکات سے یہاں کی سرزمین سیراب ہوتی رہی۔

شاہزادہ عظیم الشان، اورنگ زیب عالمگیر کے جانشین بہادر شاہ اوّل کا لڑکا تھا۔ وہ ایک عرصہ تک بہار کی صوبیداری پر مامور رہا۔ مولانا محمد نصیرؔ نے شاہزادہ کی خدمت میں ایک عرضداشت پیش کی تھی۔ جس میں بہار کے ۴۴ مشائخ کی مقابر کی زبوں حالی کی طرف شاہزادہ موصوف کی توجہ منعطف کرائی گئی تھی، تاکہ حکومت کی طرف سے مالی امداد مل سکے۔ افسوس ہے کہ عرضداشت کی اصل نقل میں شاہزادہ کی خدمت میں پیش کرنے کی تاریخ نہیں لکھی گئی ہے۔

(شاہزادہ عظیم الشان کو ایک عرضداشت، از سید محمد مصطفےٰ شاہد پھگوی صدائے عام، عید نمبر ۱۹۵۰ء)

Marfat.com

عرضداشت میں حسب ذیل مقبروں کے نام درج ہیں :

(۱) مخدوم الملک شیخ شرف الدّین احمد۔ بہآر شریف۔ ۷۸۲ھ ۔

(۲) شیخ شعیب بن شیخ جلال۔ موضع شیخپورہ پرگنہ مالدہ میں مدفون ہیں

(۳) سید محمد عظیم آباد میں مدفون ہیں۔

(۴) شیخ خلیل الدّین عرف شیخ منگن و شیخ تاج الدّین عظیم آباد۔

(۵) سید سلیم۔ عالم گنج عظیم آباد۔

(۶) دُرویش ازرآں۔ محلّہ درگاہ عظیم آباد۔

(۷) شیخ محمد محمود و شیخ عین الدّین حسینی مدار۔ لودی کٹرہ عظیم آباد۔

(۸) شیخ شہابُ الدّین جگجوت۔ موضع ۔ ۔ ۔ ۔ علہ حویلی بلدہ عظیم آباد۔

(۹) شیخ آدم صوفی۔ موضع جھٹلی علہ پرگنہ حویلی بلدہ عظیم آباد

(۱۰) سیّد محمد۔ قصبہ بہآر۔

(۱۱) شیخ احمد چرم پوش (۷۷۶ھ میں انتقال ہوا) قصبہ بہآر۔

(۱۲) شیخ بدر عالم۔ موضع سوہ، بہار شریف۔

(۱۳) حسین نوشۂ توحید۔ حضرت مظفر بلخی کے بھتیجے۔ مقبرہ قصبۂ بہار۔

(۱۴) شیخ حمید الدّین، ولد شیخ آدم صوفی۔ قصبۂ بہآر۔

(۱۵) سیّد یٰسین دانشمند۔ قصبۂ بہار

(۱۶) مولانا حسام الدّین۔ ؍

(۱۷) سیّد فضل اللہ ؍

(۱۸) شیخ فرید طویلہ بخش ؍

(۱۹) تیم اللہ سفید باز، بن شیخ حمید الدّین۔ قصبۂ بہار۔

(۲۰) شیخ سعادت۔ بہآر

(۲۱) سید عطا۔ ؍

(۲۲) محمد ابراہیم ولد ابو بکر عرف ملک بیا ۷۵۳ھ۔ قصبۂ بہار۔ پہاڑی پر۔

(۲۳) خواجہ اسحاق مغربی۔ موضع منوکھر۔ نزد شیخ پورہ۔

(۲۴) شیخ یحیٰ منیری۔ قصبہ منیر

Marfat.com

(۲۵) شیخ جلال ۔ قصبہ منیر

(۲۶) حاجی صفی الدین و حاجی نظام الدین ۔ قصبہ منیر ۔ پرگنہ شاہ پور۔

(۲۷) شیخ احمد ۔ موضع بیا پور ۔ پرگنہ شاہ پور ۔

(۲۸) شیخ دولت ۔ قصبہ منیر

(۲۹) مولانا نور ۔ خواجہ قطب الدین دہلوی کے سگے بھائی ۔ موضع کھکور۔ پرگنہ سلیم آباد ۔

(۳۰) شیخ فتو و شیخ برہان ۔ پرگنہ سلیم آباد ۔

(۳۱) سید فخر الدین موضع اوکہدی عملہ پرگنہ حویلی سرکار ۔

(۳۲) سید صفی ۔ صفی پور ۔ پرگنہ بہم پور سرکار ۔

(۳۳) شیخ داؤد شطاری ۔ قصبہ محبت علی پور ۔ پرگنہ معدقہ سرکار ۔

(۳۴) سید محمد عرف جمن ۹۲۵ھ ۔ موضع ہلسہ ، پرگنہ بلخ سرکار ۔

(۳۵) سید راستی خلیفہ شیخ شرف الدین احمد بن یحییٰ منیری ۔ قصبہ پھلواری عملہ پرگنہ حویلی سرکار ۔

(۳۶) شیخ ضیاء الدین سہروردی ۸۲۲ھ ۔ موضع چنڈھوس ۔

(۳۷) شیخ شمس الدین چنائی ۔ موضع نلوری ۔

(۳۸) شیخ کمال الدین ۔ موضع ثنایاں ۔

(۳۹) سید محمد ۔ پرگنہ کلیر سرکار سارن مضاف ۔

(۴۰) سید احمد غازی موضع امرتھ ۔ پرگنہ بست ہزاری سرکار ۔

(۴۱) سید نوح ۔ ۸۵۵ھ ۔ موضع لوج پور ۔

(۴۲) شیخ سعد ۔ قصبہ ابراہیم پور ۔

(۴۳) حوض رانی ، عملہ پرگنہ حویلی بہار سرکار میں بہتیرے اولیاء مدفون ہیں ۔ مثلاً ، سید علاؤ الدین ہمدانی ، سید رکن الدین ، سید بیخود ، سید موسیٰ ، شیخ لدھا ، قاضی شمس الدین ، حافظ یوسف ، سید عالم ، سید قطب الدین سید محمد سعید ، سید جہانگیر ، سید محمد ، شیخ مدد ، شیخ ہدیٰ ، بی بی مکہ ۔

(۴۴) ادریس نافع ۔ ضلع مونگیر سرکار ۔

Marfat.com

(۴۵) سید چہاری بنباسی ۔ قصبہ مونگیر۔

(۴۶) شیخ مصطفےٰ ۔ باسدیوپور۔ مونگیر۔

(۴۷) سید ابراہیم ۔ قصبہ سورج گڑھا۔

(۴۸) مولانا شاہباز۔ بھاگلپور۔

(۴۹) سید اولیار ۔ پرگنہ بلیا سرکار۔

(۵۰) شیخ عبدالحئی ۔ حاجی پور۔

(۵۱) شیخ محمد معروف بہ شیخ قاضی ۔موضع بنیا بساڑھ، حاجی پور۔

(۵۲) شیخ ابوالفتح بن شیخ محمد ۹۴۲ھ ۔موضع تنکول ، حاجی پور۔

(۵۳) مولانا خواجہ علی۔ حاجی پور۔

(۵۴) شیخ برکت اللہ عرف شیخ قتال خلیفہ سید محمد گیسو دراز۔ قصبہ دربھنگہ۔

(۵۵) شیخ سلطان حسین۔ دربھنگہ۔

(۵۶) شیخ شمس الدین عرف شیخ ثمن دربھنگہ۔

(۵۷) شیخ ظہور حاجی حمید ۔موضع رتن سرائے۔ سارن۔

(۵۸) شیخ دلادر شیر سوار چابک مارلدوبی۔ سارن۔

(۵۹) میر عبدالمالک ۔ بارہ سرکار۔ سارن۔

(۶۰) شیخ محمد یوسف ۔ قلعہ رہتاس کلاں۔

(۶۱) چندن شہید معروف بہ چندن شہید ۔سہسرام۔

(۶۲) شیخ عثمان حسین پور۔ رہتاس۔

(۶۳) شیخ عبدالعلیم ۔ مہسی ، چمپارن۔

(۶۴) سید عمر شہید ۔آرہ (شاہ آباد)

مولانا عبدالحق صاحب لکھتے ہیں : "دلوں کو ہاتھ میں لانے کے لیے سب سے پہلے ہم زبانی لازم ہے۔ ہم زبانی کے بعد ہم خیالی پیدا ہوتی ہے .... جتنے اولیار اللہ سرزمین ہند میں آئے یا یہاں پیدا ہوئے وہ باوجود عالم و فاضل

لہ "اُردو کی ابتدائی نشو و نما میں صوفیائے کرام کا کام"، عبدالحق ص۳۔

Marfat.com

ہونے کے (خواص کو چھوڑ کر) عوام سے انھیں کی بولی میں بات چیت کرتے اور تعلیم وتلقین فرماتے تھے۔" ان صوفیا نے بہار میں بھی مشترک "بہاری ریختہ" اور پھر "کھڑی بولی ریختہ" یعنی ہندوستانی یا معیاری اُردو کی ابتدا و ارتقا میں نمایاں حصّہ لیا ہے۔ یہاں صوفی خانزادوں کی خانقاہیں چھٹی صدی ہجری میں منیر شریف، بہار شریف، پھلواری شریف وغیرہ میں قائم ہو گئی تھیں۔

صوفیا و اُمرا کے علاوہ بہار میں فارسی زبان کے شعرا[۱] بھی تشریف لائے اور انھوں نے یہاں قیام کیا۔ ایرانی شعرا اور فارسی ادبیات کا اثر بہار پر دہلی کے ترک افغان سُلطانوں کے وقت سے ہی پڑنے لگا۔ بہار ایک اہم مشرقی صوبہ تھا۔ صوبہ داروں اور دوسرے امرا کے گرد اہلِ علم و فضل جمع رہتے تھے۔ مرزا محمد صادق اصفہانی ۱۰۲۹ھ سے ۱۰۳۳ھ تک پٹنہ میں مقیم رہا۔ اپنی کتاب "صبحِ صادق"[۲] میں اس نے لکھا ہے کہ پٹنہ کو ایرانی شعرا رشکِ ایران بنائے ہوئے تھے۔ مثلاً کلیم عارف، مولانا نادم گیلانی، مولانا محمد حسین قزوینی، سیرتی، مولانا محمد معز الدین یزدی، مولانا عبدالشکور، مرزا قاسم امامی، میر یحیٰ قسمی، میر ہاشم وغیرہم۔ مرزا محمد صادق بن مرزا، محمد صالح اصفہانی عہدِ شاہجہاں کا ایک ممتاز مورخ ادیب اور شاعر گزرا ہے۔ صادق گجرات کے شہر سورت میں پیدا ہوا (۱۰۱۸ھ)۔ پٹنہ کے چار سالہ قیام میں وہ بہت سے فارسی شعرا سے ملا۔ تذکرہ "صبحِ گلشن" میں مولانا محمد حسین قزوینی کے بارے میں درج ہے کہ: "مدّتے در عظیم آباد و بنگالہ اقامت گزید۔" اور حکیم عارف لاہجی کے متعلق ہے کہ:

"۔۔۔ در عظیم آباد مسکن گرفتہ۔"

ظاہر ہے کہ مذکورہ بالا شعرا سے پہلے اور بعد کثرت سے ایرانی ادبا و شعرا بہار آتے رہے ہوں گے اور اُن کے اثر سے یہاں مقامی فارسی گو شعرا پیدا ہوئے

۱؎ "بہار اسکول کی اُردو شاعری اور اُس کی تخلیق کے اسباب"۔ عبدالمالک آروی۔ "نگار"۔ لکھنؤ۔ جنوری ۱۹۳۵ء۔

۲؎ "عظیم آباد میں ایرانی شعرا کی آمد"۔ سید نجیب اشرف ندوی۔ "ندیم"۔ گیا۔ بہار نمبر ۱۹۳۳ء۔

ہوں گے۔ بہار میں فارسی گوئی کا مذاق طبقۂ خواص میں عام رہا ہے۔ ہندو اور مسلم ادبا روشعرار فارسی کو زمانہ دراز تک ذریعہ اظہار بنائے رہے۔ اُردو شاعری کے تذکرے بھی فارسی میں لکھے جاتے تھے۔ مثلاً: تذکرۂ گلزار ابراہیم، تذکرۂ شورشؔ، عظیم آبادی، تذکرۂ عشقیؔ، تذکرۂ عبرتیؔ، (معراج الخیال، و، ریاض الافکار) اور تذکرۂ سفینۂ خوشگو، (بندرابن داس خوشگو)۔ عبرتیؔ، نومسلم کانستھ تھے۔ متاخرین میں شیخ علی حزیں عظیم آباد آئے اور راجہ شتاب رائے کے یہاں رہے۔ بہار کے فارسی گو شعرار میں بیدلؔ عظیم آبادی، شاہ ابوالحسن فردؔ، شاہ علی حبیب نصرؔ، مولانا محمد سعید حسرتؔ، شاہ اُلفت حسین فریادؔ، اور حکیم عبدالحمید پریشاںؔ دورِ وسطیٰ اور عہد آخر میں گزرے ہیں۔

علامہ سُلیمان ندوی لکھتے ہیں:

"ہندوستان نے ارباب کمال کے تمام اصناف میں سے صرف دو کے نام زندہ رکھے ہیں، مشائخ و اولیار اور شعرار کہ وقتاً فوقتاً ان کے باخلاص مُریدوں اور معتقدوں نے[1] اُن کے ملفوظات و مکتوبات اور تذکرے لکھ کر ان کے فیوض و برکات اور زبانی و ذہنی الہامات کو قائم و باقی رکھا۔ مگر اس صوبہ (بہار) نے حضرت مخدوم الملک بہاریؒ اور اُن کے رنقار کو چھوڑ کر ہندوستان کی اس رسم کہن کو بھی تازہ نہ رکھا۔"

علامہ ندوی نے اس اظہار تاسف کے بعد چند بہاری باکمالوں کا ذکر کیا ہے۔ ان اہل فن[2] اور علمار کے ذریعہ بھی بہار میں اُردو زبان کی ترویج و ترقی ہوئی ہے۔

شیخ بڑھ[3]۔ یا بڈھ بہار میں ایک نامور طبیب اور ممتاز شیخ سُلطان سلیم شاہ لودی کے زمانہ میں گزرے ہیں۔ شیر شاہ سوری کو ان سے بڑی عقیدت تھی۔ انھوں نے ملک العلمار دولت آبادی کی تصنیف ارشاد کی ایک شرح لکھی تھی۔ اکبری دور میں بہار میں

---

[1] نقوش سلیمانی: صفحہ ۳۰۱ - ۳۰۲۔

[2] نقوش سلیمانی: صفحہ ۳۰۲ - ۳۰۵۔

[3] تاریخ فرشتہ (احوال سلطنت سلیم شاہ) اور منتخب التواریخ بدایونی (مطبوعہ کلکتہ) جلد ۱۔ ص ۳۲۰۔

Marfat.com

محدثین کا ایک خانوادہ رہتا تھا۔ اس کے بعد ارکان کے نام یہ ہیں۔ مولانا حافظ شیخ عبدالرزاق بہاری، شیخ الوقت مولانا عبدالنبی، مولانا عبدالمقتدر محدث وغیرہ۔ فتاویٰ عالمگیری کے لکھنے میں بہار کے علمار بھی شریک تھے۔ مُلّا محب اللہ بہاری[۱] جو سلّم اور مُسَلّم کے مصنف ہیں۔ یہ صاحب عالمگیر کے عہد میں کابل کے قاضی اور بہادر شاہ اوّل کے دَورِ حکومت میں کل ہند کے قاضی القضاۃ مقرر ہوئے۔ اِن کے بعد مُلّا غلام یحییٰ بہاری (صاحبِ حاشیہ و مُرید حضرت مرزا جانجاناں دہلوی)، مولانا ابراہیم آروی وغیرہ دورِ متاخرین کے جیّد علمار میں شمار کیے جاتے ہیں۔[۲]

پروفیسر محمود شیرانی لکھتے ہیں:

"حقیقت[۳] یہ ہے کہ اُردو جس طرح ہندوستان کے اور صوبوں میں اسی طرح پنجاب میں برابر بولی اور سمجھی جاتی رہی ہے۔ پنجاب سلطنت اسلامی کا ایک جزو تھا۔ اور سلطنت کا صوبہ ہونے کی حیثیت سے اُردو کو یہاں اسی قدر دخل حاصل تھا، جیسا سلطنت کے اور صوبوں میں......"

اَب اس اَمر میں شبہ کی کوئی گنجائش نہیں رہی ہے کہ صوبہ بہار میں اُردو کو سرِ دورِ اوّل سے ہی دخل حاصل رہا ہے۔ اس دیار میں بھی لسانی ارتقا کی دہی مرکّب اور پیچیدہ تماش ظاہر ہوتی ہے جو اور صوبوں میں ظاہر ہوئی۔ اور جس کا تفصیلی بیان قبل آچکا ہے۔

صوبہ بہار کی تین نئی ہند آریائی علاقائی بولیاں حسب ذیل ہیں: "بھوجپوری" "مگھی" اور "میتھلی"۔ ان سب بولیوں میں "ریختہ" کی شکلیں پیدا ہوئیں۔ مگر پٹنہ (عظیم آباد) کی مرکزیت کی وجہ سے "مگھی ریختہ" کی سب سے زیادہ اہمیت ہے۔ بہار میں یہی ریختہ اُردو کی بُنیادی زمین بنی۔ قابل ذکر اَمر یہ ہے کہ نالندہ، وکرم شیلا، اور پاٹلی پُترا کا حلقۂ تہذیب و تمدن کا گہوارہ تھا اور اسی دائرہ پر مغربی اپ بھرنشوں

---

۱ "ان کی دی ہوئی حدیث کی ایک سند پھلواری میں مل ہی جاتی ہے"۔ نقوشِ سلیمانی ص

۲ سبحۃ المرجان اور مآثر الکرام، آزاد بلگرامی۔

۳ "پنجاب میں اُردو"، شیرانی، ص ۲۲۳۔

Marfat.com

بالخصوص شورسینی کی مختلف شاخوں (برج، کھڑی ہندوستانی) کا گہرا اثر مسلمانوں کی آمد کے بہت پہلے پڑ رہا تھا۔ مگہہ اور بھوجپور کی علاقائی بولیاں نئے ہند آریائی دور کے آغاز میں خالص مگہی اور بھوجپوری نہیں رہ گئی تھیں۔ بلکہ مگہہ کے علاقہ میں مگہی اَپ بھرنش اور مغربی اَپ بھرنشوں کا ایک آمیزہ تیار ہو چکا تھا۔ اور یہی حال بھوجپو کا تھا۔ اَدبی لحاظ سے تو مگہہ اور بھوجپور میں ایک خلا رسا تھا۔ علاقائی بولیوں میں اَدب پیدا نہیں ہو رہا تھا۔ اور اَدبی ضروریات کے لیے "پنگل"ؔ یا برج بھاشا کا استعمال ہوتا تھا۔ میتھلی کا حال اِن سے بہتر تھا۔ مگر میتھلی بھی مغربی اپ بھرنشوں سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکی۔ مجموعی طور پر میں "بہاری اَپ بھرنش" کی ترکیب استعمال کروں گا اور اس سے مُراد بہاری بولیاں ہوں گی جن پر مغربی اَپ بھرنشوں کا اثر مسلمانوں کی آمدِ بہار سے پہلے پڑ چکا تھا۔ اسی بہاری اَپ بھرنش" میں عربی و فارسی کے الفاظ ملنے لگے اور رَفتہ رَفتہ "بہاری ریختہ" بن گئی۔ پہلے "آمیزش" کا دَور آیا اور بعد ازاں "ترکیب" کا دَور آ گیا اور ایک ملی جُلی زبان گھُل مِل کر بن گئی۔ اِسے "بہاری ریختہ" کہیے۔ یہ عہد باضابطہ طور پر تُرکوں کی فتحِ بہار کے بعد شروع ہوا۔ پھر اس "بہاری ریختہ" پر بھی کئی دَور آئے۔ پہلے دَور کو میں بہار میں "اُردوئے قدیم" کا دَور کہوں گا۔ اس دَور میں "ریختہ پن" کے ساتھ کچھ کچھ لِسانی پنجابیت بھی ملتی ہے۔ جو دَورِ وُسطیٰ تک قائم رہی۔ لیکن دَورِ وسطیٰ کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ بہاری ریختہ کو کھڑی بولی اور "کھڑی بولی ریختہ" تیزی سے متاثر کرنے لگی تھی۔ اس عبوری عہد میں بہاری ریختہ اور کھڑی ریختہ سے مرکب زبان بہار کے ادبی حلقوں میں رائج ہو رہی تھی اور ایک حد تک بول چال کی زبان کو بھی متاثر کر رہی تھی۔ یہ تبدیلیاں پٹنہ (عظیم آباد) کے اِرد گرد زیادہ نمایاں رنگ میں ہو رہی تھیں۔ مسلمانوں سے قبل مختلف مغربی اَپ بھرنشوں کا اثر بہاری بولیوں پر پڑا تھا۔ مگر مسلمانوں کے

لہ اُردو کے ارتقا میں "پنگل" کا بیان ہو چکا ہے۔ یہ راجپوت درباروں میں شاعری کا ذریعہ اظہار تھا یہ ملی جلی مغربی اَپ بھرنش تھی۔ بہار میں ایک محاورہ ہے۔ "پنگل چھانٹنا" یعنی علاقائی بولی سے الگ زبان استعمال کرنا۔ تاکہ بڑے پن کا اظہار ہو۔ اور یغوی۔

بعد اختصاصی طور پر کھڑی بولی کا اثر پڑنے لگا۔ ہر چند کہ شاعری کی زبان سے برج اور اودھی کا اثر دیر میں مٹا۔ لیکن عہد عالمگیر کے بعد کھڑی بولی کا سکہ بڑی ساکھ کے ساتھ بہار میں چلنے لگا۔ "عہد وسطیٰ" کے بعد بہار میں بھی اُردو کا "معیاری عہد" آیا۔ اس دور میں کھڑی بولی ہندوستانی ریختہ بہار کے اُردو ادب کی فضا پر چھا گئی۔ بہاری بولیوں کی کچھ گونج اور لب و لہجہ و آہنگ قدرے باقی رہ گئے۔ بہار میں معیاری اُردو (کھڑی بولی ہندوستانی) کا عہد آج سے ڈو ڈھائی سو سال قبل خاصا استوار ہو چکا تھا۔ مثالیں آئندہ باب میں پیش کی جائیں گی۔ میرا خیال ہے کہ بہار میں "معیاری اُردو" کا غلبہ اٹھارہویں صدی عیسوی کے آغاز سے ہی ہونے لگا تھا۔ "اُردوئے وسطیٰ" کی ابتدا تو تغلقوں کے زمانہ سے ہو گئی تھی۔ اور یہ دور جہانگیر کے عہد تک رہا۔

اس سلسلے میں مندرجہ ذیل حقائق قابل لحاظ ہیں۔ لکھا ہے کہ:

"سُلطان فیروز شاہ ۷۵۲ھ تا ۷۹۰ھ نے اپنے عہد میں ایک لاکھ سے زیادہ غلام دہلی میں جمع کیے تھے جو زیادہ تر مشرقی ہندوستان سے علاقہ رکھتے تھے۔ فیروز شاہ کے جانشینوں کے عہد میں یہ لوگ اس قدر طاقتور ہو گئے تھے کہ سیاسی معاملات میں دخیل ہو کر ملک میں فتنہ و فساد برپا کرنے لگے۔ ناصر الدین محمد شاہ تغلق ۷۹۲ھ تا ۷۹۵ھ نے تنگ آکر دہلی سے ان کا اخراج عام کر دیا۔"

(پنجاب میں اُردو: شیرانی صفحہ ۲۱ مقدمہ)

ظاہر ہے کہ یہ لوگ ملک کے مشرقی علاقوں کی طرف ہی واپس گئے ہوں گے اور دہلوی زبان کے اثرات اپنے ساتھ بہار، جو مشرقی صوبہ ہے۔ لے گئے ہوں گے۔

"سیدوں کو فارسی سے سخت دشمنی تھی۔" (ب ا، شیرانی مقدمہ صفحہ ۱۷)

... سیدوں کا بہار میں غلبہ تھا۔ شیر شاہ سوری اور دوسرے پٹھان بہاری بولیوں کے استعمال و ترقی میں کوشاں ہوں گے اور اس کا لازمی نتیجہ "ریختہ" کی ترویج کی شکل میں ظاہر ہوا ہوگا۔ جیسے بہمنی سلطنت اور اُس کے ورثا کے ذریعہ دکنی ریختہ کو ترقی ہوئی تھی۔ عالمگیر کے عہد سے دیکھا جاتا ہے کہ طبائع کا عام زبان

Marfat.com

اُردو کی طرف ہوتا جاتا ہے۔" (مقدمہ: پ ا صلا)

غالمگیر کے عہد کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس عہد سے کچھ عرصہ پیشتر ایک نئی تحریک وجود میں آتی ہے، جس کے ماتحت بچوں کی تعلیم کا ذریعہ ہندی زبانیں بن جاتی ہیں۔ عالمگیر کے عہد میں یہ تحریک عام ہو جاتی ہے اور بے شمار کتابیں بچوں کی تعلیم کے لیے لکھی جاتی ہیں۔ جن میں اکثر و بیشتر منظوم ہوتی ہیں۔ یہ سلسلہ ہندوستان کے اکثر صوبوں میں جاری ہو جاتا ہے۔" (پ ا، شیرانی، مقدمہ صف)

بہار کی ادبی فضا پر کھڑی بولی ریختہ یعنی اُردو کے غلبہ کے بعد بھی عوام کی بول چال کی زبان اب تک عہد وسطیٰ کی قماش پر ہے یعنی کھڑی بولی اور بہاری بولی کے مرکب سے بنی ہوئی ریختہ زبان زد عام ہے۔ دیہاتوں میں مقامی علاقائی اثر غالب ہے۔ اور شہروں میں کھڑی بولی ہندوستانی کا غلبہ ہے۔ مگر خواص کے درمیان شُستہ مجلسوں میں اور قصبات کی تہذیب یافتہ صحبتوں میں معیاری اُردو ہی بولی جاتی ہے۔ اور اب معیاری ہندوستانی دھیرے دھیرے گاؤں کی طرف بھی جنتا میں پھیل رہی ہے۔

بقول شیرانی:

"تغلقوںؒ کے زمانہ سے پیشتر ہی اُردو ایک علیحدہ اور مستقل زبان بن چکی تھی۔ اور اُس نے اپنی صَرف و نحو کے قواعد علیحدہ مقرر کر لیے تھے ...... لیکن محمد تغلق کے جانشین سُلطان فیروز شاہ متوفی ۷۹۰ھ کے بعد گجرات نے دکن کی تقلید کر کے اپنی آزادی کا اعلان کر دیا اور تقریباً دو سو سال تک گجرات دہلی سے علیحدہ رہا۔ ۹۸۰ھ میں جلال الدین اکبر نے دوبارہ اس کو فتح کیا جس قسم کی اُردو گجراتیوں نے تغلقوں سے سیکھی تھی وہ اسی پر قائم رہے۔ اس کے علاوہ دکن اور گجرات ہمسایہ ممالک ہیں۔ اور ان میں تعلقات بھی قائم تھے۔ قصہ مختصر، یہ وجوہ ہیں

ـــ "پنجاب میں اُردو" شیرانی صـ۴۷

Marfat.com

جن کی بِنا پر گجراتؔ اور دکنؔ میں ایک ہی زبان رائج ہے۔"

اسی صفحہ پر لکھا ہے کہ:

"تین سو پچاس سال کے ان علاقوں کا دہلیؔ کے ساتھ الحاق ہوتا ہے۔ اس زمانہ میں دہلیؔ سے دکنیوں کا براہ راست کوئی تعلق نہیں رہا۔ اور نتیجہ یہ نکلا کہ دکنیؔ اُردو، متعدد اُمور میں جو بعض صرف و نحو سے تعلق رکھتے ہیں، اور بعض محاورے سے، مختلف ہوگئی۔"

صوبۂ بہارؔ دکنؔ اور گجراتؔ کے برخلاف قطب الدّین ایبک کے وقت سے سلطنت مغلیہ کے اواخر تک اور پھر برطانوی عہد میں بھی سلطنت دہلیؔ کے ماتحت رہا اور اس کا تعلق براہ راست مرکز سے مستحکم اور گہرا تھا۔ اس صورت حال کا لسانی نتیجہ یہ نکلا کہ دہلیؔ اور نواح دہلیؔ میں جو لسانی تبدیلیاں ہوتی رہیں۔ پٹنہ اور بہار پر اُن کا جلد جلد اثر پڑتا گیا۔ عہد وسطیٰ کی بہاری اُردو اور دکنی و گجراتی اُردو میں فرق و امتیاز کے تین پہلو ہیں۔ یوں تو عہدِ اورنگ زیب سے معیاری اُردو زبان عالمگیر ہونے لگی۔ ہاں تھوڑی تھوڑی علاقائی خصوصیتیں پھر بھی باقی رہ گئیں۔

بہاری اُردوئے قدیم کی سب سے پہلی خصوصیت تو یہ ہے کہ اس کی زمین بہاریؔ اَپ بھرنشیں ہیں۔ یعنی مگہی، بھوجپوری اور میتھیلی۔ جب ان بولیوں میں "ریختہ پن" شروع ہوا۔ تو اس کے ساتھ ساتھ دہلی کے واسطہ سے وسطی بہاری اُردو پر بھی پنجابی بولی کا اثر پڑا جیسے دکنؔ اور گجراتؔ پر پڑا تھا۔ اس کے شواہد ملتے ہیں۔ لیکن اَب تک بہارؔ میں تحقیقات وانکشاف کا کام اس منزل پر نہیں پہنچا جس مقام پر دکنؔ میں پہنچا ہے۔ عہدِ قدیم اور دَورِ وسطیٰ کے لسانی نمونے بہارؔ میں بہت کم ملتے ہیں اور جو ملے ہیں وہ اتنے پرانے نہیں جتنے دکنؔ اور گجراتؔ کے ہیں۔ لیکن قرائن یہ بتاتے ہیں کہ عہد وسطیٰ کی بہاری اُردو پر اتنا پنجابی اثر نہیں پڑا ہوگا جتنا خود دہلی کی زبان پر اور دہلیؔ کے ذریعہ دکنؔ اور گجرات پر پڑا تھا۔ کیونکہ اس دَور دراز علاقے میں پنجابی بڑی تعداد میں نہیں آئے ہوں گے اور دوسرے یہ کہ بہاری بولیوں میں پنجابی اثر قبول کرنے کا وہ مادہ نہیں تھا جو قرابتِ لسانی کی وجہ سے ہریانہ، دہلی، مغربی اُتر پردیش، راجستھان وغیرہ میں تھا۔ بہاری اردو کی تیسری خصوصیت یہ

ہے کہ دہلی سے مسلسل ربط و تعلق کی وجہ سے وہ لسانی تبدیلیاں جو دارالسلطنت میں ہو رہی تھیں دکن اور گجرات کی بہ نسبت جلد تر بہار میں رونما ہوئیں یعنی جب دہلی کی زبان پر مختلف اسباب سے کھڑی بولی ہندوستانی کا غلبہ کامل ہوا تو بہار میں بھی بڑی تیزی سے کھڑی بولی ہندوستانی رواج پانے لگی۔ اس دیار میں علاقائی اور پنجابی اثرات جلد محو ہو گئے۔ اور معیاری اُردو زبان تہذیبی اور ادبی طور پر پھیل گئی۔

میں اپنی تازہ ترین تحقیقات کی بنا پر اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ عہد اورنگزیب عالمگیر (۱۰۶۸ھ ۱۶۵۸ء تا ۱۱۱۹ھ ۱۷۰۷ء) کے اختتام تک شمالی ہند میں لسانی یکسانی پھیل رہی تھی اور اس کا اثر دکن اور گجرات پر بھی نمایاں طور سے پڑنے لگا تھا۔

اس امر میں ایک اہم مذہبی کتاب فقہ ہندی کے چند نسخوں کی گواہی بہت اہمیت رکھتی ہے ۱۲؍ جون ۱۹۵۴ء کو مجھے فقہ ہندی کے دو نسخے شاہ مجتبیٰ حسین صاحب کے خاندانی کتب خانہ واقع بہار شریف، ضلع پٹنہ میں ملے۔ دونوں نسخے قدیم ہیں، کرم خوردہ، قلمی۔ قدیم تر نسخے کے آخری صفحہ پر لکھا ہے:

"تمام شد نسخہ فقہ ہندی واقعہ بتاریخ ہشتم شہر رجب ۱۲۱۸ھ فصلی"

فقہ ہندی کا دوسرا نسخہ مخطوطات کے مجموعوں کی دوسری جلد میں ہے۔ اس کا کاغذ نسبتاً صاف ہے اور اتنا بودہ بھی نہیں۔ اختتام کے بعد درج ہے کہ:

"تمام شد نسخہ فقہ ہندی واقعہ بتاریخ سیوم رَجبُ المرجب ۱۲۲۵ھ فصلی از خط خام عاصی گمنام سیّد نور علی اختتام یافت۔"

میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ فقہ ہندی کے دونوں مذکورہ نسخے کسی قدیم تر بہاری نسخے سے ہی منقول ہیں کیونکہ مثنوی کے ان نسخوں کی زبان پر بہاریت کا صاف اثر ہے۔ مثنوی فقہ ہندی عہد عالمگیر کی تصنیف ہے۔ مجھے اب تک فقہ ہندی کے پانچ نسخوں کی اطلاع ملی ہے۔ ایک پنجاب میں، دوسرا گجرات میں، تیسرا اودھ میں، اور چوتھا و پانچواں بہار میں۔ بنیادی طور پر یہ سب نسخے ایک جیسے معلوم ہوتے ہیں۔ ان کی زبان ایک ہے۔ ہاں تھوڑا مقامی بولیوں کا اثر موجود ہے۔ لیکن فقہ ہندی کے پنجاب نسخے پر پنجابی بولی کا اثر بھی ہے۔

سب سے پہلے فقہ ہندی کا نسخہ اسپرنگر کو کتب خانۂ اودھ میں ملا تھا۔

Marfat.com

اُنؒ نے فہرستِ کتب خانۂ اودھ میں اسے محشرنامہ کے نام سے موسوم کیا ہے۔ وہ اس رسالے کے ناظم کا نام محمد جیونؔ عرف محبوب عالم متوطن جھجھر بیان کرتا ہے۔ چند اشعار جو نقل کیے گئے ہیں اُن میں کچھ فقہ ہندی کے دوسرے نسخوں سے ملتے ہوئے ہیں۔ پروفیسر شیرانی کو فقہ ہندی کا ایک دوسرا نسخہ مملوکہ پروفیسر سراج الدین آذر ایم۔ اے ملا جو ۱۲۳۳ھ کا نوشتہ ہے۔ اسپرنگر کا اقتباسی شعر کسی اور رسالہ کا معلوم ہوتا ہے۔ دوسرے نسخوں میں وہ شعر ہرگز نہیں۔ اُسے مصنف کے نام میں بھی غلطی لگی ہے۔ فقہ ہندی کا مُصنف عبدیؔ ہے، نہ کہ محمد جیونؔ۔ عبدیؔ کا نام مثنوی کے مندرجہ ذیل شعر میں آتا ہے ؎

کیتے مسلہ دین کے عَبدی کہے امین
فقہ ہندی زبان پر بوجھو کرو یقین

ایک ہندوستانی زبان میں فقہ اسلامی کے مسائل پیش کرکے فقہ ہندیؔ کے مُصنّف نے بڑا انقلابی قدم اٹھایا تھا۔ اُس کا یہ عمل بہت مقبول ہوا۔ پنجاؔب کے علاوہ ہریاؔنہ، گجراؔت، اودؔھ، اور بہاؔر میں اسے شہرت اور مقبولیت حاصل ہوئی۔

فقہ ہندی کا گجراتی نسخہ علامہ سلیماؔن ندوی کو سفرِ گجرات کے دوران ملا تھا۔ علامہ نے مثنوی کے اشعار کے حوالے بھی درج کیے ہیں۔ اس نسخہ میں تصنیف کا سال ۱۰۷۵ھ لکھا ہے۔

فقہ ہندی کون موماں کرو زبان پر یاد
مسائل آویں دین کے کبھو نہ ہوئے فساد
سنہ ہزار و پچھتر بیچ ماہ رمضاں تمام
اورنگ شاہ کے دَور میں نسخہ ہوا تمام

اِس نظم کا وزن عربی و فارسی اوزان میں سے نہیں، بلکہ ہندی وزن کی

۵؎ "پنجاب میں اُردو"، پروفیسر محمود شیرانی ص۲۳۶ تا ص۲۳۹ اور ص۲۲۵۔

۶؎ "سفرِ گجرات کی چند یادگاریں"، نقوشِ سلیمانی ص۲۰۶۔

Marfat.com

پیروی میں ہے۔

بہاری نسخوں کے ابتدائی اشعار حسب ذیل ہیں:

؎ حمد ثنا سبھہ رب کوں خالق کل جہان
لائق حمد ثنا کی اور نکوئی جان
علم شریعت نال کی بھیجا پاک رسولؐ
جو کچھ بھیجا رب نے سبھہ ہم کیا قبول

... ...

کیتی مسلہ دین کی عبدؔ[1] کہے امین
فقہ ہندوی زبان پر بوجھو کر ہو یقین
مطلب مسلہ بوجھنا جو کو جیہہ ہوئی زبان
عربی ترکی فارسی ہندوی یا افغان
علم شریعت بوجھنا فرض عین کی جان
بالغ جورو مرد کوں جو ہوئی مسلمان

فقہ ہندی خاصا بڑا رسالہ۔ کل ۲۲ اوراق بہاری نسخہ نمبر ۱ میں موجود ہیں اور ہر صفحہ پر کم و بیش چھ اشعار درج ہیں ختم رسالہ پر مندرجہ ذیل اشعار ملتے ہیں:

کعبہ آوے نظر میں پڑھ درود دعا
اور تکبیر و تہلیل کہہ جو ہی امر خدا

فقہ ہندوی کوں موماں آؤ زبان پر یاد
مسلہ اویں دین کے مول نہوئی فساد

سنہ ہزار چوہتر[2] بیچ رمضان تمام
اورنگ شاہ کے دور میں نسخہ ہوا تمام

۱؎ بہار شریف کے نسخہ نمبر ۱ کے حاشیہ پر "عبدؔ" کے پاس لکھا ہے۔ "نام صاحب مصنف"

۲؎ پنجابی اور بہاری نسخوں میں ۱۰۷۴ ہجری سنہ تصنیف لکھا ہے۔ گجراتی نسخہ ۱۰۷۵ ہجری اور اودھی نسخہ میں "سن ہزار چوتھے"

Marfat.com

فقہ ہندی کے بہاری نسخوں میں بہاری زبان کے اثرات جا بہ جا ملتے ہیں۔ مثلاً ہندوئی، کرہو، جورو، سبھہ، بیچہ، ہاتھہ، دینہہ، جاؤ نہہ، پانچہ، بچھین ۔ "ھ" کی آواز کا اعلان بہاری بولی میں مُبالغہ کے ساتھ دیر تک ہوتا رہا۔ پنجابی نسخہ میں "ھ" کی آواز گر گئی ہے۔ نئی ہند آریائی زبانوں میں وسطی زبانیں یعنی مغربی ہندی، مشرقی ہندی اور بہاری زبانیں "ھ" کی آواز کو الفاظ کے بیچ یا آخر میں بڑی تاکید سے قائم رکھتی ہیں۔ "ھ" کی مرکّب آواز بھی قائم رکھی جاتی ہے۔ مثلاً: گھ، جھ، دھ، ڈھ بھ برخلاف ان کے بنگالی، پنجابی اور سندھی میں "ھ" کی آواز گرجاتی ہے یا بنیادی طور پر بدل جاتی ہے۔

فقہ ہندی کے پانچوں نسخوں کی زبان کا عام ڈول اور ڈھانچہ کھڑی بولی ہندوستانی کا ہے۔ مختلف ناقلوں نے اپنی اپنی مقامی زبان کا لحاظ رکھتے ہوئے قدرے ردّ و بدل کیا۔ اس مثنوی کے سب نسخوں میں پنجابی اثر کا موجود ہونا اس امر کی دلیل ہے کہ عہد عالمگیر میں ہی یا اس کے قریب ترین زمانہ میں فقہ ہندی، اودھ، بہار اور گجرات میں منقول ہو کر مقبول خاص و عام ہو چکی تھی۔ اواخر عہد مُغلیہ میں بہاری اُردو میں پنجابی اثر مٹ چکا تھا۔ اگر مثنوی کی نقل بہت بعد میں ہوتی تو مقامی ضروریات کا لحاظ کرکے پنجابی الفاظ بالکل ترک کر دیے جاتے کیونکہ بہاری نسخوں میں ردّ و بدل کا بہاری میلان پایا جاتا ہے۔ قرائن یہی کہتے ہیں کہ رسالہ فقہ ہندی تصنیف کے فوراً بعد ہی پنجاب سے بہار پہونچ گیا تھا اور یہاں اچھی طرح سمجھا جاتا تھا۔ پروفیسر شیرانی لکھتے ہیں:

"شمالی ہندوستان میں جس میں دہلی بھی شامل ہے، اُردو کی قلمی یادگاریں گیارہویں صدی ہجری سے زیادہ قدیم نہیں ملتیں پنجاب میں بھی اسی صدی سے تالیفات کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ پنجاب میں مولانا عبدی کی تصنیف رسالۂ فقہ ہندی سب سے قدیم ہے۔ جو ۱۰۶۰ھ میں

لہ "انڈو ایرین اینڈ ہندی" چٹرجی ص۱۔

لہ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو میرا مقالہ "مثنوی فقہ ہندی" رسالہ نقوش، لاہور۔

Marfat.com

بعد اورنگ زیب عالمگیر لکھا جاتا ہے۔"

بہار میں قصہ ہندی کے دو قدیم نسخوں کا پایا جانا اس حقیقت کا ایک ثبوت ہے کہ اس صوبہ میں اُردو زبان عہدِ عالمگیر میں پھیل گئی تھی۔ مثنوی کے مختلف نسخوں سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ عالمگیری دَور میں شمالی اور جنوبی ہند میں قدرے مقامی رنگ کے ساتھ لسانی یکسانی پیدا ہو گئی تھی۔ یہ زمانہ بہار میں اُردو زبان کے ارتقا کا ایک اہم سنگ میل ہے۔

مجھے ایک اور اہم اور قدیم کتاب کے دو قلمی نسخے بہار میں ملے ہیں یہ کتاب مُلّا محمد رمضان کی نظم کردہ ہے۔ نام "آخرت نامہ" یا "آخرگت" ہے۔ پہلے پہل مجھے اور پروفیسر حسن عسکری صاحب کو یہ خیال ہوا تھا کہ "آخرت نامہ" کسی بہاری کی تصنیف ہے۔ مگر بعد میں خارجی اور داخلی شہادتوں سے حقیقت معلوم ہوئی۔ بہرکیف صوبۂ بہار کے دو مختلف مقامات میں "آخرت نامہ" کے پرانے قلمی نسخوں کا ملنا اس امر کا ثبوت ہے کہ اس صوبہ کے قصبات میں بھی اُردو زبان کا اثر و نفوذ عہدِ عالمگیر کے بعد بھی دن بہ دن بڑھتا گیا۔ نیز یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ وسط تیرھویں صدی ہجری تک لسانی و ادبی لحاظ سے ہریانہ سے لے کر صوبۂ بہار تک ایک وسیع دائرہ قائم ہو چکا تھا۔ "آخرت نامہ" مُلّا محمد رمضان متوطن ہریانہ کی تصنیف ہے۔ پروفیسر محمود شیرانی نے اپنی مشہور کتاب "پنجاب میں اُردو" کے مقدمہ میں محمد رمضان اور "آخرگت" کا سرسری تذکرہ کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

> "...... ہریانی علاقوں میں تصنیفات کا سلسلہ برابر جاری رہتا ہے لیکن اس کے ادبیات کے متعلق ہماری موجودہ معلومات بہت محدود ہیں حضرت شاہ غلام جیلانی رُہتکی مُصنّف "چوپائیہا" متوفی ۱۲۳۵ھ اور مولوی محمد رمضان مُصنّف "آخرگت" و "بلبل باغ محمد" ۱۲۲۶ھ اور انور رُہتکی (جو اسی صدی کے نصف دوم سے علاقہ رکھتے ہیں) کے نام اور تصنیفات سے پتہ چلتا ہے کہ مجوب عالم کی تحریک اس علاقہ میں

لہ پنجاب میں اُردو" ص ۲۲۵ لہ ملاحظہ ہو میرا مقالہ مطبوعہ "معاصر" پٹنہ دسمبر ۱۹۵۶ء۔

برابر جاری رہی ہے۔ (مقدمہ صفحہ نمبر)

"آخرت نامہ" کا ایک نسخہ بانگ درا کے سائز کا ہے۔ اس میں ایکسو سولہ اوراق ہیں۔ دوسرا نسخہ الفاروق کے سائز کا ہے۔ دونوں نسخوں کا کاغذ زرد اور موٹا ہے۔ دونوں بہاری نسخے مکمل ہیں۔ ایک نسخہ مجھے پروفیسر سید حسن، صدر شعبۂ فارسی پٹنہ کالج کے ذریعہ شیخ محمد منصور ایم۔ اے سے ملا اور دوسرا پروفیسر سید حسن عسکری، صدر شعبۂ تاریخ، پٹنہ کالج سے حاصل ہوا۔ اوّل الذکر نسخہ پر درج ہے:

"حق مالک ایں نسخہ کتاب آخرت نامہ شیخ غلام مخدوم ابن شیخ غلام نجف بن شیخ محمد عالم ولد محمد جہانگیر ساکن موضع اوگانواں پرگنہ حویلی بہار اند ...."

ثانی الذکر نسخہ پروفیسر سید حسن عسکری کو خانقاہ منیر شریف سے دستیاب ہوا تھا۔ دونوں نسخوں میں تھوڑا تھوڑا فرق نظر انداز کرنے کے قابل ہے۔ "آخرت نامہ" کا آغاز یوں ہوتا ہے ؎

پہل حمد ہی پاک سبحان کی — بنائی جی جن صورت انسان کی
کیٔ آپ عالم اٹھارہ ہزار — بزرگی کا آدم پی کیّا اوتار
جو لاشی و مذکور ظاہر کیا — سبب خاک نطفہ کی باہر کیا

اختتام کتاب یوں ہے ؎

تیری دوست کی نام پر ہی ختم — محمدؐ نبی جو شفیع الامم
ختم دوست کی نام اُوپر ہو بنٔے — محمدؐ محمدؐ محمدؐ بنیے
محمدؐ محمدؐ علیہ السّلام — علیک الصّلواۃ ہمیشہ مدام

تمت تمام شد کتاب آخرت نامہ و آخر گت
بتاریخ ہشتم شہر ربیع الثانی ۱۲۳۲ھ ہجری المقدس

دوسرے نسخہ میں تاریخ کتابت، بست و پنجم شہر جمادی الاوّل ۱۲۴۹ھ درج ہے۔

کتاب کے خاتمے سے کچھ پہلے مصنف فرماتے ہیں:

غرض ایک ہی سب پڈھن ہار پر — کریں دی دعا مجھ گنہ گار پر

Marfat.com

آخرگت میں تاریخ ہی سن کتاب ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ بہر آخرت نامہ نام کتاب
اس ادہین ات جہین رمضان نام ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ محمدؐ ہو سر پر تو تاریخ نام
محمدّ و رمضان دونوں ملیں ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ گیارہ سے تراسے عدد ہون کہین
یہی سن ولادت ہی رمضان کے
جو ابجدؔ سے واقف ہو پہچان کے

محمدّ رمضان کا سن ولادت ۱۱۸۳ھ ہے اور "آخرت نامہ" کا سن تصنیف "آخرگت" سے ۱۲۲۲ھ نکلتا ہے۔ آخرتؔ نامہ ایک مذہبی منظوم کتاب ہے جس میں مناجات کے علاوہ جانکنی، موت، عذاب قبر، موجباتِ نجات، احوال شہدا، احوال قیامت، علامت قیامت، امام مہدی، جنگِ نصاریٰ، احوالِ دجّال، نزدا عیسیٰ علیہ السّلام، یاجوج ماجوج، شفاعت، نامۂ اعمال، میزان، کلمۂ تجید وغیرہ کا بیان ہے۔

اَب میں عہدِ وسطیٰ میں بہار کی زبان کی کیفیت کا ایک دوسرا پہلو پیش کرتا ہوں۔ کھڑی بولی ہندوستانی نے بہارؔ میں اب تک گھر بنالیا تھا اور سماج کے مختلف طبقوں میں طرح طرح سے اپنا اثر دکھارہی تھی۔ ملی جُلی پوربی اور بہاری بھاشاؤں کے درمیان کھڑی ہندوستانی۔ بولی ریختہ کے سہارے پَنپنے اور پھیلنے لگی تھی۔

راجہ مان سنگھ بہارؔ کا ایک جلیل القدر گورنر تھا۔ پروفیسر حسن عسکری کو راجہ موصوف کا ایک فرمان شاہ مختارؔ احمد ساکن جروہمہ متصل حاجی پور سے ملا ہے۔ اس کا عکس بنگال پاسٹ اینڈ پریزنٹ، جلد ۶۶ سنہ ۱۹۴۶-۴۷ء میں حسن عسکری نے اپنے مقالہ کے ساتھ شائع کرایا ہے۔ فرمان فارسی میں بھی ہے اور ہندوستانی میں بھی۔ ہندوستانی عبارت مہاجنی رسم الخط میں ہے اور اس کی پچیس سطریں ہیں ہندوستانی عبارت داہنی طرف ہے اور فارسی عبارت بائیں جانب۔ فرمان راجہ مانؔ سنگھ حسب ذیل ہے:

"سیدؒ محمد و سید احمد عرف ماموں بھانجہ

لہ BENGAL PAST AND PRESENT, VOL 66- 1946-47.

حکم عالی شد

عمال و متصدیان مہات پرگنہ حاجی پور بعنایت و التفات امیدوار بودہ بدانند کہ بموجب تصحیح و تصدیق صدارت پناہ مرحومی قاضی یعقوب و اسناد حکام سابق موازی چہاردہ بگہہ زمین مزروعہ خارج جمع اثر سال تمام از موضع جروہہ از پرگنۂ مذکور در وجہ مددِ معاش شیخ بخش و جمال مجاوران مزار متبرکہ قطب الاقطاب مقرر بود داخل ۲۱، ذی الحجہ ۹۹۹ھ۔"

ہندوستانی عبارت مہاجنی رسم الخط میں حسب ذیل ہیں:

"سری مہاراج دھیراج۔ سری مان سنگھ جیو!

ناتو متصدی مہات پرگنہ حاجی پور آدی سیس اسنا بچنے ایہ بموجب تسہی[1] و تصدیق قاضی یعقوب و سند سابق حکام موازی مزروعہ چودھ بگہہ کاشت سال تمام از موضع جروہہ از پرگنہ مذکور در وجہ مدد معاش شیخ بخش باجماعہ مجاوران مزار مقرر ہے۔ سہی فصل خریف پارس[2] ایل ۹۹۹ھ بہ ایں دستور سابق بشرط قبض و تصرف و موافق تقسیم قانون گویان حوالہ مشارٌ الیہ کے کیجیو۔ دخل مت کرو۔ وہرل پروانہ طلب مت کرد۔ سال تمام میں فی بگہہ مزروعہ پیچھے ٹکہ[3] یک خالصہ لیجیو۔ اورد اور کچھو دخل مت کرد۔ سری سری۔ اپوکرن ۱۲، ذی الحجہ ۹۹۹ھ[4]۔"

یہ ہندوستانی عبارت فارسی و عربی آمیز یعنی "ریختہ" ہے۔ "اُردو" اور "کچھو" کے فارم اور مہاجنی (راجستھانی) رسم الخط کے استعمال سے راجستھانی اثر کا پتہ چلتا ہے۔ راجہ مان سنگھ، راجپوتانہ کا ہی رہنے والا تھا۔ اُس کے عمل

---

[1] تسہی۔ تصحیح [2] پارس ایل ترکی مہینہ ہے غالباً۔ [3] ٹکہ، چونی۔

[4] یہ دستاویز اب تک مالک (شاہ مختار احمد، ساکن جروہہ، متصل حاجی پور) کے پاس ہے۔ عکس، "جرنل پاسٹ اینڈ پریزنٹ" جلد ۶۶، ۱۹۴۳ء۔

Marfat.com

کے کچھ لوگ بھی راجستھانی ہوں گے۔ قرینہ یہ ہے کہ فارسی عبارت کے ساتھ ہندوستانی عبارت اس لیے لکھی گئی کہ بہار کے لوگ اور سرکاری عمّال ہندوستانی کھڑی بولی ریختہ کو آسانی سے سمجھ سکتے تھے۔ کیونکہ اس کا رواج عام ہو رہا تھا سرکاری زبان تو فارسی تھی۔ مگر کھڑی ہندوستانی بولی بھی بہار میں اب تک اپنی انفرادیت، وقار اور عمومیت قائم کر چکی تھی۔ حکومت کی رواداری کی یہ ایک اچھی مثال بھی ہے۔ سرکاری دستاویزوں میں سرکاری زبان کے علاوہ اگر دوسری علاقائی یا عمومی زبانوں کو جگہ دی جائے، تو یہ دستاویزیں، اعلان نامے اور حکم نامے لوگوں کے ہر طبقہ میں اچھی طرح سمجھے اور پسند کیے جائیں۔

اُوپر کی سطروں میں راجستھانی رسم الخط میں لکھی ہوئی ہندوستانی کھڑی بولی ریختہ یعنی اُردو کا ایک نمونہ پیش کیا گیا ہے جو بہار میں ملا ہے۔ یہ سولھویں صدی عیسوی کے آواخر اور سترھویں صدی عیسوی کے آغاز کی زبان ہے جو اس صوبہ میں رواج پا چکی تھی۔ اب میں میتھلی رسم الخط میں لکھی ہوئی ہندوستانی کھڑی بولی کا ایک قدیم نمونہ[1] پیش کرتا ہوں جو آج سے تقریباً دو سو سال قبل کا ہے، یعنی وسط اٹھارویں صدی عیسوی کا۔ اس میں عربی و فارسی لفظوں کی آمیزش بھی ہے۔ غرض یہ کہ یہ نمونہ کھڑی بولی ریختہ کی اچھی خاصی مثال ہے۔ مگر اس میں تت سم سنسکرتی شبد بھی ہیں۔ کیونکہ جس کتاب سے یہ عبارت لی گئی ہے وہ ایک مہا میتھلی پنڈت کی لکھی ہوئی ہے۔ مجھے مذکورہ بالا مخطوط پروفیسر جے ڈیو مصرا[2] سے حاصل ہوا تھا۔

---

[1] انیسویں صدی کے آواخر تک کھڑی ہندوستانی بولی مختلف رسم الخطوں میں لکھی جاتی رہی ہے۔ پروفیسر سید حسن عسکری، صدر شعبہ فارسی پٹنہ کالج کے پاس بمبئی کے تھیٹروں میں کھیلے جانے والے درجن بھر ایسے مطبوعہ اُردو ڈرامے ہیں جو گجراتی رسم الخط میں شائع کیے گئے ہیں۔ رسالہ "نوائے ادب" بمبئی میں ان کا مقالہ شائع ہو چکا ہے۔

[2] پروفیسر جے دیو مصرا، صدر شعبہ میتھلی، پٹنہ کالج۔ علم نجوم کی یہ کتاب "سورج سدھانت" سنسکرت کا ترجمہ ہے۔ جسے گوکل دانند مصرا نے کیا تھا۔ انہیں ڈھکہہ مصر بھی کہا جاتا تھا۔ آپ پروفیسر جے دیو مصرا کے لکڑ دادا تھے۔ میتھل پنڈتوں میں علوم قدیمہ کا ذوق و شوق اب تک ہے (باقی صفحہ پر)

Marfat.com

پنڈت کُودا نند مِصرا معروف بہ دُلہہ مِصرَ (दुल्लह मिश्र) نے سنسکرت زبان میں علم نجوم کی ایک معیاری کتاب "سوریہ سدھانت" یا "سورج سِدّھانت" (सूर्य सिद्धान्त) مصنفہ وَراہہ میہیرَ کا ترجمہ ہندوستانی کھڑی بولی میں کیا تھا۔ پنڈتوں کے درمیان یہی زبان اُس عہد میں چلی ہوئی تھی یعنی ملوان کھڑی ہندوستانی بولی۔ پنڈت کودا نند مصرا چونکہ میتھلی تھے لہٰذا انھوں نے میتھلی رسم الخط استعمال کیا۔ یہ ترجمہ قریبًا دو سو برس پہلے وسط اٹھارہویں صدی عیسوی میں ہوا۔ کسی بڑے علم دوست انگریز نے پنڈت دُلہہ مِصر کے سپرد علم کی یہ عظیم الشان خدمت کی تھی جس سے پنڈت جی کما حقہٗ عہدہ برا ہوئے۔ "سوریہ سِدھانت" کا مذکورہ ترجمہ ایک لپیٹے ہوئے پلندے کی شکل میں پروفیسر جےَ دیو مصر کے پاس موجود ہے۔ یہ قدیم مخطوطات اور تصویروں کے لپٹنے کا چینی طریقہ ہے۔ کاغذ نیپالی ہے جسے ماڑے لیسدار بنا کر (مڑیا کر) سُکھایا جاتا ہے۔ اور پھر سنکھ سے چکنا کیا جاتا ہے۔ میتھلا علاقہ تبتیوں اور نیپالیوں کے قبضہ میں رہ چکا ہے۔ وہاں چینی اثر کا پایا جانا تعجب خیز نہیں۔ دستاویزوں اور مخطوطوں میں ورق کے نیچے ورق چپکائے جاتے تھے اور لکڑی کے دستے میں اس طومار کو لپیٹ دیا جاتا تھا۔ "سوریہ سِدھانت" کا ترجمہ بھی نیپالی کاغذ کے کئی اسکرولوں میں پیش کیا گیا تھا۔ اسی صورت میں وہ مخطوطہ آج بھی موجود ہے۔ پروفیسر جےَ دیو مصر کی مدد سے میں نے اس کتاب سے عبارتیں نقل کی ہیں:

(بقیہ حاشیہ ص ۱۰۵) "سوریہ سدھانت" بھاشکر چارج بھی موسوم ہے۔ اس کے علاوہ "گراہ لاگھو" مصنفہ برہم گپتا کا بھی ترجمہ "کھڑی بولی" میں ہے۔ ترجمہ کودا نند مصرا ہی کا کیا ہوا ہے۔ غالبًا سوریہ سدھانت (सूर्य सिद्धान्त) ۱۷۵۰ء میں لکھی گئی۔

کودانند مصرا کے عہد کا تعین دوسری دستاویزوں اور مذکورہ کتاب سے بھی ہوتا ہے۔ پنڈت موصوف نے شاہ عالم ۱۷۵۹ء تا ۱۸۰۶ء بادشاہ کے عہد سلطنت اور شتاب رائے کی صوبہ داری کے دور میں علم نجوم کی یہ کتاب لکھی تھی۔ لکھتے ہیں:

"شری شری شری شری گوہرشاہ پادشاہ۔ شری شری شری مظفر جنگ نواب۔ شری شری شتاب رائے صوبہ دار، شری شری مہاراجہ پرتاب سنگھ ......" (آغاز کتاب سوریہ سدھانت)

"چندر گلشا" کا پیدا اِسی کہتین ہے۔ جس روج[1] میں بوجھنے کا ہوئے۔ تس اَپا نے روج[2] میں راتی کے چندر اودئے کال میں چندر ما کا چھپایا دَا د شانگل شنکو سین چھپایا ناپنا۔ تس ہی کال مین جنتر سین چندر اسپشٹ معلوم کرنا۔ تس چندر ما کا اسپشٹ کرانتی (ایک آدمی) جیا کرنا تس سین شیتی جیا لاؤ نا۔ تس سین چر جیا (دوسرے آدمی) سادھنا۔ تس کا دھنوسین چرُ ہوتا ہے۔ چر سین چندر ما کا دِنا ردھ کرنا.......... والخ۔"

اور:

"سورج سِدّھانت میں بھی کہا ہے۔ شلوک ایک سرشٹی شروح[3] سین بریہپتی کا جتنا بھگنتر بتیا ہوئے تس کون بارہ سین پورر کرنا۔ تس مین تتنا راشی میزان کرنا۔ تس کون ساٹھ سے بھاگ ہرتے میں سیس بوجھنا۔ بجئے شروح جے اوغیرا[4] گنٹرنا کریکے بریہپت کا برس معلوم کرنا..."

اور:

"جس سبب سین سوگرھ گلشا کا شٹا ماردھ چلکرن ہے۔ گنترت سے بھی چلکرن لاؤ نا۔ اس طرح سے جو چلکرن معلوم ہوا۔ تس کا برگ مین دور جیا درگ کمی کرنا۔ تس کو جو مول سو کوٹی ہے۔ سو جو کوٹی سو مکرادیکمندر مین کوٹیجا اُت پھلجیا اس دونوں کا میزان بردبر[5] دیکھا ....."

معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتاب سورج سدھانت کا آزاد ترجمہ ہے۔ کیوں کہ لکھا ہے کہ: "سورج سدھانت میں بھی کہا گیا ہے"۔ یہ لفظ "بھی" قابل غور ہے۔ قرینہ ہے کہ علم نجوم کی مذکورہ کتاب "سوریہ سدھانت کی بنا پر لکھی گئی ہے۔ مگر ترجمہ نہایت ہی آزادانہ ہے۔ عبارتوں کا "ریختہ پن" اور "تت سم" شبدوں کا بھوار ساتھ ساتھ دلچسپ اور سبق آموز ہے۔ یہ صحیح ہے کہ اُردو کے مزاج میں "تدبھاؤ" شبد باریابے ہوئے ہیں۔ لیکن "تت سم" کا قدرے استعمال

---

[1] روج۔ روز [2] روج۔ روز [3] شروح۔ شروع

[3] شروح۔ شروع [4] اوغیرا۔ وغیرہ [5] بردبر۔ برابر

ہوتا رہا ہے۔ اگر آج اور آئندہ بھارتی اُردو میں کچھ اور ڈھب کے موزوں تت سم سنسکرت شبد سلیقے اور قرینے سے لے لیے جائیں تو سازگار ہوں گے۔ بہرکیف مذکورہ بالا تین چھوٹی چھوٹی عبارتوں میں مندرجہ ذیل عربی و فارسی الفاظ[1] استعمال کیے گئے ہیں:

پیدا۔ روز۔ آدمی۔ شروع۔ میزان۔ معلوم۔ وغیرہ۔ طرح۔ کمی۔ برابر۔ سبب۔ روز، دو بار۔ معلوم کرنا، دو بار۔ معلوم ہوا، ایک بار۔ آدمی، دو بار۔ شروع، دو بار۔ میزان، دو بار۔ (میزان اور میزان کرنا)۔ پیدا۔ ایک بار۔ وغیرہ ایک بار۔ طرح، ایک بار۔ کمی کرنا، ایک بار۔ برابر، ایک بار۔ سبب، ایک بار۔

پوری کتاب میں کثرت سے عربی و فارسی لفظ برتے گئے ہیں۔ مُشتے نمونہ از خروارے پیش ہوچکا۔ اس قیمتی مخطوطے سے دو نتیجے نکلتے ہیں۔ اول یہ کہ کھڑی بولی ہندوستانی میں "ریختہ پن" فطری اور عومی رَو ہے اور اس میں ہندو ہندوستانی، اور مُسلم ہندوستانی کی تفریق غلط اور فتنہ ساماں ہے۔ یوروپی تحقیق کرنے والوں اور اساتذہ نے ناحق یہ تقسیم کی اور دو طرز کے لسانی میلانوں کو فرقہ داری نام دیدیئے۔ حدیہ کہ پروفیسر گارساں دتاسی نے بھی "ہندوستانی[2] زبان کی ہندوئی اور اسلامی شاخوں" کا فرق روا رکھا ہے۔ اگر ہندوستانی کی دو طرزوں کی انفرادیت تسلیم بھی کرلی جائے تو یہ بات مناسب اور غلط ہوگی کہ ایک کو ہندو طرز اور دوسرے کو مسلم طرز کہا جائے۔ یہ تو طے ہے کہ دونوں طرزوں میں ریختہ پن کم و بیش موجود ہوتا ہے[3]۔ پھر اُردو زبان ہندوؤں میں بھی مروّج ہے اور ہندی مُسلمانوں میں بھی۔

---

[1] عربی و فارسی الفاظ بھی ۔ پراکرتی رَو ۔ سے متاثر ہوئے ہیں۔ اور ان کا بھی ۔۔۔ روح۔ شروت۔ اوگیا

[2] خطبات گارساں دتاسی ۱۸۵۰ء تا ۱۸۶۹ء۔ دوسرا خطبہ ۔۔ تا ۔۔۔ پانچواں خطبہ ۔۔۔ انجمن ترقی اُردو، اورنگ آباد (دکن) ۱۹۳۵ء۔

[3] ہندی کی لغت "شبد ساگر" میں بکثرت عربی و فارسی الفاظ ہیں نیز ۔۔ ہندی ڈکشنری میں۔

Marfat.com

دوسرا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ رسم الخط کے معاملے میں ہندوستانی جیسی وسیع الاثر اور ہندگیر زبان کو وحدانی بنانا غلط ہے۔ مذکورہ مخلوطہ میں ہندوستانی کھڑی بولی ریختہ کو میتھلی رسم الخط میں پیش کیا گیا ہے۔ اسے ناگری رسم الخط میں پیش کیا جائے یا فارسی رسم الخط میں یا گجراتی، مرہٹی اور گورمکھی و بنگالی میں، اس تنوع کی اجازت ہونی چاہئے اور ہندوستانی کے دو میلانات کو انتہا پسندانہ طور پر منحرف ہونے دینا نہیں چاہئے۔ یہی سلامتی، صحت، امن اور اتحاد کا طریقہ ہے۔

بہ ہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش

من اندازِ قدت را می شناسم

قبل تذکرہ ہو چکا ہے کہ معیاری اُردو زبان کی ترکیب کی دو جہتیں ہیں۔ کھڑی بولی کی جہت اور عربی، فارسی و ترکی الفاظ کی آمیزش کی جہت۔ عہد قدیم و عہد وسطیٰ دونوں میں بہار پر مغربی مدھ دیش کی بولیوں کا اثر پڑا اور یہاں کی بولیوں میں عربی و فارسی لفظوں کی آمیزش بھی ہوئی۔ آج بھی اس امر کا بہ کثرت ملتا ہے کہ یہاں کی بھوجپوری، مگہی اور میتھلی بولیوں میں عوامی حیثیت سے عربی، فارسی و ترکی الفاظ داخل و شامل ہیں اور ان کا روز مرّہ استعمال ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ لفظ نئے مہمان نہیں ہیں، بلکہ صدیوں پہلے بہاری بولیوں میں گھر چکے ہیں۔

میں نے بہار کے گاؤں، بستیوں، قصبوں اور شہروں سے ایسے الفاظ جمع کیے ہیں جو عربی، فارسی یا ترکی ہیں۔ مگر عوام کی بولیوں سے اس طرح گھل مل گئے ہیں کہ وہ صوبہ کی مختلف علاقائی بولیوں اور مقامی روز مرّہ کا اُٹوٹ حصہ بن کر زبان عام پر چڑھ چکے ہیں اور جنتا کے خیالات و جذبات میں گھر کر گئے ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ عمل صدیوں قبل شروع ہوا ہو گا اور یہ الفاظ اس امر کا ثبوت ہیں کہ بہاری بولیوں میں "ریختہ پن" علاقائی لسانی تحریک و عمل ہے۔ اس عمل نے صوبہ میں معیاری اُردو زبان کے جڑ پکڑنے میں بڑی مدد دی ہے۔ ہندوستانی بولیوں کا "ریختہ" بننا بہت ہی قیمتی، فائدہ رساں اور یکسانیت و اتحاد پیدا کرنے والا عمل ثابت ہوا۔ اس "ریختہ پن" نے بھانت بھانت کی نئی ہند آریائی بولیوں کو متحد کیا۔ ملک کو ایک بین العلاقائی زبان بخشی۔ ہندگیر معیاری اُردو زبان کے پیدا ہونے میں مدد دی۔

Marfat.com

ایک قومی زبان کے تصور کو جنم دیا اور اس کی پرورش کا سامان بہم پہنچایا۔

اَب میں اپنے پنج سالہ لسانی سروے کا خلاصہ پیش کرتا ہوں۔ اگر زیادہ وسعت سے صوبہ میں لسانی سروے اور تجزیہ کا کام سائنٹیفک طور پر کیا جائے تو نتیجے زیادہ بصیرت افروز ثابت ہوں گے۔ سارے صوبۂ بہار کی بولیوں میں تدبھاؤ شبدوں کا عمل دخل ہے اور ان سے مل کر بنی ہوئی ریختہ کا۔ عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کے ساتھ بھی اسی طرح پراکرتی عمل (PRAKRITI ACTION) ہوا اور پھر اپ بھرنشوں کی سی کیفیت بھی پیدا ہوئی جیسی عہد قدیم میں سنسکرت شبدوں پر گزری تھی۔ شمالی اور جنوبی بہار کے اکثر باشندوں کی زبان کا یہی ڈھانچہ، ڈھنگ تماش اور رنگ ہے۔ چھوٹا ناگپور میں آدی باسی قبائلی بولیاں اور تدبھاؤ الفاظ سے بنی ہوئی ملواں مگہی، ٹولی، بولی جاتی ہے۔ جس میں عربی و فارسی لفظ بھی ملے ہوئے ہیں۔

موجودہ بہار تین حصوں میں بنا ہوا ہے۔ شمالی بہار (جو دریائے گنگا کے اُتر ہمالہ تک واقع ہے)، جنوبی بہار (جو دریائے گنگا کے دکھن چھوٹا ناگپور کی سطح مرتفع تک پھیلا ہوا ہے)، اور چھوٹا ناگپور (یعنی جنوبی بہار کے دکھن کی سطح مرتفع اور کہستان، جو اُڑیسہ تک وسیع ہیں)۔ شمالی اور جنوبی بہار میں نئی ہند آریائی بولیوں کا غلبہ ہے۔ مگر چھوٹا ناگپور میں کول ڈراور آدی باسی بولیوں کا زور ہے۔ اس کے باوجود اس علاقہ میں بھی اُردو زبان اسی ڈھنگ سے پھیلی ہے جیسے وہ دکن میں پھیلی تھی۔ حیدرآباد کا شہر تلنگانہ علاقہ میں ہے مگر وہ اُردو کا مرکز بنا۔ اسی طرح رانچی اُڑاؤں منڈا زبانوں کے حلقہ میں ہے۔ پھر بھی وہ چھوٹا ناگپور میں مرکزِ اُردو کی حیثیت رکھتا ہے شہر عظیم آباد (پٹنہ) اس دیار میں شاہجہاں آباد (دہلی) کا مثیل ہے۔ قدیم عہد میں جھارکھنڈ کا علاقہ آریائی اثرات کے تحت نہیں آیا تھا۔ شیر شاہ سوری نے اس خطہ میں دراوڑ قوم (چیرو قبائل) کا زور توڑا۔ اور جہانگیر کے زمانے میں چھوٹا ناگپور سلطنت دہلی کے زیرنگیں ہو کر پٹنہ کی عملداری میں آیا۔ ۱۶۶۰ء کے بعد آریائی بولیوں کا اثر تیزی سے چھوٹا ناگپور میں پڑنے لگا۔ قربت کی وجہ سے مگہی بھاشا چھوٹا ناگپور میں پھیلی شمال کے بسنے والے بھی وہاں جاکے بسے اور اپنی بولی ساتھ لے گئے۔ مقامی لب و لہجے سے متاثر ہو کر مگہی بھاشا ہی پہلے مروج ہوئی اور بعد ازاں کئی بولی ریختہ

کا اثر و نفوذ ہوا۔ عہد وسطیٰ میں ہی اُردو زبان چھوٹا ناگپور پہنچ گئی تھی۔ عہد جدید میں عیسائی مشنریوں کے ذریعہ کھڑی بولی کو ہندوستانی کے پھیلنے میں بڑی مدد ملتی ہے۔ آدی باسی قبائل کے لوگ بھی اب ہندوستانی بولنے لگے ہیں۔ انجمن ترقی اُردو (ہند) نے سہیل عظیم آبادی کو تقسیم ملک سے پہلے قبائل میں ترویج اُردو کے لیے مقرر کیا تھا۔ فی الحال رانچی، ٹاٹا نگر، ہزاری باغ، چائی باسا، پرولیا، لوہردگا، گوملا، اٹکی ڈالٹن گنج وغیرہ کے گرد اُردو زبان پھیل رہی ہے۔ اِن مراکز میں اُردو بولنے اور پڑھنے والوں کی بڑی خاصی تعداد موجود ہے اور وہاں اُردو تحریک بھی چل رہی ہے۔ رہی ہے۔

بہاری جنتا کی بولیوں میں گھُلے ملے ہوئے عربی، فارسی و ترکی الفاظ درج ذیل ہیں:

مُلک، بادشاہ، سرکار، حاکم، رعیت، فیصلہ، داروغہ جمعدار، منشی، قبالہ، حصّہ، تحصیلدار، تحصیل، وصول، قسط، مُسماۃ بقلم خاص، خاص، عام، ناظر، عدالت، عذر، عذرداری، داخل خارج جمع، جمع بندی، زمینداری، زمیندار، آبپاشی، گلِ اندازی، بارانی چاہی، زمین، جائیداد، مزروعہ، غیر مزروعہ، تعیناتی، بحث، وکیل مختار، جرح، ضلع، صفائی، فیصلہ، مقدمہ، فوجداری، پیشی، دیوانی خاص محال، کاشت، کاشتکار، خود کاشتہ، مدعی، مدعاالیہ، زمانہ نگاہ، زور، مضبوط، نظر، ہردم، سوال، جواب، باورچی، جہیز بیکار، بیکاری، ایمان، بے ایمان، قسمت، تقدیر، نصیب، پردہ خراب، رکاب، چابک، لگام، زین، اصطبل، عداوت، دشمن دشمنی، آسمان، چارخانہ، فیلبان، موزہ، پائتابہ، مکان، چہاردیواری حدبندی، بندوبستی، دروازہ، دربار، ناشتہ، غالیچہ، شامیانہ، قالین خیمہ، قنات، تکیہ، گاؤتکیہ، درباری، سرکاری، فانوس، چادر آرام، بیماری، علاج، خیال، پرہیز، روشنائی، تختہ، تختی حکیم، مؤکل، دوا، روشنی، تحنت، سخت، کوشش، دری، کم

Marfat.com

بیش ، رعب داب ، بہادر ، شریف ، ہمّت ، محنت ، مزدوری ،
مزدور ، انقلاب ، دانہ بندی ، عباقبا ، جامہ ، آئین ، قانون ،
سلامت ، انتظام ، آباد ، پاندان ، قیمہ ، قلیہ ، پلاؤ ،
قاب ، طشتری ، دیوارگیر ، خوگیر ، کفگیر ، بارہ دری ، سینہ ، بازو ، دستی ،
سر ، پاجامہ ، شیشہ ، آئینہ ، قلم ، دوات ، کاغذ ، کتاب ، دفتر ،
جلد ، دریچہ ، دریچی ، دستخط ، دستاویز ، وکالت نامہ ، عرضی ، دعویٰ ،
دعویٰ ، دائر ، مزاج ، معافی ، قبالہ ، قبولیت ، انصاف ، منصف ،
قبضہ ، تیر ، تلوار ، دخل ، دہانی ، بیع ، بنام ، عرضی ، گذار ، گواہ ،
گواہی ، دوست ، خواب ، خوب ، شان ، فقیر ، صورت ، شکل ،
خوبصورت ، بدصورت ، نام ، بدنام ، دوست ، زلزلہ ، آوارہ ،
خرچ ، تماشہ ، چشمہ ، قمیص ، ازار ، ازار بند ، اجارہ ، اجارہ داری ،
خاکی ، بادی ، قرض ، شیرنی ، سایہ ، نشان ، پتہ ، پنجہ ، ناخن ،
کُشتی ، کشتی ، تباہ ، برباد ، خطرہ ، خطرناک ، جان ، شُبہ ،
مدد ، مددگار ، بندوق ، صندوق ، خورش پوشش ، خیرات ، مرد ،
عورت ، مردانہ ، زنانہ ، بچّہ ، حرام ، حلال ، عجب ، تعجب ،
گناہ ، ثواب ، عزّت ، عملہ فعلہ ، بےعزّتی ، عملداری ، معاملہ ،
قافلہ ، سرکار ، پیروی ، شاباش ، بدمعاش ، بدمعاشی ، ثبوت ،
چراغ ، شیخی ، زہر ، باغ ، گلزار ، غلّہ ، ربیع ، شیر ، زبان ،
بیان ، تحریر ، تحریری ، طوفان ، دنیا ، جہان ، پرچہ ، پُرزہ ،
پَر ، حرج ، حرجانہ ، سبز ، سُرخ ، نقارہ ، چالاک ، چالاکی ،
پُشت ، قلعہ ، پیوند ، پابند ، پابندی ، فریاد ، آبادی
فریادی ، فصل ، دوکان ، دوکاندار ، خرید ، خریدار ، اقرار ،
اقرارنامہ ، سردار ، سرداری ، درستی ، دریا ، سردی گرمی سرد ،
گرم ، نرم ، بستر ، محل ، مسجد ، تازہ ، سرا ، [illegible] ، [illegible] ، بالی ،
جوش ، کمال ، حملہ ، زخم ، مرہم ، مہمان ، میدان ، خاندان ،

Marfat.com

اِنسان ، حَیا ، شرم ، سامان ، گلدان ، دربان ، پاسبان ، مزہ
مزہ دار ، تَر ، خُشک ، خُشکی ، تری ، پوشاک ، خوراک ، خوراکی ،
خزانہ ، خزانچی ، بندوقچی ، وزیر ، بادشاہی ، بیگم ، حکم ، احکام ،
ہوشیار ، ہوشیاری ، قول ، قرار ، بے قرار ، بے قراری ، دل ، بُزدل ،
خوش ، خوشی ، راضی ، رضامند ، غم ، غمی ، مُردہ ، زندہ ، قبر ،
کفن ، آتشبازی ، شکار ، میرشکار ، نشانہ ، نذرانہ ، بیعانہ ، چادر ،
غلاف ، چارپائی ، قَسم ، قِسم ، دَرد ، بےدرد ، پسند ، ناپسند ،
سیاہی ، موضع ، ضلع ، ساکن ، رسید ، سکونت ، خرابی ، شرابی ،
جائز ، ناجائز ، نازک ، قطار ، فرصت ، تلاش ، تلاشی ،
نالش ، ثالثی ، جُرمانہ ، خواہش ، گردش ، گرد ، سفید ، سفیدی (چونا)
گردانی ، محبّت ، نفرت ، جوان ، جوانی ، بیوہ ، سادہ ، ارادہ ،
مہتابی ، جَلد ، جَلدی ، شریک ، شریک دار ، غریب ، امیر ، غریبی ،
امیری ، ناراض ، سزا ، حساب ، پروانہ ، قُرق ، چاقو ، بدہضمی ،
شادی ، برادری ، مقام ، صبح ، شام ، درخت ، روزگار ، درجہ ،
زبردستی ، مالک ، چیز ، تاریخ ، مُلاحظہ ، شوق ، شوقین ، صحیح ، غلط ،
غلطی ، کاروبار ، بَد ، بدی ، غلام ، غلامی ، آزادی ، داغ ، ذکر ،
جگر ، جگری یار ، بہار ، دماغ ، شہر ، دیہات ، دیہاتی ، سوار ،
پیادہ ، تینچی ، حِصّہ ، حصّہ دار ، حصّہ داری ، شروع ، گذارہ ،
اندر ، ظالم ، ظلم ، غضب ، حال ، حالت ، طور ، طریقہ ، راہ ، اثر ،
معلوم ، ہزار ، مزار ، گرفتار ، بازار ، گرفتاری ، بازاری ، مقابلہ ،
استعفٰی ، طرح ، موسم ، قیمت ، سفارش ، خیریت ، خبر ، خط ، اخبار ،
بدل ، افسوس ، طرف ، طرفداری ، علاقہ ، قصور ، حضور ، ضرور ، نشہ ،
زندگی ، تیز ، چہرہ ، نقشہ ، جاہل ، رنگ ، مطلب ، غرض ، نبض ،
قارورہ ، تنگ ، تنگی ، نواب ، نوابی ، لفافہ ، لحاف ، توشک ،
جہاز ، دقّت ، سفر ، پریشان ، پریشانی ، حیران ، حیرانی ، میراث ،

درخواست ، ترقّی ، دُور ، نزدیک ، ختم ، آخر ، بخار ، علم ، رحم ، دوامی ، نامی ، گرامی ، روز ، مستی ، سُستی ، سُست ، ترازو ، کبوتر ، باز ، سُرخاب ، مرغابی ، تیار ، تیاری ، صوبہ ، ملکی ، گلاب ، گلابی ، شراب ، کباب ، زردہ ، ضمانت ، کارخانہ ، مُشاہرہ ، درماہہ ، صد ، صدی ، شوخ ، شوخی ، مشعل ، قلعہ ، سُرمہ ، نقصان ، محلّہ ، نتیجہ ، باقی ، اختیار ، اجازت ، حاضر ، حاضری ، غیرحاضر ، غیرحاضری ، تماشہ ، نازک ، نادان ، نیک ، نیکی ، تکلیف ، صحبت ، پاک ، ناپاک ، عیب ، ہُنر ، عیب دار ، بے عیب ، بے عزّت ، عزّت دار ، شرم ، بے شرم ، مزاج ، مشکل ، آسان ، آسانی ، نصیحت ، فضیحت ، تقدیر ، قسمت ، ہوش ، حواس ، تدبیر ، نگاہ ، بے ہوش ، مصیبت ، سال ، تنخواہ ، آہ ، خواب ، دماغ ، نوبت ، عمر ، سن ، خط ، ضد ، ضدی ، خزانہ ، خزانچی ، زندگی ، وغیرہ وغیرہ ۔

صوبۂ بہار میں قدیم اُردو کے نمونے حضرت شیخ شرف الدین احمد رحمۃ اللہ علیہ کے عہد سعید سے ملتے ہیں ۔ حضرت ۶۶۱ھ میں بمقام منیر (ضلع پٹنہ) پیدا ہوئے اور ۷۸۲ھ میں بمقام بہار (ضلع پٹنہ) انتقال فرمایا ۔ تعلیم و تربیت بنگال میں پائی تھی اور بیعت دلّی جاکر حاصل کی تھی ۔ ان کے بہت سے ہندوی دوہے ہیں جن میں بعض بیماریوں کی مجرب دوائیں بتائی گئی ہیں[1] " ابتدا میں سُلطان المشائخ نظام الدین اولیاء کے مرید ہونے کی نیت سے ۶۹۰ھ میں دہلی آئے لیکن اس وقت تک اُن کا انتقال ہوچکا تھا ۔ آخر دہلی میں شیخ نجیب الدین فردوسی کے مُرید ہوگئے ۔ بہار جاکر مدتوں کوہ راجگیر میں ریاضت و عبادت [illegible] رہے ۔ ۷۸۲ھ میں وفات پائی ۔ اور میر اشرف جہانگیر سمنانی نے نماز جنازہ پڑھائی ۔ تصنیفات کے سلسلہ میں آپ کے ملفوظات و مکتوبات موسوم بہ معدن المعانی

---

[1] نقوشِ سلیمانی : علامہ سلیمان ندوی ، ص ۳۵-۴۸

[2] پنجاب میں اُردو : پروفیسر محمود شیرانی ، ص ۳۵-۱۴۲ ۔ نیز مکتوبات صدی ۔

Marfat.com

کتاب ارشادات السالکین اور شرح آداب المریدین مشہور ہیں۔ شرف[1] نامہ احمد منیری ابراہیم بن قوام فاروقی نے آپ ہی کے نام پر سلطان باربکشاہ ۸۶۲ھ و ۸۷۹ھ والی بنگالہ کے عہد میں لکھا ہے۔ "شیخ شرف الدین بھاشا میں بھی شاعری کرتے تھے۔ اور شرف آپ کا تخلص تھا"۔ حضرت مخدوم سے کئی فالنامے "رکھ منترے، نسخے، نقش اور طلسمات منسوب کیے جاتے ہیں۔ اِن سب کے متعلق قطعیت کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ حضرت مخدوم کے قلم یا زبان سے نکلے۔ لیکن قرائن یہی کہتے ہیں کہ ملفوظات اور بیاضوں میں جو آپ کے نام سے کلام درج ہیں وہ کسی نہ کسی حد تک ضرور حضرت شرف الدین احمد بہاری کے ہی ہیں۔

"معدن المعانی حضرت کے ملفوظات" کا مجموعہ ہے۔ جس کو ان کے مرید زین بن بدر عربی نے ان کی زندگی ہی میں لکھ کر ان کی خدمت میں پیش کیا تھا۔ یہ کتاب ۱۳۰۱ھ میں بہار کے مطبع شرف الاخبار میں چھپی تھی۔ اس کتاب کی پہلی جلد کے صفحہ ۲۰۳ میں مذکور ہے کہ حضرت اور اُن کے ایک رفیق خواجہ جلال الدین حافظ ملتانی میں گفتگو ہو رہی تھی

"ہمدرین محل جلال الدین مذکور گفت کہ بزبان ہندوی نیکو گفتہ است ہرکہ گفتہ است۔ "باٹ بھلی پر سانکری" بعد ازاں بندگی مخدوم عظمہ اللہ برزبان مبارک راند کہ "دیس بھلا پر دور" [2]

پروفیسر حسن عسکری اس طرز کے حوالوں کے بارے میں کہتے ہیں کہ اُن کی صداقت میں شبہ کی گنجائش باقی نہیں"۔

---

[1] پنجاب میں اُردو: پروفیسر محمود شیرانی، صفحہ ۲۱۔ مولانا ابراہیم فاروقی۔ بنگالہ کے رہنے والے تھے۔ یہ فرہنگ انھوں نے بڑی محنت سے تالیف کیا تھا۔ اس میں عربی، فارسی الفاظ کے ہندی مرادف الفاظ دیے ہیں۔

[2] بہار میں اُردو: سلیمان ندوی، ندیم، گیا، بہار نمبر، ۱۹۳۳ء۔
نقوش سلیمانی: " " ص ۴۹-۴۸۔ بحوالہ معدن المعانی مطبوعہ شرف الاخبار بہار، ۱۳۰۱ھ مطابق ۱۸۸۴ء، جلد اول، ص ۲۰۳۔ اور قرون وسطیٰ کے بہار میں ہندوی تصنیف کی تاریخی اہمیت۔ پروفیسر سید حسن عسکری، سالنامہ ساتھی، پٹنہ ستمبر ۱۹۵۲ء، ص ۴۹۔

باٹ بھلی پر سانکری ۔ راہ اچھی تر تنگ۔ شادی بیاہ کے گیتوں میں " سانکری رے گلیا " یعنی گلی تنگ ہے۔ آج تک بہار کے مسلمان گھرانوں میں بھی مستعل ہے۔

" دیس بھلا پر دُور " کی ترکیب میں تدبھاؤ شبدوں کے ساتھ " دور " فارسی لفظ کی آمیزش قابل مُطالعہ ہے۔ بہار میں " ریختہ " بن چکا تھا اور یہ رَد رفتہ رفتہ آگے بڑھ رہی تھی۔ علامہ ندوی فرماتے ہیں ۔ " اس وقت تک ایک متحدہ زبان کا قالب تیار ہو چکا تھا۔" (ندیم ۔ بہار نمبر ۱۹۳۳ء)

ایک دفعہ معمول کے مُطابق حضرت مخدوم بہاری شب گشت کر رہے تھے تو انھیں کسی گاؤں کے قریب رات گزارنے کے لیے پوُال سے بدن ڈھانکنا پڑا۔ جب گاؤں والوں نے آپ کو شبہ پر پکڑا تو آپ نے فرمایا :

" دو منہو ترک چھونا بھاتی " ۔ لہ

یعنی ' دو مجھ کو چھوڑ، تنگ ہونا نہیں بھاتا ۔

اس جملہ کی ترکیب نہایت توجہ کش ہے ۔ ' دو منہو ترک ' میں فارسی ترکیب کی پیروی ہے یعنی فعل پہلے ہے ۔ اُردو میں اوّل اوّل یہی وضع تھی ۔ جو فارسی اثر کے تحت دیر تک قائم رہی ۔ اور ہندی بھاشاؤں کی ترکیب سے اُسے ممیز کرتی رہی ۔ گریرسنؔ نے بھی اُردو اور ہندی کے اس فرق کو بیان کیا ہے ۔ لیکن جدید اُردو میں یہ فرق باقی نہیں رہا ۔ دوسری بات یہ کہ حضرت مخدوم کے اس جملے میں بھی " ریختہ پن " موجود ہے ۔ یعنی لفظ " ترک " کا استعمال جو عربی ہے ۔

اُوپر کی مثالوں کے علاوہ اندرون صوبہ اور بیرون صوبہ کی مختلف بیاضوں میں حضرت مخدوم بہاریؒ کا کلام ملتا ہے ۔ مثلاً :

لہ " قرونِ وسطیٰ کے بہار میں اسلامی تصوف کی تاریخی اہمیت "
از ، پروفیسر سید حسن عسکری ، سالنامہ ساتھی ، پٹنہ ، ستمبر ۱۹۵۲ء ۔
بحوالہ ، گنج رشیدی ، ملفوظات صوفی جونپوری حافظ دیوان عبدالرشید ۔

سہ " لنگوئسٹک سروے آف انڈیا "
گریرسن ، جلد نہم ، حصہ اوّل صـ ۴۲ ۔

Marfat.com

فالنامہ : دسؔ چار کچھ اگم آوے آٹھ پانچ پہل مانگے آوے
تین اگیارہ بھنچے راج نو سو سترہ کرے اکاج

اس کے علاوہ آپ کا ایک شعر یہ بھی ہے ؎

؎ شرفا گور ڈرا دن نس اندھیاری رات
دان نہ پوچھے کون تمہاری جات

"پنجاب میں اُردو" میں حضرت مخدوم بہاری کا جو رُقعہ مندرہ، درج ہے۔ اس کے اہم ٹکڑے حسب ذیل ہیں:

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیمؕ اَللّٰھُمَّ صلِ علیٰ محمدؐ وآلِ محمدؐ . . . .
" " " " " کرتا بیدن ہرتا دہی ایک سرجن ہار . . .
" " " چوک مہورت میں تمہیں ساکھی دہرت ہوں . جو کچھ فلانے کے پنڈ پران میں ہُوئی ، راہ کا ، باٹ کا ، کُوٗے کا ، پوکھر کا ، اندھیاری کا ، اُجیالی کا ، چوٹ کا ، چھیٹ کا ، کیے کا ، کرائے کا ، بھیجے کا ، بھجائے کا ، لانگھے کا ، اُلکھین کا دیو دانو بھوت پلیت راکس بھوکس ، ڈائن ڈکن سکھن کچّن چوڑیل میل ملان جان بھوان " " " "
گلٹی پھرکی باؤ گولا . سُرخ باد ، سبز باد ، سیاہ باد ، زرد باد و ہفتاد دو باد

لہ و ؎ ، بہار اور اُردو شاعری ، از پروفیسر محمد معین الدین دردائیؔ (علیگ) ص۱۳ بحوالہ ملفوظات خاندانی قلمی سید شاہ نجم الدین نجمؔ . دردائیؔ صاحب خسروؔ سے پہلے کے ایک بہاری شاعر کا بھی حوالہ دیتے ہیں۔ لکھتے ہیں :

"ناصر الدین اور اس کے بیٹے معزالدین کیقباد کی جنگ کے حالات کو حضرت خسروؔ سے بہت پہلے ایک بہاری شاعر نے . . . . . . قلم بند کیا تھا۔ خسرو کی قرانِ سعدینؔ ہر جگہ مشہور ہے۔ لیکن غریب بہاری شاعر کا بھی ایک شعر یاد ہے ؎

ننگی اوجڑی نگری کو تب کریں آباد دان
ناصر دیں سے جب ملیں موجدین کیا دان

(بہار اور اُردو شاعری
از محمد معین الدین دردائی ص۲)

Marfat.com

ہر بادے کہ باشد در وجود فلاں جن آپکار دہس ہے دوہائی سلیمان
بن داؤد پیغمبر کی جل بھسمنت ہو بیک بلا جائے " " " "
" " " سراپ جی جی کرنت تی تی مرنت " " " "
کالا ہنسا نرملا بسے سمندر تیر
پنکہ پسارے بکہ ہرے نرمل کرے سریر درد رہے نہ پیر
بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ای دوہرہ راسہ بار بخواند۔

شرف حرف مایل کہیں درد کچھو نہ بسائے
گرد چھوئیں در بار کی سو درد دور ہو جائے[1]

پروفیسر محمود شیرانی لکھتے ہیں: "کنج مندرہ اس عہد کی اُردو کا بھی ایک اچھا خاصا نمونہ ہے۔" (ص ۱۴۴) کنج مندرہ میں عربی فارسی عبارت کے علاوہ ہندوستانی عبارت کے اندر اور دوہرں میں بھی "ریختہ پن" موجود ہے۔ مثلاً' فلانے '، 'راہ' 'جان'، 'بلغم'، 'فلاں'، 'بن'، 'پیغمبر'، 'درد'، 'حرف'، 'گرد'، 'دربار'، 'دور'، اس میں کوئی شک نہیں کہ حضرت شرف الدین احمد بہاری کے عہد میں اُردو زبان کی بُنیاد قائم ہو چکی تھی۔ "آپکار دہس ہے دوہائی سلیمان بن داؤد پیغمبر کی" کے جملے میں "دہس" بہاری زبان کی خاص علامت ہے۔ 'دہس ہے' بمعنی 'دی ہے' یا 'دیا ہے'۔ دوسری اہم بات "ہے" کا استعمال ہے۔ فعل ہے "کھڑی بولی کی خصوصیت ہے۔ یہاں اس کا استعمال اہمیت سے خالی نہیں۔ کیوں کہ یہ اُردو کی پہچان ہے۔

" دیسنہ۔ ضلع پٹنہ کے کتب خانۂ اصلاح میں ایک فالنامہ کے دو صفحے پُرانے

---

[1] پنجاب میں اُردو، از پروفیسر محمود شیرانی، ص ۱۴۴ تا ص ۱۴۶۔ بحوالہ بیاض مملوکہ مولوی محبوب عالم صاحب ایڈیٹر پیسہ اخبار۔ نیز اُردو کی ابتدائی نشوونما میں صوفیائے کرام کا کام، ص ۸۰۔

[2] قرون وسطیٰ کے بہار میں اسلامی تصوف کی تاریخی اہمیت، پروفیسر سید حسن عسکری: ساتھی، سالنامہ نمبر ۲۵۲ علامہ عسکری صاحب کے نزدیک "ہے"۔ دوسری اپ بھرنشوں میں نہیں پایا جاتا۔ اور یہ لفظ کھڑی بولی میں فارسی سے آیا ہے

ساقی اگست ہوائے مے ہے :: جز بادہ مبار ہیش ماشے (حافظ شیرازی)

کاغذ کے ہیں ۔ " " ۔ " اس کے سرنامہ پر اس فالنامہ کی نسبت حضرت مخدوم کی طرف کی گئی ہے ۔ اس میں کُل ستائیس فقرے ہیں ۔ جن میں سے بعض یہ ہیں : " (نقوش سلیمانی سلیمان ندوی ص۴۹)

۱۱۱ جو من کی منسی کیا ہوئی سو ہوئی۔

۱۱۳ ناہیں کچھ کرو نصیب لاگی بات ہے۔

۱۳۱ ایہیں ، ابھین ناہین۔

۳۱۱ ابھین ناہین ، سوت رہو جائے۔

۲۲۳ ناہین ہیگا اور کام کرو۔

۳۳۱ راج پاٹ اچل کے دیا تمکون۔

۲۳۲ آگے برُے دن گئے اب سُکھ پاوہ گے۔

۲۳۲ ابھین ناہیں آگو ہو پکا۔

مجھے اپنی تحقیقات کے سلسلہ میں کتب خانہ خانقاہ بلخیہ ، فتوحہ ، ضلع پٹنہ میں ایک اور فالنامہ ملا ۔ یہ بھی حضرت مخدوم بہاریؒ سے منسوب ہے ۔ یہ حضرت میر جعفر حسین رحمۃ اللہ کے دستِ مبارک کا لکھا ہوا ہے ۔ سنہ کتابت ۱۱۹۰ھ جعفر حضرت جعفر کی مزار باڑھ ، ضلع پٹنہ میں ہے ۔ جناب سیّد شاہ تقی حسن صاحب بلخی سجادہ نشین خانقاہ بلخیہ فتوحہ کے پاس اور کئی قیمتی ملفوظات و مخطوطات موجود ہیں ۔ فالنامہ حضرت مخدوم بہاری کے فقرے اور جملے حسب ذیل ہیں :

ناہیں کیوں کرہو ۔ نصیب لاگی بات

ناہیں ابھین ، ناھیں ابھین کچھ

جو مَن چِنتا ہو ، سُستی پاوُگی وغیرہ وغیرہ۔

علامہ سُلیمان ندوی نے شفار الامراض ، حکیم محمدی دیسنوی مرحوم کے قلمی نسخہ (دیسنہ) کے حوالہ سے حضرت مخدوم کے ہندی دوہے نقل کیے ہیں۔

لہ نقوش سلیمانی ۔ ندوی ، ص۴۹۔

"بہار اور اُردو شاعری" میں پروفیسر معین الدین دردائی نے اس نسخہ کو یوں لکھا ہے : (باقی ص۱۱۹ پر)

لودھ پھٹکری مردا سنگ ہلدی زیرا ایک ایک ٹنک
افیون چنہ بھر مرچیں چار اُرد بھر موتھا اس میں ڈار
پوست کے پانی پوٹلی کرے نینا پیرا پل میں ہرے

تلاش و جستجو سے حضرت مخدوم بہاری کا اور کلام بھی مل سکتا ہے۔ مگر قطعیت کے ساتھ اُن کے بارے میں یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ من و عن حضرت کا کلام ہے۔ پروفیسر حسن عسکری ایک ایسے دو صد سالہ قلمی نسخہ کی اطلاع دیتے ہیں۔ جو ہندی میں ہے اور محفوظ پایا گیا ہے۔ اس نسخہ میں بھی حضرت مخدوم کا کلام ملا ہے۔

حضرت مخدوم شرف الدین احمد بن یحییٰؒ (منیری) بہاری کے ارشد خلفاء میں حضرت مظفر شمس بلخی اور حضرت منہاج راستی پھلواروی بہار کے اجل صوفیوں میں سے گزرے ہیں۔ حضرت بلخی ۷۸۲ھ میں اپنے پیر حضرت مخدوم بہاری کے وصال کے بعد سجادہ نشین ہوئے۔ آپ کا انتقال ۸۰۳ھ میں ہوا۔

حضرت بلخی کی پیدائش غالباً ۷۲۵ھ میں ہوئی تھی۔ آپ کی تصنیفات اور ملفوظات بہت ہیں۔ سو کے قریب آپ کے مکاتیب ملتے ہیں۔ جنھیں مولوی عبدالرحمن بہاری نے ترجمہ کرکے مع متن طبع کرانا چاہا تھا۔ تیس بتیس مکاتیب طبع بھی ہوئے۔ بقیہ قلمی مکاتیب مع ترجمہ پروفیسر معین الدین دردائی کے کتب خانہ میں محفوظ ہیں۔ آپ کا ایک مطبوعہ دیوان فارسی بھی ملتا ہے۔ مکتوبات مظفر شمس بلخی کتب خانہ مشرقیہ خدابخش خاں بانکی پور میں بھی ہیں۔ جناب حکیم تقی حسن صاحب بلخی۔ فتوحہ (ضلع پٹنہ) کے کتب خانہ میں بھی حضرت مظفر بلخی اور شاہ ید اللہ (۸۵۳ھ) کے ملفوظات موجود ہیں۔

حضرت مخدوم بہاری کے انتقال کے بعد حضرت مظفر بلخی نے خواب ...

(حاشیہ بصفحہ ۱۱۸) لودھ پھٹکری مردا سنگ ہلدی زیرا اک یک ٹنک
افیون چنا بھر مرچیں چار اُرد برابر موتھا ڈال
پوست کے پانی میں پوٹلی کرے آنکھ کے پیرا ...

لے بہار میں اُردو شاعری۔ پروفیسر معین الدین دردائی۔ ...

آپ کو فرماتے ہوئے سُنا:

"آئیں رات سُہائیاں ،جن کارن ڈھیاں کھائیاں"[1]

یعنی ' وہ سُہانی راتیں آگئیں جن کے لیے میں نے اتنے دھکّے کھائے !

(مونس القلوب)

{حضرت مظفر بلخی کے پرپوتے ، حضرت احمد لنگر دریا بلخی کی تصنیف}

حضرت بلخی کا ایک دوہہ پروفیسر دردائی نے نقل کیا ہے :

جی[2] مگن ہے کہ آئی ہیں سُہانی رتیاں

جن کے کارن تھے بہت دن سے بنائیں گتیاں

بہار کے صوفیا کی بول چال میں کھڑی بولی کا عنصر نمایاں ہوتا تھا۔ لیکن اُن کی بھاشا کی شاعری رلی مِلی اَپ بھرنشوں میں ہوتی تھی۔ چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں :

دوہہ ۔ آمی[3] کوَنَ تَنِ پنکھر دا جنگل کرنہہ اُداس

کنکر چُنہہ جل بنیہہ دہنی نہ چھو وہ نہ پاس

دیگر ۔ جیٹھ[4] اساڑہ نہ آئیا باتاں بہر ہریا نہہ

تی بہیری بسار دہن تہلی جلتھلنا نہ

پہلے دوہے میں بنگالی اور پوربی (اودھی و بہاری) اثر موجود ہے۔ دوسرے میں پنجابی اثر بہاری اَپ بھرنش کے ساتھ آمیز ہے۔

دوہہ ۔ باٹ[5] بہلی پرسانکری ۔ نگر بھلا پردور ناہہ بھلا پر یا تلاناری کرہر چور

دیگر ۔ سانکر[6] کوئی بتال پانی لاکہنہ بوند بکالی ۔ بجر پرداتہہ متھر انگری کانہہ پیاسا ئی

دیگر ۔ کہائیوں[7] آپن گھر تیہر کہایون نِست بہتار ۔ بیچ بلندیا گھر چوی بوند پری ہنہار

دیگر ۔ جالوں[8] نورچلکیں جالوں بکٹ کتار ۔ جہین سروت بوتس سائیں ہنسار

---

[1] "قرونِ وسطیٰ کے بہار میں اسلامی تصوّف کی تاریخی اہمیت"، پروفیسر حسن عسکری، سالنامہ 'ساقی' پٹنہ ستمبر ۱۹۵۲ء، ص ۴۹ اور پٹنہ یونیورسٹی جرنل جلد دہم ص ۶۶ ۔

[2] "بہار اور اُردو شاعری"، دردائی، ص ۱۴۱ ۔ [3] و [4] مکتوبات حضرت مظفر شمس بلخی، کتب خانہ مشرقیہ، پٹنہ مکتوب نمبر ۱۷۳؛ سنہ کتابت ۱۱۵۰ھ ۔ [5]، [6]، [7]، [8] مکتوب نمبر ۱۷۲، کتب خانہ مشرقیہ، پٹنہ ۔ نیز شمالی ہند کے صوفیائے کرام کی ہندی دوستی ۔ معاصر پٹنہ حصّہ ۴ ۔ از سید حسن عسکری ۔

خدابخش خاں کی لائبریری کے علاوہ مولانا تقی بلخی کے پاس بھی مکتوبات مظفر شمس بلخی کا ایک نسخہ موجود ہے۔ اُس میں بھی یہ دوہے ہیں۔

حضرت بلخی اپنے ایک سو اکیسویں[1] خط میں فلسفۂ عشق و جان سپاری سے بحث کرتے ہوئے ایک واقعہ کا تذکرہ فرماتے ہیں۔ واقعہ مختصراً یوں ہے کہ ایک "کماچی" حضرت مخدوم بہاری کے سامنے اپنے "کمانچہ" پر تماشہ دکھلانے لگا۔ اُس نے ایک دوہرا گایا۔ حضرت کے دل پر بڑا اثر ہوا۔ اور آپ کی آنکھوں میں آنسو آگئے۔ وہ دوہرا یوں ہے:

ایکتَ کندی بیدہا ہو تر بھر کہ کائں
جتا ہِیں رکھیا مَرن تتھی نہائں

(مکتوب صد و بست و یکم۔ در مُردن بکوئے دوست۔ بجانب مولانا کریم الدین مکتوب حضرت بلخی۔ کتب خانہ مشرقیہ، بانکی پور)

حکیم تقی حسن بلخی فتوحہ کے مملوکہ نسخے میں دوہرا کا پہلا مصرع یوں ہے:

ایکٹ کنڈی بیدھا ہوتر بھر کے کائں

اِس دوہے سے اس عہد کی زبان کا اندازہ ہوتا ہے اور صوفیوں کے مذاق و مزاج کا بھی پتہ چلتا ہے۔

حضرت بلخی کے ہمعصر صوفی حضرت سید احمد چرم پوش بہاری کے فقرے بھی ملفوظات میں ملتے ہیں۔ آپ زاہد و پارسا کا فرق بتاتے ہوئے فرماتے ہیں:

"بیتا مُن نونیہ شرومنی کہا ہوئے۔ ایہیں بیدہا مان میاں سرنہ کینی کوئے"

(ضیاء القلوب)

پٹنہ یونیورسٹی کے شعبۂ مخطوطات میں ایک گرانقدر مخطوطہ[2] کتاب "مناقب محمدی" کا ہے۔ یہ کتاب حضرت سید محمد امجھری کے مناقب میں ہے۔ آپ سید درویش محمد تاج الدین

---

[1] "اُردو ہندی زبانیں" سید حسن عسکری، معاصر جلد ۲، حصہ ۸، اپریل ۱۹۴۸ء پٹنہ

[2] نمبر ۱۱، پٹنہ یونیورسٹی لائبریری، حصۂ مخطوطات۔ اس مخطوطہ کی کتابت ۔۔۔ سید غلام ۔۔۔ بتاریخ نوزدہم ربیع الثانی مطابق ہفتم ماہ بھادون ۔۔۔

Marfat.com

الجیلانی کے فرزند تھے۔ حضرت اُمجھری کے مرید خاص علی شیر شیرازی القادری نے کتاب لکھی تھی۔ اس میں حضرت سید محمد اُمجھری کے بغداد شریف سے اُمجھر تک کے سفر کے حالات ہیں۔ آپ نے بڑی لانبی عمر پائی۔ غالباً ایک سو بیس برس۔ تاریخ وفات ۸۴۳ھ، ربیع الاول۔ روز جمعہ ہے۔ " سال تاریخ رفتش 'عشق ست'۔ مناقب میں حضرت سید محمد کا ایک جملۂ ہندوستانی بھی درج ہے۔ اور وہ یہ ہے:

" نہ مانا جیو اینہا نرہنا ہوا "

مناقب محمدی میں سوانح نگار اپنے پیرو مرشد کے ذوق وشوق بلیغ اور اس راہ میں مصائب برداشت کرنے کا تذکرہ لکھتے ہوئے بہار کے حاکم دریا خاں کی سیاسی مصلحت اندیشیوں کی وجہ سے ایک مظلوم مسلمان کی فریاد سننے سے انکار کا ذکر کرتا ہے۔ حضرت سید محمد نے کول سرداروں اور گوالوں میں تبلیغ اسلام کیا تھا۔ گوالوں کے ایک نومسلم سردار کا نام صادق رکھا گیا تھا۔ حضرت گاؤں گاؤں دورۂ تبلیغ فرماتے ہوئے ایک مقام پر پہنچے اور وہاں مرکز بنا کر خدا کا پیغام اکل پہنچانے لگے۔ قادری بزرگ کی کرامت کا شہرہ سن کر حاکم نے آپ کے لیے کرشک و خانقاہ تعمیر کرا دی۔ مگر اس بے لوث وسخت کوش خدا کے بندے کو یہ آرام و آسائش پسند نہ آئی۔ اور آپ نے اس جگہ کو چھوڑنے کا ارادہ فرمایا۔ مناقب محمدی میں شیرازی لکھتا ہے:

" ہمیں صادق در سید وگفت۔ سید ایں چنیں کوشکہا آراستہ پیراستہ گذاشتہ چرا می روی۔ او کہ ہندی بود ونیز فہم و فراست نہ داشت از آں اور آنحضرت ہم بزبان ہندی ہمیں قدر فرمودند نہ مانا جیو اینہا نرہنا ہوا، از آں روز نام آں جنگل و چشمہ نرہنا، اُفتاد " باب دوازدہم ص۴۵

حضرت سید محمد نرہنا سے اُمجھر (ضلع گیا) تشریف لے گئے اور وہیں وصال ہوا۔ یہ واقعہ غالباً ۸۴۳ھ کا ہے۔

پندرھویں صدی عیسوی کے ایک جلیل القدر بہاری صوفی حضرت ابوالفیض

؎ آپ بیا بسا کرہ۔ ویشالی (حاجی پور) کے رہنے والے تھے "معدن الاسرار" کے (باقی ص۱۲۳ پر دیکھیں)

Marfat.com

قاضن بن عُلا بن عالم ترہتی ثم المنیری الہاشمی جنھوں نے حضرت عبداللہ شطاری سے مانڈو میں ۴ ذی الحجہ ۸۸۱ھ کو خرقۂ خلافت پایا اپنے ملفوظ معدن الاسرار میں حضرت سید جلالؔ بخاری علیہ رحمت المشہور بہ مخدوم جہانیاں جہاں گشت (متوفی ۷۸۵ھ کا ایک فقرہ نقل کیا ہے۔

"کھندا ہے پھندا کہاں"

ایک شخص نے مخدوم جہانیاں سے یہ سوال کیا کہ آخر کیا بات ہے کہ جب میں عبادت کرتا ہوں تو میری دعائیں اتنی مؤثر نہیں ہوتیں جتنی مخدوم موصوف کی تو حضرت نے جواباً فرمایا: "کھندا ہے، پھندا کہاں" حضرت قاضن مانڈو سے آگے نہیں بڑھے اور سید جلالؔ رحمۃ اللہ دہلی تک آئے اور پھر اوچھ واپس تشریف لے گئے۔ لیکن ان دور اُفتادہ بزرگوں کی زبان سے ہندوستانی بولی کا ایک جملہ متفقہ طور پر ادا ہوتا ہے۔

انگریزوں کی عمل داری کے بعد جو دَور آیا اُس میں زبان اُردو کو بہارؔ میں بڑی عمومیت حاصل ہوئی۔ امن کے قیام کی وجہ سے متحدہ ہندوستانی تہذیبی زبان یعنی اُردو مقبولِ خاص وعام ہونے لگی اور اس میں مذہب وملت کی کوئی تخصیص نہیں تھی۔

پٹنہ کمشنری کے ریکارڈوں میں جناب فصیح الدین بلخی اور جناب قیام الدین احمد ریسرچ فیلو جیسوال انسٹی ٹیوٹ کی کوششوں سے نہایت قیمتی دستاویزیں ملی ہیں۔ یہ دستاویزیں اُردو میں ہیں اور رسم الخط بھی اُردو ہے۔ ان سے سرکاری کاموں میں اُردو کا عام استعمال ثابت ہوتا ہے۔ اور اس عہد کی اُردو زبان کا حال معلوم ہوتا ہے۔ قدیم ترین دستاویز ۱۸۲۹ء کی ہے۔ میں ۱۸۶۴ء تک کے نمونے درج ذیل کر رہا ہوں:

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۲۲) دو نسخے پھلواری شریف میں ہیں ایک قدیم اور دوسرا اٹھارویں صدی کا۔ سالنامہ ساتھی" پٹنہ ستمبر ۱۹۵۲ء۔ (معاصر، پٹنہ جلد ۲، حصہ ۶۔ اپریل ۱۹۵۴ء۔ (معاصر حصہ ۴۔ مقالات از پروفیسر سید حسن عسکری (مجموعہ) پٹنہ کالج۔

Marfat.com

(۱) مندرجہ ذیل درخواست بیچن لعل کار پرداز ومختارِ عام نے مہاراجہ دھیرج نرائن بہادر (برادر مہاراجہ رام نرائن لعل) کے ورثا کی طرف سے سرکارِ انگلشیہ میں بتاریخ ۲۲، اپریل ۱۸۳۵ء پیش کی۔

"غریب پرور سلامت!

مواضعات نورن وغیرہ متعلقہ کنکولی پرگنہ شہسرام ضلع شاہ آباد ملکیت مہاراجہ دھیرج نرائن مقبوضیت رائے ہزاری لعل مورث آقائے فدوی کا بذریعہ قانون دوم کے ضبط ہوا اور بندوبست سرسری اُس کا ساتھ بے علاقگان کے ہوا۔ بامید حصول بندوبست دوامی مواضعات مذکور آقائے فدوی کار پرداز حضور میں صاحبِ مہتمم بندوبست کار پرداز مذکور بحالت بیماری کے کمال مبتلا ہو کر چلا آیا و ظاہر و دریافت ہوا کہ بندوبست دوامی اس کا ساتھ رائے ہر نرائن بشرط منظوری حضور وصدر بورڈ کے عمل میں آیا۔ مسل واسطے منظوری کے صاحب مہتمم بندوبست بھیجا ہے۔ موکل فدوی کا جو کچھ استحقاق بہ نسبت حقیت ملکیت مہاراجہ دھیرج نرائن ومقبوضیت رائے بنواری لعل متوفی کے ہے۔ موافق دفعات مندرجہ ذیل کے التماس کرتا ہے۔ اوّل یہ ہے کہ دست آویزات مندرجہ ذیل واسطے ثبوت وراثت واستحقاق ملکیت کے ہے" " " "

(۱) کرسی نامہ

(۲) چٹھیاں سکریٹری، بموجب کونسل بخط انگریزی درباره تعین مشاہرہ

(۳) ترجمہ چٹھی مذکور بخط فارسی

(۴) پروانہ کونسل اسمی مہاراجہ دھیرج نرائن بہادر بنا برتقرر مشاہرہ بوجہ معاش

(۵) ڈگری کونسل بہ مادہ تقرر مشاہرہ بنام ... ... بوراثت مہاراج دھیرج نرائن ورائے بنواری لعل ہمشیرہ زادہ متبنی مہاراجہ ممدوح

" " " " " " " " "

۱؎ معاصر، حصہ ۳۔ پٹنہ۔ دسمبر ۱۹۵۲ء۔ قیام الدین احمد۔

Marfat.com

خاصی بڑی درخواست ہے۔ اختتام حسب ذیل ہے:

"سوال ہٰذا شامل مسل بندوبست دوامی موضع نورن وغیرہ متعلقہ تعلقہ کنکولی پرگنہ شہسرام ضلع شاہ آباد کے ہوکر بہ تجویز استحقاق فدوی بندوبست دوامی صاحب مہتمم بندوبست کا مسترد فرماکے بندوبست دوامی ساتھ موکل صادر ہو و درصورت کہ اگر مسل ہائے بندوبست دوامی موضع مذکور حضور میں صاحبان عالیشان صدر بورڈ کے واسطے منظوری حضور کے ارسال کیا گیا ہو۔ سوال ہٰذا فدوی کا بذریعہ چٹھی انگریزی حضور میں صاحبان عالیشان صدر بورڈ کے ترسیل فرمایا جائے کہ وہاں بھی موکل تجویز سے حاکمان ممدوح کے اپنے حق کو پہنچے گا۔ فقط

فدوی بیچن لعل ملازم کا پرداز دمختار جمیع امورات رائے کیولا پرشاد نواسہ مہاراجہ دھیرج نرائن بہادر متوفی مالک مقرری دار دیہات متعلقہ تعلقہ کنکولی پرگنہ شہسرام ضلع شاہ آباد۔ ۲۲ اپریل ۱۸۳۹ء"

(ریکارڈ نمبر۲۶، کمشنر آفس پٹنہ ڈویژن کمشنری)

(۲) ایک درخواست ۲۰ جنوری ۱۸۵۵ء کی ہے۔ شہسرام کے شہریوں نے لیفٹیننٹ گورنر کی خدمت میں شیر شاہی تالاب کی صفائی اور مرمت کے بارے میں اپنی گذارش پیش کی ہے۔ ابتدائی القاب فارسی ترکیبوں اور بندشوں میں جکڑے ہوئے ہیں نمونہ تحریر حسب ذیل ہے:

"۔ ۔ ۔ ۔ ازشاہان سلف شیر شاہ بادشاہ اوّل بہ تعمیر و تیاری تالاب کے آبادی اس شہر کا فرمایا۔

۔ ۔ ۔ ۔ سالکنان اہل مکان و مسافران وغیرہ بانجام تمامی امورات و آب نوشی وغیرہ تعلق تالاب کی ہے کہ بخوبی ۔ ۔ ۔ سالکنان و مسافران یہاں کے کرتے چلے آتے ہیں ۔ مردمان نہایت غریب ولاچاری و بے روزگاری کے گذران کرتے ہیں و اوس تالاب کو زیادہ عرصہ تین سو برس کا ہوا ۔ ۔ ۔ ۔ و باعث نہ بنانے تالاب سے پانی غایت ضرر و مکدر ہوگیا۔ و اس شہر میں چاہ و کواں پانی پینے کا جب

شور کے نہیں ہے کہ اس پر گذارہ کریں۔ علی الخلوص گرما و طیش میں باعث
بھر جانے تالاب کے پانی خشک و مکدر مضر ہو جاتا ہے کہ مردمان وجنوران
مانند مچھلی بے آب کے حیران و پریشان رہتے ہیں " " " " " "
" " " " " " " " " زیادہ حد ادب آفتاب
عظمت و اقبال از مطلع اجلال کی پایان و درخشان ہو جو۔ فقط

کاتب سوال	فدویان دلاور سنگھ و شیخ چندو۔ ساکنان
معدن زوال	قصبہ شہسرام متعلقہ ضلع شاہ آباد بیسویں ماہ
منولال	جنوری ۱۸۵۵ء
قانون گوے	
قدیم پرگنہ	
شہسرام	

العبد لچھمن پرساد۔ العبد وزیر علی خاں۔ العبد منو سنگھ۔ صحیح امیر سنگھ
شہداد خاں " رام ٹہر داس۔ بھگوان داس "

" " " " وغیرہ وغیرہ

(ریکارڈ کمشنر آفس۔ پٹنہ۔ جلد ۱۳)

اس درخواست کے آخر میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے اُردو رسم الخط میں بکثرت دستخط ہیں۔ اس امر سے اُس عہد میں اُردو زبان کی وُسعت و ہمہ گیری کا اندازہ ہوتا ہے

(۳) ایک نہایت ہی دلچسپ دستاویز قیام الدین احمد صاحب کو گیا کلکٹری کے محافظ خانہ سے ملی ہے۔ یہ ۱۳ اگست ۱۸۵۷ء کی لکھی ہوئی ایک عرضی ہے۔ عرضی مذکور گیا سے کمشنر پٹنہ کے پاس بھیجی گئی تھی۔ انھوں نے تحقیقات کے لیے اُسے کلکٹر گیا کے پاس بازگردان کر دیا تھا اور اپنا ریمارک بزبان انگریزی تحریر کیا تھا۔ عرضی ذیل میں درج ہے۔

"بحضور ملاذ مان عالیشان نواب گورنر جنرل بہادر دام اقبالہ!

عرضی پرداز ہے کہ چونکہ بوجہ تشریف لے جانے حاکمان انگریزی ضلع
بہار کے خلفشار عظیم و مفسدہ ضخیم اس شہر صاحب گنج اور اطراف میں اس

شہر کے واقع ہوا ہے۔ اس واسطے اطلاع کرنا کل حالات ضلع کا بتصریح و توضیح تمام بحضور والا خیر خواہان سرکار پر انسب والزم معلوم ہوتا ہے۔ تصریح اس کی یوں ہے کہ بتاریخ ۳۱ جولائی ۱۸۵۷ء روز جمعہ قریب نواخت پنج گھنٹہ روز کے بلا ظہور کسی امر کے مسٹر طامس کوٹس ٹراٹر صاحب جج اور باغوائے اون کے مسٹر ای منی صاحب کلکٹر مجسٹریٹ و مسٹر ایس ایچ سی بٹلر صاحب جنٹ مجسٹریٹ و اسسٹنٹ مجسٹریٹ و حالن صاحب او پیم ایجنٹ و صاحب اڈیشنل جج مع جملہ کرانیان اسٹیڈین و دیگر صاحبان و سپاہیان گورہ و کمپنی سکھان جو اس شہر میں مقیم تھے۔ بلا دینے چارج کسی حاکم ہندوستانی کے بیکبار شہر عظیم آباد تشریف لے گئے۔ ظاہر ہے کہ وقت تشریف لے جانے صاحبان ممدوحین کے اس قدر بلوہ ہوا تھا کہ حاکمان ہندوستانی و دیگر ملازمان سرکاری و حضار کچہری تاب استقامت کا کچہری میں ندیکھکر اپنے اپنے ڈیرے پر بھاگتے گئے۔ اگر اوس روز سپاہیان نجیب جو حفاظت خزانہ و جیلخانہ کے کرتے تھے خیر خواہی اور نمک حلالی کو راہ ندیتے تو بیشک اوس روز خزانہ سرکاری لٹ جاتا و قیدیان بھاگ جاتے "۔ ۔ ۔ ۔

۔ " " ۔ " " ۔ ۔ وغیرہ وغیرہ۔

۔ ۔ ۔ " ۔ ۔ چونکہ بندہ خیر خواہ سرکار کا ہے و قاضی شہر کا اس واسطے کل حال شروحا عرض پرداز ہوا۔ والا مجھے کیا غرض تھی سب کی عزت و جان کے ساتھ میری عزت و جان بھی ہے۔ فقط

عرضی خواجہ علی رضا قاضی

پرگنہ گیا مقیم شہر صاحب گنج

مرقومہ ۱۳ اگست ۱۸۵۷ء

روز پنجشنبہ۔ ۔

(۴) ۔ ۔ دسمبر ۱۸۵۷ء۔ حکم کمشنر آف ریونیو بنام جے لوتھی۔ ۔ ۔ ۔ ۔

ضبطی ملک بابوان کنور سنگھ و امر سنگھ۔

۳، اکتوبر ۱۸۵۷ء

(۵) " " " " رپورٹ داروغہ تھانہ داؤد نگر باطلاع ضبط کرنے جائداد مرد خان و ممکو خان و عصمت علی و مدد خان و کن کن پانڈہ و بلود ہو وغیرہ "

جو لوگ سواران باغیان سرکار کے ساتھ چلے گئے۔

" حکم ہوا۔ " " " " اسواسطے داروغہ داؤد نگر تھانہ کو لکھا جائے کہ وہ دریافت کرکے ثبوت بہ نسبت " " " " " " " واحمد علی کے بھیجدیوے۔

دستخط اے مونی فقط العبد

مجسٹریٹ شیولعل محرر"

(۶) عرضی فدوی میرارشد علے داروغہ تھانہ داؤد نگر معروضہ سیزدھم ماہ نومبر ۱۸۵۷ء۔

مُہر تھانہ داؤد نگر ضلع بہار

(کمشنر آفس پٹنہ۔ ریکارڈ جلد ۱۲۔ بنڈل نمبر ۴ متفرقات فائل نمبر ۱)

(۷) پٹنہ کمشنری سے دستیاب شدہ ایک اور اہم ریکارڈ کی نقل درج ذیل ہے:

" عدالت فوجداری ضلع شاہ آباد واقع بتاریخ ۶، جون ۱۸۵۸ء مُطابق ۱۰، جیٹھ ۱۲۶۵ فصلی روز اطوار باجلاس کول صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ شہسرام۔ بیان نشان سنگھہ باغی سرکار۔ باپ کا نام رگھو بیر سرن قوم راجپوت چوہان عمر شماری ساٹھ برس سے زیادہ ہے۔ گذران زمینداری ہے۔

سوال۔ کیا بیان تمہارا ہے مفصل ظاہر کرو۔

جواب۔ عدالت دیوانے میں مقام آرہ کے ہمارا چار مقدمہ بہ نسبت موضع چناری۔ کھورتہا (صاف نہیں۔ ناقل) و سوزگاوان اور ایک مقدمہ چہارم اگست ۱۸۴۰ء کا دائر تھا۔ اوسمقدمہ کی خبر گیری کے لیے

آرہ میں بسیسر سنگھ بیٹا ہمارا حاضر تھا۔ ہم کو خبر او سلی ماندا ہونے کا ملا تب ہم خود آرہ میں گئے و بسیسر سنگھ اپنے بیٹا کو گھر پر بھیجدیا و ہمارا بیٹا جب آرہ کے مقام میں بیمار تھا تب اوس کا دوا بیسر دیال گماشتہ کوئی آرہ کا کرتا تھا۔ میان جیٹھ و اساڑھ و ساون سنہ گزشتہ تک ہم آرہ میں رہے۔ اس میں ملنگا سب داناپور کے بنی ہوکر آئے و آرہ شہر کو لوٹ لیا۔ دکنور سنگھ کے نوکروں سے کہاکہ کنور سنگھ کو حاضر کرو نہیں تو جگدیشپور لوٹ لینگی۔ لیکن یہ بات ہماری مقابلہ میں نہیں کہا۔ ہم سونا ہوا یہ بات بیان کرتے ہیں۔ چنانچہ کنور سنگھہ اوسے روز یعنے جس روز ملنگا سب آئے تاریخ ۱۸ ساون کا تھا جگدیشپور سے آرہ کے مقام میں آی۔ دوتین روز کے بعد سرکار کی طرف سے گوروں کی فوج آئی و ملنگا سب سے داناپور کے جو باغی تھے لڑائی ہوئی۔ و سپاہی سب کی مدد میں کنور سنگھ تھی۔ ہم بھی اپنے ڈیرہ پر آرہ کے مقام میں رہی ہیں۔ دکنور سنگھ جب ہمکو بولا بھیجتے ہیں تب ہم انھیں سلام کے واسطے اونکی پاس جاتے تھے اور ہمسے راہ و رسم کنور سنگھ سے قدیم تھا۔ و ہمارے پاس کچھ حربہ ہتیار نہیں تھا۔

. . . .

. . . .

وغیرہ . . . .

. . . . تب ہم جنگل میں جاکر رہے۔ کہ جب کچھ فرصت ہو تب حاضر ہوں گے یا کیسے جگہہ بھاگ جائینگے۔ ایسے دو مرادے جنگل میں آج رات کو سوئے ہوئی تھی سرکاری سوار گئی گرفتار کرلیا۔

فقط۔

سوال۔ کنور سنگھ مرگیا یا زندہ ہے۔

جواب۔ مکان پر آکر مرگیا۔ ہم سے ملاقات نہ ہوا۔

Marfat.com

اسی طرح کئی سوالات و جوابات درج ہیں ۔ یہ بیانؔ اے ۔ ان ۔ کول صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ کے سامنے لیا گیا ۔ اختتام پر اُن کے دستخط ہیں ۔

(۸) بنڈل نمبر ۵۵ ۔ ضلع شاہ آباد ۔ متفرق کاغذات ۱۸۶۴ء ۔ متفرقات نمبر ۲۳۴ ریکارڈ جلد نمبر ۱۰ ، کمشنر آفس ۔ پٹنہ

" بحضور خداوند نعمت بلند درجت والا حشمت دام اقبالہم !

عرض کرتا ہے ۔ عرصہ دس روز سے اس قریہ میں ایک مولوی باسم عبداللہ مذہب وہابی باشندہ ملک مغرب وارد ہوئے جمعیت اکثر افغانان و قصابان جو اس مذہب کی طرف رجوع رکھتی ہے ۔ ساتھ انکے مصاحب ہوئے ۔ پہلے مولوی صاحب نے چند روز وعظ و نصائح جو معمول اس فرقہ وہابی کا ہے بیان کیا ۔ اور یہ ظاہر فرمایا کہ ہم خلیفہ ہیں طرف سے مولوی عبدالغفور صاحب مجاہد جو ملک مغرب میں تشریف رکھتے و آمادۂ جہاد ہیں اور ہم کو اجازت ہے کہ تم اس بات کو جہاں کثرت ہمارے فرقہ کے ہو بیان کرو اور جو شخص کہ مستعد جہاد ہو ۔ اس کو یہاں روانہ کرو ۔ چنانچہ ہزاروں بنگالے و پورب سے بھی انکی خدمت میں روانہ ہوئے ہیں ۔ . . . .

وغیرہ وغیرہ

سیّد محمد جان و سیّد محمد روشن جان

ساکنان و مالکان قصبہ کواتھ پرگنہ دنوار ، ضلع

شاہ آباد معروضہ ۲۹ ، ستمبر ۱۸۶۴ء

اس باب میں سولہویں صدی عیسوی کے اواخر یعنی عہدِ اکبری سے لے کر وسط انیسویں صدی عیسوی یعنی بہادر شاہ ظفر کے عہد تک بہار میں اُردو زبان کی کیفیتِ

سلہ اس بیان کے بارے میں ملاحظہ ہو ۔ ڈاکٹر کالی کنکر دت صدر شعبۂ تاریخ ۔ پٹنہ یونیورسٹی کا مختصر مضمون "حالیہ منکشف ریکارڈ" ۔ شائع شدہ پٹنہ یونیورسٹی جرنل نمبر ۲ و ۱ جلد نمبر ۸ ۔ مارچ ۔ جون ۱۹۵۲ء

- " SOME NEWLY DISCOVERD RECORDS "

۱

ارتقاء کا خاکہ پیش کیا گیا ہے اور اس کی عمومیت دکھلائی گئی ہے اب میں اس دور کے بعد کی لسانی حالت کا سرسری نقشہ اس لیے پیش کرتا ہوں۔ تاکہ ارتقائے اُردو کے تسلسل کا اثر قائم ہو۔ بعد از آں آئندہ ابواب میں اُردو ادب کے ارتقاء کی وہ منزلیں پیش کی جائیں گی جو ۱۸۵۷ء تک بہار میں طے ہوئیں۔ یوں تو بحمد اللہ اُردو کا سفر اس پورب دیس میں اب تک جاری ہے۔

ڈاکٹر کالی کنکر دت کی وساطت سے مجھے گورنمنٹ گزٹ ممالک مشرقی کی ایک جلد ملی ہے۔ پہلا نمبر ۶، جنوری ۱۸۶۵ء کا اور آخری ۲۲، دسمبر ۱۸۶۵ء کا ہے سلسلۂ اشاعت کے لحاظ سے پہلا نمبر جلد نمبر ۸ نمبر ۱ ہے اور آخری جلد نمبر ۸ نمبر ۵۱ گزٹ بیشتر اُردو میں ہے۔ اور جہاں انگریزی عبارت ہے۔ وہاں مقابل میں اُس کا اُردو ترجمہ ضرور درج ہے۔ سرکاری نشان وعلامت کے بعد ہر نمبر پر لکھا ہے:

GOVERNMENT GAZETTE, LOWER PROVINCES

گورنمنٹ گزٹ۔ ممالک مشرقی گورنمنٹ کے حکم سے جاری ہوا۔

مقام الٰہ آباد۔ سائز بڑا فولسکیپ۔ چھپائی کانٹے کی۔ نسخ۔ کلکتیہ۔

یہ گزٹ ہفتہ وار ہر جمعہ کو شائع ہوا کرتا تھا۔ جمعہ ۸، ستمبر ۱۸۶۵ء سے اس کے سرورق میں تھوڑی سی تبدیلی ہوئی۔ اب اس کا نام "اُردو گورنمنٹ گزٹ ممالک مشرقی" ہوگیا۔ ساری باتیں حسب سابق رہیں۔ غالباً یہ تبدیلی برائے نام ہی تھی۔ میں اس گزٹ سے چند حوالے نقل کرتا ہوں۔ وسط انیسویں صدی میں اُردو ممالک مشرقی میں عوام وخواص کے درمیان اور سرکار دربار میں مقبول و باریاب تھی۔

ؔ ۵ غدر سے ساٹھ برس پہلے بہار کا ایک اخبار "نور الانوار" آرہ ۱۸۵۳ء میں نکل ... تھا ... برس بعد ۱۸۵۵ء میں گیا سے "... ریوٹ" نکلنے لگا تھا۔ اس کے علاوہ ... مختلف مقامات سے نکلتے رہے ... مارشیف ... بھی مختلف اوقات میں متعدد اخبار نکلے ... اشرف الاخبار ... مشہور اخبار تھا۔

۱ ... ابتدائی اسلام پر ... کے ارتقائی ادارہ ... اندیم ... ۱۹۳۵ء ...

"قواعد درباب اہتمام اور انتظام جیلخانہ ہائے ممالک مشرقی واقعہ پریزیڈنسی بنگالہ مرتبہ جناب نواب لفٹیننٹ گورنر بہادر بنگالہ حسب منشار احکام ایکٹ ۲ سنہ ۱۸۶۴ء کونسل بنگالہ۔

(تتمہ گزٹ جمعہ گذشتہ)

فصل ۱۹

مُشقّت اور کام جو قیدیوں سے لیا جائے گا۔

دفعہ ۲۴۸۔ قانون کا یہ منشار ہی کہ قید بمنزلہ سزا سمجھی جائے پس مشقت لینے میں اول امر لائق لحاظ یہ نہیں ہی کہ اُس مشقت سے انتفاع ہو بلکہ یہ کہ مشقت کے باعث عوام الناس جیلخانہ کی بود و باش کو مقام خطرہ اور تکلیف اور لائق احتراز کر سمجھیں جیلخانہ کی تعیل سیاست کے لیے مُشقت ایک ذریعہ مقدم ہے لہٰذا ہر ایک جیلخانہ میں دیواروں کے اندر مشقت لینے کا بندوبست مناسب کرنا چاہیئے۔ دیوار سے باہر مشقت لینا بجز اس کے کہ جیلخانہ کے باغ میں محنت لی جائے قطعاً ممنوع ھی " " "

" " " " " " " " " "

"دفعہ ۲۵۰ مشقت جیلخانہ کی تین قسمیں ہیں وہ یہ ہیں:

قسم اوّل	1ST CLASS
۱۔ کولھوسے تیل نکالنا۔	1. OIL RRESSING.
۲۔ چونا پیسنا۔	2. LIME GRINDING.
۳۔ آٹا پیسنا۔	3. FLOUR GRINDING.
۴۔ کاغذ کوٹنا۔	4. PAPER. POUNDING.
۵۔ کاغذ پر مُہرہ کرنا۔	6. PAPER POLISHING.
قسم دوم	2ND CLASS
۱۔ معمار کا کام	1. MASONRY
۲۔ سنگ تراشی	2. STONE CUTTING

Marfat.com

3. PAPER MAKING. ۳۔ کاغذ سازی۔

3RD CLASS
قسم سوم

1. TAILORING. ۱۔ درزی کا کام

2. DYEING. ۲۔ رنگریزی

SIZING AND DRYING PAPER. کاغذ کو اھار دینا اور سُکھلانا۔

گورنمنٹ گزٹ۔ ممالک مشرقی

(جلد ۸ نمبر ۱۔ جمعہ کا دن۔ جنوری مہینے کی ۶ تاریخ سنہ ۱۸۶۵ء)

گزٹ کی جلد ۸ نمبر ۴ میں قواعد جیلخانہ کی فصل ۳۲ یوں شروع ہوتی ہے:

"بہی جات اور کتب رجسٹر اور نقشہ جات
اور افراد حساب

بہی جات اور کتب رجسٹر مطابق نمونہ ہائے مقررہ مندرجہ ضمیمہ کے مرتب اور نقشہ جات انھیں نمونوں کے بموجب تیار ہو کر مرسل کیے جائینگے۔

۱۔ بہی جات اور کتب رجسٹر جو معرفت افسر مہتمم جیلخانہ کے مرتب ہوں گی۔

اس فصل میں دفتری کاموں کے لیے اُردو اصطلاحیں بکثرت درج ہیں۔ ان کا انتخاب پیش کیا جاتا ہے۔

JOURNAL — روزنامچہ

LETTER BOOK — نقل بہی چٹھیات

VISITOR'S BOOK — وزیٹر کی کتاب

JAIL OFFICER'S APPOINTMENT AND HISTORY BOOK
جیلخانہ کے عہدہ داروں کے تقرر اور اُن کے احوال کی کتاب

MIS-CONDUCT BOOK — کتاب بداعمالی

ORDER BOOK — آرڈر بک یعنی حکم بہی

Marfat.com

CIVIL JAIL.	جیلخانہ دیوانی
RELEASE DIARY.	روزنامچہ رہائی
GENERAL ABSTRACT AND LOCK-UP REGISTER.	گوشوارۂ عام اور رجسٹر حوالات
CRIMINAL JAIL	جیلخانہ فوجداری
RELEASE AND TRANSFER REGISTER	جسٹر رہائی اور انتقال
REGISTER OF ESCAPES.	رجسٹر فراری
" " " DEATH	رجسٹر قیدیان فوت شدہ
LABOUR REGISTER.	رجسٹر مشقت
EXEMPTION. "	" معافی
PUNISHMENT "	" سزادہی
PROPERTY BOOK	" مال نامہ
SECURITY REGISTER	" ضمانت
STATISTICAL ABSTRACT	گوشوارہ حالات قیدیاں
CLASSIFICATION	درجہ بندی
CASE BOOK	بہی مقدمات
RETURN BOOK	بہی ریٹرن
LEDGER	کھاتہ بہی
CASH BOOK	روکڑ بہی
CLOTHING STOCK BOOK	حساب ذخیرہ پارچہ
PERIODICAL RETURN'S	نقشہ جات میعادی
TRANSACTION	عمل درآمد
ESTABLISHMENT	سررشتہ
EXPIRY OF SENTENCE	انقضائے میعاد
BUDGET	بجٹ

Marfat.com

رپورٹ REPORT

سال کلندرہ CALENDAR YEAR . .

اُردو گورنمنٹ گزٹ کے نمبر ۴۶ جلد ۸ تاریخ ۱۷ نومبر ۱۸۶۵ء سے ایک اشتہار نقل کیا جاتا ہے:

"اشتہار

واضح ہو کہ بمقام پٹنہ واسطے قسمت ہائے بھاگلپور و پٹنہ نمائش کاشتکاری بماہ جنوری آئندہ ہوگی۔ نمائش جانوروں و حاصلات و آلات کاشتکاری بمقام پٹنہ تاریخ ۳۱ جنوری ۱۸۶۶ء و تین روز مابعد اُس کے ہوگی۔ بسفارش کمیٹی قسمتی بہ امراز حضور نواب لیفٹیننٹ گورنر بہادر تنقیح پایا کہ نمائش کاشتکاری برائے ۱۸۶۶ء بمقام پٹنہ ہو۔ پس یہ بات لازم ہوئی کہ قسمت ہائے بھاگلپور و پٹنہ یک ... کیا جائے بکار ہائے نمائش مذکور داعانت بدل مطلوب ہے۔ کل باشندگان ہر دو قسمت جو اہل ولایت یا رؤسا رے اس ملک کے خصوصاً زمینداروں ذی مقدور سے جو کہ مدد کامل دے سکتے ہوں۔ واسطے کامیابی ایسے امر مفید کے اور لا سکتے ہوں واسطے نمائش کے بہتر نمونہ جانوران و حاصلات زراعت موجودہ زمینداری خود ھادہ بھی نمائش میں خود معہ رعایان و تابعان جو بآسانی لا سکتے ہوں حاضر ہو سکتے ہیں۔ . . . . . . "

مغربی علوم کی ترجمہ کے لیے مظفرپور میں ایک "سائنٹیفک سوسائٹی" قائم کی گئی تھی۔ گارسان دتاسی لکھتا ہے:

"بہار کی "سائنٹیفک سوسائٹی" کا صدر مقام مظفرپور ہے۔ اس انجمن کے معتمد ایک فاضل مسلمان ہیں۔ اس وقت انجمن میں ۲۱۸ ارکان ہیں۔ اس تعداد میں ۲۸ مسلمان ہیں، ۱۶۲ ہندو ہیں اور ۲۰ یورپین ہیں۔ انجمن کی طرف سے "اخبار الاخیار" شائع ہوتا ہے۔ تجویز ہے کہ انجمن مشرقی زبانوں کی تعلیم کے لیے ایک کالج قائم کرے اور اس

Marfat.com

کے ساتھ مغربی علوم کی اشاعت کا کام بھی انجام دے۔"

(خطباتِ گارساں دتاسی۔ ۶، دسمبر ۱۸۶۹ء)

دتاسی کی تصریحات کے بموجب عظیم آباد (پٹنہ) کا سب سے پہلا اُردو اخبار "چشمۂ علم" ہے۔ جو ۱۸۶۹ء سے نکلنا شروع ہوا تھا۔

"چشمۂ علم" یہ پٹنہ سے اُردو میں مہینہ میں دو دفعہ نکلتا ہے۔ اس سے پہلے اس شہر میں کوئی اخبار نہ تھا۔ اس کی پہلی اشاعت یکم جنوری ۱۸۶۹ء کو شائع ہوئی۔ یہ چھوٹی تقطیع پر ہے اور ہر صفحہ پر دو کالم ہوتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اس کا ایک مضمون مجھے پسند آیا جس کا موضوع بنی نوع انسان کے اتحاد سے متعلق تھا۔"

(خطباتِ گارساں دتاسی۔ انیسواں خطبہ ۶، دسمبر ۱۸۶۹ء)

رسالہ معاصر، پٹنہ۔ حصّہ ۳، دسمبر ۱۹۵۲ء میں قاضی عبدالودود رقمطراز ہیں:

"انیسویں صدی کے اواخر میں ایک ہفتہ وار انگریزی اخبار انڈین کرانکل پٹنہ سے نکلتا تھا۔ اور وہ شخص یا اشخاص جو اس کے مالک تھے، اُردو انڈین کرانکل، بھی انھیں کی ملک تھا۔"

اوائل ۱۸۸۵ء میں اس کی زندگی کا پانچواں سال شروع ہوا تھا۔ جس سے ظاہر ہے کہ پہلا شمارہ جنوری ۱۸۸۱ء میں شائع ہوا ہوگا۔ اوائل ۸۶ء میں اس نام کا اخبار نکلنا بند ہوگیا۔ اور ایک دوسرا اخبار "اُردو بہار ہیرلڈ و انڈین کرانکل" جاری ہوا۔ جلد پنجم میں مختلف مقامات پر خریداروں کے نام ملتے ہیں۔ ان میں ۱۹۷ ہندو ۱۶۲ مسلمان اور ۴ عیسائی تھے۔ قاضی عبدالودود کرانکل کے مقالات افتتاحی کے متعلق لکھتے ہیں:

"میرے نزدیک اس زمانے کے اُردو اخباروں میں شاید ہی کسی کے مقالات افتتاحی کرانکل کے مقالات افتتاحی کا مقابلہ کرسکتے ہیں اور ان میں متعدد ایسے ہیں کہ اس زمانے میں بھی کسی کے قلم سے نکلیں تو مستحق تحسین قرار پائیں۔ اس اخبار کی ایک خصوصیت یہ بھی

Marfat.com

ہے کہ یہ ہندو مسلمان دونوں کا اخبار تھا۔"

کرانکل کے چند اقتباسات درج ذیل ہیں:

"فطرت انسانی کی رو سے کسی قوم کے اخلاق و عادات، خیالات و معتقدات پر ان قصے کہانیوں کا کیسا زبردست اور لازوال اثر ہوتا ہے، ہر متنفس اپنے خاص تجربے سے اس کی شہادت دے گا۔ اس کے سوا عموماً نظم میں بھی ایک ایسی دلفریب تسخیر ہے جس کے اثر سے ممکن نہیں کہ کوئی بچا ہو . . . .

مگر افسوس ہے کہ ہماری قوم نے اگر اس کی گردن پر چھری نہ پھیری تو اس کا گلا گھونٹا۔ دنیا کی کل شائستہ قومیں زمانے کے ساتھ ان دونوں قوتوں کو، اگر ہم ان کو قوی سے تعبیر کرسکیں، کیسی رونق دے رہی ہیں۔ روز بروز کیسی خوش آیند تبدیلیاں واقع ہو رہی ہیں لیکن اس اُنیسویں صدی میں بھی ان کی اصلاح کی ضرورت ہمارے ملک کے قصہ گویوں اور شاعروں کی سمجھ میں نہ آئی۔ قصے ہیں تو انھیں عجائب اور خلاف قیاس باتوں سے بھرے ہوئے جن کو یورپ کا ایک تُلّی بھی . . . . . . سرتاپا جھوٹ سمجھے اور مخرب اخلاق کہے۔ نظم ہے تو ایسی جس کے گندہ خیالات اور گمراہ کرنے والی تاثیر سے شیطان بھی پناہ مانگے۔"

(اقتباس تبصرہ جوان بخت و شمس النہار از مدیر[1] ۲ مارچ ۱۸۶۵ء)

"جواں بخت و شمس النہار۔ یہ ۶۳ صفحوں کا . . . . ناٹک نظم اُردو میں اوپرا کے طور پر لکھا گیا ہے . . . . جوان بخت

---

[1] مدیر کا نام (مولوی) سید عبدالغنی تھا۔ انھیں۔ ایڈیٹر اُردو انڈین کرانکل، لکھا ہے۔ غالب یہ بزرگ استھاواں ضلع پٹنہ کے رہنے والے تھے۔

Marfat.com

وشمس النہار کے مصنّف مولوی محمد نواب[1] صاحب نے۔ ۔ ۔ ۔ ان دونوں باتوں کا خیال رکھا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ نہ اس میں کہیں کوہ قاف کی پریوں، طلسم کے جنجال کا بیان ہے اور نہ کہیں بدکاریوں کی ہدایت ہے۔ روز مرّے کی سادی سادی باتیں ہیں۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ایام غدر کا تذکرہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ تناسب وقت، تناسبِ مقام اور تناسب مبحث اِن تینوں باتوں کا جو ڈرامے کی جان ہیں ہر جگہ نہایت ہوشیاری کے ساتھ پورا لحاظ رکھا گیا ہے۔ بیان کا پیرایہ اور زبان بھی بہت دل فریب ہے اور خاص کر آپس کی گفتگو کی زبان تو وہ بلا کی ہے کہ پناہ بہ خدا ۔ ۔ ۔ ۔ قصّے کا خاتمہ ایسے مؤثر طور سے کیا گیا ہے کہ دل دہل جاتا ہے۔

" ۔ ۔ ۔ ۔ " (ایضاً)

"اَلپنچ ۔ ۔ ۔ ۔ ۱۸۸۵ء میں منصّۂ شہود پر جلوہ گر ہوا ۔ ۔ ۔ ۔ یہ ۱۸۸۵ء سے ۱۹۱۰ء تک نکلتا رہا۔ پہلے ایڈیٹر سید رحیم الدّین صاحب استھانوی تھے ۔ ۔ ۔ ۔ حضرت آزاد عظیم آبادی، حضرت رنجور عظیم آبادی ۔ ۔ ۔ پروفیسر شہباز ۔ ۔ ۔ مولوی شوق نیموی ۔ ۔ ۔ ۔ وغیرہ اس کے مستقل مضمون نگار تھے۔ الپنچ نے قومی و ملکی، اصلاح و تعلیمی امور میں خاصی جدّوجہد کی۔

(رخشاں ابدالی۔ بہار نمبر، ندیم گیا ۱۹۳۵ء)

"اَلپنچ، کے اجرا سے ایک برس پہلے جولائی ۱۸۸۴ء میں شمس العلماء مولوی محمد حسین ذبیح عظیم آبادی نے ایک اخبار "پٹنہ انسٹی ٹیوٹ گزٹ" نامی جاری کیا۔" (ایضاً)

---

[1] مولوی سید محمد نواب مختار فوجداری و کلکٹری۔ بادشاہی گنج، علاقہ تھانہ پیر بہوڑ، باقی پور (بانکی پور) پٹنہ۔

باب دوم

بہار میں اردو ادب

تمہید

صوبۂ[1] بہار میں مسلمانوں کے سیاسی و تہذیبی اثرات کا آغاز باضابطہ طور پر اختیار الدین محمد بن بختیار خلجی کی فتوحات سے ہوا۔ اس کا زمانہ ۱۱۹۲ء تا ۱۲۰۶ء (۵۹۰ھ تا ۶۰۲ھ) تھا۔ لیکن بعض واقعات سے ثابت ہوتا ہے کہ محمد بن بختیار سے پہلے مسلمانوں نے یہاں قدم جمانا شروع کر دیا تھا۔ محمود غزنوی کے بھانجے سالار مسعود غازی کے لشکر کا اطراف بنارس تک آنا ثابت ہوتا ہے۔ جن جن جگہوں میں مسعود غازی کے مجاہدین نے جنگ کی اور مقتول ہوئے وہ مقامات گنج شہیداں کے نام سے مشہور ہیں۔ اور وہاں غازی میاں کا میلہ لگتا ہے۔ سیوان۔ ضلع سارن بہار

---

[1] منیر و بہار میں مسلمانوں کی آمد۔ فصیح الدین بلخی مصنف تاریخ مگدھ۔ ندیم۔ گیا۔ بہار نمبر اگست دسمبر ۱۹۴۰ء ص ۴۳۔ ۰ ۰ محمد بن بختیار کے حالات کے لیے دیکھئے: ۰ طبقات ناصری۔ مؤلفہ منہاج الدین سراج۔ اور تاریخ فرشتہ۔ جلد ۲۔

Marfat.com

اور منیر، ضلع پٹنہ میں بھی ایسی جگہیں ہیں جہاں یہ میلے لگتے ہیں۔

منیر شریف کے اہل خانقاہ کے سفینوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۱۸۰ء (۵۷۶ھ) میں حضرت تاج فقیہہ اور قطب سالار نے راجہ منیر پر فتح پاکر اس علاقے پر قبضہ کیا۔ قطب سالار کا مزار موضع مہداواں میں منیر سے دو میل پورب، مسجد کے پس پشت واقع ہے۔ ایک لوح بھی ملی ہے۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ قنوج کے راجہ گوبند چندر نے منیر کے ایک برہمن کو جاگیر عطا کی۔ لوح پر جو سنہ درج ہے وہ ازروئے حساب ۱۱۲۶ء بنتا ہے۔ اس میں یہ فرمان ہے کہ دوسرے محصولات و مالگذاری کے ساتھ ترکوں کا محصول ("ترک ڈنڈ") بھی جو ادا ہوتا رہا ہے، ادا ہوتا رہے[1]۔

بارہویں صدی کے آغاز سے صوبۂ بہار پر مسلسل مسلمانوں کی حکومت رہی اور اس علاقہ میں نئے تہذیبی اثرات گھر کرتے رہے۔ بہار اور بنگال سلطنت دہلی کے صوبے تھے۔ جب دہلی کی سلطنت کمزور ہوتی تو یہ صوبے خود مختار ہوجاتے۔ ۱۵۱۸ء میں بابر نے بنگال و بہار پر فوج کشی کی۔ بابر کی وفات کے بعد لودی اور سوری افغانوں نے اپنی جمعیت کو فروغ دیا۔ ۱۵۷۶ء میں شہنشاہ اکبر نے بہار اور بنگال کو فتح کرلیا۔ پہلے ابواب میں اس امر کی تفصیل بیان ہوچکی ہے کہ دو تہذیبوں کے میل سے شاہجہاں کے عہد تک بہار میں اردو زبان رس بس چکی تھی۔ اور اب ادب کی پیدائش و ترقی کا وقت آگیا تھا۔ شاہزادہ عظیم الشان ۱۶۹۷ء میں پٹنہ آیا۔ اور پٹنہ عظیم آباد[2] بن کر تخت گاہ اردو کی حیثیت سے مسلم الثبوت بنا۔ پھر فرخ سیر یہاں آیا اور امیر الامرار نواب سید حسین علی خاں صوبہ دار پٹنہ کی اعانت سے وہ یہیں شہنشاہ ہندوستان بنا۔ فرخ سیر کی تاجپوشی عظیم آباد میں ہوئی۔ سید حسین علی خاں

---

[1] بہار و اڑیسہ ریسرچ سوسائٹی جرنل جلد ۲، ۱۹۱۶ء۔ ایک اور لوح ملی ہے۔ جس میں یہ عبارت ہے۔ "دین محمدی شد قوی"

[2] متصدیان دفتر شاہی کے لیے دیوان محلہ اور امرار فوج کے لیے لودی کٹرہ بسایا۔ مغلوں کے رہنے کے لیے مغل پورہ اور شاہزادوں اور امرار کے لیے محلہ کیواں شکوہ، جواب بڑکر، کواکوہ، ہوگیا ہے۔ عظیم ... تھا۔ عظیم آباد رشک دلی بنا چھوڑے۔ (بہار اور اردو۔ حمید عظیم آبادی ... ۱۹۶۰ء)

نے فوج جمع کی اور اسی فوج کی مدد سے فرخ سیر دلی پر قابض ہوا۔ سیر المتاخرین کے مؤلف سید غلام حسین عظیم آبادی کے قول کے مطابق بہاریوں نے یہ فتح حاصل کی (۱۷۱۳ء)۔ اس کے بعد شاہجہاں آباد دلی اور عظیم آباد پٹنہ کے درمیان روابط و مراسم بہت بڑھ گئے۔ بہت سے اُمرار دلی چھوڑ کر پٹنہ آبسے لہٰذا اُن کی زبان و معاشرت میں یکرنگی آنے لگی۔ "فرخ سیر کے زمانے میں ایک امیر با تدبیر تھا جسے تاریخی زبان عمدۃ الملک اور عوام محمد امیر خاں کہتے اور انجمن شعر انجام کے لقب سے یاد کرتی ہے۔ یہ نواب بھی بیدل ہی کا دلدادہ اور مقلد تھا اور جس وقت اُستاد اُردو کی طرف مخاطب ہوا۔ مؤدب شاگرد بھی ہمہ تن اُدھر متوجہ ہوگیا۔ اس کی اس توجہ و خیال سے اِس زبان کا وہ آوازہ بلند ہوا کہ ساری دلی گونج اٹھی اور پھر تو گھر گھر سے اس کی صدا آنے لگی" (نصیر حسین خیال عظیم آبادی)۔ مرزا بیدل، اورنگذیب کے زمانہ میں پٹنہ سے دلی گئے اور فرخ سیر کے عہد تک فارسی اور اُردو کو فروغ دیتے اور بہار و عظیم آباد کے نام کو روشن کرتے رہے۔ نواب لطف اللہ خاں صادق اور مرزا معز موسوی خان فطرت دلی سے پٹنہ آئے۔ عظیم آباد پٹنہ نے صوبہ بہار کے دوسرے شہروں سے بہ حیثیت زبان و ادب، امتیاز حاصل کیا۔ لیکن بہار کے دوسرے مراکز بھی اُردو ادب کی تخلیق و ترویج میں مشغول تھے۔ کیونکہ اُردو زبان سارے صوبہ میں آہستہ آہستہ مقبول ہو رہی تھی۔ شہروں اور قصبات میں اُردو کو فروغ ہو رہا تھا۔ پٹنہ، گیا، آرہ، چھپرہ اور مظفرپور۔ نیز اُن شہروں کے قریبی قصبات اور مضافات کے علاوہ صوبہ کے مشرقی اور جنوبی علاقوں میں بھی اُردو زبان و ادب کی خدمت ہو رہی تھی۔ افسوس کہ بزرگوں کے ادبی سرمایہ کا اکثر حصہ ضائع ہوگیا۔ یہاں تحقیقات علمیہ کا کام جب سے شروع ہوا ہے۔ بہار میں اُردو کی قدامت، وسعت اور ہمہ گیری ثابت ہوتی جاتی ہے۔

اب تک کی تلاش و جستجو سے یہ ظاہر ہوا ہے کہ ولی دکنی کے زمانہ سے بہار میں اُردو ادب کی تخلیق ہو رہی ہے اور یہ حقیقت بھی سامنے آئی ہے کہ ادب ... کے سلسلہ میں جس طرح اورنگ آباد دکن کا اثر دہلی پر پڑا ہے۔ اسی طرح ایک حد تک عظیم آباد بہار کے ذریعہ بھی دلی میں تحریک اُردو کو تقویت پہنچی ہے۔

Marfat.com

عظیم آباد کی یہ خصوصیت ہے کہ اس کے مرکز اور دائرے میں اُردو ادب کی تخلیق ہر دور میں ہوتی رہی ہے۔ جب دکن، دہلی اور لکھنؤ میں نوبت بہ نوبت اُردو کا بولا تو عظیم آباد میں بھی اس کے ہم صفیر موجود تھے۔ عین ممکن ہے کہ دکن کے دور اولیٰ کے متوازی بھی ادب قدیم کے نمونے بہار میں مل جائیں۔ لیکن اب تک دکن کا قدیم ادبی سرمایہ سب پر بھاری ہے اور اغلب یہی ہے کہ اس کی اہمیت غیر متزلزل ہے۔ کیونکہ خاص تاریخی تہذیبی و سیاسی وجوہ کی بنا پر وہاں "ریختہ" کا باغ سب سے پہلے لہلہایا۔ یکا دُکا پیڑ پودے تو سارے برصغیر ہند میں سر سبز ہوئے۔ بہرکیف تحقیقات اور انکشافات کے دروازے کھلے ہوئے ہیں۔ علم اور تحقیق کی دنیا میں صوبائی عصبیت، قطعیت اور کٹرپن کی کوئی جگہ نہیں۔

میں تحقیق و مُطالعہ کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ دور قدیم اور دَور دوم میں علی الترتیب اُردو ادب ہر دبستاں میں بُنیادی اعتبار سے یکساں رہا ہے۔ جدت، اختراع اور قابل ذکر تبدیلیوں کی سکت ابھی پیدا ہی نہیں ہوئی تھی۔ اس سلسلے میں نظیر اکبرآبادی ایک استثنار ہے۔ دکن، دہلی، لکھنؤ اور عظیم آباد کے اُردو ادب میں سطحی فرق و امتیاز پایا جاتا ہے۔ اَدب کے عام تجربے، ہیئت، صنفیں، مزاج، روایات، تلمیحات، تشبیہیں، اور استعارات سب کم و بیش ہر دبستاں میں ایک جیسے ہیں۔ یعنی دبستانوں کی انفرادیت اور اُن کے فن کاروں کی اِنفرادیت ہنوز بالیدہ اور نمایاں نہیں ہوئی۔ تھوڑے سے رنگ اور مذاق کا فرق یا بعض صنفوں کی طرف نسبتاً زیادہ توجہ کا امتیاز ضرور پایا جاتا ہے۔ اس لیے اگر دبستانِ عظیم آباد میں نمایاں انفرادیت نہیں تو کوئی حیرت کی بات بھی نہیں۔ عام طور پر دلی اور پٹنہ کے میلانِ شعر و ادب میں مماثلت پائی جاتی ہے۔ اواخر انیسویں صدی میں دبستان لکھنؤ کا اثر بھی بہار پر پڑا ہے۔ اور ایک طبقۂ شعرار کا میلان اُسی جانب ہوگیا۔ نثر میں بھی ہمیں دلی اور لکھنؤ دونوں دبستانوں کا اثر ملتا ہے۔ خصوصًا ناول نگاری میں۔ پھر عہدِ شادؔ میں ایک ایسا وقت بھی آیا کہ دبستان عظیم آباد نے دلی اور لکھنؤ کے مذاق و میلان کا ایک ایسا امتزاج پیش کیا جو جیتا جاگتا، خوبصورت، اثر آفریں...

Marfat.com

اور بار آور تھا۔ اس امتزاجی فن نے بیسویں صدی کے ادب کو گہرے طور پر متاثر کیا۔[1]

حمید عظیم آبادی لکھتے ہیں:

"اصل حقیقت یہ ہے کہ دہلی و لکھنؤ و عظیم آباد وغیرہ وغیرہ شہروں کی زبانیں ایک ہی پیڑ کی دو دالیں اور شاہجہانی اُردو کی بیٹیاں ہیں ایک ہی گھر میں پیدا ہوئیں، ایک ہی جگہ کھیل کود کر بڑی ہوئیں۔ ایک ہی طرح کے جہیز پائے۔ کوئی بیاہ کر پورب گئی، کوئی پچھم، کوئی اُتر اور کوئی دکھن۔ لہٰذا فرق بھی اتنا ہی ہونا چاہئے، جتنا دو بہنوں میں ہوتا ہے[2]۔"

اگر اس تمثیل کو بہت زیادہ کھینچا نہ جائے تو میں اس خیال سے متفق ہوں۔ دبستان بہار کی خصوصیات کے مسئلہ کا ایک دوسرا پہلو بہار میں اُردو ادب کی پیدائش یا درآمد کا مسئلہ ہے۔ اس سلسلے میں بھی افراط و تفریط کو راہ دینا نہیں چاہیئے۔ بہرکیف بہار کا اُردو ادب بیرونی یا مصنوعی نہیں، بلکہ مقامی اور اصلی ہے۔ "یہ شہر اپنے مذاق شاعری میں کسی کا محتاج نہیں بلکہ آپ اپنا مقلد و شاگرد رہا۔ اور یہیں کے فیض سے اپنا کشکول بھرا کیا ہے۔" بقول حضرت شاد ع

"در اُردو پیرو آبائے خویشم"

اور: زبان مادری من ہماں است
نہ ماخوذ از کلام دیگراں است

حق یہ ہے کہ جب اُردو زبان بہار میں بالیدہ ہوگئی، تو وہ از خود اسی صوبہ کی مٹی سے رس اور جس لے کر، اسی کے پانی سے سیراب اور اسی کی ہوا سے شاداب ہو پھولنے پھلنے لگی اور اس ادب کی خوشبو ملک کی فضا میں پھیلی اور ... شاد و

---

1. ملاحظہ ہو میرا مقالہ، حسرت کی انفرادیت ... اُردو ادب، علی گڑھ، حسرت نمبر ... [illegible] از اختر اورینوی

2. ندیم بہار نمبر [illegible] بہار اور اُردو [illegible]

مسرت بنی۔

پروفیسر معین الدین دردائی لکھتے ہیں:

"بہار نے دہلی اور لکھنؤ سے بہت پہلے اُردو کی طرف توجہ کی۔"

(بہار اور اُردو شاعری صہ ۴) ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

"بعض لوگوں کا خیال ہے کہ بہار کی شاعری کا کوئی خاص اسکول نہیں ہے۔ بلکہ دہلی اور لکھنؤ اسکول کی پیرو ہے۔ لیکن اس کی تادیل یوں کر کی جائے گی کہ اگر آشی اور جمالی نے خواجہ میر درد کو اپنا اُستاد بنایا تو میر تقی میر نے بھی جعفر عظیم آبادی کے سامنے زانوئے شاگردی تہ کیا۔ ان کے علاوہ غالب نے بھی مرزا بیدل عظیم آبادی کا کلام سامنے رکھ کر مشق سخن کی ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ باکمال شاعر بجائے خود ایک اسکول ہوتا ہے۔" (ایضاً صہ ۲۱)

روفیسر دردائی کے برخلاف قاضی عبدالودود لکھتے ہیں:

"۱۱۵۱ھ سے ۱۱۷۰ھ تک اور اس سے پہلے صوبۂ بہار میں اُردو کے مقابلہ میں فارسی کا زیادہ چرچا تھا اور یہاں اچھے اچھے فارسی گو موجود تھے لیکن اس زمانہ میں ایک ریختہ گو شاعر بھی جسے مسلم الثبوت اُستاد مانا گیا ہو اور جس کی خوش گوئی کا عام طور پر اعتراف کیا گیا ہو، منظر عام پر نہیں آیا۔ وہ شعرار جو عظیم آباد سے تعلق رکھتے، دہلی کی زبان کے مقلد معلوم ہوتے ہیں۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۱۱۷۱ھ سے ۱۲۲۰ھ تک کا زمانہ اس صوبہ کی اُردو شاعری کا عہد زریں ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اس زمانے میں بھی یہاں کے تمام اساتذہ دہلی کے مقلد رہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ زیر بحث بہاری شعرا میں کوئی نیا رنگ و آہنگ، کوئی نیا زاویۂ نگاہ نہیں ملتا۔ ۔ ۔ ۔ "

(بہار کی اُردو شاعری۔ عید نمبر صدائے عام ۱۹۵۳ء)

---

۵ حیات فریاد۔ شاد عظیم آبادی صہ ۱۵۰۔

ان دونوں اقتباسات میں کچھ ایسی باتیں ہیں جن کی صحت کے متعلق مجھے کلام ہے [illegible] سے پہلے اس امر کے یقین کرنے کی کافی وجوہ نہیں کہ میر تقی میر نے جعفر عظیم آبادی کے سامنے زانوئے شاگردی تہ کیا۔ میں یہ بھی نہیں مانتا کہ عظیم آباد، بہار کا دبستانِ ادب نمایاں انفرادیت رکھتا ہے۔ لیکن یہ حقیقت ہے کہ عظیم آباد بہار اُردو ادب و شاعری کا ایک اہم اسکول ہے۔ یہ بالکل غلط ہے کہ یہاں کے سب اساتذہ دہلی کے مقلد رہے ہیں۔ دردائی نے بڑے نکتہ کی بات لکھی ہے کہ "باکمال شاعر بجائے خود ایک اسکول ہوتا ہے۔" چھوٹے فن کار اپنے دبستان اور اُستاد کی تقلیدِ محض کرتے ہیں اور بڑا صاحب فن ان سے بلند ہوتا ہے۔ مثلاً میرا مطالعہ یہ ہے کہ راسخ عظیم آبادی میر دہلوی کے مقلد نہیں۔ اُن میں کافی انفرادیت پائی جاتی ہے۔ اس کی تفصیل آگے آئے گی۔ قاضی عبدالودود خود عظیم آباد کی مرکزیت کو تسلیم کرتی ہے۔ "اس عہد میں اُردو شاعری کا جو چرچا یہاں نظر آتا ہے۔ اور خوش گو شاعروں کی جو بہتات یہاں پائی جاتی ہے۔ دہلی لکھنؤ کو چھوڑ کر ہندوستان کے کسی اور شہر میں نہ ملے گی۔" [illegible] مقلد شعراء ہر دبستان میں ملتے ہیں اور مجتہد فن کار کی ہر جگہ کمی ہوتی ہے۔ [illegible] حیثیت دبستان عظیم آباد اور دہلی میں مماثلت ضرور ہے۔ ویسے دہلی کا اثر لکھنؤ اور عظیم آباد دونوں پر [illegible] لکھنؤ کی بغاوت بھی محض سطحی تھی۔ کوئی بنیادی نہیں تھی۔ [illegible] محض مصنوعی اور [illegible] رعایت لفظی تھا۔ اس نکتہ کی وضاحت [illegible] اکبر کی شاعری کے مطالعہ سے ہوتی ہے۔ ان فن کاروں نے اُردو شاعری میں [illegible] بنیادی تبدیلی پیدا کی۔ اصل چیز غور کرنے کی یہ ہے کہ عظیم آباد کے [illegible] نقالی میں شاعری نہیں کرتے بلکہ اُن کی شاعری فن کے کمال اور [illegible] صاحب کمال [illegible] کو مقلد [illegible] کہا جاتا۔ قاضی عبدالودود لکھتے ہیں۔

[illegible]

"اگر بہار بنگالہ سے الگ ہوتا اور یہاں کا صوبہ دارالسلطنت مُغلیہ کے ضعف سے فائدہ اُٹھا کر ایک آزاد یا نیم آزاد حکومت یہاں قائم کرلیتا، تو بہ خوبی ممکن ہے کہ عظیم آباد بھی لکھنؤ کی طرح علم بغاوت بلند کرتا، یہاں کی زبان بجائے قرار پاتی اور نئی طرز کی شاعری وجود میں آتی"[1]

ممکن ہے لکھنؤ کی طرز ایک حد تک "ایجاد بندہ" ہو۔ لیکن وہ ایجاد نہ تو بڑے انحراف و اقدام فن کی دلیل ہے اور نہ مُستحسن۔ میرا خیال اس سلسلے میں یہ ہے کہ کئی میلانات ادب و شعر جو لکھنؤ میں نمایاں ہوئے اُن کا آغاز دہلی میں ہوچکا تھا۔ بلکہ بعض لکھنوی میلانات کی ابتدا دکن میں ہوچکی تھی۔ دبستانِ لکھنؤ میں برتی جانے والی شاعرانہ صنعتیں کوئی نئی نہیں۔ وہ فارسی اور عربی شاعری سے لی گئی ہیں۔ اہلِ دکن نے بھی انہیں برتا ہے اور اہل دہلی و عظیم آباد نے بھی۔ صرف یہ ہوا ہے کہ شعرائے لکھنؤ کے ایک طبقہ نے ان صنعتوں کو بے ڈھنگے پن سے برتا ہے۔ اور اپنی صناعت کو مصنوعی بنادیا ہے۔ دہلی اور لکھنؤ میں داخلیت و خارجیت کا فرق بھی زیادہ گہرا نہیں۔ دبستانِ دہلی کا عام مزاج داخلیت کی طرف مائل ہے اور لکھنؤ اسکول کا عمومی مذاق خارجیت کی جانب۔ لیکن دہلی میں بھی خارجیت کے نمونے نہ صرف نصیر دہلوی اور ذوق کی شاعری میں ملتے ہیں۔ بلکہ میر، درد، سوز، مومن اور غالب تک کے کلام میں خارجیت موجود ہے۔ اسی طرح دبستانِ لکھنؤ کے شعراء کے فن میں داخلیت بھی پائی جاتی ہے۔ مصحفی اور انشاء تو دہلی سے ہی لکھنؤ گئے۔ ان کے کلام کے علاوہ آتش، ناسخ، انیس و دبیر کے فن میں بھی داخلیت ہے۔ ہم اگر سودا اور انیس کے فن کا مُطالعہ کریں، تو ہمیں یہ حقیقت ماننی پڑے گی کہ اُن کے یہاں داخلیت و خارجیت کا اچھا خاصا توازن پایا جاتا ہے۔ میر تقی میر اور میر حسن کی مثنویوں کا آرٹ بھی امتزاجی اور متوازن ہے۔

دبستانِ عظیم آباد دلی اسکول سے مماثلت ضرور رکھتا ہے۔ مگر اس مماثلت کی وجہ اتنی سطحی نہیں کہ دہلی سے شعراء عظیم آباد آئے اور ان کا اثر پڑا۔ یا یہاں کے

---

[1] بہار کی اُردو شاعری۔ صدائے عام، عید نمبر ۱۹۵۳ء ص ۱۰۔

شعرار دلی گئے اور وہاں کی نقالی کرنے لگے۔ دہلی کا اثر سارے مراکزِ اُردو پر ملک بھر میں پڑا ہے۔ عظیم آباد اس سے مستثنیٰ نہیں۔ لیکن دلی اور عظیم آباد میں مماثلتِ فن کے اسباب اس اثر و تاثر کے علاوہ بھی ہیں۔ تاریخی وجوہ سے دہلی اور پٹنہ کی فضا ایک جیسی تھی۔ زندگی اور اس کا ماحول ایک جیسا تھا۔ دہلی میں اگر حملۂ نادر و ابدالی اور سکھ و مرہٹہ بغاوت و یورش کی وجہ سے سماج اور حکومت کی بُنیادیں ڈانواں ڈول تھیں۔ اور ایک عام یاس و حسرت درد و اضمحلال جاری و ساری تھا، تو پٹنہ پر بھی بنگالہ سے انگریزوں کی سازشوں اور حملوں نیز مرہٹہ گردی کا عذاب نازل ہوتا رہتا تھا۔ زندگی بے چین و دَرد مند تھی۔ اِن دونوں کے درمیان لکھنؤ ایک جزیرہ تھا۔ عارضی طرب بُردمان پرور۔ مگر پٹنہ اور دلی کا ایک حال تھا۔ ایک جیسے ماحول میں دونوں مقاموں کے فن کاروں کا ایک جیسا رَدِ عمل بھی ہوا۔ فن کاروں کی انفرادیت کا لحاظ رکھتے ہوئے یہ کہا جاسکتا ہے کہ عظیم آباد اسکولوں کے فَن کاروں میں داخلیت اور درد و سوز۔ یاس و حسرت اُنہیں اسبابِ زندگی سے پیدا ہوئی۔ جن اسبابِ حیات سے دبستانِ دہلی میں وجود میں آئی تھی اور یہ اسباب مقامی تھے۔ عظیم آباد اسکول کے فن کاروں کے اخلاص تجربہ اور صداقت فن کی دلیل اُن کے کلام کی تاثیر ہے۔ وہ دلی کے محض مقلد اور نقال ہرگز نہیں تھے۔ یہاں کے فَن میں خارجیت کے نمونے بھی ملتے ہیں اور فرداً فرداً فن کاروں میں انفرادیت و جدّت کی بھی ایسی کمی نہیں۔ منفرد صناع تو ہر اسکول میں قلیل تعداد میں ہوتے ہیں۔ دبستانِ عظیم آباد کے فَن کاروں میں جدّت و اختراع کا مادّہ تو اتنا تھا کہ جب دَورِ آخر میں یہاں دبستانِ لکھنؤ کا رنگ جمنے لگا تو بہت جلد عظیم آباد اسکول کے اساتذہ نے مقامی اور لکھنوی رنگ و آہنگ کو ترتیب دے کر ایک تازہ کار اسلوب و طرز پیدا کرلیا۔ اُنھوں نے دہلی اور لکھنؤ کی خوبیوں کو اپنایا اور خامیوں سے کنارہ کش رہنے کی کوشش کی۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ انھوں نے اپنی رُوح اور مزاج کے امتیاز کو قائم رکھا۔ روایات کے محاسن میں نئی تبدیلیوں کے اچھے عناصر کو سمویا۔ اور اُردو ادب کے غزلنے میں اضافہ کیا۔ خود قاضی عبدالودود صاحب کو تسلیم ہے کہ "عہدِ آبرو و مضمون کی ایہام بندی سے اس صوبہ کے شعراء کو کچھ سروکار نہیں رہا۔"

(بہار کی اُردو شاعری۔ طبع 1955ء۔ مطبع عام، پٹنہ)

Marfat.com

اِس باب کے اختتام پر میں علامہ ندوی کے اقوال کو نقل کرتا ہوں :

"صفیر بلگرامی نے اپنے تذکرہ جلوۂ خضر میں غلط نہیں لکھا ہے کہ دلی اور لکھنؤ کے بعد یہ شہر اُردو کا تیسرا مرکز ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ دلی کی تباہی کے بعد جس طرح لکھنؤ میں نوابی قائم ہوگئی ، بہار و بنگال میں الگ مسندیں لگیں ، ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ آخر میں بنگال کی نظامت سے الگ ہوکر یہ صوبہ ایک مستقل نظامت کی صورت میں منتقل ہوگیا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اس خود مختارانہ عہد حکومت کا بانی راجہ شتاب رائے کا خاندان تھا ۔ ۔ ۔ راجہ خود بھی شاعر تھا ۔ اور شتاب تخلص کرتا تھا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ راجہ شتاب رائے کے علاوہ جو صوبہ دار آتے وہ بھی مرکزی کمزوری کے باعث اپنی ایک مستقل شان رکھتے تھے ، اور اس عہد کے لوازم دربار کے مُطابق شعر وسخن کی سرپرستی اور قدردانی میں بھی حوصلہ دکھاتے تھے[1] ۔"

بہار میں اُردو ادب کا سرمایہ کثیر ہے ۔ میں اُن میں سے منتخب فن کاروں کے خزانہ سے زر و جواہر پیش کروں گا ۔ میں اُن کی ساری دولت منظر عام پر نہیں لاسکتا ۔ کیونکہ میرا دامن تنگ ہے ۔ میں انتخاب میں چند باتوں کو پیش نظر رکھوں گا ۔ اوّل یہ کہ میں اہم فن کاروں کو چنوں گا ۔ دوئم یہ کہ انتخاب اس لحاظ سے بھی ہو گا کہ اُردو کی متحدہ وراثت اور غیر فرقہ دارانہ حیثیت ثابت ہو ۔ سوئم یہ کہ اُن ادبی نمونوں کو منظرِ عام پر لانے کی کوشش کی جائے گی جن سے لوگ عمومی طور پر واقف نہیں میرا دائرہ انتخاب سترہویں صدی عیسوی کے اواخر سے اُنیسویں صدی کے تقریباً وسط تک ہوگا ۔ میں پیشکش میں یہ ترتیب ملحوظ رکھوں گا کہ پہلے شعراء کا بیان ہو ، پھر تذکرہ نویسوں کا اور بعدازاں نثر نگاروں کا ۔

خطۂ بہار میں کول ، ڈراوڑ ، آریہ ، ترک ، پٹھان ، عرب وغیرہ نسل کے لوگ بستے ہیں ۔ ان کے آباء واجداد مختلف اوقات میں یہاں آکر بسے ۔ میرے نزدیک جو یہاں

---

[1] کلام شاد پر مقدمہ ، نقوش سلیمانی ، ص ۹۵ - ۳۵۴ -

نیز ملاحظہ ہوں نقوش سلیمانی صفحات ۱۲۹ ، ۲۶۹ ، ۲۵۹ و ۳۰۲ - ۴۰۰ -

آکر، یہاں کا ہو رہا وہ اسی دیار کا رہنے والا کہلائے گا اور اسی خِطّہ کی طرف منسوب ہوگا متاخرین میں تُورانی، ایرانی اور عرب خاندان مغربی ہند سے یا بیرونِ ہند سے براہ راست بھاگ، میں آکر آباد ہوئے۔ ان میں بھی اُردو شاعر و ادیب پیدا ہوئے۔ اور یہاں کے قدیم باشندوں میں سے بھی اٹھے۔ بعض لوگ دہلی سے عظیم آباد آئے۔ اور اپنی شاعری ساتھ لائے۔ مثلاً میر باقر حزیںؔ اور فقیہہ صاحب دردمندؔ۔ "دردمند دکنی تھے، مگر ان کی شاعری نے دکن نہیں دہلی کی آغوش میں پرورش پائی تھی۔"

Marfat.com

Marfat.com

رُخ (الف)

بہار میں اردو شاعری

○

۱۶۷۰ء تا ۱۸۵۷ء

Marfat.com

مرزا عبدالقادر بیدل

۱۰۵۴ھ / ۱۶۴۴ء تا ۱۱۳۳ھ

عبدالقادر " خلف مرزا عبدالخالق۔ متوطن عظیم آباد۔ ۱۰۵۴ھ / ۱۶۴۴ء میں پیدا ہوئے ایک مدّت تک ناظم بنگالہ شہزادہ محمد اعظم خلف اورنگ زیب کے دربار سے منسلک رہے۔ پھر دکن کی سیاحت کو نکل کھڑے ہوئے۔ کچھ عرصہ دکن میں رہنے کے بعد دلّی چلے آئے اور عمر کا بقیہ حصّہ وہیں گزارا۔ ماہ صفر ۱۱۳۳ھ میں انتقال کیا۔[1]"

صفیر بلگرامی، تذکرۂ جلوۂ خضر، جلوۂ پنجم میں لکھتے ہیں :

" یہ بھی مُصلحانِ اُردو میں شمار ہوتے ہیں گو کہ فارسی فرماتے تھے مگر خود اپنے طور پر اُردو میں بھی کچھ کہہ گئے ہیں۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

بیدل مرزا عبدالقادر عظیم آبادی عمدہ سُخن طرازوں میں سے ہیں اقسام نظم میں پایہ بلند اور اسلوب نثر میں رتبہ ارجمند رکھتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

بلدۂ عظیم آباد پٹنہ میں پیدا ہوئے اور ہندوستان میں نشو و نما پائی ۔ ۔ ۔ ۔ اور سوم صفر ۱۱۳۳ھ میں انتقال کیا۔[2]"

مرزا بیدل کی جائے پیدائش میں اختلاف ہے۔ اُنہیں کوئی بخاری کہتا ہے، کوئی لاہوری، کوئی دہلوی، کوئی اکبر آبادی اور کوئی عظیم آبادی۔ بندرابن خوشگو نے اپنے تذکرہ، سفینۂ خوشگو میں بیدل کو اکبر آبادی لکھا ہے۔ علامہ آزاد بلگرامی نے اپنے تینوں

---

[1] تاریخ شعرائے بہار، سیّد عزیز الدین احمد بلخی راز عظیم آبادی، ص۔۔

[2] جلوۂ خضر، جلد اوّل ص۹۶-۹۲، بہ حوالہ تذکرہ سروِ آزاد، مولفہ سیّد غلام علی آزاد بلگرامی ... تاریخ وفات حسب ذیل ہے:

سر بر آوردۂ ارباب سخن | از غم آباد جہاں خورم رفت
گفت تاریخ وفاتش آزاد | میرزا بیدل ازیں عالم رفت

بہار اور اُردو شاعری، ندوانی، ص۔۔ بحوالہ گلستان شعرا ص۔۔

تذکروں یعنی "ید بیضا"، "خزانۂ عامرہ" اور "سرو آزاد" میں بیدل کو عظیم آبادی بتایا ہے۔ آزاد بلگرامی۔ بیدل کی وفات کے وقت ستّرہ سال کے تھے۔ مصحفی کے تذکرہ "عقد ثریا" میں بھی بیدل کو عظیم آبادی تسلیم کیا گیا ہے۔ علامہ سلیمان ندوی کا خیال بھی یہی ہے کہ بیدل کا مولد و منشا صوبۂ بہار تھا۔ اس عظیم المرتبت شاعر کی طفولیت اور آغاز شباب کا زمانہ بہار ہی میں گزرا ہے۔ بیدل کے والد اور چچا مرزا قلندر نے آرہ ضلع کے ایک بزرگ شاہ کمال قادری سے بیعت کی تھی۔ وہ بھی انہی کے دامن فیض سے وابستہ ہوئے۔[۱]

بیدل عہد عالمگیر میں پٹنہ سے دہلی گئے تھے۔ وہاں شاہزادہ اعظم و معظم کے اُستاد و اتالیق مقرر ہوئے۔ انھوں نے فرخ سیر کا زمانہ بھی دیکھا۔ ایک دفعہ شاہزادہ محمد اعظم نے اپنی مدح میں قصیدہ کی فرمائش اور منصب کی افزائش کی پیش کش کی۔ بیدل نے اسی وقت نوکری ترک کی اور گوشۂ عزلت اختیار کیا۔ باقی عمر فقر و توکل میں بسر کی۔ صوفی مشرب تھے اور شاہد معنی کے فریفتہ۔[۲] "دن کو گھر سے باہر نہیں نکلتے تھے اور شام سے آدھی رات تک شعراء اور شاگردوں سے صحبت رکھتے تھے۔"[۳] بڑے بڑے امراء اور ارکان سلطنت ان کے معتقد تھے اور ان کا اعزاز و اکرام کرتے تھے۔ مثلاً نواب شکر اللہ خاں، نواب آصف جاہ، امیر الأمرا سید حسین علی خاں بارہہ وغیرہ۔ صدر بیگ خاں نے امیر الامراء کو خنجر سے ہلاک کیا۔ شاید یہ قتل فرخ سیر کے اشارہ سے ہوا تھا۔ اس کا انتقام امیر الامراء کے بھائی سید عبد اللہ خاں وزیر نے بادشاہ سے لیا۔ اس پر بیدل نے تاریخ کہی۔[۴]

دیدی کہ چہ با شاہ گرامی کردند | صد جور و جفا براہ خامی کردند
تاریخ چو از خرد بجستم فرمود | سادات بوئے نمک حرامی کردند

---

۱ رسالہ نقوش، لاہور: شخصیات نمبر ۲ ص ۱۳۳۱۔

۲ جلوۂ خضر، ص ۹۵۔ جلد اوّل۔ ۳ جلوۂ خضر، جلد اوّل ص ۹۵۔ بحوالہ سفینۂ تاریخ تبصرۃ الناظرین۔

۴ جلوۂ خضر، ص ۹۵۔ مرزا بیدل محلہ پٹنہ دیہی کے رہنے والے تھے۔ بحوالہ حمید عظیم آبادی، ندیم، بہار نمبر ۱۹۴۰ء، ص ۱۵۶، حاشیہ۔

Marfat.com

یہ تاریخ بہت مشہور ہوئی۔ سادات بارہہ کے خوف سے بیدل دہلی سے لاہور چلے گئے۔ عبداللہ خاں ناظم لاہور نے بہت عزت و تعظیم کی۔ جب سادات بارہہ کا دور ختم ہو گیا، مرزا پھر دہلی آئے۔

بیدل، ہندستان و ایران شہرت رکھتے تھے۔ "انھوں نے بیدل تخلص شیخ عبدالعزیز عزت کے دامنِ تربیت میں اختیار کیا تھا۔" "بیدل ہی نے دکن کے مقابلہ میں شمالی ہند کی لاج رکھ لی۔" فارسی کی طرح اُن کے اُردو کلام میں بھی زورِ بیان اور پاکیزگیِ خیال نمایاں ہے۔ مؤلف چمنستان شعراء لکھتے ہیں:

"حقا کہ در سرزمین ہندوستان مثل ایں سخن پناہ صاحب کمالے بقیداز خواب عدم سر بر نداشتہ۔"

میر حسن دہلوی تحریر کرتے ہیں:

"مرزا عبدالقادر بیدل صاحب طرز فارسی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ دو شعر ہندی از آن بزرگوار مسموع شدہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔"

مت پوچھ دل کی باتیں وہ دل کہاں ہے ہم میں
اس تخم بے نشاں کا حاصل کہاں ہے ہم میں
جب دِل کے آستاں پر عشق آن کر پکارا
پردے سے یار بولا بیدل کہاں ہے ہم میں

صفیر بلگرامی نے تذکرۂ سخنِ شعراء، مؤلفہ عبدالغفور خاں نساخ کے حوالے سے صرف ایک شعر لکھا ہے اور وہ بھی یوں:

اس دل کے آستاں پر جب عشق آ پکارا
پردے سے یار بولا بیدل کہاں ہے ہم میں

۱۔ تاریخ شعرائے بہار، ملی ص۔
۲۔ بہار اور اُردو شاعری، دردائی ص۲۶۔
۳۔ بہار اور اُردو شاعری، دردائی ص۲۹۔
۴۔ چمنستانِ شعراء، ص۲۲۔ مؤلفہ رائے لچھمی نرائن شفیق۔
۵۔ تذکرۂ شعرائے اُردو، میر حسن ص۵۹۔
۶۔ تذکرۂ شعرائے اُردو، میر حسن، ص۵۹۔
۷۔ مجمعِ نغز، جلد اوّل ص۹۹۔

Marfat.com

اگر پہلے اور دوسرے دونوں اشعار کو دیکھا جائے تو "ہم ہیں" مناسب موزوں نہیں ثابت ہو گا۔ میرے خیال میں میر حسن کے نقل کردہ اشعار ہی صحیح ہیں صفیر بلگرامی نے ایک اور شعر سید موسیٰ کاظم بلگرامی کاظم کی بیاض سے نقل کیا ہے ؎

شہرۂ حسن سے از بسکہ وہ محجوب ہوا
اپنے چہرے سے جھگڑتا ہے کہ کیوں خوب ہوا[1]

پروفیسر نجیب اشرف ندوی نے رسالہ اُردو جنوری ۱۹۲۳ء میں بیدل کی طرف ایک بھاشا کا شعر منسوب کیا ہے۔ لیکن کوئی حوالہ نہیں دیا۔ انہوں نے لکھا ہے:

"اُس عہد میں اُردو کی ابتدا تھی ۔۔۔۔۔۔ چنانچہ جب حضرت بیدل گردش روزگار سے چلنے لگے تو اپنی مُنھ بولتی ماں کے ہاں ۔۔۔۔۔۔ رخصت ہونے گئے تو کہا[2] ؎

سَر اوپر کوئی نہیں تب دشمن آپن کیس
پٹنہ نگری چھاڑ دین اب بیدل چلے بدیس

حمید عظیم آبادی لکھتے ہیں:

"بیدل جب پٹنے کو خیر باد کہتا ہے تو یہاں کے درو دیوار پر بہ حسرت نظر کرکے یہ شعر پڑھتا ہے[3]" ؎

سَر اوپر مایا رام نہیں دشمن آپن کیس
پٹنہ نگری چھوڑ دہن بیدل چلے بدیس

حمید عظیم آبادی نے بھی کوئی حوالہ نہیں دیا۔ نیز پروفیسر نجیب اشرف کے پیش کیے ہوئے شعر سے تھوڑا اختلاف بھی ہے۔ میں دردائی کی رائے سے ایک حد تک متفق ہوں وہ لکھتے ہیں:

"مجھے اس شعر کے بیدل کی طرف منسوب کیے جانے سے اختلاف ہے۔

---

[1] ۔ جلوۂ خضر، جلد اول ص۹۸۔ [2] ۔ رسالۂ اُردو، جنوری ۱۹۲۳ء ص۵۸۔

[3] ۔ بہار اور اُردو، ندیم۔ بہار نمبر ۱۹۴۰ء۔

Marfat.com

. . . . . . شعر کے نقل کرنے سے قبل اس کے ماخذ کا حوالہ ضرور دینا چاہیئے تھا[1]۔"

لیکن معلوم یہ ہوتا ہے کہ مذکورہ بالا بھاشا کا شعر روایتاً مشہور چلا آتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ کسی نہ کسی شکل میں یہ بیدل ہی کا شعر ہو۔ صاحب جلوۂ خضر نے "تبصرۃ الناظرین" کے حوالہ سے لکھا ہے کہ بیدل کے یہاں ایک صحبت ادبی برپا تھی۔ اُس مجلس میں چنتامن کا کبت پڑھ کر سُنایا گیا۔ مرزا بولے:

"میں ہندوی نہیں سمجھتا مجھے سمجھا دو[2]۔"

مگر یہ تو ہوسکتا ہے کہ بیدل پرانی ہندوی نہ جانتے ہوں اور آخر کی دور کی بہاری اپ بھرنش سے تھوڑا بہت آگاہ ہوں اور سرراہے پوربی بھاشا میں ایک پنکتی کہہ گئے ہوں۔

سیّد عمادُ الدّین عمادؔ پھلواروی

(۱۰۶۵ھ تا ۱۱۲۴ھ)

سید عماد الدین قلندر پھلواروی ۱۰۶۵ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۱۲۴ھ میں وفات پائی۔ پھلواری شریف کا مرکز فیض حضرت منہاج راستی کا قائم کردہ ہے۔ آپ حضرت [illegible] کے خلفاء میں سے تھے۔ پھلواری کا مرکز آٹھویں صدی ہجری مطابق چودھویں صدی عیسوی میں قائم ہوا۔ حضرت عماد قلندر پھلواروی اسی سلسلہ کے صوفیاء میں تھے۔ حکیم شعیب صاحب مرحوم کے گھر میں اس خاندان اصفیاء کے ملفوظات و مخطوطات [illegible] موجود ہیں۔ میں نے مرحوم سے استفادہ کیا تھا، نوٹ [illegible][3]۔

---

[1] مجموعہ نغز، جلد اول، ص [illegible] [2] نقل [illegible]

[2] قلندر پھلواروی [illegible]

[3] [illegible]
پھلواری شریف کے [illegible]

بیچ نظر کے ایدھر اودھر ہر دم آوے جاوے ہے
بل بے ظالم تس پر تل دیکھے کو ترساوے ہے
جب ستی چھوڑس کھانا پینا تیرا دوانہ اُلفت میں
خون جگر کا پیوے ہے اور غم غصّہ کو کھاوے ہے
آوے اپنے ہاتھ وہ مورکھ نہیں عمادؔ اب اس کی آس
اس کے کارن کون جتن ہم کیا جو نہیں آوے ہے

ڈیگر ؎ جب بیچ چمن کے فصلِ بہار آوے ہے
تب جوش جنون تلوا مرا کھجلاوے ہے

رُباعی ؎ یارب نگہہ عنایت ایدھر کردو
کانٹا ہے عمادؔ تم گل تر کردو
ہے رنگ گنہ سیتی رخ اس کا کالا
تم غازۂ عفو سیں منور کردو

(رسالہ معیار، پٹنہ، مارچ ۱۹۳۶ء ص ۶۷ مخطوطہ کتب خانۂ خانقاہ عمادیہ، منگل تالاب، پٹنہ)

لہ بہار اور اُردو شاعری : ندوائی ص حاشیہ۔

Marfat.com

ملّا محمد علیم تحقیق عظیم آبادی

(۱۰۷۰ھ تا ۱۱۶۲ھ)

میر محمد علیم تحقیق خلف میر بدیع الدین سمرقندی عرف میر میتن[1] ۱۰۷۰ھ میں پیدا ہوئے۔ بانوے برس کی عمر میں ۱۱۶۲ھ میں انتقال کیا[2]۔ ان کے شاگرد لالہ اجاگر چند الفت نے تاریخ وفات کہی۔ ع

فرمود کہ تحقیق شدہ واصل حق
۱۱۶۲ھ

پروفیسر دردائی تحقیق کے متعلق لکھتے ہیں:

"بعض مورخین نے مرزا بیدل کے سر پر اولیت کا تاج رکھا ہے۔ لیکن ملا محمد علیم تحقیق عظیم آبادی بیدل سے پہلے گذرے ہیں ......
یہ عالمگیر کے عہد میں تھے، اور شاہجہاں کا آخری زمانہ بھی انہوں نے دیکھا تھا[3]"

لیکن پروفیسر مذکور نے نہ تو تحقیق کا سنہ پیدائش دیا اور نہ سنہ وفات۔ انہوں نے تحقیق کو بلا حوالہ و دلیل بہار میں اردو کا سب سے پہلا شاعر تسلیم کیا ہے۔ اس کے برخلاف عزیز الدین بلخی نے تحقیق کی پیدائش اور وفات کے سنہ دیے ہیں۔ میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ بیدل، عماد و تحقیق ہم عصر شعراء ہیں۔ مگر بیدل عماد سے گیارہ سال اور تحقیق سے سولہ سال بڑے تھے۔ مرزا کا انتقال حضرت عماد کی دنیا سے دو سال بعد ہوا۔ اور تحقیق کے انتقال سے انتیس سال پہلے۔ تحقیق نے لمبی عمر پائی۔ بہرحال بیدل کو اولیت حاصل ہے۔ ہاں یہ ثابت نہیں کہ اردو شاعری کی طرف پہلے بیدل یا تحقیق نے توجہ کی۔ فارسی کا ایک ضخیم دیوان تحقیق نے یادگار چھوڑا ہے ......

---

[1] پٹنہ کا محلہ میتن گھاٹ غالباً انہیں کے نام سے موسوم ہے۔

[2] تاریخ شعرائے بہار۔ بلخی ص ۴ ندیم بہار نمبر ۱۹۴۰ء ص ۱۵۱۔ حاشیہ۔

[3] بہار اور اردو شاعری، معین الدین دردائی۔ ص ۱۲۔

Marfat.com

وہ بھی بیدل کی طرح فارسی کے مفتوں تھے۔ درد ائی شاہ عماد کو تحقیق کا ہم عصر مانتے ہیں:

"ملا محمد علیم تحقیق ہی کے ہم عصر سید عماد الدین عماد (۱۰۶۵ھ تا ۱۱۲۴ھ) اور غلام نقشبند سجاد (۱۱۱۶ھ تا ۱۱۷۳ھ) ہیں۔"

(بہار اور اردو شاعری، ص۱۵)

ممکن ہے شاہ عماد کے سنہ وفات سے درد ائی کو دھوکا لگا ہو۔ اور چونکہ بیدل کی وفات ۱۱۳۳ھ میں ہوئی۔ درد ائی نے بیدل کو عماد کے بعد کا شاعر سمجھ لیا۔ لیکن حقیقت حال یہ ہے کہ بیدل مذکورہ صدر شعرا میں سب سے بڑے تھے۔

ملا محمد علیم تحقیق کو مرزا معز موسوی خان فطرت[1] سے تلمذ تھا۔ فطرت ۱۰۸۰ھ میں ایران سے ہندوستان آئے۔ اورنگ زیب عالمگیر کا زمانہ تھا۔ عظیم آباد میں دیوانی پر معمور ہوئے۔ تحقیق نے بھی مرزا موسوی کے آگے زانوئے شاگردی تہہ کیا۔ فطرت کے پٹنہ آنے سے پہلے بیدل دہلی جا چکے تھے اور اس وقت تحقیق کا عنفوان شباب بھی شروع نہیں ہوا تھا۔

تحقیق کو سیاحت کا بھی شوق تھا۔ دلی اور بنگال کا سفر اختیار کیا۔ پھر اپنے وطن کو واپس آگئے۔ زین الدین خاں ہیبت جنگ کو ان سے بہت عقیدت تھی۔ عظیم آباد کے اُمرا و حکام ملا صاحب کو بہ عزت اپنے ساتھ مسند پر بٹھاتے تھے[2]۔

تحقیق عالم تھے۔ معقولات و منقولات سے آگاہ۔ فن موسیقی کے ماہر تھے اور تیراندازی، پیٹ کا ناں، پیراکی میں مہارت تھی۔ مرغ، بٹیریں اور مینڈھے لڑانے کا شوق تھا۔ صاحب سیر المتاخرین ان کی نسبت لکھتے ہیں:

"میر محمد علیم کہ از مشاہیر و مشائخ عظیم آباد از جملہ شاگردان مرزا معز موسوی خان فطرت تخلص بود۔ شہرت علمش بسیار و شاعریش ہم اشتہار دارد۔"

---

1. تاریخ ادب بہار، عزیز الدین بلخی [illegible] "بہار اور اردو" از حمید عظیم آبادی۔ ندیم، بہار نمبر [illegible] ص۱۵۱
2. [illegible] شاد عظیم آبادی [illegible] "ملا تحقیق کا مولد محلہ مغل پورہ عظیم آباد تھا" ندیم، بہار نمبر [illegible]
[illegible]

Marfat.com

نمونۂ کلام حسب ذیل ہے۔[1]

سرجن تیرے مکھڑے ہیں سورج کی کرن [illegible]
دیکھا ہوں جو تجھ مکھ کون نینا میرے چند [illegible]

دیگر

جھگڑا باندھ [illegible]
[illegible] آیا

حمید عظیم آبادی نے اشعار کو یوں نقل کیا ہے:[2]

جھگڑا باندھ کر دل [illegible]

دیگر سرجن تیرے [illegible]
دیکھوں [illegible]

تحقیق [illegible]
[illegible]
فارسی [illegible] کرتے تھے [illegible]

قاضی عبد [illegible]

حضرت عماد کے بیٹے شاہ [illegible]
[illegible]
ایک قلمی نسخہ [illegible]
نے [illegible] میں شائع کر دیا تھا [illegible]
[illegible] میں لکھی گئی۔ اگر مصنف [illegible]
سے یقینا [illegible] تھے [illegible]

---

[1] [illegible]

[2] [illegible]

[3] [illegible]

اور تحقیق کے دَور کا بھی اچھا خاصا حصّہ پایا میرے خیال میں غفا کو سجاد کا ہم عصر کہنا مناسب نہیں۔ انہیں تحقیق کا ہم عصر زیادہ صحیح طور پر کہا جا سکتا ہے۔

نمونۂ کلام حسب ذیل ہے ؎

ظاہر دھوئے پاک نہ ہوئے　　پاک ہوئے جب باطن دھوئے
بھین معراج نمازی سوے　　بن معراج نماز نہ ہوئے

کہے غفا، سنسار موں دیس بدیس　　سائیں آپے آپ کو سوائے مانک بھیس

آگ پڑے تن پیم کے جل بل بوجھا جو　　کہے غفا تم آگ موں دے جیو پایا پید

کہے غفا سُن کان دے ایسے آیا ہاتھ　　مورت صورت رنگ کالے گیا سائیں ساتھ

کہے غفا سبھ خوب ہے جگ موں ایی پاپ　　پرگٹھ ہوا پیواد، کچھ لوگ کہادیں آپ

غفا سمندر پیم کا دیکھ غوطہ مار　　جو تھے موتی بھید کے آئے ہمارے ہاتھ

کہے غفا جنھ دیکھ دوئی　　پیم پتھ موں مشرک ہوئے

کہے غفا جنھ آپ بھُلایا　　تن سائیں کا درشن پایا

بھیجا بدبختی پریم کی ناؤں دھرا قرآن　　مانک ہاتھ سمائے کے آپی مانجے آن

اُٹھ پردیسی کیا سوا نین پیم جل دھوئے　　دور گئے سبھ سنگ کے توں رہا اکیلا موئے

[illegible] نیا اپک موں پانی رے جو کوئے　　ڈارے بوٹی پریم کی تب جانے کیکن موئے

Marfat.com

[illegible] بار مل سودا لینہ ہاٹ　　کوئی سودا لے پھرا کوئی بھولا باٹ

پیم پنتھ مون ایک ہے سُن مسجد اور دیر　　جب دیکھا تب پیا کون نین نہ آیا غیر

سائیں کا کوئی اور نہ پاوے　　پل پل لاکھ بھیس دکھلاوے

باسن ماٹی کہے نہ کوئے　　آخر باسن ماٹی ہوئے

لوگ باورے پیو کون ڈھونڈیں دیس بدیس　　پیو پرگھٹ جگ ماتھ [illegible] بھیس

اللہ اللہ من جپے جیون کوئی دن رین　　جپت اللہ سنسار [illegible]

(بہار اور اُردو شاعری ۔ [illegible])

غفا کے کلام میں صوفیانہ خیالات اور جذبہ کی پختگی [illegible]
زبان و بیان کے لحاظ سے ایسی فضا بندھتی ہے کہ ہم عالم تخیل [illegible]
نانک اور کبیر کی دنیائے جذبات میں پہنچ جاتے ہیں۔ [illegible]
[illegible] کی زبان خاصی صاف ہے۔ البتہ [illegible]
زبان کا عنصر بہت زیادہ شامل ہے

([illegible])

[illegible]

Marfat.com

مجھے زبان کے سلسلہ میں مذکورہ بالا بیان سے اختلاف ہے۔ میرے خیال میں غفا کی زبان ملی جلی زبان ہے۔ اس پر کھڑی بولی، اودھی اور برج بھاشا کا اثر بھی ہے۔ صرف مگدھی کا اثر نہیں۔ خود کبیر کی زبان کا بھی یہی حال ہے۔ اس عہد کی صوفیانہ بھگتی شاعری میں ایک ادبی طرز کی زبان مروج ہو چکی تھی جو کم و بیش ملک ہند کے بہت بڑے علاقے میں سمجھی جاتی تھی۔ ہندوستان میں ایک ہمہ گیر ادبی زبان کا ہیولیٰ تیار ہو رہا تھا۔ میری رائے یہ ہے کہ غفا کے کلام میں مگدھی عنصر نسبتاً کم ہے۔ اپ بھرنش ہی کے آخری دور میں مگدھی یا مگہی بھاشا کا زوال ہو چکا تھا۔ اس کی ادبی حیثیت گویا نہیں رہی تھی۔ بکھرے ہوئے لوک گیت تو تھے۔ لیکن اس دیار میں اعلیٰ قسم کی شاعری نہیں ہو رہی تھی۔ گریرسن کا بھی یہی خیال ہے۔ اسی عہد کے معاً بعد اردو زبان و ادب کا ہوتا ہے: بہار کی قدیم اردو شاعری میں لسانی اعتبار سے مگہی بولی کا عنصر کم شامل ہوا ہے۔ میں ذیل میں غفا کے کلام کا تجزیہ پیش کرتا ہوں:

" نیو "، " پیو "، " مانٹی " ان الفاظ کی ساخت برج بھاشا کی ہے۔ افعال کی ساخت بیشتر کھڑی بولی کی ہے۔ مثلاً " پایا "، " آیا "، " لے گیا "، " دیکھا "، " آئے "، " دیکھا "، " بھلایا "، " دھرا "، " بھیجا "، " رہا "۔ ذرا مندرجہ ذیل جملوں اور فقروں کی ترکیب دیکھئے:

" کہے غفا سن کان دے "، " ایسے آیا ہاتھ "، " لے گیا سائیں ساتھ "، " دیکھا غوطہ مار "، " آئے ہمارے ہاتھ "، " سائیں کا درشن پایا "، " بھیجا پوتھی پریم کی "، " ناؤں دھرا قرآن " وغیرہ وغیرہ۔ یہ سب جملے اور فقرے کھڑی بولی کے ہیں۔ اسی طرح الفاظ، جملوں اور افعال کی ترکیب و ساخت پر اودھی یا عام پوربی رنگ بھی ہے۔ مثلاً " مون "، " کا "، " تون "، " ہوئے "، " دھوئے "، " جائے "۔ میری رائے میں مگہی اور بہاری اثرات صرف لفظوں کی ساخت میں ہیں۔ مثلاً " مانگ "، " پیم "، " سبھ "، " ایہی "، " جنہ "، " تن "، " لینہ "، " پیہ " الفاظ ہیں " ل " کی آواز پر تاکید مشرقی ہند اور ایک حد تک مغربی ہندی کی خصوصیت بھی ہے۔ ہاں پنجابی، راجستھانی، بنگالی وغیرہ زبانوں میں " ل " کی آواز گرتی ہے۔ " مانگ " اور " پیم " کے الفاظ مگہی، میتھلی اور بنگالی میں مروج ہیں۔ لیکن مجموعی طور پر میں یہی سمجھتا ہوں کہ غفا کی زبان پر مغربی ہندی یا کھڑی بولی کا

Marfat.com

اثر نمایاں رنگ میں غالب ہے مثلاً ع

کوئی سودا لے پھرا کوئی بھرا جائے

مسئلہ کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ اشعار ریختہ میں بعض "مخلوط بولی" اور [illegible] اور گدھی زمین میں فارسی اور عربی الفاظ کے بیچ بھی لائے گئے ہیں مثلاً ظاہر و باطن، معراج، نمازی، صورت، سمندر، خوط، مشرک، قرآن، [illegible] اور ساتھ ہی ساتھ نئی ہند آریائی بولیوں کے اندر سنسکرت کے متشم شبدوں کا استعمال بھی ہوا ہے۔ مثلاً: سنسار، جگ، پاپ، پرگٹ، [illegible]

غفا کی زبان اُردوئے قدیم کے دورِ وسطی کا نمونہ ہے۔

غلام نقشبند سجّاد

([illegible])

آپ کا نام محمد سجاد اور عرف غلام نقشبند تھا۔ خواجہ عماد الدین قلندر [illegible] کے صاحبزادے اور حضرت شاہ مجیب اللہ پھلواروی کے داماد تھے۔ مولد و مسکن [illegible] پھلواری، متصل عظیم آباد۔ ۱۱۲۰ھ عہد عالمگیر میں پیدا ہوئے اور [illegible] شاہ عالم میں وفات پائی۔ حضرت شاہ مجیب اللہ پھلواروی اور خواجہ عماد الدین [illegible] پھلواروی، ممیرے، پھپھیرے بھائی تھے۔ اوّل الذکر، ثانی الذکر کے [illegible] اُن کے خلیفہ بھی۔ شاہ عماد کے انتقال کے وقت جناب سجاد کی [illegible] تھی۔ جب بڑے ہوئے تو آپ کی شادی شاہ مجیب اللہ کی لڑکی سے [illegible] سجاد کی طرح حضرت شاہ آیت اللہ جوہری بھی شاہ مجیب اللہ کے [illegible] تذکرہ بعد میں آئے گا۔ شاہ مجیب اللہ پھلواروی کا مزار اور [illegible] میں اب تک مرجع خاص و عام ہے۔

حضرت سجاد پھلواروی نے فارسی اور اُردو دونوں میں طبع آزمائی کی [illegible] کلام قدامت کے لحاظ سے بہت اہمیت رکھتا ہے۔ آپ کا کلام جناب [illegible] الدین [illegible] عمادی پھلواری کے ذریعہ حاصل ہوا اور رسالہ "معاصر" پٹنہ میں چھپا [illegible]

تجلی زار عظیم آبادی مؤلف تاریخ شعرائے بہار نے مندرجہ ذیل کلام نقل کیا ہے۔

صدقے ترے ساقیا آج لگا دے بسیں
وارد میخانہ ہے زاہد پرہیزگار
آپ الگ ہیں خفا دل ہے جدا بے کہا
آپ ہی ٹک سوچئے کیا کرے سجاد زار

(تاریخ شعرائے بہار تجلی ص۲۲)

رسالہ معاصر، پٹنہ، ماہ نومبر ۱۹۴۲ء میں حضرت سجاد کا جتنا کلام شائع ہوا تھا وہ درج ذیل ہے:

(۱)

دم بھی گھوٹے ہے غم ستی نکلے نہیں ہے جان بھی　　ہائے زمین سخت ہے، دور ہے آسمان بھی
ایسے ہی غیروں کے تئیں کہدیو اپنے جان نثار　　لاؤ گے قتلگہ کے بیچ، لیوگے امتحان بھی
بیچ تمہارے جمع ہے، رنگ جلال و ہم جمال　　آنکھ ستی ستم شعار، دل ستی مہربان بھی
ہووے جو اختتام وہ جب کہیں ہووے یہ بھی ختم　　قصہ غم پر رہا، ہجر کا داستان بھی
آج وہ اپنے گھر ستی، نکلے ہیں فاتحہ پڑھے　　جبکہ نہ میری قبر کا باقی رہا نشان بھی
ہووے ہزار جی پہ غم شرط وفا یہ ہے مگر　　آنکھیں بھی خشک ہی رہیں، بند رہے زبان بھی
تم ہی تو ہو ہماری جاں، تم ہی ستی تو ہے جہاں　　کیونکہ نہ ہم منادیں خیر جان ہے تو جہان بھی
جی کے تئیں دبا کے واں جاویں کسو طرح سے پر　　منہ ستی اون کے روبرو ہو سکے ٹک بیان بھی

سجدہ گذار آستاں تیرا غلام نقشبند
رحم کا خواستگار ہے، رحم ہے تیری شان بھی

(۲)

بیداد کون جانے ہے، بیداد کے تئیں　　صیاد مت کہو مرے صیاد کے تئیں
گلچیں سے بڑھ کے جانے نہ صیاد کے تئیں　　اتنا جتا دو مرغ چمن زاد کے تئیں
جنت ہی کی ہوس نہ تھی آخر وہ شیخ جی　　دوزخ میں جو کہ لے گئی شداد کے تئیں
آساں نہیں تجھ ایسے کی تصویر کھینچنی　　آئینہ کو نہ دیوے یہ بہزاد کے تئیں
غم خوش رہے کہ ایک یہی تو فراق میں　　رکھے ہے شاد خاطر ناشاد کے تئیں

Marfat.com

کیسے ہو آج کوئی مسلمان دیندار　　جب لوگ دین سمجھے ہیں الحاد کے تئیں
ہیں طفل اشک مردمِ دیدہ کے نورِ چشم　　ٹپکے ہے کون خاک پہ اولاد کے تئیں
عارض گلاب، زُلف ہے سُنبل، تو نرگس آنکھ　　گلشن ہی ہم تو پا دیں ہیں صیّاد کے تئیں

طوفان اشک اور جوانی کی ناؤ، ہائے!
سمجھا دو ٹک کوئی مرے سجّاد کے تئیں

(۳)

جب موسمِ گل آن کے تائید کرے ہے　　تب جوشِ جنوں عقل کی تردید کرے ہے
پرویز و نل، دکوہکن و وامق و مجنوں　　جو ہے وہ مری بات کی تقلید کرے ہے
اُٹھے گا یہاں پھر نہ کبھی شورِ تمنّا　　دل بیچ یہی یاس اب امید کرے ہے
جو بیچ محبت کے فنا ہووے ہے اے دل　　حاصل وہی تو ہستیٔ جاوید کرے ہے
جس روز کہ پہنچے ہے نئی کوئی مصیبت　　اُس روز ترا خوگرِ غم عید کرے ہے
رکھّے ہے جبیں در پہ ترے گنبدِ گرداں　　سجدہ ترے دروازے پہ خورشید کرے ہے
گردِ سُمِ رہوار ترا پہونچے ہے جس جا　　ہیبت سے وہاں خنگِ قمر لید کرے ہے
قاصد کے تئیں چاہیے کہدے جو کہن ہیں　　کیوں اپنی طرف سے کوئی تمہید کرے ہے

سجّاد، جو سمجھا ہے خود اپنے تئیں موجود
وہ فہم نہیں، معنیٔ توحید کرے ہے

(۴)

ہجر کی رات بہت بھاری ہے　　عشق کی بات بہت بھاری ہے
بھیج دیویں نہ کلیجا اپنا　　یہ ہی سوغات بہت بھاری ہے
اُلٹی جاوے ہے بساطِ دل اب　　ایسی تو مات بہت بھاری ہے
نامۂ شوق کا آیا یہ جواب　　اب ملاقات بہت بھاری ہے
نفی کے بعد ہے اثبات صحیح　　خالی اثبات بہت بھاری ہے
کل جو بوجھا تھا بہت ہی ہلکا　　آج مہمات بہت بھاری ہے

خوگرِ غم کے تئیں بھی سجّاد
غمِ مافات بہت بھاری ہے

Marfat.com

(۵)

جو گھڑی جاوے گذر دورِ مے و جام کے بیچ | بہ از عمرِ خضر گردشِ ایّام کے بیچ
خوگرِ غم کے تئیں یاد بہت آوے ہے | لحظۂ رنج جو تھا مدّت آرام کے بیچ
بیچ اون انکھڑیوں کے اُبلے ہے ایسی مستی | موج مے جوش کرے جیسے کبھو جام کے بیچ
مجھ ستی سُن لے ارے نام و نشاں کے طالب | بے نشانی ہی رہے ہے ہوسِ نام کے بیچ
یاس کے بیچ وہ گھُل مِل کے ہوئی یاس کے رنگ | کوئی حسرت جو رہی تک دلِ ناکام کے بیچ
دل ہی جانے ہے جو لذّت ہے ادا خاص اُن کی | عالم جلوہ فروزی میں سرِ بام کے بیچ

جب ستی اوس بتِ خود کام ستی کام پڑا
جی نہیں بہلے ہے سجّاد کسو کام کے بیچ

(۶)

میاں خدا کو پاوے کوئے | جب خود کو یا خودی کو کھوئے
ہوش و خرد رکھے جو کوئے | تجھ مکھڑے پر عاشق ہوئے
جی جو نہ دُکھے کاہے کوئے | بیٹھا بیٹھا سسکے، روئے
دُنیا ہے عقبیٰ کا کھیت | وہ کاٹے دہقاں جو بوئے
خاک آوے عاشق کے نیند | دل تڑپھے تو کیسے سوئے
ہم تو کیا جو کرنے کو تھا | اب صاحب جو ہوئے سو ہوئے
تمرے تئیں بھی ہووے عشق | تب بتلا دو کیسا ہوئے

قطعہ

پڑھے عاشق جب کہ نماز | دیر طرف مُنہ اوس کا ہوئے
بیچ وضو کے جی ستی ہاتھ | آنسو ستی وہ مُنہ کو دھوئے

نالہ تم کھینچو سجّاد
اب چاہے کچھ ہوئے نہوئے

(۷)

مری حسرتیں دل میں گھبراتیاں ہیں | نکلنے کی راہیں نہیں پاتیاں ہیں
تری مست آنکھوں کی یہ پُتلیاں تو | تماشا قیامت کا دکھلاتیاں ہیں

Marfat.com

اُدھر بدلیاں ہیں ، اِدھر میری آنکھیں — وہ پانی تو یہ آنسو [illegible]
علاج اپنی آنکھوں کی اے دل نہیں کیا — کوئی کام کا [illegible]
خدارا بتادیں تو ٹک ہم کو سائیں — کہاں آتیاں [illegible]
ارے یاس یہ حسرتیں ہیں جو میری — [illegible]
بنیں جو کہ تیرِ بلا کا نشانہ — فقط اس دل [illegible]
سرِ بزم دکھلادیں ہیں بسکہ شوخی — وہ آنکھیں جو [illegible]
اُمیدیں جو مہماں ہیں میرے دل میں — لہو پیاں [illegible]
سُنا ہوں کہ اکثر نگاہیں تمہاری — مرے قتل کے بعد [illegible]

مُوا جائے سجاؔد ہے جن کے غم میں
وہ شکلیں نگاہوں میں کیوں آتیاں [illegible]

(۸)

بھٹی کو چلا کیا ہوتے سحر پوچھو تو کوئی سجاد سنی
ہتیا ات [illegible] تو کام [illegible]

ٹک میری طرف سے بادِ صبا جاکر کہہ صیاد [illegible]
اب جان لبوں پہ [illegible]

تنہائی فرقت میں کیا کیا اپنا نہ یہ دل گھبراوے ہے
بیٹا ہے جو [illegible]

جب آگ دھندھلکی ہو اس پر مت چھینٹو تیل خدارا تم
کیا دل کی خوشی کو پوچھو ہو [illegible]

اے بادِ سحر اے موجِ صبا لے جلد ہماری آکے خبر
نکلا ہے ہمارا [illegible]

سُن پایا ہے اوس نے دل میرا کعبہ ہے گھر اللہ کا ہے
اب کھود کے اوس کو چلوا دے [illegible]

جو دکھ کے ہم کو ہاتھ ملے پچھتاوے اور افسوس کرے
بتلا دو کوئی کریں شکوہ کیا ایسے ستم ایجاد [illegible]

Marfat.com

ٹھانا تو بہت . اب جاویں گے . ہرگز نہ کسو کے کوچے میں
ہر بار مگر مجبور رہے ہم اپنے دل ناشاد ستی
توڑا ہے وہ کب کا تقویٰ کو بھٹی میں تو اوس کی گذرے ہے
سجّادہ و مسجد کی بابت مت پوچھو کچھ سجّاد ستی

(۹)

سمجھاؤں ہوں یہی دلِ ناکام کے تئیں   آغاز بیچ سوچ لے انجام کے تئیں
چرخِ بریں فرود ہے زینے ستی ترے   بولیں ہیں عرش لوگ ترے بام کے تئیں
کیا جاوے گا بگڑ کہیں قدرت کا ہاتھ ٹک   دیوے پلٹ جو گردشِ ایّام کے تئیں
سودا کرے ہے غم کا جو بازار عشق بیچ   سو دُکھ کے بھاؤ بیچے ہے آرام کے تئیں
واعظ سُناوے سدرۂ طوبیٰ کی گفتگو   ہم چاہیں اپنے سرو گل اندام کے تئیں
بولے ہے شیخ مجھ ستی ساقی کو کہدو تم   ایدھر کو بھی بڑھاوے کسو جام کے تئیں
زاہد کرے ہے کعبۂ میخانہ کا جو حج   رنگے ہے مے میں جامۂ احرام کے تئیں
بھاوے نہیں ہے شیخ کی صحبت یہ میکشو   بیٹھا دو ساتھ مت کسو بدنام کے تئیں

سجّاد کا ہے کھینچے ہے تو آہ نارسا
توڑے ہے کوئی بھی ثمرِ خام کے تئیں

(۱۰)

جب چال چلے انڈلاوے ہے   جب بولے تب اتراوے ہے
میں دل کو یوں سمجھاؤں ہوں   گھبراوے مت . وہ آوے ہے
اندھیارے میں جگ مگ، جگ مگ   کچھ دور ستی دکھلاوے ہے
جی دیوے کا ہے بھوک ستی   عاشق بیٹھا غم کھاوے ہے
اِک دم پیلا . ہڈی ہڈی   پہچان بھی کوئی پاوے ہے
فرقت بھی ترے دیکھا دیکھی   اب میرے تئیں تڑپھاوے ہے

بن بن جو پھرے مارا مارا
سجّاد وہی کہلاوے ہے

Marfat.com

(۱۱)

یہ بولے کہ کیا رہے گھر میں بھی کوئی کہ نہیں | ملے حضور سے اب در میں بھی کوئی کہ نہیں
جنون عام ہے ایسا بہار سے پوچھو | کہ رہنے پاویگا اب گھر میں بھی کوئی کہ نہیں
تھی اوس کے فوج بھی، نوکر بھی اور چاکر بھی | گیا مزارِ سکندر میں بھی کوئی کہ نہیں
سُنا تو وامق وفرہاد وقیس کے قصّے | مُوا ہے عشق پیمبر میں بھی کوئی کہ نہیں
اُڑے جہاں میں لاکھوں کے مُرغ جاں لیکن | ہے دامِ زلف معنبر میں بھی کوئی کہ نہیں

غریب جان کے سجّاد کو جو مارے ہو
تو تم سے پوچھے گا محشر میں بھی کوئی کہ نہیں

(۱۲)

زہد ریا سے زاہد توبہ نہیں کرے ہے | نادان اپنے حق میں اچھا نہیں کرے ہے
کچھ بن کہیں پڑے ہے، دل کی ہوس کے آگے | اپنے تو جانتے یہ کیا کیا نہیں کرے ہے
یوں ڈوبتا جو ہووے دریا کے بیچ کوئی | پیراک بیٹھا بیٹھا دیکھا نہیں کرے ہے
ہو جاوے ہے محبّت خود اپنے آپ ناصح | کوشش ستی تو کوئی پیدا نہیں کرے ہے

سجّاد یاد آیا تو بیٹھے بیٹھے بولے
اب کوئی در پہ آکے رویا نہیں کرے ہے

رسالہ نگار۔ لکھنؤ۔ بابت ماہ جنوری ۱۹۳۵ء کے حوالے سے پروفیسر معین الدین دردائی نے اپنی کتاب " بہار اور اُردو شاعری " کے صفحہ ۱۶ و ۱۷ پر سجّاد کی وہ غزل درج کی ہے۔ جس کا مطلع یہ ہے ؎

بھٹی کو چلا ہوتے ہی سحر پوچھو تو کوئی سجّاد ستی
تھا رات تلک تو کام اُس کو اشغال ستی اوراد ستی

یہ غزل معاصر میں بھی شائع ہوئی ہے۔ اشعار کی تعداد برابر ہے لیکن ان میں خفیف اختلاف پایا جاتا ہے۔

بعض افراد سجّاد اور عمّاد کے کلام کو قابل اعتماد نہیں سمجھتے لیکن میرے نزدیک وہ سب اصلی ہیں۔ حکیم شعیب صاحب مرحوم کا بیان ہے کہ حضرت نورالحق تپاں پھلواروی نے حضرت سجّاد کے کلام کی نقل کی تھی۔ تپاں شاہ نجیب اللہ پھلواروی

Marfat.com

کے پوتے اور حضرت سجاد کے داماد تھے۔ نورالحق تپاں کی تحریریں خاندانی دستاویزات میں ملتی ہیں۔ اور پھلواری کے شاہ صاحبان میں معروف ہیں۔ میں نے اور پروفیسر عسکری صاحب نے بھی تپاں کی تحریریں حکیم شعیب صاحب مرحوم کے پاس دیکھی ہیں۔ تپاں کے بہت سے خود نوشت مرثیے پھلواری میں موجود ہیں اور ہم نے دیکھے ہیں پھلواری کے صوفیا کے کلام ہرگز الحاقی نہیں۔ اگر تذکروں میں ان میں سے بیشتر کا ذکر نہیں، تو یہ تذکرہ نگاروں کی نارسائی ہے۔ اب جو مخطوطات و مسودات ہمارے سامنے آ رہے ہیں۔ تو حقائق پر سے پردے اُٹھ رہے ہیں۔ داخلی شہادت بھی کوئی ایسی نہیں جس کی وجہ سے ہم انہیں جعلی یا الحاقی سمجھیں۔ بزرگوں کے کلام کو شاہ نعمت اللہ (سنہ ۱۱۶۰ھ تا ۱۲۲۵ھ) پھلواروی نے بھی مرتب کیا ہے۔ قدیم منقولات بھی موجود ہیں اور بعد میں ان قدیم منقولات سے نقلیں ہوئی ہیں۔ حکیم شعیب صاحب مرحوم نے شواہد کے ساتھ میرے اور پروفیسر حسن عسکری صاحب کے سامنے اس مسئلہ پر تشفی بخش روشنی ڈالی تھی اور ہم مطمئن ہو گئے تھے۔ حضرت عماد اور حضرت سجاد کے کلام کے مخطوطات یا منقولات پھلواری سے باہر اب تک دستیاب نہیں ہوئے۔

حضرت بی بی ولیہ متوفی ۱۱۳۹ھ

حضرت بی بی ولیہ بنت سید شاہ عزیز الدین اجہری شاہ آیت اللہ شورش (جوہری و مذاقی) کی والدہ ماجدہ تھیں۔ شاہ محمد مخدوم کی پہلی شادی ولیہ سے ہوئی تھی جس سے صرف ایک صاحبزادے شاہ آیت اللہ ہوئے۔ ۱۹ جمادی الاولیٰ ۱۱۳۹ھ کو آپ کا وصال ہوا۔ بڑی زاہدہ و مرتاض تھیں اور علم تصوف میں دستگاہ رکھتی تھیں۔ اُن کے معلومات و مکاشفات اُن کے وقت ہی میں بہت شہرت پا چکے تھے۔ جس کے متعدد مجموعے پھلواری کے متعدد کتب خانوں میں موجود ہیں۔ عربی کی تھوڑی اور فارسی کی بہت معقول لیاقت رکھتی تھیں۔ حضرت مولانا محمد وارث رسول نما بنارسی قدس سرہٗ کی شان میں اُن کا ایک مشہور قصیدہ ہے جس کا مطلع ہے ؎

Marfat.com

ندانم کہ در روز محشر کہ باشد

کہ جرم وگناہم گذشت است از حد

اُردو میں دوہوں کے وزن پر ان کے بعض اشعار بہت مشہور ہیں ؎

کون بستی تدبیر بتاویں — اون اپنے کن ہمکو بلاویں

حضرت کی ڈیوڑھی جو پاویں — سیس جھکا کے آنکھ لگاویں

ندیم، بہار نمبر ۱۹۳۵ء میں "شاعرات بہار" ایک گرانقدر مقالہ سید بہار [illegible] احمد شفق نیانوی سابق مدیر رسالہ "موج نسیم" پٹنہ (حال [illegible]) کا شائع ہوا تھا۔ پروفیسر [illegible] نے اپنی کتاب کے لیے اس مقالہ سے بھی مواد لیا ہے۔

(بہار نمبر ۱۹۳۵ء [illegible])

لالہ اُجاگر چند الفت

لالہ اُجاگر چند الفت، پسر مہابلی، متوطن عظیم آباد، قوم کائستھ ماتھر۔ [illegible] لکھتے ہیں کہ پہلے غربت تخلص کرتے تھے۔ پروفیسر حسن عسکری الفت اور غربت تخلص لکھتے ہیں۔ ممکن ہے املا کی مشابہت کی وجہ سے اشتباہ پیدا ہوا ہو۔ [illegible] کے شاگرد تھے۔ فارسی و اُردو دونوں میں کہتے تھے۔ ڈاکٹر سید عبداللہ کی کتاب [illegible] فارسی میں ہندوؤں کا حصہ میں بھی الفت کا مختصر تذکرہ درج ہے۔ [illegible] غزل پروفیسر عسکری صاحب کی تلاش و جستجو سے ملی ہے۔ [illegible] اُردو [illegible] یہ غزل کسی شخص کو خط کے ساتھ بہ نظر اصلاح بھیجی گئی تھی۔ خط ان کے [illegible] مکاتیب میں ہے، جس کے کچھ منتشر اوراق ملے ہیں۔ اس کا زمانہ کتابت [illegible] لیکن ایک خط جو اس کے قریب ہے فخر الدولہ ناظم بہار کے نام ہے [illegible] کتابت ۲۵ شعبان ... مطابق ۱۲۰۰ھ درج ہے۔ نواب [illegible]

سلہ تذکرہ قلمی ہندا بن داس خوشگو۔ سلہ [illegible]

[illegible] ۱۹۵۳ء۔ وصدائے عام، عید نمبر ۱۹۵۳ء۔ اُجاگر چند الفت، از پروفیسر عسکری، ص ۲۲-۲۵

Marfat.com

۱۱۳۷-۴۲ھ / ۱۷۲۵-۳۰ء ہے۔ یہ نواب صوبہ بہار میں سلاطین مغلیہ کا آخری صوبہ دار تھا ۱۱۶۲ میں معزول ہوا۔ بہار، بنگالہ میں شامل کردیا گیا اور مشرقی صوبہ داروں کی منصوبہ بازیوں کی آماجگاہ بن گیا۔ سلطنتِ مغلیہ میں بھی اتنا دم نہ تھا کہ ناظموں کی خود سری کی روک تھام کرسکے۔ بعد ازآں فتنۂ فرنگ نے عظیم آباد کو شہرِ "فتنہ" پٹنہ بنادیا۔

اُلفت کا نمونۂ کلام ملاحظہ ہو :

خلوت نشین غم کون تماشا سین کام کیا
مخمور جام عشق کو صہبا سین کام کیا

دیوانۂ محبّتِ بے اختیار کون
تکلیف حال صحبت دانا سین کام کیا

مستِ مئے اَلست کو ہے تشنۂ دگر
جام شراب کہنہ و مینا سین کام کیا

آباد باد ملک قناعت و مردمی
ویرانۂ خرابی دُنیا سین کام کیا

" " " " " " " " " " " " " " " " " " " "

پَرورده آفتاب محبّت کون روزِ حشر
باغ نعیم و سایۂ طوبیٰ سین کام کیا

جس کو ہے داغ سینہ د آتش تمام دل
سیر گل و تفرج لالہ سین کام کیا

لیا متاع دل کا کت اختیار سون
سودائے عشق ہے سرو سودا سین کام کیا

" " " " " " " " " " " " " " " " " " " "

" " " " " " " " " " " " " " " " " " " "

یارب غریب ملک معانی کو رہ نما
شکل مہیب وصورت زیبا سین کام کیا

رسالہ معاصر میں پندرہ اشعار شائع ہوئے ہیں۔ میں نے آٹھ اشعار نقل کیے ہیں۔ اس غزل میں فارسیت کا غلبہ ہے۔ بعض مصرعوں میں کاتب کا تصرف معلوم ہوتا ہے۔ اور اس وجہ سے ناموزونیت جا بجا ملتی ہے۔ مکتوبات کا ــــ کوئی دوسرا نسخہ نہیں کہ مقابلہ کرکے تصحیح کی جاسکے۔ پروفیسر عسکری صاحب کو "چند منتشر اوراق جو اُلفت کے چند ابتدائی خطوط اور ایک نادر غزل ریختہ پر مشتمل ہیں۔ ملے ہیں اور ایک دوسرا مجموعۂ مکاتیب یعنی انشائے اُلفت (فارسی) جس میں ۱۱۶۳ھ تک کے خطوط شامل ہیں اور اُلفت کے ایک ناقص دیوان فارسی کا قلمی نسخہ دستیاب ہوا ہے۔

نوٹ : آغا حسین قلی خان عاشقی تذکرۂ نشترِ عشق میں لکھتے ہیں کہ اُلفت

Marfat.com

" از سکنۂ عظیم آباد بود " لیکن سفینۂ خوشگو میں ہے کہ " از مدتے درعظیم آباد ماند " غالباً وہ اوائل عمر میں اپنے والد کے ساتھ دہلی سے پٹنہ آئے ۔ ان کے بھائی حکیم چند دلّی ہی میں رہے ۔

ایک اور اُلفت تھے ۔ منشی منگل سین ۔ باشندہ عظیم آباد ۔ قوم کائستھ شاگرد جرأت ۔ دوسرے تھے " اُلفتی " راجہ پیارے لال ۔ دہلی سے عظیم آباد آئے ۔ منگل سین کا شعر ہے ؎

ہر قدم پر یاں تلک آنے ہیں سو سو ناز ہیں
کیونکہ گھر جانے لگے شام و سحر دو چار کے

(تاریخ شعرائے بہار)

مہاراجہ رام نرائن موزوں (متوفی [illegible])

مہاراجہ رام نرائن دیوان رنگ لال کے بیٹے اور قوم کائستھ [illegible] تھے ان کا آبائی وطن سہسرام ضلع میں کشن پور موضع تھا۔ تاریخ [illegible] ہے۔ مختلف عہدوں پر فائز رہنے کے بعد صوبہ بہار کے نائب [illegible] اور عظیم آباد و بہار پر فرماں روائی کرتے تھے ۔ ان کی صوبہ داری [illegible] ۱۱۶۲ھ [illegible] رنگ لال نواب محمد علی وردی خاں مہابت جنگ [illegible] متوسلین میں تھے اور رام نرائن لال کو مہابت جنگ [illegible] والد کی جگہ دیوان بھی ہو چکے تھے ۔ [illegible] کے بعد مہابت جنگ نے ان کو بہار کا صوبہ دار [illegible] کی صوبہ داری میں کوئی [illegible] حکمران بنگال و بہار و اڑیسہ [illegible] ۱۱۶۹ [illegible]

[illegible]

[illegible]

میں دربار اور قلمرو کی حالت ناگفتہ بہ تھی۔ ہر طرف تعیش، افترا پردازی اور سازشوں کا بازار گرم تھا۔ کلائیو، ایسٹ انڈیا کی طرف سے فریب، جعلسازی، دجل و مکر میں لگا ہوا تھا۔ سلطنت دہلی کمزور ہو کر شکست و ریخت اور بغاوتوں کا شکار ہو رہی تھی۔ انگریز ہر طرف لوٹ مچا رہے تھے۔ اور سلطنت پر قبضہ کرنے کی تاک میں لگے ہوئے تھے۔

جب سراج الدولہ نے والیٔ پورنیہ، شوکت جنگ کے خلاف چڑھائی کی تو راجہ رام نرائن لال نے عظیم آباد کی فوج کے ساتھ نواب کی مدد کی۔ نواب سراج الدولہ کامیاب ہوئے[1]۔ اس سے پہلے سراج الدولہ کلکتے کی طرف متوجہ ہوئے تاکہ ایسٹ انڈیا کمپنی کی خرابیوں کا قلع قمع کریں۔ انہوں نے انگریزوں کو شکست فاش دے کر قلعے اور شہر پر قبضہ کر لیا۔

کرنل کلائیو نے مدراس سے آکر کلکتہ کی شکست کا بدلہ لیا۔ جنوری ۱۷۵۷ء میں کلکتہ پر پھر انگریزوں کا قبضہ ہو گیا۔ سراج الدولہ نے تاوان دینا قبول کر لیا لیکن کلائیو سے چپقلش جاری رہی۔ اس زمانہ میں انگریز اور فرانسیسی بھی برسرِ جنگ تھے۔ نواب کے ہاں چندر نگر کے شکست خوردہ فرانسیسی افسر پناہ گزین تھے۔ کلائیو نے اعتراض کیا تو جین لا فرانسیسی کو اپنی جماعت کے ساتھ عظیم آباد روانہ کیا گیا۔

اُدھر یہ حال تھا کہ میر جعفر کو نواب سراج الدولہ نے فوج کی بخشی گری سے نکال دیا تھا۔ اور دوسرے اہل اقتدار بھی سراج سے بیزار تھے۔ کلائیو تو نواب کے استیصال کی فکر میں تھا۔ سب نے مل کر سراج کے خلاف دجالی منصوبہ باندھا۔ کلائیو مختصر سی فوج لے کر پلاسی چلا آیا۔ نواب کے لشکر کے مقابلہ میں اس کے مخالفوں کا گروہ بہت ہی حقیر تھا۔ لیکن نواب کی فوج اور عہدہ دار میر جعفر کی سازش میں تھے۔ کلائیو نہایت آسانی سے کامیاب ہوا۔ (۲۳ جون ۱۷۵۷ء)

نواب سراج الدولہ، پلاسی سے نکل کر عظیم آباد کی طرف روانہ ہوئے۔ راہ میں ایک مکار پیر دانا شاہ نے انہیں مہمان رکھ کر بھی میر جعفر کے داماد میر قاسم کے حوالے

---

[1] ۲۰ جون ۱۷۵۶ء۔ تاریخ گلزار۔ فصیح الدین بلخی بحوالہ سیر المتاخرین۔ ریاض السلاطین۔

Marfat.com

کردیا۔ میر قاسم نے نواب کو میرن پسر میر جعفر کے پاس مرشد آباد بھجوادیا، جہاں نواب سراج الدولہ بے دردی سے قتل کردیئے گئے۔ میرن نے نواب کی ماں، خالہ، بھائی اور معصوم بچے کو بھی قتل کردیا۔ (۴ جولائی ۱۷۵۷ء[1])۔ راجہ رام نرائن سراج کی بالکل مدد نہ کرسکے۔ اور جلد ہی انگریزی فوج عظیم آباد میں متعین کردی گئی۔

پلاسی کے بعد میر جعفر نواب بن بیٹھا۔ کلایو نے خوب خوب رشوت لے کر میر جعفر کی مدد کی۔ علامہ اقبال نے اسی جعفر کے متعلق کہا ہے ؎

جعفر از بنگال و صادق از دکن
ننگِ ملت، ننگِ دیں، ننگِ وطن

بنگالے میں حکومت قائم ہوجانے کے بعد میر جعفر نے راجہ رام نرائن کو مطیع کرنے کے لیے عظیم آباد دلجوئی کے خطوط لکھے۔ یہاں راجہ سُندر سنگھ (ٹکاری) اور دوسرے اُمرا و زُدسار نواب سراج الدولہ کے خون کا بدلہ لینا چاہتے تھے مگر حالات اتنے غیر یقینی تھے کہ راجہ موصوف نے کوئی کارروائی نہ کی اور اپنے حفظ و بقا کے لیے ساز باز کرتے رہے۔

میر جعفر ۱۷۵۸ء میں عظیم آباد آیا اور چند دن عیش و عشرت میں بسر کیے۔ اس نے راجہ رام نرائن سے صوبے کے مداخل کا محاسبہ کیا۔ مگر راجہ نے برطرفی کے ڈر سے پہلے ہی کلایو کی مدد حاصل کرلی تھی، لہٰذا بچ گئے۔

۱۱۷۳ھ / ۱۷۵۹ء میں شاہزادہ عالی گوہر (جو بعد کو شاہ عالم بادشاہ ہوا) نے عظیم آباد پر حملہ کیا۔ شہزادے کے آنے سے راجہ رام نرائن بہت گھبرائے۔ وہ شکنجے میں گرفتار تھے ایک طرف میر جعفر اور انگریز تھے۔ دوسری جانب شاہزادہ عالی گوہر ولیعہد سلطنت۔ اُنھوں نے انگریزی فوج متعینہ عظیم آباد کے افسر میجر کوٹ سے بھی مشورہ کیا۔ اور شہزادے کی خدمت میں بھی حاضر ہوئے۔ اُس طرف میر جعفر اور کلایو کی فوج راجہ رام نرائن کی کمک کو آرہی تھی۔ یہ معلوم کرکے راجہ رام نرائن قلعہ بند ہوئے اور لڑنا شروع کیا۔ شہزادے کی مدد میں محمد قلی خاں صوبہ دار الٰہ آباد تھے۔ ان کی غیبت میں

---

[1] تاریخ مگدھ، نقیح تمنی ص۲۳۵۔ بحوالہ سیر المتاخرین جلد ۲ صفحہ [illegible] تا صفحہ [illegible] و ریاض السلاطین صفحہ [illegible]۔

Marfat.com

شجاع الدولہ نواب وزیر اودھ نے قلعہ آباد پر قبضہ کرلیا اور اس گھبراہٹ میں محمد قلی خاں مین دوران جنگ عظیم آباد، الٰہ آباد کی طرف روانہ ہوگئے۔ اور شاہزادہ علی گوہر نے لڑائی ملتوی کردی۔

شہزادہ عالی گوہر عالمگیر ثانی کے بعد شاہ عالم کے لقب سے بادشاہ ہندستان ہوئے۔ لوگ میر جعفر اور اس کے بیٹے میرن کی حرکات سے بیزار تھے۔ انہوں نے بادشاہ کو دوبارہ حملہ پر اُبھارا۔ راجہ رام نرائن سے دوبارہ لڑائی ہوئی۔ گھمسان کا رن پڑا۔ کپتان کا کرین راجہ کی مدد کررہا تھا۔ اس لڑائی میں کامگار خان نے راجہ کے ہاتھی سے اپنا گھوڑا ملادیا، اور اتنے تیر اور نیزے مارے کہ راجہ کو اپنی دانست میں مار ڈالا۔ لیکن راجہ رام نرائن نے زخمی ہوکر ہودج کے اندر اپنی جان بچائی۔ اس جنگ میں انگریزوں اور راجہ کو شکست فاش ہوئی۔ مگر بادشاہ نے گرفتاروں کو ازراہ نوازش معاف کردیا۔ بعدازآں بادشاہ نے بنگالہ کا رُخ کیا۔ شاہ عالم بادشاہ تھوڑی دُور ہی گئے تھے کہ میرن اور انگریزوں کی فوج سے مقابلہ ہوگیا۔ انگریزی فوج نے شاہی فوج کو توپ خانہ سے پسپا کیا۔ بادشاہ عظیم آباد کی طرف واپس ہوگئے۔ یہاں کا رنگ پھر دگرگوں ہوچکا تھا۔ راجہ رام نرائن اور راجہ شتاب رائے انگریزوں سے مل گئے۔ قلعہ عظیم آباد کا پھر محاصرہ ہوا اور شہر فتح ہوتے ہوتے رہ گیا۔ انگریزوں کی کمک پہنچی۔ شاہی فوج پیچھے ہٹ گئی (۲۹، اپریل ۱۷۶۰ء)۔ لیکن خادم حسین خاں فوجدار پورنیہ عظیم آباد کے سامنے گنگا کے اُس پار آپہنچے تو راجہ رام نرائن کھُل کر جنگ کرنے سے گریز کرتے رہے۔ اُنھوں نے راجہ شتاب رائے کو بھی کپتان ناکس کا ساتھ دینے سے منع کیا۔ تاہم شتاب رائے نے کپتان مذکور کا ساتھ دیا۔ دریا پار جاکر جنگ کی اور کامیاب ہوئے۔

میر جعفر کی معزولی کے بعد میر قاسم کو انگریزوں نے بنگال، بہار و اُڑیسہ کی مسند نظامت پر بٹھایا ۱۱۷۴-۷۸ھ / ۱۷۶۱-۶۴ء۔ اس زمانہ میں انگریزوں نے شاہ عالم بادشاہ سے صلح کی۔ مہاراج شتاب رائے بیچ میں پڑے۔ اور بادشاہ بہ نفس نفیس شہر عظیم آباد تشریف لائے اور انگریزی کوٹھی میں تختِ نشینی کا انتظام ہوا۔ میر قاسم ناظم بنگالہ

---

[1] سیر المتاخرین جلد ۲ ص ۲۶۳۔

[2] گلزار باغ۔ اس عمارت میں فی الحال سرکاری چھاپہ خانہ اور سروے آفس ہے۔ جلوس ۱۲، مارچ ۱۷۶۱ء۔

نے بھی حاضر ہوکر نذریں گذاریں۔ راجہ رام نرائن بھی شرف یاب ہوئے۔ بادشاہ کے تشریف لے جانے پر میر قاسم نے راجہ رام نرائن سے صوبے کے محاصل کی حساب طلبی شروع کی۔ بعض خیانتوں کا پتہ چلا۔ راجہ صاحب قید کر دیئے گئے۔ سات لاکھ روپے اور جنس گھر سے برآمد ہوئی۔ دوسرے مجرمین بھی محبوس ہوئے۔ راجہ شتاب رائے بھی لپیٹ میں آئے۔ وہ بے قصور تو ثابت ہوئے مگر انگریزی کونسل نے انہیں میر قاسم کی حکومت سے نکل جانے پر مجبور کیا۔ میر قاسم نے ان سے عظیم آباد کی دیوانی اور رہتاس کی قلعہ داری لے لی[1]۔

تھوڑے ہی دنوں میں نواب میر قاسم عالی جاہ کی انگریزوں سے بگڑ گئی۔ وہ انگریزوں کی دخل اندازی، بے عنوانی، بددیانتی، غارت گری اور غداری کو سخت ناپسند فرماتے تھے۔ لیکن خود ہندوستانی اُمرار انگریزوں سے سازش کر رہے تھے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ میر قاسم کی مقصد برآری نہ ہو سکی اور وہ نامُراد و پریشان حال تباہ و برباد ہوئے۔

نواب عالی جاہ نے راجہ رام نرائن وغیرہ کو پہلے سے قید کر رکھا تھا۔ انگریزوں سے سخت لڑائی ہوجانے اور پیچیدگی و سازش بڑھ جانے سے حالات خراب تر ہوگئے میر قاسم عالی جاہ مونگیر سے عظیم آباد کی طرف فرار کرتے ہوئے آرہے تھے۔ اُنھوں نے باڑھ کے قریب پہنچ کر محبوسین کو غرق دریا یا قتل کرادیا۔ راجہ رام نرائن کے گلے میں ریت سے بھرا گھڑا باندھ کر انھیں گنگا میں ڈبا دیا گیا تھا۔ یہ واقعہ[2] ۱۱۷۷ھ / ۱۷۶۳ء میں گزرا۔

راجہ رام نرائن فارسی میں خوب کہتے تھے۔ ان کا مطبوعہ دیوان فارسی میں موجود ہے۔ شیخ علی حزیں کے شاگرد تھے۔ حزیں ۱۱۰۳ھ میں اصفہان میں پیدا ہوئے ۱۱۴۷ھ میں دہلی آئے اور ۱۱۸۰ھ میں بنارس میں انتقال کیا۔ راجہ صاحب ان کی مدد بھی کیا کرتے تھے۔ راجہ رام نرائن ریختہ بھی بہت صفائی سے کہتے تھے۔ لیکن اس زبان

---

[1] تاریخ مگدھ، نعیم الدین بلخی ص ۲۵۸ بحوالہ سیر المتاخرین جلد ۲ ص ۲۹۴۔

[2] سیر المتاخرین جلد ۲ ص ۲۲۴، ریاض السلاطین ص ۲۸۵۔

میں انھوں نے بہت کم شعر لکھے ہیں۔ میر حسن نے اپنے تذکرہ میں لکھا ہے کہ انھوں نے سراج الدولہ کے قتل پر صرف ایک شعر اُردو میں کہا تھا اور بس۔ لیکن اور تذکروں میں دوسرے اشعار بھی ملتے ہیں۔ ملاحظہ ہوں:

ے
غزلاں تم تو واقف ہو کہو مجنوں کے مرنے کی
دِوانا مرگیا آخر کو ویرانے پہ کیا گزری (گلذرا؟)

(تذکرۂ میر حسن)

ے
کچھ گرانی نہیں مجھ کو وہ ستم گار کے ساتھ
دِل پگھل چو ہی پڑا اشک ٹپک بار کے ساتھ

(چمنستانِ شعراء)

ے
اَبر ہوگا تو خجالت سیتی پانی پانی
مَت مقابل ہو مرے دِیدۂ خونبار کے ساتھ

(تذکرۂ گلزار ابراہیم)

تاریخ شعرائے بہار۔ بلخی میں آخری شعر کو یوں لکھا ہے:

ے
اَبر تو خود خجالت سے ہے پانی پانی
کب مقابل ہو مرے دیدۂ خونبار کے ساتھ (ص۶۰)

معلوم ہوتا ہے کہ (کے ساتھ) کی ردیف اور "ستم گار"، "ٹپک بار"، "خونبار" وغیرہ قوافی میں پوری غزل موزوں نے لکھی تھی۔

ایک اور شعر موزوں کا ہے ے

بھولی نہیں ہے مجکو بتوں کی ادا ہنوز
دِل کے نگیں پہ نقش ہے نامِ خدا ہنوز

(تاریخ شعرائے بہار، ص۶۰)

پروفیسر حسن عسکری صاحب کو پٹنہ سٹی کی ایک قلمی بیاض سے موزوں کا مندرجہ ذیل دوہہ ملا ہے۔

جب میر قاسم راجہ رام نرائن کے باغ میں خیمہ زن ہوئے۔ اور اُن کے فوجیوں نے باغ کے درختوں کو نقصان پہنچانا شروع کیا۔ تو موزوں نے برجستہ ایک

ہندی دوہہ کہا ہے

اَمبا اَمرت پہل دیت ہیں سدا رہت ہیں مون
ناہرتے ناہرلے باگ بیرتے کون

جس وقت راجہ رام نرائن موزوں کو گنگا میں غرق کرنے کے لیے کشتی پر بٹھا کرلے جانے لگے۔ تو انھوں نے مندرجۂ ذیل اشعار پڑھے :

موزیوں کے قول پر ہرگز نہ کیجے اعتبار
جونک اگر مٹی ملے تو بھی لہو پیتی رہے
چادر تقدیر کی ہرگز رفو ہوتی نہیں
تا قیامت سوزنِ تدبیر گر سیتی رہے
بُلبلِ بے درد کو مطلب ہے کیا پروانے سے
وَصل میں مرجائے یہ، وہ ہجر میں جیتی رہے

یہ اشعار بھی پروفیسر حسن عسکری صاحب کو مذکورہ بالا بیاض میں منقول ملے ہیں۔ غالباً یہ اشعار موزوں کے نہیں سودا کے ہیں، جو موزوں کے حسب حال ہو گئے تھے۔

شاہ آیتُ اللہ جوہری و مذاقی

(۱۱۲۶ھ تا ۱۲۱۰ھ)

حضرت غلام سرور، المعروف بہ شاہ آیت اللہ پھلواروی اُردو اور فارسی دونوں زبان میں شاعری کرتے تھے۔ ان کا فارسی میں "شورش" تخلص تھا۔ گارساں دتاسی غالباً غلطی سے "سوزش" لکھتا ہے۔ آپ مولانا شاہ محمد مخدوم کے بیٹے اور جانشین تھے۔ ۱۱۷۳ھ میں اپنے والد کی وفات کے بعد سجادہ نشین ہوئے۔ صاحب دیوان فارسی تھے۔ جوہری پھلواروی کا مختصر حال و کلام شورش و عشقی کے تذکروں

۱۔ تاریخ شعرائے بہار، بنی ص۲۳ و ص۶۳۔

۲۔ بہار کی اُردو شاعری، قاضی عبدالودود، صدائے عام۔ عید نمبر ۱۹۵۳ء ص۱

Marfat.com

میں ہے۔ لیکن مفصل حال اور وافر کلام حکیم محمد شعیب صاحب نے اپنے تذکرے میں دیا ہے"۔ جوہری کا اُردو کلام جو اَب دستیاب ہوتا ہے۔ اس میں مثنوی، مرثیہ، منقبت، شہر آشوب، اور قصیدہ ہے۔ مثنوی میں جوہری تخلص برتا ہے۔ اور مرثیہ میں مذاقی۔ فارسی دیوان، جس میں تخلص شورش ہے، کلکتہ امپریل لائبریری میں موجود ہے۔ ؎

گردشِ چشمِ بتاں گردشِ جام ست اینجا
غیر ازیں بادہ دگر بادہ حرام ست اینجا

گریند ملایک ہمہ برحالتِ شورش — گر نیم شبے آہ بہ گردون رود از دل

شاہ آیت اللہ حضرت شاہ مجیب اللہ پھلواروی کے داماد تھے۔ اس طرح اول الذکر شاہ سجاد پھلواروی کے ہم زلف ہوئے۔ پھلواری شریف کے شعراء کا ایک "سلکِ مروارید" ہے۔ یہ سب ایک لڑی میں پروئے ہوئے ہیں۔ روحانی تعلق کے علاوہ ان کے جسمانی رشتے بھی ہیں۔ کبھی کبھی ان کے درمیان چشمکیں بھی چلتی تھیں مثلاً:

شاہ نورالحق تپاں، جو شاہ سجاد کے داماد تھے، اور غلام مخدوم ثروت، جو شاہ آیت اللہ کے شاگرد اور خلیفہ تھے، ان دونوں کے درمیان چشمک چلتی تھی۔ ملاحظہ ہو ذیل کا سلسلہ:



۱؎ تجلیات الانوار۔ تذکرہ شعرائے بہار۔

Marfat.com

شاہ نورالحق تپاں بھی اپنے پھوپھا شاہ آیت اللہ جوہری سے فارسی میں اصلاح لیتے تھے اور ان کے شاگرد تھے۔

پروفیسر حسن عسکری صاحب، صدر شعبۂ تاریخ، پٹنہ کالج نے شاہ آیت اللہ جوہری کی "مثنوی گوہر" کا انکشاف کیا اور رسالہ اردو، دہلی، اپریل ۱۹۴۰ء میں ایک تفصیلی مضمون مثنوی کے متعلق سپرد قلم فرمایا۔ مثنوی گوہر جوہری کا ایک قلمی نسخہ پروفیسر موصوف کو اپنے ایک ہندو شاگرد کے ذریعہ حاجی پور کے علاقہ سے ملا تھا۔ پھلواری شریف میں کوئی نسخہ اب تک غالباً نہیں ملا۔ ۱۹۵۴ء مئی میں پروفیسر عسکری صاحب نے، اور میں نے ایک نامکمل نسخہ قلمی، مثنوی گوہر جوہری، کا شاہ مجتبیٰ حسن صاحب کے کتب خانہ بہار شریف میں دیکھا تھا۔ عسکری صاحب کا نسخہ فی الحال پٹنہ یونیورسٹی لائبریری، شعبۂ مخطوطات کی ملکیت ہے۔ ۱۹۴۰ء میں عسکری صاحب کا یہ خیال تھا کہ بجز دیوان فارسی اور مثنوی گوہر کے شاہ آیت اللہ کا کلام مفقود ہے۔ لیکن اکتوبر ۱۹۵۱ء میں مجھے اور پروفیسر عسکری صاحب کو پھلواری شریف کے متعدد قدیم مراثی ملے جس میں شاہ آیت اللہ کے مراثی بھی ہیں۔ بعد ازاں حکیم شعیب صاحب مرحوم سے مجھے شاہ آیت اللہ کی "شہر آشوب" کی نقل بھی ملی۔

شاہ آیت اللہ بقول صاحب تذکرۃ الصالحین، شوال ۱۱۲۶ھ کو پیدا ہوئے قصبۂ بہن میں زندگی کے ابتدائی ایام گزارے۔ بنارس بھی گئے۔ سیر و سیاحت کا شوق تھا۔ حضرت شاہ مخدوم کے سجادہ نشین ہوئے۔ چوراسی برس کی عمر میں بتاریخ یکم رجب روز سہ شنبہ ۱۲۱۰ھ کو انتقال فرمایا۔ آپ کے بعد آپ کے بیٹے شاہ شبلی سجادہ نشین ہوئے۔ تذکرۂ شورش (میر غلام حسین شورش عظیم آبادی) میں لکھا ہے:

"مولوی آیت اللہ، جوہری تخلص۔ متوطن پھلواری۔ شاعر فارسی است

---

[1] ملاحظہ ہو "بہار کے اردو مراثی" از اختر اورینوی: سالنامہ ساقی، کراچی، ۱۹۵۲ء۔

[2] صاحب تذکرۃ الصالحین اور حکیم شعیب صاحب مرحوم نے مندرجہ بالا تاریخیں ہی درج کی ہیں

[3] برٹش میوزیم۔ فولیو ۳۵۔ اس تذکرہ کو فوٹو اسٹیٹ پٹنہ یونیورسٹی لائبریری میں آگیا ہے۔

Marfat.com

صاحبِ علم و فضل۔ درویشِ مکمل۔ مزاجِ عالیش سوئے ریختہ میل تمام دارد۔ از وست :

لگایا عشق نے آ جھ دلِ بیتاب میں آتش
کر دے ہے جون مہوس بوتہ یک میں آتش

تذکرۂ عشقی عظیم آبادی (شیخ محمد وجیہ الدین) میں درج ہے کہ :

"جوہری تخلص، اسمش مولوی آیت اللہ۔ مردے فاضل از بزرگان قصبۂ پھلواری ست۔ بیشتر فکر مرثیہ و سلام ہندی می کرد۔ و در مقطع مرثیہ مذاقی و در غزل فارسی شورش تخلص می آورد۔ گاہ گاہ بہ نظم پردازی ریختہ نیز جو ہر طبع خود بہ عنوان فاضلان آشکارا می ساخت " ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

عشقی کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ شاہ آیت اللہ نے پہلے مرثیہ و سلام میں طبع آزمائی کی ہے۔ لہٰذا میں مراثی کی مثالیں پہلے پیش کروں گا۔ اور بعد ازاں مثنوی سے حوالے درج کروں گا۔ میں قاضی عبدالودود صاحب کی اس رائے سے متفق ہوں کہ "اُردو غزلیں انھوں نے غالباً بہت کم لکھیں۔" فارسی غزلوں میں تو وہ صاحب دیوان تھے۔

ہمیں خانقاہ سلیمانیہ (چھوٹی خانقاہ) سے مراثی کی یک قلمی کتاب ملی۔ یہ کتاب مجلد ہے اور اس میں صوفیائے پھلواری شریف کے مرثیے درج ہیں۔ شاہ آیت اللہ کا حسب ذیل مرثیہ اسی مخطوطہ سے لیا گیا ہے۔

مرثیہ برہان قدیم از اُستادکل حضرت شاہ محمد آیت اللہ قدس سرہ متخلص بہ مذاقی

(۱)

آل نبی نہیں جینے پایا ہائے حسین بیدیسی تھی
کنا بتول و علی کا جایا ہائے حسین بدیسی تھی
تیغ ستم کو تن پر کھایا ہائے حسین بدیسی تھی
خنجر سے گردن کٹوایا ہائے حسین بدیسی تھی

(۲)

تن کو سر سے ہے نہ پہرا اسرا اوس تن سے دور ہے دور
سر نیزہ پر جھوم رہا ہے تن ماٹی میں گھاؤ سے چور
ہائے نبی کا خاصہ نواسا داے بتول علی کا پور
کیا کیا ظلم نہ اوس پر آیا ہائے حسین بیدیسی پنتھی

(۳)

بعد شہید ہونے سرور کے خیمہ بیچ در آیا قاتل
لوہو بھرا وہ خنجر برّان کف میں لے چمکایا قاتل
گھر میں اسا سا جو کچھ پایا پیادوں سے لٹوایا قاتل
سب نسوات سے نالہ بر آیا ہائے حسین بیدیسی پنتھی

(۴)

قتل کیتی عابد کے ہے ہے جب قاتل نے ارادہ کیا
اوس بیمار کے سر کٹنے کو جب کہ تعین پیادہ کیا
خواہی نخواہی غصہ ہو کر قتل پہ زور زیادہ کیا
پھوپھی نے اوسکو روک بچایا ہائے حسین بیدیسی پنتھی

(۵)

اہل حرم کے مقتل اوپر جس دم ہائے سواری آئی
لاش کے پاس آئی سب بی بی رونے غم کی ماری آئی
خاص کہ دو بہنیں سرور کی کرتی نالہ و زاری آئی
بے بانو کو غم نے رولایا ہائے حسین بیدیسی پنتھی

(۶)

بہن حسین کی روئے زینب بی بی زہرا جی کی جائی
آنکھ سے بوندیں ٹپک گرت ہے مانو ساون کھیں برسائی
لاش کے نال کھڑی وہ روئے ہائے رے بھائی ہائے رے بھائی
مٹا بہن کے سر کا سایا ہائے حسین بیدیسی پنتھی

Marfat.com

(۷)

اور کلثوم حسین کی خواہر روے کاندے پیٹے پچھڑے
کوئی نہ بیکس کا حامی ہے کون کرے مظلوم کی پچھ پرے
کوفی شامی کٹھن کٹھور ہے کہاں ایہوں کر دیا اور چھیرے
کب ز موہے کو موہ اور مایا ہائے حسین بیدیسی پنتی

(۸)

روئے بانو شاہ کی بی بی ہائے رے سیّاں ہائے رے سیّان
تو جیتیا اور میں مرجاتی رہتی جگ میں تیری نیّان
ہوں قربان اور صدقے واری چھنڈی منڈی تو پر گیان
آیہہ بن میں سیس کٹایا ہائے حسین بیدیسی پنتی

(۹)

رن ہے ڈرونا بن ہے بھونا کوئی نہیں ہے میت اور سنگی
دُرجن کی سینا ہے بھاری چار دِس سب فوج ہے جنگی
بچے پیاسے بھوک مرت ہیں پانی کا ٹکڑا دانے کی تنگی
یہاں میں اپنا مول گنوایا ہائے حسین بیدیسی پنتی

(۱۰)

کون سُنے ہے بتہا ہمار د کاسے کہیوں دُکھہ کی کہانی
اے میرد کنت اور اے میرد بالم توری صورت خاک سمانی
اے میرو جانی اے میرو جانی اے میرو جانی
دُرجن موسے توہ چھوڑا یا ہائے حسین بیدیسی پنتی

(۱۱)

ہوں میں اپنے نصیب کی کوٹھی پھوٹی کیا کہوں قسمت کی خوبی
جی جینے سے ناک پر آیا گل میں سانس روکی میں اوبی
جہہ صورت سے چاند لجاتا سو صورت لوہو میں ڈوبی
کاٹ گلا لوہو سے نہلایا ہائے حسین بیدیسی پنتی

(۱۲)

مجھکو کس پر چھوڑ گئے ہو تم ہوئے جا فردوس کے باسی
حورے نے تم کو پلایا پیالہ میں رہی ویسی بھو کی پیاسی
تم بن کون کھبریا لیوے تو میرا والی میں تیری داسی
خلد بریں میں جا گھر چھایا ہائے حسین بیدیسی پنتھی

(۱۳)

رہا نہ والی کوئی سر پر ہم بیکس کا حال بتر ہے
دیکھیں آگے کیا پیش آوے دشمن کا اب خوف و خطر ہے
لاش پڑی ہے خاک کے اوپر کفن جدا لو ہوسے تر ہے
غسل شہیدنے خون سے پایا ہائے حسین بیدیسی پنتھی

(۱۴)

کاسے کہئے کون سُنے ہے کوئی غم خوار نظر نہیں آوے
اے میرے سئیاں تیرا جنازہ کون مدینہ لے پہنچاوے
گور کھندا کر لحد بنا کر جد کے روضہ پاس گڑا دے
یہاں ہے دُشمن کا ہمسایا ہائے حسین بیدیسی پنتھی

(۱۵)

ٹپک ٹپک کر گرتے آنسو لاش کے جاتی واری پھیری
تو میرا مولیٰ تو میرا خاوند میں تیری باندی میں تیری چیری
کیا کروں بس. لو سائیں نہ اپنا ہوں بے بس میں دکھ کی گھیری
دردنے مجھکو آگھبرایا ہائے حُسین بیدیسی پنتھی

(۱۶)

دیکھ آ اپنا نور دو دیدہ جس کو کچھ نہیں تاب تواں ہے
گل میں اوس کی طوق پڑی ہے دونوں پاؤں میں بندگراں ہے
حفظ خدا ہی اوس کو بچاوے بچنے کی امید کہاں ہے
بچی کو تیری کلپایا ہائے حُسین بیدیسی پنتھی

Marfat.com

(۱۷)

قتل کرا دیں کے کوئی دہرا دے غضب سے دیکھو کوئی نکالے
تیغ علم کیے ہے کوئی کوئی کمان اٹھائے تو لے سنبھالے
ہائے یہ پیارا بیٹا تیرا پڑا ہے کس ظالم کے پالے
کس شدت میں ہے تیرا جایا ہائے حسین بیدیسی پنتی

(۱۸)

لاش شہید کے گرد بگرد آ سب بی بی دکھیاری روئی
اماں اور پھوپھیاں کو روتے دیکھ سکینہ باری روئی
ہائے یتیم وہ بھوکی لڑکی شاہ کی بیٹی پیاری روئی
چپ نہ ہوئی وہ گو بہلایا ہائے حسین بیدیسی پنتی

(۱۹)

کہتی اماں مت رو بیٹی تجھ یتیمی کا دن آیا
اس بچپن میں تیرے سر سے مٹ گیا بابا جی کا سایا
بالی لڑکی دولاری کو اب کیوں کر پالوں بار خدایا
جس کے باپ نے سر کٹوایا ہائے حسین بیدیسی پنتی

(۲۰)

رونے سے وہ چپ نہیں ہوتی جس رونے سے تڑکے سینا
جب جب سب کو روتے دیکھے روئے پکار پکار سکینا
اور غذا کچھ تھی نہیں حاضر خون جگر تھا کھانا پینا
تیرا غم کس طرح کھایا ہائے حسین بیدیسی پنتی

(۲۱)

جاگ پڑی وہ خواب سے جس دم بابا بابا کہہ کر روئی
نالہ کری با دیدۂ پُرنم بابا بابا کہہ کر روئی
تازہ ہوا زنداں میں پھر غم بابا بابا کہہ کر روئی
ہو گیا نالہ بلند و بکایا ہائے حسین بیدیسی پنتی

Marfat.com

(۲۲)

روونے سے خاموش نہ ہوتی شام تلک وہ روتی جاوے
ڈھونڈھے ہے بابا جی کو نہ پاوے آپ روئے اماں کو رولاوے
دیکھی بابا جی کی صورت ایک شب اوس کو خواب جو آوے
خواب میں اُوس کو آ بہلایا ہائے حسین بیدیسی پنتھی

(۲۳)

تھا وہ نالہ ایسا بھاری، جس کے سُنتے پھٹے کلیجا
پر بیدرد کی سنگ تھی چھاتی کچھ نہیں سینا اوسکا پسیجا
اوس دختر کے کھانے کے لیے سر کو طبق میں دھر کے بھیجا
تیرا سر کھانے کو آیا ہائے حسین بیدیسی پنتھی

(۲۴)

کرکے نظر بابا کے سر کو مرگئی ہائے بیچاری سکینہ
بھوکی تھی دیدار پدر کی سیر ہوئی ہائے دولاری سکینہ
اماں روئی اماں بیٹی ہائے رہے ہائے ہماری سکینہ
غم کے اوپر پھر غم آیا ہائے حسین بیدیسی پنتھی

(۲۵)

قصہ غم کا دور دراز ہے کہہ مت آگے اس کے مذاقی
قلم کا دل رقت میں آیا بہت رہا لکھنے کو باقی
روز جزا میں پانی پلانا اے کوثر کے حوض کے ساقی
نالہ و آہ سے دل بھر آیا ہائے حُسین بیدیسی پنتھی

ع ا۔ شاہ آیت اللہ مذاقی کا دوسرا مرثیہ حسب ذیل ہے:

جس کا پدر کٹا ہو نہ روئے تو کیا کرے
تن خاک میں پڑا ہو نہ روئے تو کیا کرے
مقتل میں خون بہا ہو نہ روئے تو کیا کرے

نیزہ پہ سر چڑھا ہو نہ روئے تو کیا کرے

جس کا بابا مرگیا چھوری کو کہائے حسینؑ
تِسکا بیٹا عابدین رُوت ہے دن رین

۲۔ امّاں یتیم خستہ کی بانو شکستہ دل
مرنے سے شاہدین کے گئی خاک بیچ رل
کیونکر نہ روئے چھاتی پہ غم کی دھری ہو سِل
جس پر کے دُکھ پڑا ہو نہ روئے تو کیا کرے

نینان مون انجھوان بھرے بکھرے سیس کے بال
رُوت پی پیارے اُوپر مکھ پر انچرا ڈال

۳۔ روتی تھی شہربانوئے ناچار ہائے ہائے
کرتی تھی آہ و نالہ جرس وار ہائے ہائے
کہتی تھی رو بدیدہ خونبار ہائے ہائے
دیدہ میں خون بھرا ہو نہ روئے تو کیا کرے

جیسے بَن کا پپیہرا رٹت رہے پی پی
ویسے میں پی پی رٹوں جو لہ گھٹ میں جی

۴۔ بی حضرت امام کی دو محترم حرم
بانو ستم رسیدہ کو کیا کیا نہ تھا اَلم
اوڑتا تھا مرغ نالہ کا سینہ سے دمبدم
جس کا کہ شو کٹا ہو نہ روئے تو کیا کرے

آگ لگے جہہ سیس مون کیسے کل ہو واہ
جیسے تڑپھت لاش ہے ویسے تڑپھت یاہ

(صفحہ ۸ مجلد مخطوطات پھلواری)

معلوم ہوتا ہے کہ یہ مرثیہ نامکمل ہے۔ کیونکہ ناقل نے چار صفحات (۹، تا ۱۲،) سادہ چھوڑے ہیں۔ کسی وجہ سے مرثیہ مندرجہ بالا کی پوری نقل نہ ہو سکی۔ یہ مرثیہ خاصہ بڑا ہو گا۔ کم از کم سو لہ بند اور نقل ہونے سے رہ گئے۔

شاہ آیت اللہ کا تیسرا مرثیہ حسب ذیل ہے:

لوٹ لیو بنجارا بَن میں ۔ ٹانڈ لدا ہوا سارا بَن میں
ہائے حسین بچارا بَن میں ۔ بیکس کر کے مارا بَن میں

بَن میں کھڑی بنجاری روِوے ۔ گھر جو لٹا گھر باری رووے
بانو دُکھیا بچاری رووے ۔ راول جس کا مارا بَن میں

بنجاروں نے بَن میں گھیرا ۔ لُوٹ لیا سب خیمہ ڈیرا
ہائے حسینا راول میرا ۔ سیس بدن سے اتارا تن میں

جو جھا سارا کمبارن میں ۔ لوتھ پڑی ہے کالے بَن میں
جیسے برسے مینہہ ساون میں ۔ اُڑت لہو کا پھارا بَن میں

بانو دکھیا کوکے دُکھ سے ۔ اکبرؔ کا ہے سوئے ہو سُکھ سے
میٹھے بچن کچھ بولو مُکھ سے ۔ جاگو سانجھ سکارا بَن میں

اکبر ہمرا راج دلارا ۔ اکبر ہمرے نینوں کا تارا
ہائے مورے ہمرا اکبر پیارا ۔ تو ہے کس نے مارا بن میں

زینبؔ دُکھیا سوگ کی ماری ۔ لوتھ پہ بھائی کی کرے ہے زاری
بھائی تم پر زینب واری ۔ اَب رہا کون سہارا بن میں

سوگ بچن کا کو ہے سُنو تیا ۔ رکت سے بھرگئی تال تلیا
یہ لوتھ پڑی ہے بھیا ۔ بہا سوندی دھا تن میں

بیری لوگ نے بن میں گھیرا اجڑا دیس مدینہ میرا

(عطیہ جناب حکیم محمد شعیب صاحب پھلواروی)
(مطبوعہ معاصر پٹنہ حصہ ۳، دسمبر ۱۹۵۲ء ص ۱۴۴)

پہلے مرثیہ کے اختتام پر قلمی نسخہ میں یوں لکھا ہے:
"تمت المرثیہ من تصانیف مولیٰ الموالی استاد کل ادنیٰ و اعالی حضرت مذاقی الملقب بشاہ محمد آیت اللہ قدس اللہ تعالیٰ سرہ العزیز کتبہا محمد عفے عنہ ذنوبہ و اینمرتبہ در ۱۲۰۶ھ یک ہزار و دو صد و شش ہجری در تعزیہ خانہ سید فیض علی صاحب علیہ الرحمۃ خوانده شد و شنیده ام کہ در خواندن اینمرثیہ آثار قبول از گریہ و زاری عام و خواص چناں بظہور رسیده بود کہ عالمی از اندوه و غم تاری شد تا آنکہ مستمعان از غایت حزن بیہوش و حواس بودند۔"
(مجلد قلمی نسخہ پھلواری ص ۷)

ہو سکتا ہے کہ یہ مرثیہ اور قبل کا لکھا ہوا ہو اور ۱۲۰۶ھ میں بھی اسے پڑھا گیا ہو۔ اگر یہ مرثیہ ۱۲۰۶ھ کا لکھا ہوا ہے تو "مثنوی گوہر" کے بہت بعد کا ہے (۱۱۶۱ھ)۔ مگر عشقی لکھتے ہیں کہ "بیشتر فکر مرثیہ و سلام ہندی می کرد" اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شاہ آیت اللہ نے ۱۲۰۶ھ سے بہت پہلے بھی مرثیے اور سلام کہے تھے۔ کیونکہ ۱۲۱۰ھ میں تو اُن کا وصال ہوتا ہے۔

اب میں "مثنوی گوہر جوہری" کا جائزہ پیش کرتا ہوں:
مثنوی مذکور ۱۱۶۱ھ مطابق ۱۷۴۸ء کی لکھی ہوئی ہے۔ جوہری کہتے ہیں:

کہا ریختہ بیچ یہ مثنوی رکھا نام میں گوہر جوہری
کرے جس کی تاریخ کا گر خیال رتن جوت منکا، سیں تو جو نکال

پروفیسر عسکری صاحب کے حاصل کیے ہوئے قلمی نسخے ۱۱۶۱ھ کی ابتدا یوں ہوتی ہے:

ص ۱۵۱ شعبۂ مخطوطات، پٹنہ یونیورسٹی لائبریری

تو ہی آپ کر میری ساقی گری
کہ مخمور مدّت کا ہے جوہری

اس مثنوی میں جا بجا نا اہل کاتب کی وجہ سے اِملا کی غلطیاں ملتی ہیں۔ حروف ایک حد تک پختہ وصاف خط شکستہ میں ہیں۔ اردلی کاغذ کی چھوٹی تقطیع کے ایک سو اڑتالیس صفحے موجود ہیں۔ ہر صفحہ ۱۸ ۱ اِنچ لمبا اور ½ ۴ ۱ اِنچ چوڑا ہے۔ عموماً ہر صفحہ میں ۱۶ سطریں ہیں۔ اوّل و آخر کے ورق غائب ہیں۔ کاتب کا نام اور کتابت کی تاریخ معلوم نہ ہو سکی۔ مثنوی میں جو اشعار موجود ہیں ان کی مجموعی تعداد ۲۳۰۱ (دو ہزار تین سو ایک) ہے۔ فصیح الدین بلخی صاحب کا قیاس ہے کہ اوّل ورق میں چھ شعر ہوں گے۔ اور آخر ورق میں چار شعر۔ اس مثنوی میں دو بحریں ترتیب وار استعمال کی گئی ہیں۔ بحر متقارب مثمن محذوف الآخر (فعولن فعولن فعولن فعل) اور بحر ہزج مسدّس مقصور العروض والضرب یا محذوف الآخر (مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن یا فعولن)۔

جوہری نے اپنی زبان کو ہندوی اور ریختہ سے موسوم کیا ہے ؎

ہمن کی بات سُن خاموش مت رہ
زبانِ ہندوی میں مثنوی کہہ

اور ؎

کہتا ریختہ بیچ یہ مثنوی
رکھا نام میں گوہر جوہری

حضرت جوہری کے ہم وطن معاصرین میں خواجہ امین الدین امین نے ایک مثنوی لکھی جس کے انیس شعر مرزا علی لطف نے "گلشن ہند" میں نقل کیے ہیں۔ اسی طرح "گلزار ابراہیم" اور "گلشن ہند" میں محمد سلیم سلیم عظیم آبادی کی مثنوی ریختہ مشتمل بر سانحہ عجیب واقعہ ناحیہ عظیم آباد" لکھنا درج ہے۔ [illegible] عظیم آبادی نے مثنویاں لکھیں جو بقول حسرت موہانی بالکل [illegible] ہیں۔ اس کے بعد چودھویں صدی ہجری کے وسط تک شعرائے بہار نے متعدد مثنویاں لکھیں۔

مثنوی گوہر۔ بارھویں صدی عیسوی کے وسط کی مذہبہ زبان کا [illegible] اور کامل

Marfat.com

نمونہ ہے۔ یہ ایک عہد کی لسانی تکمیل کو آشکار کرتی ہے۔ اس مثنوی کا کوئی نسخہ پھلواری شریف کے کتب خانوں میں نہیں۔ اس کے انکشاف کا فخر پروفیسر حسن عسکری صاحب کو حاصل ہوا۔ اِن کے ایک عزیز شاگرد رائے شیونندر بہادر ایم۔اے رئیس وزمیندار قصبہ بھکرا ضلع مظفرپور نے اپنے بزرگوں کے قیمتی کتب خانہ کا ذکر کیا۔ اور دو تین بستوں میں متعدد کتابیں پٹنہ یونیورسٹی لائبریری میں بھجوادیں۔ انھیں خستہ کتابوں میں مثنوی گوہر جوہری دستیاب ہوئی۔

میں نے شاہ مجتبیٰ صاحب بہار شریف کے کتب خانہ میں "مثنوی گوہر جوہری" کا ایک نامکمل نسخہ دیکھا ہے۔ نسخہ میں بارہ ماسہ کا حصہ موجود ہے۔

مثنوی گوہر جوہری، مختلف داستانوں پر مشتمل ہے۔ پیش رو داستان کے آخری اشعار بعد میں آنے والی ملحق داستان کی طرف بلیغ و واضح اشارہ کرتے ہیں۔ مثنوی کی کہانی روایتی رنگ کی ہے۔ آخری داستان اکبرآباد کے رام راجہ اور کنول دی کی رُودادِ عشق ہے۔ پریشانیوں اور دقتوں کے بعد دونوں کی شادی ہو جاتی ہے۔ شادی کے بعد فراق کا دور آتا ہے۔ اساڑھ سے جیٹھ تک کنول دی برہ کی آگ میں تڑپتی رہتی ہے۔ بارہ ماسہ، کنول دی کی زبانی پیش ہوا ہے۔ وصلِ مکرر کے بعد کنول دی بیمار پڑتی اور مرجاتی ہے۔ کنول دی کی چتا کی راکھ سے پھر شعلۂ عشق بلند ہوتا ہے اور "رام راجہ! رام راجہ" کی صدا آتی ہے۔ رام راجہ اس شعلۂ محبت کی طرف بتیابانہ جاتا ہے اور اس سے ہم آغوش ہوکر بھسم ہو جاتا ہے۔ مثنوی کے آخر میں صوفیانہ کیف وحال پیدا ہوتا ہے اور محض روایتی رنگ کی جگہ تخلیقی قوت پیدا ہو جاتی ہے ؎

دکھو کثرت میں وحدت کا تماشا
دو شعلے جون ہوا اِک شعلہ پیدا

کنول دی بارہ ماسہ میں مختلف پرندوں کو اپنا پیامبر بناتی ہے۔ مثلاً: بھنگم، کوکلا، کنجن، سبزک، سُرخاب، سارس، کبوتر، بسنتا، بُلبل، کاگ اور طوطا۔ آخرش طوطا کامیاب قاصد بنتا ہے ؎

اَساڑھ آیا لگا بادل گرجنے اندھیری رات میں بجلی چمکنیں

گگن پر برق نیَن ہے گا چمکتا مرا شوقوں ستیں ہے دِل پھڑکتا

گھٹا ساون کی کاری جب پڑی جھوم مرے جی بیچ برھا آکرے دھوم
زمین کون ہے قبائے سبز در بر سجن ایسے میں پیو میرے ہیں باہر

. . . .

پیا بن ہے ہماری سیج سونی ہوئے رہ رہ مجھے دُکھ درد دونی
پیا کے وصل کی ہوں ایسی بھوکی کہ جوں سورج کے بن پھول سورج موکھی
کنول ہوں میں کنول دی ہے مرا نام مجھے جل بیچ بن سورج نہ آرام
نہ سورج بن ہوں میں آرام دل میں کھڑی جلتی ہوں بنت آنسو کے جل میں
اکارت جائے ہے میری جوانی پیا پردیس کیا یہ زندگانی

ارے کاتک کے ایسی دودھ کی رات میں کہوا رو کے کیچن سن مری بات
میں بے پر ہوں گی بے بس تو ہے پردار مرا قاصد تو ہین تجھ پر مرا بھار

. . . .

رکھا دن تجھ کون دل کی آگ کیوں کر کروں میں آہ تو تیرا جلے پر

گیا پھاگن چڑھا اب چیت سرپر جلی ہولی ہماری آگ لے کر

. . . .

رہا ہے پھول سنبل آج بن میں لگی ٹیسو کے دیکھے آگ تن میں

. . . .

پھری پھرتی ہوں اس گل بن ڈوانا ڈول کروں کیا لیکے غنچہ کیا کروں پھول
مرے غم سیتی کوئی گل چاک دامان مری حسرت ستیں غنچہ ہے حیراں

. . . .

تجھے تو گرمیٔ بازار ہے گل مری آنکھوں میں آتش زار ہے گل
جلے گا گل لگے گی باغ میں آگ ارے بلبل شتابی بھاگ تو بھاگ

Marfat.com

نمونہ ہے۔ یہ ایک عہد کی لسانی تکمیل کو آشکار کرتی ہے۔ اس مثنوی کا کوئی نسخہ پھلواری شریف کے کتب خانوں میں نہیں۔ اس کے انکشاف کا فخر پروفیسر حسن عسکری صاحب کو حاصل ہوا۔ اِن کے ایک عزیز شاگرد رائے شیونندن بہادر ایم۔اے رئیس وزمیندار قصبہ بھکرا ضلع مظفرپور نے اپنے بزرگوں کے قیمتی کتب خانہ کا ذکر کیا۔ اور دو تین بستوں میں متعدد کتابیں پٹنہ یونیورسٹی لائبریری میں بھجوا دیں۔ انھیں خستہ کتابوں میں مثنوی گوہر جوہری دستیاب ہوئی۔

میں نے شاہ مجتبیٰ صاحب بہار شریف کے کتب خانہ میں "مثنوی گوہر جوہری" کا ایک نامکمل نسخہ دیکھا ہے۔ نسخہ میں بارہ ماسہ کا حصّہ موجود ہے۔

مثنوی گوہر جوہری، مختلف داستانوں پر مشتمل ہے۔ پیش رو داستان کے آخری اشعار بعد میں آنے والی ملحق داستان کی طرف بلیغ و واضح اشارہ کرتے ہیں۔ مثنوی کی کہانی روایتی رنگ کی ہے۔ آخری داستان اکبرآباد کے رام راجہ اور کنول دی کی رُودادِ عشق ہے۔ پریشانیوں اور دِقتوں کے بعد دونوں کی شادی ہو جاتی ہے۔ شادی کے بعد فراق کا دَور آتا ہے۔ اساڑھ سے جیٹھ تک کنول دی برہ کی آگ میں تڑپتی رہتی ہے۔ بارہ ماسہ، کنول دی کی زبانی پیش ہوا ہے۔ وصلِ مکرر کے بعد کنول دی بیمار پڑتی اور مرجاتی ہے۔ کنول دی کی چتا کی راکھ سے پھر شعلۂ عشق بلند ہوتا ہے اور' رام راجہ! رام راجہ ' کی صدا آتی ہے۔ رام راجہ اس شعلۂ محبت کی طرف بتیا بانا جاتا ہے اور اس سے ہم آغوش ہوکر بھسم ہو جاتا ہے۔ مثنوی کے آخر میں صوفیانہ کیف وحال پیدا ہوتا ہے اور محض روایتی رنگ کی جگہ تخلیقی قوت پیدا ہو جاتی ہے ؎

دکھو کثرت میں وحدت کا تماشا
دو شعلے جون ہوا اِک شعلہ پیدا

کنول دی بارہ ماسہ میں مختلف پرندوں کو اپنا پیامبر بناتی ہے۔ مثلاً: بھنگم، کوکلا، کھنجن، سبزک، سُرخاب، سارس، کبوتر، بسنتا، بُلبل، کاگ اور طوطا۔ آخرش طوطا کامیاب قاصد بنتا ہے ؎

اَساڑھ آیا لگا بادل گرجنے — اندھیری رات میں بجلی چمکنے

گگن پر برق نیَن ہے گا چمکتا — مرا شوقوں ستیں ہے دِل پھڑکتا

گھٹا ساون کی کاری جب پڑی جھوم — مرے جی بیچ برھا آکرے دھوم
زمین کون ہے قبائے سبز در بر — سیمن ایسے میں پیو میرے ہیں باہر

. . . .

پیا بن ہے ہماری سیج سونی — ہوئے رہ رہ مجھے دُکھ درد دونی
پیا کے وصل کی ہوں ایسی بھوکی — کہ جوں سورج کے پیچھوں سورج موکھی
کنول ہوں میں کنول دی ہے مِرا نام — مجھے جَل بیچ بن سورج نہ آرام
نہ سورج بن ہوں میں آرام وَکل میں — کھڑی جلتی ہوں بنت آنسو کے جَل میں
اکارت جائے ہے میری جوانی — پیا پردیس کیا یہ زندگانی

ارے کاتک کے ایسی دُودھ کی رات — میں کہوا رو کے کیجن سن مری بات
میں بے پر ہوں گی بے بس تو ہے پَردار — مرا قاصد تو ہین تجھ پر مرا بھار

. . . .

دکھادن تجھ کون دل کی آگ کیوں کر — کروں میں آہ تو تیرا جلے پر

گیا پھاگن چڑھا اب چیت سرپر — جلی ہولی ہماری آگ لے کر

. . . .

رہا ہے پھول سُنبل آج بن میں — لگی ٹیسو کے دیکھے آگ تن میں

. . . .

پھری پھرتی ہوں اس گل بن ڈنوا ڈول — کروں کیا لیکے غنچہ کیا کروں پھول
مرے غم سیتی کوئی گل چاک داماں — مری حسرت ستیں غنچہ ہے حیراں

. . . .

تجھے تو گرمیٔ بازار ہے گُل — مری آنکھوں میں آتش زار ہے گُل
جلے گا گُل لگے گی باغ میں آگ — ارے بُلبل شتابی بھاگ تو بھاگ

ستارے ہو گئے جل کر کے اخگر نکلتا ہر سحر خورشید جل کر
بگولہ جیٹھ کا آتش فشاں ہے غبار خاطر سرگشتگان ہے

لکھوں اس بے وفا کوں کیوں کہ پاتی بھر آتی آنکھ اور پھٹتی ہے چھاتی
لکھوں تو جل کے کاغذ خاک ہوئے قلم غم سُن کے سیناں چاک ہوئے

طوطا کی زبانی کنول دی کو رام راجہ کے آنے کی خبر ملتی ہے ـــ

مُشاطہ مجھکوں آرائش ہے درکار ہمارا آج کلہہ گھر آ چلا یار
شتابی کر مری زُلفوں کو شاناں کہ آتا ہے چلا میرا دیواناں
جب آویگا میں دیونگی اسکوں زنجیر نکر تو شانہ کرنیں میں ذرا دیر

آخر کار رام راجہ آن ملا ـــ

سکھی جس وقت میرا یار آیا اری مُردے نین پھر کر جان پایا
سکھی میں کیا کہوں سُکھ کی کہانی پڑا موئے دھنوں میں جاکے پانی

اب کنول دی کی بیماری کا حال سُنیئے ـــ

گئی وہ اس قدر نازک بدن ہو کہ یک گلبرگ کا سو پیرہن ہو
نہ چُن سکتی زرُخ زلفوں کا دامن گلے میں ہو گئے چوں طوق آہن
ابتی نازک ہوئی اور ناتواں حال نظر آتی نہ آئینے میں تمثال
نہ آتا لب تلک بھی شعلۂ آہ نفس کیتی تھی چوں شمع سحرگاہ

کنول دی کی علالت کے غم سے رام راجہ کا حالِ زار سُنیئے ـــ

پریشان خاطر و آشفتہ اطوار گیا ہو مُضطرب چوں نبضِ بیمار

Marfat.com

سراسیمہ ہوا اور اشک ریزاں گیا بستر تلک اُفتاں و خیزاں
دم آخر وہ شوریدہ تصویر ہوا معشوق سے جاکر بغل گیر
لگی کہنے کہ اے دیوانہ میرا میں تیری شمع تو پروانہ میرا
کوئی ساعت میں آوے گی قیامت میں جاتی ہوں سدا تورہ سلامت
ترے تیئں دیکھ کر آتی روائی کہ دے گی اب اَجل داغِ جدائی
ہوا اس فکر میں میرا جگر آب کہ دوری کی تجھے کیوں کر کہ ہو تاب

آخر کار کنول دی کی رُوح پرواز کرگئی ؎
اُڑی بو اور گیا بے آب ہو گُل پَری سا اُڑ گیا شیشے سیتن مُل

مثنوی گوہر کا بیشتر حصہ "بحر ہزج" میں ہے۔"بحر متقارب" کا بھی استعمال ہوا ہے۔ مثنوی میں شاعرانہ محاسن قدم قدم پر ہیں۔منظر نگاری، جذبات نگاری سوز و درد، محاکات، تخیل، نادر، موزوں اور نفیس تشبیہات، اور استعارات کا استعمال یہ سب مثنوی کو پُرتاثیر بناتے ہیں۔

چند پُر تاثیر و نادِر تشبیہیں دیکھئے:

مرے جی بیچ کیا کیا درد بانٹا کسی کانٹے لگے کا سے خراٹا

بھنواں خمدار تیری اے پیارے لگے ہے ناؤ دریا کے کنارے

تری لو مست ہیں آنکھیں گلابی شرابی ہیں، شرابی ہیں، شرابی

چو نوبت وصل کی اس مہ کے آئی دیا دل کا نگیناں مُنہہ دکھائی

واردات اور کوائف کا لطیف بیان ملاحظہ ہو ؎
ترے آنسو کے تیئں دامن ہے منزل میرا آنسو گرے بردا ن دل

Marfat.com

کرے ہے تو گریباں دردسے چاک   میں جی ہی بیچ جل کرکے ہوئی خاک

مَرد اور عورت پر غمِ عشق کا اَثر جُدا جُدا حال پیدا کرتا ہے۔ اس نفسیاتی فرق کو کتنے لطیف و نفیس انداز میں پیش کیا ہے۔

قاضی عبدالودود صاحب کا یہ خیال صحیح ہے کہ "اس میں افضل کی بکٹ کہانی کے رنگ کے اشعار بکثرت موجود ہیں" پروفیسر حسن عسکری صاحب نے بھی اس مُشابہت کو نوٹ کیا ہے۔ یہ مُشابہت بارہ ماسہ کے حصّہ میں ہے۔ مگر افضل جھنجھانوی کا بارہ ماسہ مکمل دستیاب نہیں ہوتا۔ پروفیسر محمود شیرانی نے اپنی کتاب "پنجاب میں اُردو" میں افضل کے بارہ ماسہ میں سے کچھ حصّے نقل کیے ہیں:

افضل	جوہری
گھٹا کاری اُمڈ چھاتی سون آہی	گھٹا ساون کی کاری جب بڑی جھوم
برہون کی فوج نے کینی چڑھاہی	مرے جی بیچ برہا آکرے دھوم
بھئی جل تھا چھپا سرسبز عالم	زمیں کون ہے قبائے سبز دربز
نہیں جُز وصل کا سوکھا نہالم	سَیّں ایسے میں پیو میرے ہیں باہر
ہندولی جھولتی سبھ نار پہ سنگ	سکھی سب جھولتے پیو سنگ جھولا
حسد کی آگ نے جارا مرا رنگ	جھولا تا چرخ مجھ کون چرخ ہندولا
اندھیری رین جگنوں جگ مگاتا	ارے جگنوں کا ایسا جگمگانا
اری جلتی اوپر تیں کیا جلاتا	ہوا نمیئں اس سمئے میں پیو کا آناں
. . . .	نہ جگنوں میرے اس دردوں کے مارے
. . . .	فلک سے آئے ٹوٹے ہیں ستارے

Marfat.com

جوہری کے ہمعصر سجاد پھلواروی، تپاں پھلواروی، راجہ رام نرائن موزوں وغیرہ تھے۔ شیخ محمد روشن جوشش۔ شیخ محمد عابد دل، خواجہ امین الدین امین۔ شیخ غلام علی حضور، میر غلام حسین شورش، شاہ رکن الدین عشق، وغیرہ بھی جوہری کے ہمعصر یا قریب ہمعصر تھے۔

اُس دور میں بہار کی ادبی زبان بہت شستہ و صاف ہو چکی تھی۔ لیکن اس کے باوجود شاہ آیت اللہ کی مثنوی کی زبان پر افضل جھنجھانوی کی زبان کا اثر ہے۔ بھاشا کا استعمال بھی کثرت سے ہوا ہے اور ساتھ ساتھ فارسی ترکیبیں بھی اسی انداز کی ہیں۔ مثنوی کی زبان فضا، مزاج اور اسلوب قدیم (ARCHAIC) ہے۔ اس کی یہ وجہ بھی ہو سکتی ہے کہ صوفیوں نے مزاج ہندی کا بڑا پاس کیا ہے۔ کنول دی اور رام راجہ کے قصہ کی مناسبت کے لحاظ سے بھی ہم آہنگ فضا نگاری کی تکمیل کے لیے بھاشا کا خوب خوب استعمال ہوا ہے۔ یوں تو اُردو کا قدیم نام ہندی ہی ہے۔ خود جوہری کہتے ہیں۔ ؏

بہرا ہوں درد شعر ہندوی موں

جوہری کے مرثیوں کی زبان بھی بھاشا آمیز ہے۔ وہ اُن میں سوز و درد، غم و الم، رقت و بکا نرم و گداز ہندی لفظوں کی مدد سے ہی پیدا کرتے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شاہ آیت اللہ کو بھاشا کے عام پسند لفظوں سے ہم آہنگی محسوس ہوتی ہے۔ یہ نہیں کہ وہ فارسی ترکیبوں سے گریز کرتے ہیں۔ بلکہ فارسی ترکیبوں کے خوبصورت استعمال سے بھی وہ اپنے کلام کو رنگ اور آہنگ عطا کرتے ہیں۔ قدامت کا رنگ غالباً افضل کی پیروی کا نتیجہ ہو۔ یا ممکن ہے قدیم رنگ اور روپ مثنویوں کا خاص ذریعہ اظہار بن گیا ہو۔ لسانی خصوصیات کا مختصر تجزیہ حسب ذیل ہے:

نئی، نئیں۔ نہیں + سیں = سے + کون = کو + موں = میں + کیتا = کیا + لیتا = لیا۔ کدھوں، کدہیں = کہیں، کبھی + تدہین = تبھی + جدہین = جب بھی۔ یا جب کبھی + دوکھ = دُکھ + لاؤنا = لانا + پاؤنا = پانا + آؤنا = آنا + یو = یہ + نین = نے۔ گگن = آسمان

Marfat.com

پیچھوں۔ پیچھے + مروں ہوں ۔ مرتا ہوں، مرتی ہوں + جیونکر، جیونکہ ۔ جس طرح + کناں ۔ کرنا۔ وغیرہ وغیرہ ۔ نیز: کیف سے کیفوں، خمار سے خماروں، درد سے دردوں، جمع بنا لیتے ہیں۔ ' بھنویں ' اور ' بھنواں ' یہ دونوں جمع آتی ہیں۔ کلمہ کی جگہ کلمان بہ قافیہ مسلمان بھی لکھتے ہیں۔ ' ر ' اور ' ڑ ' ' اوتار ' اور ' پہاڑ ' ۔ ' دوڑ ' اور ' چور ' ' توڑی اور ' چوری ' کو ہم قافیہ لاتے ہیں۔ ہائے ہوز جا بجا تقطیع میں گرتی ہے۔ جا بجا فارسی فقرے اور مصرعے کے مصرعے ملتے ہیں۔ ' ہوتا ہے ' کی جگہ ' ہو ہے ' ۔ ' کھاتا ہے ' کی بجائے ' کھا ہے ' مستعمل ہیں۔ غالباً یہ بہاری بولی کا مقامی رنگ ہے۔ آج تک بہار میں یوں ہی بولتے ہیں۔ فارسی اضافت کے ساتھ ساتھ ' کا ' اور ' کی ' کا استعمال بھی ہوتا ہے۔ گویا دُہری اضافت لگتی ہے۔

اِتے ۔ اتنی + بادرا ۔ بادلا + مندل ۔ مندر

مغربی پراکرتوں میں جہاں ' ر ' کی آواز ہوتی ہے وہ مشرقی پراکرتوں میں آکر ' دل ' کی آواز سے بدل جاتی ہے۔ جیسے تَر ــــــ تَل، ترے ــــــ تلے، مندر ــــــ مندل، بادرا ــــــ بادلا، بادر ــــــ بادل، جراؤ ــــــ جلاؤ، کاری ــــــ کالی، کر ــــــ کل (پہلو) وغیرہ وغیرہ۔ اندھلا۔ اندھا، سُوا۔ سُوگا (طوطا)۔ فارسی ' ان ' سے جمع کی مثالیں زیادہ ملتی ہیں اور پنجابی اثر کے تحت ' ں ' سے جمع کی مثالیں نسبتاً کم۔ یعنی اسم ہندی اور فعل ہندی کی جمع ' ان ' سے کم ملتی ہے۔ مگر ' ں ' کا اضافہ کثرت سے ملتا ہے۔ بھنواں۔ بھنویں، باتاں۔ باتیں + کون۔ کو، سین۔ سے، ' روپ '، ' سندر '، ' سلونا '، ' پیو '، ' پیا '، ' کنت '، ' کنگن ' وغیرہ الفاظ کا استعمال عام ہے۔

اب میں مرثیوں کا لسانی جائزہ لیتا ہوں:

مثنوی کی بُنیادی لسانی ساخت کھڑی بولی کی ہے۔ اس پر صرف قدامت کا رنگ چڑھا ہوا ہے۔ مگر مرثیوں کی زبان ملوان ہے۔ اس کا لسانی ڈھانچہ بے شک کھڑی بولی کا ہی ہے۔ لیکن بیچ بیچ میں اور بولیوں کی لسانی ترکیب نظر آجاتی ہے۔ مثلاً:

' آل نبی نہیں جینے پایا '، ' سر نیزہ پر جھوم رہا ہے '، ' کوئی نہ بیکس کا حامی ہے '،

Marfat.com

، آیہ۔ بَن میں سیس کٹایا ، ، زَن ہے ڈرونا بَن ہے بھونا ۔ کوئی نہیں ہے ہیت اور سنگی ، کاٹ گلا لوہو سے نہلایا ، ۔ پہلے مرثیے میں کھڑی بولی کی اس درجہ کے ساتھ ، آنکھ سی بوندیں ٹپک گرت ہے مانو ساون کہیں برسائے ، کی ترکیب و ساخت دیکھئے اَودھی بولی کا رنگ صاف نظر آتا ہے ۔ نیز :

بچے پیاسے بھوک مرت ہیں ، پنجابی اثرات بھی ملتے ہیں ۔ مثلاً : لاش کے نال (ساتھ) کھڑی وہ روئے ، ۔ کون کرے مظلوم کی پُنچھ رہے ، وغیرہ ۔ زبان میں بھاشاؤں کے استعمال کے باوجود ریختہ پَن موجود ہے ۔ عربی و فارسی الفاظ اور بھاشاؤں کے شبدوں کے استعمال میں توازن پیدا کیا گیا ہے مثلاً ،

تم بن کون کھریا (خبر) لیوی ۔ ۔ ۔

اب دوسرے مرثیہ کا لسانی تجزیہ کیجئے :

اس مرثیہ کی ترکیب مُسدّس کی ہے ۔ ہر بند کے پہلے چار مصرعے کھڑی بولی میں ہیں اور اس میں ریختہ پَن نُمایاں ہے ، چوتھے اور پانچویں مصرعے ملوان بولی میں ہیں اور ان میں بھاشاؤں کا رنگ گہرا ہے ۔ ان ٹیپوں کی زبان پر اَودھی بولی کی چھاپ زیادہ ملتی ہے ۔ مثلاً ،

جس کا پدر کٹا ہو نہ روئے تو کیا کرے
تن خاک میں پڑا ہو نہ روئے تو کیا کرے
مقتل پہ خوں بہا ہو نہ روئے تو کیا کرے
نیزہ پہ سر چڑھا ہو نہ روئے تو کیا کرے
جس کا بابا مرگیا چھوری کو کہائے حسین
تِسکا بیٹا عابدین روَت ہے دن رین
اماں یتیم خستہ کی بانو شکستہ دل
مرنے سے شاہ دیں کے گئی خاک بیچ رل
کیونکر نہ روئے چھاتی پہ غم کی دھری ہو سِل
جس پر کہ دُکھ پڑا ہو نہ روئے تو کیا کرے
نیناں موں انجھوان بھری بکھرے سیس کے بال

روٹت پی پیاری او مکھ پر انچرا ڈال

شاہ آیت اللہ کے علاوہ اور متعدد صوفیائے پھلواری شریف نے اُردو مرثیے لکھے۔ اِن کا ذکر آگے آئے گا۔ یہ مرثیے دکنی مرثیوں سے زیادہ ترقی یافتہ ہیں۔ تماشی بندی میں وُسعت و نُدرت پیدا کی گئی ہے۔ شاعرانہ معیار بھی بُلند تر ہے۔ واقعہ نگاری، محاکات، جذبات نگاری، پرداز تخیّل، مصوّری، درد و سوز، سادگی، مقامی رنگ اور بھاشا کے برمحل و پُر اثر استعمال سے یہ مراثی حُسن و تاثیر کے مخزن ہیں۔ زبان و بیان کی پختگی سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۲۰۰ھ سے بھی پہلے پھلواری شریف میں مرثیہ نگاری ہوئی ہوگی۔ افسوس کہ مجھے اس سے قبل کی بیاض دیکھنے کی سعادت اب تک نصیب نہیں ہوئی۔

شاہ آیت اللہ کے تذکرہ کے اختتام پر میں ان کی ایک شہر آشوب درج ذیل کرتا ہوں۔ یہ نظم بھی مجھے پھلواری شریف کے مخطوطات میں ملی۔ میں اس سلسلہ میں حکیم شعیبؔ صاحب مرحوم کا ممنون کرم ہوں۔

کہاں ہے دین کی شوکت گئی کیدھر مُسلمانی
کیا ہے کفر نے اس دَور مون از بسکہ طغیانی
خراب ہیں مسجد محراب بنتے ہیں صنم خانہ
نہوئے۔۔ یہ ابلیس کو ہے میر سامانی
خدا کا گھر اندھیرا اور چراغِ دیر ہے روشن
رواجِ کفر پھیلا مضمحل ہے نورِ ایمانی
جیدھر دیکھو اودھر بتخانہ مو ناقوس بجتا ہے
سنی مسجد مون کم۔۔۔ اب کلبانگ اذانی
برہمن قشقہ کش توقیر رکھتے ہیں۔۔۔ زاہد
رواج مالا اکثر ہے زرسم سبحہ گردانی
سواری لالہ و بابو کی کس .ولش سین جاتی ہے
کہ صوبہ دار ہندو اور ہے ہندو کو دیوانی
مُسلما کو نہیں توقیر کچھ ہی ان کی مجلس مون

Marfat.com

سلام اس طور سین ہیں سرِ سین جون کرتے گُمس رانی
دریغا پلّہ کفّار کا ہے اِس قدر بھاری
کہ ہیں اب یہ مُسلماں سب کم از پاسنگ میزانی
حمیّت دین کی نہیں ہی ہے مُسلمانو کو عالم مون
زہے غیرت زہے عار و زہے ننگِ مُسلمانی
ہر اک کافر کو ہے سر موا نا الدجّال کا دعویٰ
نہ عیسیٰ چرخ سے اترے مٹے جو کفر کے بانی
نہ مہدی آتے جو یہ کفر سب مِسمار ہوجائے
چراغِ کشتۂ اسلام ہر گھر ہوئے نُورانی
جہاں اب قاف سے ہے قاف تک ظلمت کدہ سارا
کہ دورِ ظلم ہے روزے شبِ دیجور ظُلمانی
مگر زلفِ پری رویان کو گھرے خواب مون دیکھا
کہ کرتی ہے در و دیوار سے بارش پریشانی
رُباب و چنگ سے جانسوز ترہے آہ مظلوماں
ہوا بیشہ نیستان اور دِل عالم نیستانی
رگیں نالاں ترہیں تارِ رباب و چنگ بربت سے
کہ دست گو شمال چرخ سے عالم ہے افغانی
ہوا گوشِ فلک کا کر فغاں داد خواہاں سے
نہ کھولے کان گُل کا نالۂ ہائے مُرغِ شبانی

. . . .

. . . .

جہاں سے اُٹھ گئی ہے اے عزیزو خیر و برکت سب
گئی مہر و محبّت اور بڑھی ہے حرص حیوانی
نہ شفقت باپ کو بیٹے سے نہ مادر کو دُختر سے
حسد بھائی کو بھائی سے کہاں ہے درد اخوانی

قناعت ہے کہاں عالم مون اب عنقائے مغرب ہے
لجالجت .اور سماجت کی پنٹ ہے گرم دُکانی.
دہانِ مردمِ دانا کھُلا رہتا ہے فاقہ سے.
جو ناداں ہیں اونٹوں کی ہے کمر مون زرہمیانی.
بجاہے صاحب معنی جونا پُرساں ہو عالم مون.
کرے کیوں کرکے ناداں مَرد دانا کی قدردانی.
نہیں پوچھے ہے کوئی پاکون کو ہرگز اس زمانہ میں
موقر ہیں کلوخ و سنگ استنجائے شیطانی.
کمینوں کی بنی ہے اور نجیبانوں پہ حالت ہے.
زمانہ منقلب برعکس ہے تاثیر دورانی.
چمن میں کیوں نہ نرگس سب کی مقبول طبائع ہو

میؔر اور سوؔدا کی شہر آشوبوں کی طرح آیت اللہ کی شہر آشوب سے بھی اُس عہد کی حالت کا پتہ چلتا ہے۔ عظیم آباد د بہاؔر پر اس عبوری و طوفانی دَور میں کیا گزری اُس کا کسی قدر حال ہمیں مندرجہ بالا نظم میں ملتا ہے۔

شاہ آیت اللہ کے مُرید اور شاگرد بہ کثرت تھے۔ چند کے نام حسب ذیل ہیں:؛
سید شاہ وارث علی، مفتی غلام مخدوم ثروؔت، امان علی ترقی، غلام شبلی وُسعتؔ، غلام جیلانی مخزوں وغیرہ۔

نور محمد دِلدار

قاضی عبدالودود صاحب لکھتے ہیں: "دلدار کے حال یا کلام سے تذکرے خالی ہیں" (صدائے عام ص۱۸، عید نمبر ۵۳ء پٹنہ) پروفیسر سید حسن عسکری صاحب نے سب سے پہلے دلدار کے کلام کو ڈھونڈ نکالا۔ اِن کے مختصر دیوان کا واحد نسخہ بہار ہسٹوریکل ریسرچ سوسائٹی کی مِلک ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ

Marfat.com

عروض عربی و فارسی کی رو سے ہو سکتی ہے۔ لیکن یہ
ئے کہ یہ عروض ہندی کے مطابق ہیں۔ یہ سوال
الذکر سے متاثر ہوا ہے یا نہیں۔" دلدار نے کسی
کہے۔ ہر مصرع میں قافیہ ہوتا ہے اور چاروں
ہوتے ہیں۔ دلدار، صوفی شاعر تھے، ان کے اندر
روحانیت پائی جاتی ہے۔ دِلدار کی زبان پر
بہاریت اور مقامی رنگ کی جھلک زبان و بیان
تی ہے۔ اس لحاظ سے دِلدار کی شاعری کی بڑی
ہے ہے

م کے ہل سے جوت کے چوکی درد کی کھینچ
کے ساری کر وحدت کا کا دو کھینچ
دلدار فنا کا پانی سینچ
اس کا خلل نہ ہوگا اس کو نیچ

ہندی ہیں اک ماں کے جائے ہیں
ھوں نے ایک خوان سے کھائے ہیں
یہودی، کوئی ہنود کہائے ہیں
میں اور دلدار ...

یاد کی انجمن سے پھر روشن دل کے کرے رتن رتن کو
ایسے جتن سے دیکھے تو تب اپنے مدن موہن کو

جس میں ہوئے سکھی بھلا سو کرلے اے مدھ ماتا
کہنا میرا دل میں تیرے کچھ بھی نہیں سماتا
وقت پڑے پر بھائی بیٹا کوئی کام نہیں آتا
ہوگا اے دلدار انہوں سے جیتے جی کا ناتا

انھیں چوپائی یا قطعہ یا رُباعی کہہ لیجئے۔ بہ ہرحال کلام منظم، مربوط، سادہ پُراخلاص اور پُر اثر ہے۔

میر وارث علی نالاں متوفی ۱۱۹۹ھ

علی ابراہیم خاں لکھتے ہیں: " نالاں عظیم آبادی، میر وارث علی خلف میرارزانی، موطنش قصبۂ بہار ست، اما سکنے در عظیم آباد اختیار کردہ بہ سرداری بشیشہ گران اعتبار دارد۔ جوان سنجیدہ اطوار از تربیت یافتگان مرزا اشرف علی خاں فغاں ست ..... سال وفات ۱۱۹۹ھ ہے سہ

جوشش اس کے وفات کی تاریخ
میر وارث علی نالاں ہے

مطبوعہ گلزار ابراہیم میں نالاں کے اشعار نہیں۔ لیکن جس قلمی نسخہ سے انجمن ترقی اُردو کا شائع کردہ تذکرہ مرتب ہوا ہے اُس میں حسب اطلاع مرتب پچیس اشعار نالاں کے موجود ہیں۔ مندرجہ ذیل اشعار کتب خانۂ مشرقیہ کے قلمی نسخہ

---

[1] معاصر، پٹنہ۔ اگست ۱۹۴۱ء ص ۳۷، ۳۸۔ [2] یہ تذکرہ مسخ شدہ شکل میں، انجمن ترقی اُردو کی طرف سے شائع ہوا ہے۔ دو قلمی نسخے پٹنہ میں ہیں۔

Marfat.com

غلام جیلانی محزوں پھلواروی

۱۱۳۸ھ تا ۱۲۰۲ھ

غلام جیلانی نام۔ تخلص محزوں۔ پیدائش ۱۱۳۸ھ[1]۔ وفات ۱۲۰۲ھ۔ غزلیات فارسی میں سرشار تخلص کرتے تھے۔ فارسی میں صاحب دیوان۔ حضرت آیت اللہ کے شاگرد۔ مجھے خانقاہ سلیمانیہ سے جو مجلد مخطوطات ملے تھے ان کی ابتداء یوں ہوتی ہے:

محمد کرم عالم ۱۲۶۶[2]

"فہرست مراثی مندرجہ ومرقومہ ایں کتاب بقید اعداد صفحات ونام مصنف آں بنظر برو آوردن ہر مرثیہ خواستہ باشند بسہولت و آسانے بروقت عدد صفحہ کہ بالائے آں نوشتہ می آید۔"

فہرست مجلد قلمی نسخہ مراثی پھلواری شریف

(۱) شاہ محمد آیت اللہ مذاقی ص۱، ص۸ ایضاً منہ (مرثیہ ۱۲۰۶ھ)

(۲) مولوی غلام جیلانی محزوں ص۱۳ (غزل مرثیہ ۱۲۰۶ھ)

(۳) مولانا شاہ عبدالغنی مدظلہ، ص۱۵، ایضاً ص۱۷، ایضاً ص۱۹، ص۲۳، ص۲۵، ص۲۸ و ص۲۹ (مراثی ۱۲۲۱-۴۲ھ)

(۴) شاہ امان علی ترقی، ص۳۱، ص۳۶، ص۳۹، ص۴۲ و ص۴۸ (مراثی ۱۲۲۵-۳۴ھ)

(۵) مفتی غلام مخدوم ثروت، ص۵۱ (مرثیہ ۱۲۱۲ھ)

(۶) شاہ امان علی۔ ص۵۴، ص۵۷، ص۶۳، ص۶۵ و ص۶۷ (مراثی ۱۲۲۵-۳۴ھ)

(۷) مولوی احسان علی تودد۔ ص۶۹ (سلام ۱۲۳۵ھ)

(۸) شاہ امان علی ترقی۔ ص۷۱

---

[1] ان تاریخوں کی اطلاع حکیم شعیب صاحب مرحوم کی مہربانی سے ہوئی۔

[2] کاتب محمد عالم نامی کوئی صاحب تھے۔ مکتوب (م) ۱۲۶۶ھ کا ہے۔

Marfat.com

(۹) مولوی جواد علی صاحب۔ ص۶۶، ص۹۰ (مراثی ۳۳-۱۲۲۶ھ)

(۱۰) شاہ محمد حسین صاحب وحدت۔ ص۸۱، ص۸۳ (مرثیہ ۱۲۴۴ھ)

(۱۱) مولوی علی وارث۔ ص۸۵ (مرثیہ ۱۲۴۲ھ)

(۱۲) مولوی محمد وجیہہ۔ ص۸۸ (مرثیہ ۱۲۴۴ھ)

(۱۳) مولوی سید ابراہیم علی۔ ص۸۹ (مرثیہ ۱۲۳۶ھ)

(۱۴) مولوی قطب الاولیاء۔ ص۹۱ (مرثیہ ۱۲۶۱ھ)

(۱۵) مولوی کمال علی صاحب۔ ص۹۵ (مرثیہ ۱۲۴۴ھ)

(۱۶) مولوی رضی الدین احمد ص۹۶ (مرثیہ ۱۲۶۰ھ)

(۱۷) مولوی محمد طالع مغموم۔ ص۹۹ و ص۱۰۰ (مرثیہ ۱۲۲۲ھ)

(۱۸) قاضی غلام حق۔ ص۱۰۳ (مرثیہ ۱۲۲۸ھ)

– مندرجہ ذیل نام فہرست میں درج نہیں ہیں، نسخہ میں موجود ہیں

(۱۹) مرثیہ شاہ غلام شبلی وسعت۔ ص۱۰۶، ص۱۱۰، ص۱۱۲، ص۱۱۵، ص۱۱۷ (مراثی ۱۲۳۲ھ ۱۲۱۲ھ)

(۲۰) مولوی سید واحد علی واحد، عرف محمد خیراتی، المعروف بہ خیرات علی۔ خلف قاضی مولوی غلام قادر۔ ص۱۱۹، (مرثیہ ۱۲۴۳ھ)

(۲۱) مولوی احسان علی قوذو۔ ص۱۲۲۔ دو اوراق سادہ، ایک ورق غائب

(۲۲) مولوی محمد علی سجاد۔ ص۱۳۱ (مرثیہ ۱۲۳۹ھ)

(۲۳) مولوی محمد یونس، مرثیہ بہ اصلاح حضرت فرد مدظلہ العالی۔ ص۱۳۳ (مرثیہ ۱۲۳۶ھ)

(۲۴) مولوی جانعلی۔ ص۱۴۳

اکثر و بیشتر مرثیوں پر سنہ تصنیف یا سنہ خواندگی درج ہے۔

محزوں پھلواری کا نمونۂ کلام حسب ذیل ہے:

غزل مرثیہ محزوں

لہ چلا خنجر گلا جس دم گلا شیر سرور کا زمیں لرزی فلک کانپا اٹھا آشوب محشر کا

لہ تمت المرثیہ از مولوی محمد یونس مرحوم، برادر خورد مولوی نوازش علی صاحب علیہ الرحمۃ در ۱۲۳۶ھ کہ جزاہ معدود ملک گشتی بودی بہ اصلاح استادی و مرشدی حضرت فرد مدظلہ العالی۔ (ص۱۳۳۔ مجلد نسخہ پھلواری)

Marfat.com

۱۷ عزیز و قصۂ اندوہ و طومار جفا کہئی — لکھے کیا غم سے ہوتا ہے گریباں چاک دفتر کا

۱۸ ہوا خورشید محشر کا جہاں میں ہر طرف روشن — بدن سے کاٹ نیزہ پر رکھا جب سیس سرور کا

۲۲ اگرچہ دست کوتاہ ہو نہیں یہ محزوں بچارا ہے — نہ چھوٹے گا قیامت بیچ دامن سبط سرور کا

تمام شد غزل مولوی غلام جیلانی صاحب علیہ رحمۃ متخلص بہ محزوں و در غزلیات فارسی کہ دیوان مرتب شدہ ست تخلص ایشاں سرشار[1] فقط۔

(قلمی نسخہ مجلد، پھلواری شریف، سنہ تصنیف ۱۲۰۶ھ)

شیخ غلام یحییٰ قدس سرہ حضور متوفی ۱۲۰۶ھ

جناب غلام یحییٰ کا شمار عظیم آباد کے مشائخ میں تھا۔ مذہب حنفیہ، مشرب چشتیہ۔ طبابت میں بھی مہارت تھی۔ آپ کے مرید و معتقد بہ کثرت تھے۔ آپ شاہ محمد مظہر بن شاہ محمد اطہر کے بیٹے تھے۔ تاریخ وفات ۸، جمادی الثانی روز جمعہ ۱۲۰۶ھ[2] آپ نے کسی کی شاگردی نہیں کی۔ تجارت کرتے تھے۔ انھوں نے درگاہ شاہ ارزاں کی توصیف میں ایک مثنوی تقریباً ۱۱۹۰ھ میں لکھی تھی۔ چند شعر حسب ذیل ہیں ؎

مزار اوس کی پہ گنبد نہیں، ہے قبہ نور — وہاں ہے جلوہ نما کچھ عجب طرح کا ظہور

وہاں جو حوض نظر آتے ہیں وہ حوض نہیں — میں دیکھا چشم صداقت سے آج اوسکے تئیں

ادر ایک طرف سین پری رو ہیں مایۂ تسخیر — لیے دلوں کو پھنسانے کو زلف کی زنجیر

عجب طرح کی ہے اون کی نگاہیں کیا کہیے — وہ کھپ رہی ہے مرے دل میں آہ کیا کہیے

جب اون کے چاہ ذقن کا خیال آتا ہے
تو کیا کہوں مرا جی ڈوب ڈوب جاتا ہے

حضور کی غزلوں سے اشعار نقل کیے جاتے ہیں:

---

[1] قلمی نسخہ میں "ہے" چھوٹ گیا ہے۔ [2] تذکرۃ الصالحین، مؤلفہ مولوی محمد حبیب اللہ، اور تذکرہ گلزار ابراہیم، [3] تاریخ شعرائے بہار، قلمی ص ۱۴۔ ۱۵۔

(۱)

جو یوں آپ بیرونِ در جائیں گے — خدا جانے کس کس کے گھر جائیں گے

. . . .

مُسافر ہیں لیکن نہیں جانتے — کہاں سے ہم آئے کدھر جائیں گے

تمنا میں بوسہ کی کہتا ہے جی — بدن سے نکل بھی اگر جائیں گے

تو ہے ایک دم اور ہزاروں اُمید — لبوں پر کوئی دم ٹھہر جائیں گے

یہ حرمت نبھی اب تلک جس طرح
حضور اتنے دن بھی گذر جائیں گے

(۲)

آبرو اُلفت میں اگر چاہیئے — رکھیئے سدا چشم کو تر چاہیئے

دل تجھے دے ہی چکے، جان بھی — لیجیئے حاضر ہے اگر چاہیئے

. . . .

دل بھی جواہر ہے ولیکن حضور — اس کے پرکھنے کو نظر چاہیئے

(۳)

منعم نہ ہو مغرور، سدا پاس کسو کے — سیم و زر و گوہر نہ رہا ہے نہ رہے گا

گر عیش میسر ہو تو کر لیجے کم و بیش — سب وقت برابر نہ رہا ہے نہ رہے گا

(۴)

ہے ہے افسوس اے عمر جانے کا تیرے — کہ تو میرے پاس ایک مدت رہی ہے

یہ طوفانِ اشک ان میں آنکھوں کی کشتی — تعجب ہے کیوں کر سلامت رہی ہے

خانقاہ عمادیہ، منگل تالاب، پٹنہ سٹی کے سجادہ نشین مولانا صبیح الحق صاحب کے پاس حضور کی چند مثنویاں ہیں۔ ایک کا عنوان "مثنوی در تعریف درگاہ شاہ ارزاں" ہے۔ اس کے ۴۸ اشعار محفوظ ہیں۔ چند اشعار پیش کیے جاتے ہیں:

لہ معاصر، پٹنہ، دسمبر ۱۹۴۳ء صـ ۶۷-۶۸

خدا اگر مری آنکھوں کو دیوے بینائی — تو کیجئے عالم کثرت میں سیر یکتائی
گلِ ظہور سے اُس کے بھرا ہے یہ جہاں گلزار — جو چشم ہووے تو ٹک دیکھئے یہ باغ وبہار
بندی ہے کیا ہی تہِ آسماں یہ صحدتِ دہر — بسے ہیں صفوۂ روئے زمیں پہ کیا کیا شہر

رواں کروں ہوں میں اس کو سوئے عظیم آباد — کہ وہ بھی زور ہے بستی رکھے کریم آباد

جو لوگ بولتے ہیں صوبۂ بہار ہے یہ — بجسر بے غلط انعام ہے بہار ہے یہ

غرض جو ہے تو یہی ہے کہ اسکو لوگ پڑھیں — گناہگار ہوں شاید دعائے خیر کریں

حضور، کی دوسری مثنوی ہجو یہ ہے۔ یہ ناقص الآخر ہے۔ کل ۲۱ اشعار ملے ہیں ؎

گر ولایت سے رذالا بھی یہاں آتا ہے — اپنے تئیں عمدہ و اشراف ہی کہلاتا ہے

وہاں کے درزی کے کتر بیونت کی باتیں جو سنو — اس کی قینچی سے زباں چلتے جو دیکھو تو کہو
ایسا کوئی صاحب تقریر نہ ہووے گا بشر — جامۂ طرزِ سخن قطع ہوا ہے اُس پر

حضور کی تیسری مثنوی ایک مہاجن کی ہجو میں ہے۔ اِس کے ۲۲ اشعار ملے ہیں ؎

مہاجن ایک ہے گر ذکر اس کے نام کا کیجئے — تو ساری عمر کھانے سے اپنا ہاتھ دھو لیجئے
کسو کو وقت کھانے کے اگر اس کا خیال آوے — تو ہر چاول کا دانہ پارۂ الماس ہو جاوے

اپنے گھر بیچ جو پالے ہے وہ مرغا مرغی — دانہ کھانے کے تئیں پاتی ہے کچھ کیا مرغی
تھوکتا جاہے زمیں پر کہ غذا ہو اُس کی — صبح سے شام تک رہتی یہی خو اُس کی

مُرغی اس وقت نہ ہو اور ککھار آجاوے
جمع کر منہ میں لیے رہتا ہے جبتک آوے

Marfat.com

اصالت خاں ثابت متوفی سنہ ۱۲۰۶ھ

اصالت خاں، تخلص ثابت، متوطن عظیم آباد۔ قوم افاغنہ میں سے تھے۔ سنجیدہ وضع، خوش اخلاق، گرم جوش و ثابت قدم۔ اواخر میں مرزا۔۔۔ فدوی۔۔۔۔ کے شاگرد ہوئے۔ سنہ ۱۲۰۶ھ میں وفات پائی۔ کلام کا نمونہ حسب ذیل ہے:

روشن ہے میرے سینۂ سوزاں میں داغ ایک
تاریک گھر میں جلتا ہو جیسے چراغ ایک

زلف و رُخ سے دُور پڑے ہیں، کہہ دل اب کیا کام کریں
شام سے رو رو صبح کریں، یا صبح سے رو رو شام کریں

اب پیار کرو ہو ہم کو کیا ہے   پیارے کہیں دل تو نہیں لگا ہے

ہیبت قلی خاں حسرت متوفی سنہ ۱۲۱۱ھ

نام میر محمد حیات، عظیم آباد کے رہنے والے۔ مرزا مظہر جانجاناں دہلوی کے شاگرد پہلے میر باقر حزیں کے شاگرد تھے۔ ایک دیوان ریختہ جس میں قریباً دو ہزار اشعار ہیں، ان کی یادگار ہے۔ فیلن صاحب کے بقول ایک قصہ 'طوطی نامہ' بھی ان کا تصنیف کیا ہوا تھا۔ حسرت کا دیوان حسرت موہانی کے پاس تھا۔ اور انھوں نے اس کا انتخاب بھی شائع کیا ہے۔

تاریخ شعرائے بہار میں نجمی صاحب ان کا لقب ہیبت قلی خاں لکھتے ہیں۔ پروفیسر

۱۔ معاصر، پٹنہ، جولائی ۱۹۴۲ء۔ از قاضی عبدالودود، بحوالہ تذکرہ عشقی۔

۲۔ تاریخ شعرائے بہار، نجمی صفحہ ۔ ۳۔ قاضی عبدالودود صاحب، معاصر، جلد نمبر ۳، صفحہ ۔

Marfat.com

دردائی اپنی کتاب "بہار اور اردو شاعری" میں لکھتے ہیں: "گلشن بیخار میں بجائے بیعت قلی خاں کے ہیبت قلی خاں لکھا ہے۔ لیکن میرے خیال میں یہ صحیح نہیں ۔۔۔" (ص ۳۸) پروفیسر عطا الرحمٰن کاکوی لکھتے ہیں۔ "دردائی صاحب نے باصرار ان کا لقب بیعت قلی خاں لکھا ہے۔ یہ غلط ہے ۔۔۔۔۔ اور سب تذکرہ نگار متفق ہیں کہ یہ عظیم آبادی تھے۔" خود عطا صاحب لکھتے ہیں کہ میر محمد حیات نام، ہبت قلی خاں لقب، حسرت تخلص، خاص عظیم آباد کے رہنے والے تھے۔۔۔۔" (ساتھی، پٹنہ۔ عید نمبر ۱۹۵۵ء ص ۱۹) قاضی عبد الودود صاحب ہیبت قلی خاں ہی لقب لکھتے ہیں۔ عجیب بات ہے دلیل نہ دردائی صاحب دیتے ہیں اور نہ عطا صاحب۔ تذکرۂ شورش میں حسرت کے ۴۶ اشعار درج ہیں۔ گلشن ہند، میں ۱۴ شعر اور "مسرت افزا" میں ۳ شعر۔ "جواہر سخن" مرتبہ کیفی چڑیا کوٹی میں غزلوں کے ۴۹ شعر فرداً فرداً بیٹھے ہوئے ہیں۔ نمونۂ کلام حسب ذیل ہے:

ع تراغرور مرے عجز کے مقابل ہے
اُدھر پہاڑ اِدھر ایک شیشۂ دل ہے

آپ ہی اپنے یار تھے جانا نہیں — غیر میں بھولے تھے پہچانا نہیں
ہم نہ ہوں تو ہو تو سب چرچا کریں — شمع ہے محفل میں پروانہ نہیں

کعبہ بھی ہم گئے نہ گیا اُن بتوں کا عشق
اس درد کی خدا کے بھی گھر میں دوا نہیں

لے اوڑا کام اپنا پروانہ
ہائے ہم بال و پر نہ رکھتے تھے

Marfat.com

شاہ کمال علی کمالؔ متوفی ۱۲۱۵ھ

شاہ کمال علی۔ تخلص کمالؔ۔ متوطن مان پور، ضلع گیا۔ سکونت دیورہ، متصل بہار شریف۔ اُردو، فارسی دونوں میں کہتے تھے۔ ان کا دیوان قاضی عبدالودود صاحب نے بہ اشتراک معاصر، پٹنہ میں شائع کرایا ہے۔[1] اُن کے دیوان اُردو سے کہیں زیادہ اہم ان کی مثنوی ہے۔ (ق۔ ع۔ و) مثنوی فلسفہ آمیز تصوف سے بھری ہوئی ہے۔ کہیں کہیں عاشقانہ رنگ بھی ہے۔ مُلاحظہ ہو ؎

بہار آئی ہے کس شوکت سے امسال　　بنفشہ پر ہوا سُنبل چنور ڈھال
سماتا نہیں ہے اب گُل پیرہن میں　　یہ کس کی بُو صبا لائی چمن میں
یہ کس کے آنے کا مژدہ لے آئی　　یہ ایسی بُو صبا نے کس سے پائی
عجب کیا ہے جو بُلبل کی فغاں سے　　گرہ کھُل جائے سوسن کی زباں سے

سبھی دستاں سُرا کیا غُنچہ کیا گُل
ڈریں ہیں باغ میں کیا غنچہ کیا گُل

شیخ محمّد عابد دِلؔ

شیخ محمد عابد نام۔ دِلؔ تخلص۔ وطن عظیم آباد۔ شیخ محمد روشن جوشش کے بڑے بھائی تھے۔ دونوں بھائی جسونت رائے ناگر[2] کے بیٹے تھے۔ صاحبِ دِل، مردِ کامل، بے نیاز و بے ریا، عابد و عاشق مزاج، صاحبِ اخلاق حمیدہ، نواب

---

[1] تاریخ شعرائے بہار، قلمی ص۶۳۔ وصدائے عام، عید نمبر ۱۹۵۳ء ص۲۰

[2] تذکرہ مسرت افزا۔ نسخہ قلمی آکسفورڈ و معاصر، پٹنہ بابت ۱۹۵۳ء ص۵۹۔ ابوالحسن امر اللہ الہ آبادی۔ مُلاحظہ ہو، دیوان جوشش، قاضی عبدالودود ص ۱۰۔۱۷۔ اور تذکروں میں بھی اس امر کا ذکر ہے۔

[3] تاریخ شعرائے بہار، قلمی ص۱۹۔

Marfat.com

خلیل لکھتے ہیں کہ ۱۱۹۳ھ ہجری میں عابد دل نے اپنا کلام مرشد آباد بھیجا۔ تاکہ "تذکرۂ گلزار ابراہیم" میں درج کیا جائے۔ غالباً شیخ محمد روشن جوشش نے بھی اپنا کلام وہاں روانہ کیا ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ پروفیسر سید حسن عسکری صاحب اور عزیزم پروفیسر حسنین کو حال ہی میں مرشد آباد کے سرکاری کتب خانہ میں جوشش کا ایک اور دیوان ملا جس میں قاضی عبدالودود صاحب کے مرتب کردہ دیوان سے زیادہ غزلیں ملتی ہیں۔

قاضی عبدالودود لکھتے ہیں: "اُن[1] کا دیوان سُنا گیا ہے کہ پٹنہ میں ایک صاحب کے پاس ہے۔ انھوں نے اُردو عروض پر عروض الہندی کے نام سے ۱۱۷۶ھ میں ایک رسالہ لکھا تھا۔ جس کے دو نسخے میری نظر سے گزرے ہیں۔" نمونۂ کلام حسب ذیل ہے ؎

بدنام ہوئے مفت میں حاصل نہ ہوا کچھ
فریاد کی نسبت تو خموشی میں اثر تھا

گر یار نے آنے کا وعدہ نہ کیا ہوتا　　اب تک دلِ مضطر نے کیا کیا نہ کیا ہوتا

مجھے تو حکمِ ضبطِ نالہ و فریاد ہوتا ہے
پر اس بیتاب دل کے حق میں کیا ارشاد ہوتا ہے

جون آئینہ یہ ستم رسیدہ
رہتا ہے مدام آب دیدہ

---

[1] صدائے عام، عید نمبر ۱۹۵۳ء، ص۱۹

نوٹ، عشقی عظیم آبادی کے بیان سے دل کا دہلی سے عظیم آباد آنا ظاہر ہوتا ہے۔ لیکن کسی دوسرے تذکرے سے اس کی تائید نہیں ہوتی۔ مقدمہ دیوان جوشش، از قاضی عبدالودود ص۱۵۔

Marfat.com

شیخ محمد روشن جوشش

قریباً ۱۱۵۵ھ تا ۱۲۱۶ھ قریباً

محمد روشن نام۔ جوشش تخلص۔ شیخ محمد عابد دلؔ کے چھوٹے بھائی۔ نومسلم جوشش کا سال ولادت ووفات معین نہیں۔ یہ بھی معلوم نہیں کہ کس کے شاگرد تھے۔ قاضی عبدالودود صاحب نے دیوان جوشش جناب عبدالرشید نیموی کے قلمی نسخہ سے مرتب کیا ہے۔ اسے انجمن ترقی اُردو (ہند) دہلی نے ۱۹۴۱ء میں شائع کیا۔ قاضی عبدالودود لکھتے ہیں: "ان کے دیوان کا صرف ایک نسخہ قلمی باقی ہے۔" لیکن اب پروفیسر حسن عسکری صاحب اور ڈاکٹر حسنین نے دیوان جوشش کا ایک اور قلمی نسخہ مرشد آباد کے سرکاری کتب خانہ میں دیکھا ہے۔ دیوان مطبوعہ کے مقدمہ میں جوشش کے حالات، مرتب نے نہایت کاوش سے پیش کردیے ہیں۔ لکھتے ہیں:

"جوشش، عظیم آباد کے مایۂ ناز شاعروں میں ہیں۔ ہمعصر تذکرہ نگار ان کی استادی کے قائل ہیں۔ اور شیفتہ سا مشکل پسند نقاد ان کی نغزگوئی کا معترف ہے۔" (دیوان جوشش ص۳)

"جوشش کے واقعاتِ زندگی تذکروں میں بہت کم ملتے ہیں۔ اور دیوان بھی اس پر زیادہ روشنی ڈالنے سے قاصر ہے۔" (ص۴)

جوشش تذکروں میں

(۱) تذکرۂ میر حسن۔ طبع ثانی ص۴۳: "میاں محمد روشن، المتخلص بہ جوشش مردے ست ساکن عظیم آباد، خوش طینت و نیک اعتقاد۔ شاعر شیریں کلام۔ صاحب دیوان از خاصان آں دیار است۔۔۔۔"

(۲) تذکرۂ شورش۔ نسخہ قلمی آکسفورڈ[1]: "محمد روشن۔۔۔ از خاک عظیم آباد۔۔۔ در نظم و نثر صاحب استعداد۔ حسنِ معانی و شستگیٔ الفاظ از کلامش ظاہر۔۔"

---

[1] فوٹو اسٹیٹ پٹنہ یونیورسٹی لائبریری۔

Marfat.com

غزل و قطعہ و رُباعی و مخمس وغیرہ بہ فصاحت و بلاغتِ تمام بہ زبان قلم می آمد۔ ۔ ۔ مذاقِ درد پیشانہ دارد۔ ۔ ۔ ۔ دیوانش قریب سہ ہزار شعر خواہد بود۔"

(۳) مسرت افزا، مرتبہ ابوالحسن امر اللہ الہ آبادی۔ نسخۂ قلمی آکسفورڈ یونیورسٹی: "میاں محمد روشن، جوشش برادرِ خُرد محمد عابد دِل کہ ہر دو برادر از صلب جسونت رائے ناگر چون ابراہیم خلیل از آذر ظاہر شد۔ ۔ ۔ ۔۔۔ ۔ ۔ ۔ ۔ دیوانِ اشعارِ دے مرتب ست۔"

(۴) گلشنِ سخن قلمی مرتبہ مردان علی خاں مبتلاؔ: "۔ ۔ ۔ ۔ جوشش ۔ ۔ ۔ ۔ رفیقِ راجہ رام نرائن ناظم عظیم آباد بود۔ ۔ ۔ ۔ کلامش مرغوبِ طبعِ سخن سنجان و در نظم و نثر صاحب استعداد۔ دیوانش دو ہزار بیت دیدہ شد ۔ ۔ ۔ ۔"

(۵) تذکرۂ قدرت اللہ شوق و قدرت: "۔ ۔ ۔ ۔ اشعار دال بر جوشش دلِ اوست۔ ۔ ۔ ۔ ۔"

(۶) گلزارِ ابراہیم: "جوشش ۔ ۔ ۔ ۔ از اہالی صوبۂ بہار۔ ۔ ۔ ۔ ابیات منتخبۂ دیوان خود در ۱۱۹۴ھ ہجریہ بعد اقم آثم فرستادہ۔ ۔ ۔ ۔ می توان گفت کہ شیوۂ خواجہ میر درد را بہ خوبی ورزیدہ ۔ ۔ ۔ ۔"

(۷) تذکرۂ عشقی عظیم آبادی: "جوشش، اِسمش محمد روشن ۔ ۔ ۔ ۔ از ریختہ گویانِ با استعدادِ عظیم آباد ست ۔ ۔ ۔ ۔"

(۸) تذکرۂ ہندی مصحفی ص۶۰: "محمد عابد جوشش تخلص ۔ ۔ ۔ ۔ قاضی عبدالودود صاحب لکھتے ہیں: "نام کے متعلق مصحفی کی غلط بیانی حیرت انگیز ہے۔"

(دیوانِ جوشش ص۱۶)

(۹) ریاض الفصحا مصحفی ص۶۸: "میاں محمد روشن۔ جوشش تخلص از قدما ست ۔ ۔ ۔ ۔ ۔"

(۱۰) گلشنِ ہند مرتبہ مرزا علی لطف، طبع اول ص۴۶۔ گلزار ابراہیم کا ترجمہ ہے۔ دو ایک تعریفی فقرے بڑھا دیے ہیں

۵ے فوٹو اسٹیٹ پٹنہ یونیورسٹی لائبریری۔ ابوالحسن ۱۱۹۲ھ میں عظیم آباد آئے اور کچھ دنوں یہاں مقیم رہے تھے ۔ ۔ ۔ ۔ جوشش

Marfat.com

(۱۱) گلشنِ بے خار، مرتبہ شیفتہ دہلوی۔ مطبوعہ مطبع اودھ اخبار ۱۹۱۰ء ص۵۱:

"جوشش تخلص، شیخ محمد روشن، از تازہ خیالان عظیم آباد است۔ ۔ ۔ ۔ فکرش دل پذیر و دل کش۔ ۔ ۔ طرز پسندیدہ۔ ۔ ۔ ۔ در فن عروض بسیار مہارت دل خواہ دارد ۔ ۔ ۔ ۔ ۔"

(۱۲) تاریخ ادبیات ہندی و ہندوستانی مصنفہ دتاسی جلد ۲ طبع ثانی ص۱۰۹

"جوشش۔ ۔ ۔ شیخ محمد روشن پٹنوی، پسر جسونت رائے ناگر د برادر محمد عابد دل فن بیان کے ایک ممتاز ماہر اور بڑے قابل ہندوستانی شاعر ہیں جن کے دیوان میں ۳۰ ہزار کے قریب شعر ہیں۔ ۔ ۔ ۔ قاضی عبدالودود صاحب لکھتے ہیں کہ "تین کی جگہ تیس ہزار محض سہو قلم ہے۔"

حالاتِ زندگی: جوشش کے والد جسونت رائے ناگر عہد علی وردی خاں کے ممتاز فوجی سرداروں میں سے تھے "ناگر گجراتی برہمنوں کی ایک شاخ ہے، جسے سیف و قلم دونوں سے لگاؤ رہا ہے[1]"۔ محمد روشن سنہ ۱۱۵۰ھ کے قریب عظیم آباد میں پیدا ہوئے۔ یہیں تعلیم و تربیت حاصل کی موسیقی کا شوق تھا۔ تیر اندازی میں ماہر تھے۔ ان کی زندگی کا سب سے اہم واقعہ مشرف بہ اسلام ہونا ہے[2]" یہ واقعہ سنہ ۱۱۷۰ھ اور سنہ ۱۱۷۶ھ کے درمیان وقوع میں آیا ہوگا۔ جوشش نے شیخ علی حزیں سے فیض پایا تھا۔ ان کے نام شیخ کے دو خط دستیاب ہوئے ہیں[3]۔ جوشش سنہ ۱۲۱۶ھ زندہ تھے۔ محمد قلی خاں، مشتاق، میر منوچہران عظیم آبادی۔ میر افضل علی نیاز اور مرزا علی رضا تمنا عظیم آبادی ان کے شاگردوں میں تھے۔ نظم میں دیوان اور نثر میں رسالۂ قافیہ یادگار ہیں۔ نمونۂ کلام درج ذیل ہے۔ سیر حاصل مطالعہ دیوان مطبوعہ سے ہو سکتا ہے ؎

جو دل کے جلوہ گاہ ہوا اُس کے نُور کا
مشتاق وہ نہیں ہے تجلیٔ طور کا

---

[1] و [2] و [3] دیوان جوشش، ق۔ ا۔ و، ص۱۹، ص۲۹، ص۳۰

کیوں نہ مضطر ہوں اسے دیکھ کے دیکھو تو سہی
شمع کے سامنے کیا حال ہے پروانے کا

ہر ایک خارِ بیاباں رکھے ہے نوکِ زباں   یہ ماجرا ہے ہماری برہنہ پائی کا

وہ زمانہ کیا ہوا جو مرے گریے میں اثر تھا
یہی چشمِ خوں فشاں تھی، یہی دل، یہی جگر تھا

غزلوں کے علاوہ رباعیات، مخمسات، مثنویات، قطعات اور قصائد دیوانِ مطبوعہ میں موجود ہیں۔

○

میر محمد رضا رضاؔ

سنہ ۱۱۶۳ھ تا سنہ ۱۲۱۶ھ[1]

میر محمد رضاؔ ابن میر جمال الدین حسین جمالؔ۔ تخلص رضاؔ۔ یہ ضیاؔ دہلوی کے شاگرد تھے۔ رضاؔ کا ذکر مختلف تذکروں میں ہے۔ مثلاً تذکرۂ شورشؔ عظیم آبادی قاضی عبدالودود صاحب کو ان کا دیوان ملا تھا جو بہ اقساط رسالہ معاصر، پٹنہ میں شائع ہوا تھا۔ بعد از آں ایک سیر حاصل مقدمہ کے ساتھ دیوان کو یکجا مربوط کرکے پیش کیا گیا۔ نمونۂ کلام حسب ذیل ہے ؎

مجھے آگے گرفتاری ہوئی تھی   نہ اتنی زندگی بھاری ہوئی تھی
رضاؔ کا اب خدا حافظ ہے یارو   یہی مجنوں کو بیماری ہوئی تھی

مجھ کو کچھ دل پہ اختیار نہیں   تمہیں اس گھر کے اب تو سب کچھ ہو

---

[1] صدائے عام، عید نمبر ۱۹۵۳ء صفحہ ۳۰ ق۔ع۔د ۳؎ معاصر ۱۹۴۳ء ادارہ ادب، پٹنہ۔

ایک تو آپ ہی مروں ہوں میں — درد جی کو کھپائے جاتا ہے
پوچھنا تس پہ دوست داروں کا — اور بھی جان کھائے جاتا ہے

مفتی غلام مخدوم ثروت

۱۱۴۵ھ تا ۱۲۱۹ھ

مفتی غلام مخدوم خلف مولوی جمال الدین پھلواروی۔ شاگرد شاہ آیت اللہ شورش ثم جوہری ثم مذاقی۔ پیدائش ۱۱۴۵ھ۔ وفات ۱۲۱۹ھ۔ ابتدا میں مفلوک الحال تھے۔ آخر میں کسی مقدمہ متروکہ کی بدولت ثروت کو سرکار ایسٹ انڈیا کمپنی سے چالیس ہزار روپے ملے۔ غزل کا ایک شعر بلخی نے درج کیا ہے ؎

آستیں جو ہوگئی دریا بداماں اشک سے
چشم یہ مجکو نہ تھی اے چشم گریاں اشک سے

مخطوطات پھلواری میں ثروت کا مرثیہ بھی ملتا ہے۔ نمونۂ کلام حسب ذیل ہے:

مرثیہ ثروت

(۱)

جب خاک پہ شہ بیٹھے اوتر خانۂ زیں سے — سرکاٹ لیا شمر نے آ خنجر کیں سے
اوس سرکو جو رفعت تھی سرِ عرش بریں سے — نیزہ نے رکھا سر پہ اوٹھا اوسکو زمیں سے

(۲)

بیٹھا جو اوتر گھوڑے سے وہ شاہ دلاور — تھے زخم لگے اوس تن ازا . پہ بستر
جیونکر کے شفق میں ہو چھپا مہرِ منور — تھی چہرہ کی صورت بھی وہی خون جبیں سے

۱؎ تاریخ شعرائے بہار. بلخی صلہ ۔ ۲؎ بہدیہ حکیم شعیب صاحب مرحوم

(۳)

وہ صیدِ حرم ماندہ و مجروح تھا بیٹھا — تھے دام کے حلقہ کی طرح گرد سب اعدا
یوسف کا غرض دیکھ کے بگڑا ہوا سودا — دس تھے سگ گرگیں او تھے ایک بار کہیں سے

(۴)

اون سب سگ ناپاک میں اک خوک شمر تھا — نہ شرم پیمبر اوسے نہ حق سے خطر تھا
دل اُس سگ ناپاک کا سختی میں حجر تھا — اوس سگ کو عداوت تھی مرے شیر غریں سے

مرثیہ میں کل ۳۲ بند ہیں۔ آخری بند ملاحظہ ہو:

(۵)

میں در کا گدا ہوں تیرے اور تو میرا شاہ ہے — تجھہ مولیٰ کے ہاتھوں سے غلاموں کی پناہ ہے
ثروت ترا بندہ ہے خدا اس کا گواہ ہے — واثق مجھے امید ہے تجھہ حبل متیں سے

"تمت المرثیہ فی ۱۲۱۲ھ یکہزار و دو صد و دوازدہ ہجری از تصنیفات مفتی غلام مخدوم صاحب علیہ رحمۃ متخلص بہ ثروت"

(مجلد قلمی نسخہ پھلواری شریف ص ۵۲۔ ۵۱)

خواجہ امینُ الدّین امین

خواجہ امین الدین نام۔ امینؔ تخلص۔ عظیم آباد کے رہنے والے۔ میر حسنؔ نے امینؔ کو مرشد آبادی لکھا ہے۔ یہ غلط ہے۔ وہ کچھ دنوں تک نواب ناظم مرشد آباد کے یہاں ملازم رہے تھے۔ نواب شیفتہ نے اپنے تذکرہ 'گلشن بے خار' صفحہ ۱۲۶ پر میر حسنؔ کی تردید کی ہے۔ لکھا ہے: (امینؔ) "از ارباب عظیم آباد ست" دوسرے تذکرے بھی امینؔ کو عظیم آبادی بتاتے ہیں۔

نواب مظفر جنگ میر محمد رضا کی سرکار سے منسلک تھے۔ نجم الدولہ کی طرف سے میر محمد رضا خاں مظفر جنگ نائب ناظم مقرر ہوا۔ صوبۂ بہار میں میر محمد کاظم خاں اور راجہ شتاب رائے حکومت نیابت کرتے تھے۔ راجہ دھیرج نرائن برادر راجہ رام نرائن دیوان مقرر ہوا۔ جب دربار کا سلسلہ درہم برہم ہوا۔ اور نائبین عظیم آباد

قید کرلیے گئے تو خواجہ امیںؔ خانہ نشین ہوگئے اور نہایت قناعت سے بقیہ زندگی گزار دی۔ سنہ ۱۲۴۰ھ تک زندہ تھے[1]۔ (بلخی)

اِن سے اور نواب علی ابراہیم خاں خلیلؔ سے بھی ربط و تعلق تھا۔ فارسی اور اُردو زبانوں میں فکرِ سخن کرتے تھے۔ "دیوان[2] فارسی کا ایک نسخہ خانقاہ عمادیہ عظیم آباد محلہ منگل تالاب کے کتب خانہ میں موجود ہے۔ ریختہ کا دیوان اب نایاب ہے۔" تذکروں میں زیادہ حال نہیں ملتا۔ گلزار ابراہیم میں ان کی تعریف و توصیف یوں ہے۔ "شعر فہمی اور سخن رسی میں نادرِ روزگار ہیں۔ بلندی فکر اور استقامت ذہن ایسی رکھتے ہیں جو ان کے معاصرین میں کم تر پائی جاتی ہے۔" (ترجمہ)

نمونۂ کلام مُلاحظہ ہو ؎

دُنیا میں جو آکر نہ کرے عشق بتاں کا　　نزدیک ہمارے نہ یہاں کا نہ وہاں کا

خورشید ترا دیکھ کے مُنہ کانپ کے نکلا　　مہ چادرِ مہتاب میں مُنہ ڈھانپ کے نکلا

گر ارادہ نہیں ہے آنے کا　　فائدہ اس قدر بہانے کا

آئی بہار ہوگئے ہر خار راہ سبز　　لیکن ہوئے نہ آہ یہ بختِ سیاہ سبز

کیا کہوں یار سے اپنی سی کیے جاتا ہوں　　گالیاں کھاتا ہوں، غصہ کو پیے جاتا ہوں

---

[1] سنہ وفات کا صحیح پتہ نہیں چلتا۔ خمخانۂ جاوید سے اتنا معلوم ہوتا ہے کہ سنہ ۱۲۵۸ھ (سنہ ۱۸۴۲ء) تک زندہ تھے۔ (درداؔئی)

[2] تاریخ شعرائے بہار، عزیز بلخی ص۲۱۔

نوٹ: خواجہ امین الدین کے ہمعصر ایک اور شاعر مولانا محمد امین اللہ۔ موضع نگرنہسہ ضلع عظیم آباد کے گزرے ہیں۔ وفات سنہ ۱۲۳۳ھ۔ فارسی میں "قصیدہ عظمٰی" مشہور ہے۔

Marfat.com

فائدہ کیا ہے بھلا ہم جو کریں فکرِ معاش
غم کو کھاتے ہیں ایمؔن خون جگر پیتے ہیں

میں بوسہ جو مانگا تو جھنجھلا کہ وہ
لگا کہنے کیا ہے۔ کہا کچھ نہیں

دن کٹا فریاد میں اور رات زاری میں کٹی
عمر کٹنے کو کٹی پر کیا ہی خواری میں کٹی
صبح گر صبح قیامت ہو تو کچھ پروا نہیں
ہجر کی جب رات ایسی بے قراری میں کٹی
اس زمانے میں ایمؔن مت کر کسی سے دوستی
شمع کی گردن نہ دیکھی دوستداری میں کٹی

دل باندھئے تو یار کے کاکل سے باندھئے
بلبل کو باندھئے تو رگِ گل سے باندھئے

ایک دم ہوگئی گر اوس سے ملاقات تو کیا
زندگی کا ہے مزا یہ کہ مساوات کٹے

دُنیا میں کہنے کو سبھی کہلاتے ہیں بھلے
پر ہے وہی بھلا جو کسی کا بھلا کرے

(تاریخ شعرائے بہار، قلمی ص۵)

خواجہ صاحب کے کلام میں شوخی، بے ساختگی اور لطیف ظرافت کے ساتھ رنگِ تصوف بھی جھلکتا ہے۔ زبان صاف اور رواں ہے۔ ایمؔن کی مثنوی کے انیس شعر مرزا علی لُطف نے گلشنِ ہند میں نقل کیے ہیں۔

شاہ نورالحق طپاںؔ پھلواروی

۱۱۵۴ھ تا ۱۲۲۳ھ

شاہ نورالحق بن شاہ عبدالحق ابدال بن حضرت پیر مجیب اللہ پھلواروی پیدائش

سلہ حکیم شعیب صاحب مرحوم کے ریکارڈوں سے ان تاریخوں کا پتہ چلتا ہے۔ قلمی عہد مولوی تمنا پھلواروی نے بھی یہی تاریخیں لکھی ہیں۔ (تاریخ شعرائے بہار، ص۲۹ اور معاصر، پٹنہ، جنوری ۱۹۴۲ء ص۳)

Marfat.com

۱۱۵۶ھ (جمادی الاولیٰ)۔ بیعت اور اجازت خلافت حضرت پیر سے ۱۱۷۳ھ میں حاصل کی۔ اپنے پھوپھا حضرت سجّاد کی بڑی لڑکی سے بیاہے گئے۔ حضرت سجّاد کے بعد اُن کی جانشینی بھی قبول کی۔ ۱۲۰۰ھ میں شاہ نوراَلحق نے اپنے لڑکے حافظ شاہ ظہوراَلحق کو اپنی زندگی میں خلافت عطا کردی اور خود گوشہ نشین ہوگئے۔ آپ کا انتقال ۴ شعبان ۱۲۳۳ھ کو پٹنہ میں ہوا۔ لاش پھلواری شریف لائی گئی۔ وہیں مدفون ہیں۔

" اورادو وظائف کے مختلف رسائل کے ماسوا فارسی کے دو کلیات ضخیم آپ کی تصانیف سے ہیں۔ ایک بیاض ضخیم اُردو مراثی کی ہے۔" (تلخی) مراثی کی ایک بیاض میری نظر سے گذری ہے۔ یہ مجھے خانقاہ سُلیمانیہ پھلواری سے حاصل ہوئی تھی۔ اس بیاض میں شاہ ظہوراَلحق کے مرثیے بھی ہیں۔ حکیم شعیب صاحب مرحوم کا یہ قول ہے کہ بیاض میں خود نوشتہ مرثیے ہیں۔ طپاں اور ظہور کی شان تحریر مرحوم بخوبی پہچانتے تھے۔ طپاں کے مرثیوں کی ایک دوسری قلمی بیاض پٹنہ سٹی کی خانقاہ میں ہے۔ پروفیسر ذکی الحق صاحب سلمہ.بی۔ ان کالج نے اپنی تحقیقات کے سلسلہ میں دوسری بیاض کا مطالعہ بھی کیا ہے۔ میں نے جو قلمی بیاض دیکھی ہے اُس کے مرثیوں کے اختتام پر تاریخ تصنیف یوں درج ہوتی ہے: "غمناک شد لی سنہ" فلاں یا "المناک شد فی سنہ" فلاں یا "خونبار شد فی سنہ" فلاں۔

جناب محی الدین تمنا پھلواروی نے طپاں کی اکیس غزلیں قلمی بیاضوں سے نقل کرکے رسالہ معاصر، پٹنہ میں شائع کروائی تھیں۔ نمونۂ کلام مُلاحظہ ہو:[1]

جو کام تیرا ہے سو کر، رٹ یعنی نام اللہ کا
کرلیوے گا اللہ جو ہووے گا کام اللہ کا

ہوش والوں سے جو سنتا ہے فسانہ تیرا　　بیٹھا منہ پھیر کے ہنستا ہے دوانہ تیرا[2]

---

[1] معاصر، جنوری ۱۹۴۲ء۔ ص ۲۵-۳۱۔ اور معاصر، فروری ۱۹۴۲ء ص ۴۲-۴۰۔

[2] تاریخ شعرائے بہار، تلخی میں صرف یہی شعر درج ہے اور یوں ہے ۔ (ص ۲۹)

عقل والوں سے جو سنتا ہے فسانہ تیرا
بیٹھ پھیرے ہوئے ہنستا ہے دوانہ تیرا

Marfat.com

عقل کو چھوڑ دیا تو نے تو ہشیاری کی　　پڑ گیا نام تپاں کیوں کر دوانہ تیرا

ناشاد نہیں بلبل ناشاد کے ایسا　　پھر بھی وہ نہیں اس دل برباد کے ایسا
ایمان کی یہ بات تپاں ہم تو کہیں گے　　اُستاد نہیں حضرت سجّاد کے ایسا

عزم آنے کا جو وہ اے دل بیتاب کریں　　فرش ہم راہ میں جا دیدۂ بیخواب کریں
لے لیا ہے تو کریں قدر بھی میرے دل کی　　آپ برباد نہ یہ گوہرِ نایاب کریں

بیچ دیویں گوہرِ دل کیوں نہ اوس دلبر کے ہاتھ　　قدر جوہر ہے لگے گر صاحب جوہر کے ہاتھ
جھک نہ آوے دست بوسی کے لیے پیرِ فلک　　لو نہ انگڑائی خُدارا دونوں اوپر کر کے ہاتھ

ہوش بھی کوئی شے ہے رکھنے کی　　عقل سے کچھ تو کام کوئی لے
دیوے پر چک نہ چشم ساقی، گر　　کیوں بڑھا ہاتھ جام کوئی لے

مارتے ہیں نظر کے بھالے سے　　اور دیکھے میں بھولے بھالے سے
چارہ گر! ٹک سمجھ سے بھی لے کام　　موت ٹلتی نہیں ہے ٹالے سے
مونہہ سے خُم ہی لگا دے اے ساقی　　کون پیتا رہے گا پیالے سے
اپنی کملی ہی میں مگن ہے تپاں　　کام کیا شال سے دوشالے سے

پانی کی جگہ مے تھی تو مٹی کی جگہ دُرد　　سرمست ازل سے ہے مری آب بھی گِل بھی
ہم جان رہے تھے کہ فقط زُلف ہے آفت　　واللہ غضب ہے ترے رُخسار کا تل بھی

اِک خواب ہے بڑھ کر نہیں یہ ہستیٔ موہوم　　وہ خواب جو شرمندہ ہے تعبیر کے آگے

جی تو چاہے ہے بہت قاتل! مگر　　ہائے کب جی بھر کے تڑپا جائے ہے

Marfat.com

تیرے عاشق، تیرے شیدائی کا یہ حال / ہائے کیسے تجھ سے دیکھا جائے ہے
لگ گئی ہے آگ سی سینے لے نیر پیچ / اور دل کمبخت بجھتا جائے ہے
کب مٹے ہے دل سے یاد روئے یار / سر سے کب زلفوں کا سودا جائے ہے
منزلِ مقصود پاوے ہے وہی / جو ترے رستہ میں کھویا جائے ہے
اُٹھ رہا ہے درد دل جب بار بار / دل سے پوچھو کاہے بیٹھا جائے ہے
اَب بُلاوا آرہا ہے۔ یار کا / دو قدم بھی جب نہ جایا جائے ہے

دل کو سمجھا دیں ہیں یہ کہہ کہہ کے ہم / یار بس اب آئے ہے اب آئے ہے

اللہ رے اُمیدیں کوئی آوے ہے نہ جاوے / ہے در کی طرف آنکھ کہ شاید کوئی آوے

دِل مرا، میری نہیں کہتا، تو پھر میرا نہیں / جب تمہارا ہی یہ کہتا ہے، تمہارا ہو گیا

لگا دی اپنی آنکھوں سے جھڑی خود آخرش ہم نے / کہ رستہ کب تلک اے ابرِ رحمت دیکھتے رہتے
بڑھایا حضرت واعظ نے آخر ہاتھ ساغر پر / فقط بیٹھے ہوئے حضرت سلامت دیکھتے رہتے

بتکدے میں تم پہ کیا گذری تیاں بتلاؤ تو / بیٹھ کر مسجد میں کیوں یاد خدا کرنے لگے

مرثیہ کا نمونہ حسب ذیل ہے

(۱)

کوفی کی کمر چالی، ہے سے یہ کیا بلا ہے / روباہی یا شغالی ہے [illegible]
قتل حسین عالی ہے ہے یہ کیا بلا ہے / ان مونہہ پھٹوں کی [illegible]

(۲)

کیا کہیے ہائے دل میں جو آہ پیچ و تاوے / پانی کا ایک قطرہ [illegible]
بڑھتا ہی لحظہ لحظہ دشمن کا فوج جاوے / اور [illegible] ہوں والے [illegible] یہ کیا بلا ہے

سلہ فوج کو مذکر باندھا ہے۔ نسخہ میں یوں ہی [illegible]

Marfat.com

(۴)

پانی ملے کسی کو ہے ہے کہو کدھر سے ظالم نے راہ[1] روکا شمشیر سے سپر سے
مقتل پہ تشنگاں کی زہراچشم تر سے آنسو کی بر شگالی ہے ہے یہ کیا بلا ہے

(۵)

تھی کربلا کے بن میں قاسم بنے کی شادی شادی نہ کہیئے اوس کو کیا کہیئے نامرادی
اے دوستاں ستم ہے ظالم کی بدنہادی دولہ کی تنگ حالی ہے ہے یہ کیا بلا ہے

(۶)

کس چاؤ سے بنے نے خلعت زری کا پہرا باندھا چچا نے تسپر ہاتھوں سے اپنے سہرا
تر ہوگیا لوہو سے دو ایک پل میں چہرا تن ہوگیا گلابی۔ ہے ہے یہ کیا بلا ہے

(۸)

یہ دن دیکھایو مت کسہو کو حق تعالےٰ دلہن کے پاس روئیں عورات کر کے نالا
دولہ بے کا ڈوبا لوہو میں سرو بالا اور یہ بنی ہے بالی ہے ہے یہ کیا بلا ہے

(۱۱)

اکبر علی کی رن میں پہر جب گئی سواری بابا کی چشم ترسے خوناب دل تھا جاری
کیا کہیئے اے محباں بانو کی بے قراری اور اوس کی نونہالی ہے ہے یہ کیا بلا ہے

(۱۲)

وو دوحۂ جوانی باروئے ارغوانی انگشتری کو چاٹے پاوے نہیں جو پانی
کٹ کر گرا زمین پر جیون سرو بوستانی کھا تیغ پر شگالی ہے ہے یہ کیا بلا ہے

(۱۳)

وو باغِ مُصطفےٰ کا شیریں مقال طوطی دلبند مرتضیٰ کا اور فاطمہ کا پوتا
شایاں تھا جس کے اُوپر عالم نثار ہوتا اوس کی شکستہ حالی ہے ہے یہ کیا بلا ہے

(۱۴)

کیا کہیئے تشنگی سے اصغر علی کا روناں آغوش میں پدر کے چپکے شہید ہوناں
پہر کرد زندگی کو لوہو سے سر کے دہوناں اور اوس کی خُرد سالی ہے ہے یہ کیا بلا ہے

---

[1] راہ، کو مذکر باندھا ہے۔

Marfat.com

(۲۵)

اصغر کی لاش لے کر رَن سے پھرے جو سَرور　　لوہو سے تا بد امن جیب اور کنار سب تر
گودی میں شہر بانو کی ہائے ہائے لے کر　　لاش اوس بچے کی ڈالی ہے ہے یہ کیا بلا ہے

(۲۶)

... ... کا پھرا ادتر ناں روضہ میں مُصطفےٰ کے　　شبیر کے لوہو میں بازو کتیں ڈوبا کے
پر مارناں زمیں پر رونا فغاں اوٹھا کے　　اور اوس کی سرخ بالی ہے ہے یہ کیا بلا ہے

(۲۷)

آنسو سے خشک کب ہیں آنکھیں کہو کسو کی　　یہ نالۂ طپاں ہے یہ نیت آرزو کی
رونے کو مومنوں کے یہ طرز گفتگو کی　　گو سب سے ہے نرالی ہے ہے یہ کیا بلا ہے

غمناک شد فی ۱۲۰۷ھ ہجری (غیر مجلد قلمی نسخہ پھلواری شریف خانقاہ سلیمانیہ)

ایک اور مرثیہ حسب ذیل ہے:

(۱)

کسی سے غم کی خبر کہیئے ہائے کیا کہیئے　　زبان ہے شعلہ اثر کہیئے ہائے کیا کہیئے
نہ کہیئے کیونکی اگر کہیئے ہائے کیا کہیئے　　کٹا حسین کا سر کہیئے ہائے کیا کہیئے

(۲)

زماں زماں ہی تو بڑھتا ہے اپنے دل کا محن　　بدل ہو نالے گر لائیے زباں پہ سخن
بھرا کے مثل شفق خون دیدہ سے دامن　　بگوش شام و سحر کہیئے ہائے کیا کہیئے

(۴)

دو ماجرائے الم اب تلک ہے داغ جگر　　جہاں تنور میں تھا حضرت شبیر کا سر
کھڑی جو روتی تھیں جنت سے بیبیاں آکر　　اب اوسکو بار دگر کہیئے ہائے کیا کہیئے

(۲۲)

وداع ہوش کیا سر نے تن نے تاب وتواں　　گری وو خاک پہ بیہوش ہو کے نالہ کناں
فغاں سے حضرت زہرا کے یہ تو کیا ہے کہ ہاں　　پھٹا جہاں کا جگر کہیئے ہائے کیا کہیئے

لہ　وزیش کاٹ کے وہاں بنایا ہے۔

(۲۷)

یہ سر ہے حضرت زہرا کے نور دیدہ کا ۔۔۔ کہ جس پہ کرتی ہیں جنت سے آکے حور بکا
کہ اے پلید اسے کس گناہ پر کاٹا ۔۔۔ چلا ہے لے کے کدھر کہیئے ہائے کیا کہیئے

(۲۸)

تو دلبران پیمبر کیتنے یتیم کیئے ۔۔۔ تو دختران علی پر ستم عظیم کیئے
خراب خانۂ دیں اپنا اے لئیم کیئے ۔۔۔ جگہ تری ہے سقر کیئے ہائے کیا کہیئے

(۳۰)

غم حسین میں اوڑھتا ہے آسماں سے خروش ۔۔۔ طپاں زمیں کے بھی چشموں سے اشک کا ہے جوش
کہو تو جس کے بیاں میں ہو جبرئیل خموش ۔۔۔ کہاں ہے حد بشر کیئے ہائے کیا کہیئے

غمناک شد فی ۱۲۰۷ھ ہجری (قلمی نسخہ غیر مجلد پھلواری)

غلام علی راسخ

۱۱۶۲ متوفی ۱۲۳۸ھ
۱۷۴۹ء

شیخ غلام علی نام۔ راسخ تخلص۔ شیخ محمد فیض کے بیٹے۔ متاخرین تذکرہ نویس موضع سائیں کو راسخ کا مولد و وطن قرار دیتے ہیں۔ سائیں پٹنہ سے دس کوس کے فاصلہ پر ہے۔ غالباً راسخ بچپن سے ہی عظیم آباد آکر رہ گئے تھے۔ قریباً ۱۱۸۲ھ سے ۱۲۲۲ھ تک[1] یہ عظیم آباد میں بہت کم رہے۔ غالباً اسی وجہ سے راسخ جیسے جلیل القدر شاعر کا تذکرہ، گلزار ابراہیم، میں نہیں۔ راسخ نے لکھنؤ، دلی، مونگیر، بھاگلپور، مرشد آباد کلکتہ وغیرہ کا سفر کیا تھا۔ تذکرہ گارسان دتاسی، میں راسخ مذکور ہیں۔

سال ولادت ۱۱۶۲ھ۔ حمید عظیم آبادی لکھتے ہیں کہ:

" راسخ مرحوم کے سالِ ولادت میں کوئی اختلاف نہیں۔ تمام تذکرہ نویس

---

[1] تذکرہ گل رعنا، عبدالحئی۔ "سوانح راسخ" انگریزی از خان بہادر سید ضمیر الدین مرحوم مقالہ بہار و اڑیسہ ریسرچ سوسائٹی ۱۹۱۸ء مارچ۔ [2] تاریخ شعرائے بہار، قلمی ص ۹۶۔ [3] راسخ از حمید عظیم آبادی ص ۱۱۔

Marfat.com

متفق ہیں کہ آپ کی ولادت کا سال ۱۱۶۲ھ ہے۔ لیکن سالِ وفات میں اختلاف ہے۔"

پروفیسر درؔدائی تحریر کرتے ہیں:

"لیکن گلشنِ بے خار کے علاوہ جتنے اور معتبر تذکرے ہیں سب میں راسخؔ کا سالِ وفات ۱۲۳۸ھ بتایا گیا ہے۔"[1]

میرے خیال میں راسخؔ کے شاگرد یاسؔ آروی کا قول زیادہ معتبر ہے وہ راسخؔ سے قریب ترین تھے۔ لکھتے ہیں:

"الحال تاریخ رحلت شیخ غلام علی راسخؔ، بہ تلاش و تجسس کما ینبغی بہ دریافت رسید کہ تاریخ بستم جمادی الاولیٰ ۱۲۳۸ھ روز شنبہ بودہ است۔"[2]

ظاہر ہے کہ یاسؔ کو سالِ وفات کے بارے میں شبہ نہیں تھا۔ صرف تاریخ کے بارے میں انہیں تلاش و تجسس کرنا پڑا۔ راسخؔ کی قبر[3] ابتر حالت میں محلہ لودیکٹرہ میں موجود ہے۔

راسخؔ عظیم آبادی کی شاگردی کا مسئلہ بھی مختلف فیہ ہے۔ قاضی عبدالودود صاحب لکھتے ہیں:

"راسخؔ بہ حیثیت مجموعی بہارؔ کے قدیم شعرائے اُردو میں سب سے بڑے ہیں۔ یہ ابتدا میں فدوی شاگرد عشقؔ دہلوی سے اپنے کلام پر اصلاح لیا کرتے تھے اور اس کا اعتراف انھوں نے خود کیا ہے۔ قلمی دیوان میں جو خود ان کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے (کتب خانہ مشرقیہ، پٹنہ) یہ شعر موجود ہے ؎

شاگرد ہیں گے حضرت فدوی کے بے شمار
راسخؔ ہوں ایک میں بھی دلے کس شمار میں

---

[1] بہار اور اُردو شاعری، پروفیسر درؔدائی، ص۵۳۔ نواب شیفتہ گلشنِ بے خار میں سالِ وفات ۱۲۲۰ھ بتاتے ہیں اور گارساں دتاسی بھی۔ [2] راسخ عظیم آبادی، حمید عظیم آبادی ص۱۹۰۔ [3] بلغی۔ حمید۔ ضمیر الدین۔ درؔدائی۔

"..... عشقی نے لکھا ہے کہ راسخ کو میر سے بڑی عقیدت تھی اور ان کی کشش انہیں لکھنؤ لے گئی، جہاں وہ میر کے حلقۂ تلامذہ میں داخل ہوئے[1]۔"

دیوان راسخ میں بکثرت مقطعے ایسے ہیں، جن سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ راسخ کو میر کی شاگردی پر فخر تھا۔ فدوی کی شاگردی بھولی بسری بات تھی۔

راسخ کو میر سے تلمذ
یہ فیض ہے اون کی تربیت کا

زندہ ہے نام میر، راسخ سے
کون ہے شاعروں میں ایسا آج

کتب خانہ مشرقی، خدا بخش خاں، پٹنہ میں جو راسخ کی خود نوشتہ بیاض ہے۔ اس میں متعدد ایسے اشعار بھی ہیں جو مطبوعہ دیوان میں نہیں پائے جاتے۔ ان اشعار پر خود راسخ نے "نباید نوشت" لکھ دیا ہے اور شاید اسی وجہ سے یہ اشعار مطبوعہ کلیات میں شامل نہیں کیے گئے۔ انہیں اشعار میں وہ شعر بھی ہے جس میں فدوی کی شاگردی کا اعتراف پایا جاتا ہے۔ تین (؟) مثنویاں غیر مطبوعہ بھی ہیں۔

غالباً صرف فارسی میں راسخ شاہ نور الحق تپاں پھلواروی سے اصلاح لیتے تھے[2]۔ "الہامات شاد" میں عبدالمالک صاحب آروی مرحوم نے راسخ کو مستقلاً تپاں کا شاگرد بتایا ہے۔

۱۳۱۱ھ میں کلیات راسخ خیر المطابع عظیم آباد سے شائع ہو چکی ہے۔ لیکن مطبوعہ نسخہ جو زود کاغذ پر چھپا تھا۔ اب بہت کمیاب ہے۔ کتب خانہ مشرقی پٹنہ میں

---

[1] صدائے عام، عید نمبر ۱۹۵۳ء صفحہ ۲۱، و تذکرۂ سخن شعراء۔

[2] راسخ، حمید عظیم آبادی بحوالہ "خاتم سلیمانی، مصنفہ شاہ غلام حسنین صاحب پھلواروی حصہ چہارم صفحہ ۱۵۸، ملفوظات (۲۲۰۸)..... "ہمارے ہاں بھی راسخ مرحوم کی تحریریں موجود ہیں، وہ اپنا فارسی کلام تو پھلواری کے ایک مشہور و معروف بزرگ حضرت تپاں قدس سرہ کو دکھاتے تھے۔

تین قلمی نسخے میرے دیکھنے میں آئے۔ایک تو وہ مشہور قلمی نسخہ ہے جسے راسخ نے خود لکھا، دوسرا ظفر نواب صاحب، گیا کے کتب خانہ سے آیا ہوا ہے اور ایک تیسرا نسخہ ہے۔ایک نسخہ میں صرف غزلیں ہیں۔چوتھا نسخہ راج برج راج صاحب پٹنہ سٹی سے دستیاب ہوا ہے۔

مطبوعہ کلیات راسخ کے شروع میں دس قصیدے اور چند قطعات ورباعیاں ہیں۔جن میں چند قصائد نواب آصف الدولہ اور غازی الدین حیدر کی تعریف میں ہیں۔ ان کے بعد غزلیں ہیں۔ آخر میں پندرہ مختلف مثنویاں[1] ہیں۔قلمی نسخہ میں ان کے علاوہ اور تین مثنویاں بھی ہیں۔یہ غیر مطبوعہ مثنویاں ہزلیات پر مشتمل ہیں۔

راسخ کو میر کی ہمسری سے تسلی نہیں ہوئی۔ اُن کی نظر اور بلند ہے ؎

نظری اور شفائی کا ہے بدل راسخ
یہ اوس کا فخر نہیں گر نظیرِ میر ہوا

"ان کے کلام میں سوز و گداز کے ساتھ تصوّف کا رنگ بہت نمایاں ہے" (النجمی)[2]
بقول حسرت موہانی مثنویوں کا انداز میر کی مثنویوں سے اس قدر ملتا جلتا ہے کہ دونوں میں تمیز بھی مشکل ہے۔ مثنویوں کے نام یہ ہیں: حسن و عشق، ناز و نیاز، نور الانظار، جذب عشق، مکتوب شوق، کشش عشق، گنجینۂ حسن، سبیل نجات، نیرنگ محبت، اعجاز عشق، مرأۃ الجمال، شرح حال، شہر آشوب، مثنوی مدحیہ۔ اکثر مثنویوں میں عشق کی داستانیں نظم کی گئی ہیں۔صرف نور الانظار ایک اخلاقی مثنوی ہے۔

قاضی عبدالودود صاحب لکھتے ہیں کہ: "اور اصناف کے مقابلہ میں یہ غزل اور مثنوی میں زیادہ کامیاب ہوئے"۔ جناب قاضی صاحب کئی سال سے راسخ پر مزید تحقیقاتی کام کررہے ہیں۔ اور ادھر دو سال سے میرے ایک شاگرد پٹنہ یونیورسٹی کے ریسرچ اسکالر کی حیثیت سے اس مضمون کی طرف متوجہ ہوئے۔ قاضی صاحب راسخ کے دیوان یا کلیات کو نئے سرے سے ایڈٹ کرکے شائع کرنا چاہتے تھے۔

---

[1] نجمی نے پندرہ کی تعداد لکھی ہے۔ اور حمید عظیم آبادی نے چودہ کی۔

[2] رسالہ اُردوئے معلی، مئی ۱۹۰۶ء۔

Marfat.com

راسخ کے چند تلامذہ کے نام حسب ذیل ہیں :

انور علی یاس آروی، حکیم احمد حسین، خواجہ فیض اللہ معروف بہ شاہ غلام مخدوم عظیم آبادی تخلص فرحت، خواجہ محمد محسن، مرزا مراد بخش مراد، نواب مہدی علی خاں۔

راسخ کو شاعری، موسیقی اور تصوّف سے بڑی دلچسپی تھی حضرت شاہ ابوالحسن فرد پھلواروی کے مرید تھے۔ راسخ نے اپنے پیرو مرشد کو جو خط لکھا ہے وہ اب تک بڑی خانقاہ پھلواری میں موجود ہے۔ حضرت فرد، راسخ سے عمر میں چھوٹے تھے۔ اسی اعتبار سے آپ کا تذکرہ بعد میں آئے گا۔ راسخ کے کلام کا نمونہ حسب ذیل ہے :

ہوئے ہیں ہم ضعیف اب دیدنی رونا ہمارا ہے
پلک پر اپنی آنسو صبح پیری کا ستارا ہے

خاک ہوں پر طوطیا ہوں چشم مہر و ماہ کا   آنکھ والا رتبہ سمجھے مجھ غبارِ راہ کا

طالبانِ یار کی منزل تو غیر از دل نہیں   کعبہ کہتے ہیں جسے سو راہ ہے منزل نہیں

مت پوچھ مجھ سے حال میرا   حیرت زدہ کیا بیان کرے گا

سارے خطِ شوق میں میں نے یہی رو رو لکھا   ہائے صاحب کیا کیا تم نے جدا تم کیوں ہوئے

بے مدعا ہوں یہ بھی ہے اک مدعائے دل   اس قیدِ مدعا سے نہ کوئی رہا ہوا

ضبطِ گریہ تو ہے پر دل پہ جو ایک چوٹ سی ہے   قطرے آنسو کے ٹپک پڑتے ہیں دو چار ہنوز

۱؎ راسخ۔ حمید عظیم آبادی ص ۲۶، ۲۸   ۲؎ راسخ از حمید عظیم آبادی ص ۳۰ اور معین الدین احمد قیس مرحوم کا مضمون راسخ عظیم آبادی، بہار نمبر، ندیم گیا ۱۹۳۳ء ملاحظہ ہوں۔

Marfat.com

نہیں ہوش والوں پہ کچھ حسد، مجھے رشک ہے تو انھوں پہ ہے
جنھیں تیرے جلوہ کے سامنے مری طرح بے خبری رہی

کس قدر بوقلموں جلوہ ہے محبوب اپنا
کوئی بھی اوس کی تجلی نہیں تکرار کے ساتھ

بُرق سے پوچھا کہ شادی کتنی اس عالم کی ہے
کچھ کہا اُس نے نہ لیکن اک تبسم سا کیا

آپ سے ہو گئے ہیں بیگانے
جن سے تک آشنا ہوئے ہو تم

خموشی کے پردہ میں ہے شور میرا
مجھے چُپ نہ جانو سراپا فغاں ہوں

عُذر خواہی کا اب دماغ نہیں
خوش رہو گر خفا ہوئے ہو تم

بُجز داغ ہے کیا دلِ حزیں میں
لالہ ہی اُگے ہے اس زمیں میں

دل کیوں نہ عزیز مجکو ہوے
ہے نام تمہارا اِس نگیں میں

اٹھا دیں کس روش اِس باغِ دل کش سے دل اپنا ہم
کہ ہر کانٹے سے یاں اُلجھا ہوا اپنا تو داماں ہے

مجھے تو رفتگی سی تھی میں اس کو کیا جانوں
تمہیں کہو کہ لیا تم نے کس ادا سے دل

ہم مُصیبت کشوں کے دن نہ پھرے
گو زمانہ کو انقلاب رہا

مرنا اُس بن کہ جیتے رہنا
راسخ! کہو کیا قرار پایا

Marfat.com

صبح سے بیتابی ہے دل کو آہ نہیں کچھ بھاتا ہے
دیکھئے کیا ہو شام تلک جی آج بہت گھبراتا ہے

اب مثنویوں میں سے چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں ۔

پہونچی ہے کارد استخواں تک — بے مہرئ آسماں کہاں تک
جینا دشوار ہو گیا ہے — میرا تو چھری تلے گلا ہے
کاہش ہے غموں کی پیہم جہاں ہوں — مانند ہلال ناتواں ہوں
کچھ حال نہیں ہے ہائے تن میں — ہوں تار کی طرح پیرہن میں
غم پر اک غم دیا فلک نے — تاراج مجھے کیا فلک نے
یغما سے اس کی کیا ہے باقی — یک تار نفس رہا ہے باقی
سو وہ بھی آمادۂ گسستن — یہ چرخ ہے میرے جی کا دشمن
آرام کا عرصہ بس کہ ہے تنگ — دل تنگی سے ہے عجب برا رنگ
اس دائرۂ فلک میں مجبور — ہوں نقطے کی طرح آہ محصور
کیا کہیے خمیدہ آسماں کو — گر ہاتھ چلے تو اس کماں کو
یاں تک کھینچوں کہ ٹوٹ جائے — کب تک صدمے کوئی اٹھائے

(مثنوی حسن و عشق سے)

ایک اور نمونہ ۔

دل کے کاشانے کا دیا ہے عشق — شمع ایوان کبریا ہے عشق
آب گوہر ہے اور آتش سنگ — ہر جگہ اس کا اک نیا ہے رنگ
خون ہو برسا ابر مژگاں سے — ٹپکا آنسو ہو چشم گریاں سے
تپ غم ہو کے استخواں میں رہا — ضعف ہو جان ناتواں میں رہا
گاہ رسوا کہیں رہا اک عمر — کہیں پردہ نشیں رہا اک عمر
گاہ محفل نشین ناز ہوا — کہیں سرتا قدم نیاز ہوا
کوچۂ نے سے نالہ ہو نکلا — خاک گلشن سے لالہ ہو نکلا

Marfat.com

روشن اسی سے ہے جہاں کا کاشانہ ہے پتنگا اسی پہ پروانہ
بزم گیتی اسی سے ہے پُر نور ذرہ تا مہر ہے اسی کا ظہور
بُلبل آشفتہ ہے سدا اس کی ہے گل تازہ کو ہوا اس کی
سینے میں ہو کے دل دھڑک اُٹھا کہیں شعلہ ہوا بھڑک اُٹھا

(مثنوی جذب عشق سے)

شاہ امان علی ترقی

۱۱۸۰ھ تا ۱۲۵۵ھ

نام امان علی۔ تخلص ترقی۔ شاگرد شاہ آیت اللہ مذاقی۔
وطن پھلواری۔ مرثیہ کا نمونہ حسب ذیل ہے ؎

(۱)

شب عاشور جو کی شہ نے عبادت میں بسر غم فرقت سے ہوئی چاک گریبان سحر
کہا سجاد کیتیں سرور دیں نے رو کر آج ہووے گا جدا تن سے ہمارا یہ سر
نقد جاں را برہِ دوست فدا خواہم کرد
سرِ خود گوئے بہ میدان رضا خواہم کرد

(۲)

ہم نے شب خواب میں دیکھا ہے کہ مادر زہرا ہوئیں اس دشت بلا خیز میں جلوہ فرما
اپنے گیسوئے سمن سائے کو جاروب بنا خار و خاشاک کو اس دشت کے کرتیں ہیں صفا
صاف میدان بلا ساختہ گیسوئے بتول
نور پیدا شدہ ہر گوشۂ از روئے بتول

(۳)

داستانِ غم شبیر نہایت ہے دراز جس کے یک حرف کے سُننے سے جگر ہووے گداز
ہو نہیں سکتا قلم یک سرِ مو شرح طراز کر ترقی شہ کونین سے تو عرض نیاز
اے شہ از لُطف دہی دولت دیدار مرا
کہ بود در دو جہاں با تو سروکار مرا

Marfat.com

تمت المرثیہ من ترقی رحمۃ اللہ تعالیٰ فی ۱۲۲۷ھ یک ہزار و دو صد بست و ہفت ہجری۔ (مجلد قلمی نسخہ پھلواروی ص ۲۴۳۱)

شاہ ظہور الحق ظہور پھلواروی

۱۱۸۵ھ تا ۱۲۳۴ھ

شاہ ظہور الحق، شاہ نور الحق طپاں کے بیٹے تھے۔ تخلص ظہور۔ پیدائش[1] ۱۱۸۵ھ وفات ۱۲۳۴ھ۔ وطن پھلواری شریف، ضلع پٹنہ۔ شاہ نور الحق طپاں نے اپنی زندگی میں ہی شاہ ظہور الحق کو اپنی جگہ پر بٹھا دیا تھا۔ اس طرح شاہ ظہور الحق خانقاہ عمادیہ کے سجادہ نشین ہوئے (سن ۱۲۰۰ھ)

مولانا محی الدین تمنا پھلواروی رسالہ معاصر[2] میں لکھتے ہیں:

"سن ۱۲۳۰ھ میں بعض اقارب کا لعقارب کی طویل اور مسلسل ستم کیشیوں سے تنگ آکر حضرت مولانا ظہور الحق محدث کو اچانک شب کے وقت گھر چھوڑ کر پٹنہ سٹی چلا آنا پڑا۔ اور ہجرت کے وقت کچھ ضروری تبرکات اور کتب ضروریہ کے سوا کچھ سامان ساتھ نہ لے جاسکے جب پٹنہ میں قیام کا انتظام قابل اطمینان ہو گیا تو تیسرے دن کچھ لوگوں کو پھلواری روانہ کیا تاکہ باقی کتاب اور سامان وہاں سے لے آئیں۔ مگر آنے والوں نے مکان کو بالکل جلا ہوا ایک تودۂ خاک پایا۔ اور کوئی چیز لانے کے قابل نظر نہ آئی۔ وہ مولانا کے پاس ناکام واپس آئے اور حالت بیان کی۔ مولانا نے فرمایا ع: خوب شد، اسباب خود بینی شکست۔ اور کہا۔ الحمد للہ علی کل حال۔" حضرت طپاں اور حضرت سجاد کے اور خود حضرت مولانا ظہور الحق (کے)۔ دواوین فارسی

---

[1] پیدائش و وفات کی تاریخیں حکیم شعیب صاحب مرحوم سے معلوم ہوئیں۔ خاندانی کاغذات میں درج ہیں۔

[2] معاصر پٹنہ۔ جنوری ۱۹۶۲ء۔

Marfat.com

وذخیرۂ کلام اُردو اور اکثر تصنیفات، تالیفات اور نیز بعض بزرگان پیشین کی بعض اہم تصنیفیں اسی سلسلے میں ضائع ہوگئیں۔ یہ واقعہ ہے کہ بعض گھروں پر اس وقت تک بعض چیزیں ان میں کی موجود ہیں۔ مگر وہ لوگ دکھاتے تک نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان بزرگوں کے کلام کے بیشتر اجزاء اِدھر اُدھرسے کسی طرح مجتمع کیے جا سکتے ہیں۔ وہ بھی بمشکل تمام۔ بعض حصّہ کلام تو محض بوسیدہ مسودات پر رہے۔ جس سے بمشکل نقل کیا۔ اور پھر مسوّدات اس قابل بھی نہ رہے کہ محفوظ رکھے جا سکیں۔ کیونکہ اوراق کے جس حصّہ پر بھی انگلی پڑی وہ وہیں سے سفوف ہوگیا۔"

مجلّد مخطوطات کے علاوہ مجھے مخطوطات کا ایک دوسرا پُلندہ خانقاہ سُلیمانیہ پھلواری شریف سے ملا تھا۔ ان مخطوطات کو جناب پروفیسر عبدالقادر سروری صدر شعبۂ اُردو، عثمانیہ یونیورسٹی اور پروفیسر سیّد حسن عسکری صاحب صدر شعبۂ تاریخ، پٹنہ کالج نے بھی مُلاحظہ فرمایا ہے۔ میں ان پر ایک مقالہ بھی لکھ چکا ہوں جو رسالہ ساقی، کراچی (سالنامہ ۱۹۵۲ء) میں شائع ہو چکا ہے۔

دوسرے پُلندہ میں شاہ نورالحق طپاں اور شاہ ظہورالحق ظہور کے بہت سے مرثیے مکتوب ہیں۔ ایک مرثیہ کے آخر میں سُرخ روشنائی سے حسب ذیل عبارت لکھی ہوئی ہے:

" ہرچند کہ اینجا جوہرِ آن ہم چون جواہر مرآت مست۔ جو ہر خط راکہ می پرسند۔ لکن چون جوہر در جوہریت مجبور و عرض در عرضیت معذور است ناچار بدست مؤلف ترقیم یافت۔ وانا الفقیر المدعو بظہور الحق المطلق .... " (آگے کاغذ کرم خوردہ ہے)

مذکورہ بیاض میں شاہ نورالحق طپاں اور شاہ ظہورالحق [illegible] ہے

سلہ [illegible]

ہوئے مراثی ہیں جن کے وہ خود مصنف ہیں۔اب تک مجھے ظہور کی کسی غزل یا کسی دوسری صنف شاعری کا نمونہ سوائے مراثی کے نہیں ملا۔ مرثیہ کا نمونہ حسب ذیل ہے ؎

(۱)

کہیں سکینہ ہائے رے بابل گیلو سوگیلو گیلو ہے گیلو
دیس برانا چو اور جنگل گیلو سوگیلو گیلو ہے گیلو
تج دیونگری اپنو رکھوال گیلو سوگیلو گیلو ہے گیلو
بابلؔ مورا جوگے راول گیلو سوگیلو گیلو ہے گیلو

(۲)

اپنی بتیا میں کا سے کہوں اب حیرانہ نکسے نہ موہے چیناں
آٹھ پہر موہے کل نہ پڑت ہے نیند نہ آدے دن نہ رتیاں
آنسون کے تو جھڑی لگایو رکت ہے رووت مورے نیناں
دیکھو نہ بابل انوکھا یہ بادل گیلو سوگیلو گیلو ہے گیلو

(۷)

نگر براناں لوگ بگانا ٹھار ہے روؤں ہوں اکیلی بن میں
سون دیکھا وے جی ڈریا وے لوتھ پہ لوتھ نہاروں رن میں
لوہو آگ لگایو بن میں سلگت آمورے تن من میں
بابل گلرا کے ہمرا سوہل گیلو سوگیلو گیلو ہے گیلو

(۱۳)

کا کے ہیں ہاتھ پٹھاروں سندیسا کا کروں گن سن مورے دیا
کہت رہوں میں لکھیاں نہ پتیاں عابد مورے بیرن بھیا
بابل روے کت کتا ہاں ایسا فون کا ہے بدیسو جیا
موسوں کہت نہ سنت کیوسل بل گیلو سوگیلو گیلو ہے گیلو

بلہ (نسخہ) ایسو بابل بیت بسارل

(۱۸)

موہے کچھو نہیں بھاوت بابل کہک کہک مورے بیتیں رتیاں
آپن آوت ناہیں بابل ناکھ بھیجیاں تون موہے پتیاں
سوہنی مورت توری بابل لگہت رہوں ہم اپنی چھتیاں
نینن سو مورے تون جو رہت ٹل گیلو سو گیلو گیلو ہے گیلو

(۱۹)

دہوبیا کا پر دہوے بابل داگ نہ دہوئے کوڈ میرد
آگ لوہے کی بجھادے نہردا آگ نہ کہوت کوڈ میرد
اپنوں کلیجا آپ ڈست ہوں ناگ نہ ہووے کوڈ میرد
تم بن بابل ہم بیو بیکل گیلو سو گیلو گیلو ہے گیلو

(۲۰)

کاپر میرو مَئل بہیو بابل بھیلو بال ہمارو لٹا
دہول پسنوان لگ لگ سین پھوٹے جیوں جوگی نون جٹا
سیندر تیل سب چھوڑا بابل تورے کارن جیو بہیو کٹا
رووت ڈہرڈ ہرجات مورا کاجل گیلو سو گیلو گیلو ہے گیلو

(۲۴)

ہم جو جانت تم ہو جویا سیس تھا رو یاین دہر تیوں
جے تم کام کہت سے کرتیوں پنیاں سیس بہر تیوں
ہم سوں کہہ کے جو جاتیو بابل جترا کرکے بداتجو کرتیوں
جادن گیلو ہو دن منگل گیلو سو گیلو گیلو ہے گیلو

(۲۶)

بس رہے ظہور اب اکان بس کے بسکی غم کی بتیا بس کے
بکے نہ پیر کہو بیئن کا اہ پانکی میں کہ ہوا دنس کے
ما باگن درد کی ںکت گیو پڑ لوگاں کا ڈس کے
سہ گیلو پڑ گئی کہل بہل گیاہ سو گیاہ گیلو ہے گیلو

Marfat.com

غمناک شد ۱۲۱۸ھ (غیر مجلد نسخہ مراثی خانقاہ سلیمانیہ پھلواری شریف)

ظہور الحق پھلواروی کا ایک اور مرثیہ ملاحظہ ہو۔ مرثیہ بتیس بند میں مکمل ہوا ہے ؎

(۱)

بلبل چمن میں ہے غم قاسم سے نوحہ گر
گل نے کیا ہے جیب و گریباں لہو سے تر
غنچہ جھکا کے سر کو کہے ہو کے گریہ در
کہتا ہے آج قاسم نوکد خدا کا سر

(۲)

باغ نبی پہ آج خزاں کی ہوا بہی
شمشاد مجتبیٰ کو ملا تخت نوشہی
لیکن کہاں کسی کو حقیقت سے آگہی
ایسا ہے تخت تختۂ تابوت سے بتر

(۳)

دو عندلیب باغ رسالت امام دیں
یعنی کہ قاسم ابن حسن سرور زمیں
جس کی لگن لگی گل شبیر سے کہیں
کمن جدا چمن سے رہا زار و نوحہ گر

(۳۱)

خلعت تمام خوں سے بھرا ہائے ہائے ہائے
سہرا لہو سے سرخ ہوا ہائے ہائے ہائے
بدلے حنا کے خوں ہی لگا ہائے ہائے ہائے
زخموں سے رشک باغ ہوا جسم سربسر

(۳۲)

دیدم بوقت صبح کہ گلزار مرگریست
گل جامہ چاک کردہ بیازار مرگریست
در بوستاں ظہور دل افگار مرگریست
چوں عندلیب نالہ سرا بود گریہ در

علیاں کے چودہ (۱۴) مرثیے اور ظہور کے اکتیس (۳۱) مرثیے قلمی نسخہ پھلواری میں موجود ہیں۔ پروفیسر نواب کریم صاحب ان پر کام کر رہے ہیں۔

Marfat.com

شاہ ابوالحسن فرد

۱۱۹۱ھ تا ۱۲۶۵ھ

نام ابوالحسن، تخلص فرد، معروف بہ فرد الاولیار، خلف و جانشین شاہ محمد نعمت اللہ ولی، سجادہ نشین پھلواری، بڑے عالم و فاضل بزرگ گزرے ہیں۔ ابتدا میں اپنی غزلیں اپنے چچا زاد بھائی مولوی شاہ محمد نورالحق طپاں کو دکھاتے تھے۔ (الجیٔ حث) فارسی کے دو دیوان مطبوعہ ہیں۔ ۲۲ محرم ۱۲۶۵ھ کو انتقال کیا، نمونۂ کلام اردو حسب ذیل ہے:

نگاہِ مست تیری کس قدر خونریز عالم ہے
عبث آنکھوں کو تیری نرگسِ بیمار کہتے ہیں

عشق نے رسوا کیا یاں تک مجھے — نام سے میرے [illegible]

مجھے اپنی تحقیقات کے سلسلہ میں پھلواری شریف کی [illegible] سے فرد کے [illegible] اردو [illegible]

(۱) [illegible]

[illegible]

کاروانند و ندارند درار و جرسے
نہ رفیقے نہ انیسے نہ کسے ہمسفرے

(۳۰) راحتِ عیش تھا بے قدر برابر باخاک
گرد کیں سے تھا دلِ سینۂ بے کینہ پاک
آستیں اشک سے تر، جیب و گریباں سب چاک
مُنھ پہ تھا گرد اَلم آنکھیں تھیں خوں سے نمناک

بہ زمینکہ فتادے کفِ پائے ایشاں
لالہ میرست زخُوں نابۂ چشم ایشاں

(۴) سازو سامان سفر بے سرو سامانی تھی
دستِ تقدیر میں سونپے ہوئے تھے کام سبھی
سب کی آنکھوں سے تھا خونناب کا دریا جاری
تھی اٹھی سب کے دل وجاں سے تمنائے خوشی

رہروانند شکستہ دل وخستہ جگرے
جُز غمؔ و درد ندارند انیسے دگرے

(۳۱) ضبط نالہ کریں تو سینہ پھٹا جاتا ہے
نہ گریں گریہ تو دل غم سے جلا جاتا ہے
ناتوانی سے بدن اپنا گرا جاتا ہے
صبر کا تاب وتواں دل سے اٹھا جاتا ہے

رہ دراز است مرا طاقتِ رفتار نماند
تا بعزم بجز از رنج سروکار نماند

(۳۲) صبر دل چاہئے تا ہو رقم درد و الم
آگیا رعشہ و اندیشہ میں اب دستِ قلم
اب زباں پر ہے ہر اک فرد بشر کے ہردم
جب مددگار مرے ہیں یہ امامِ عالم

Marfat.com

در کمینم فلک از گشت نباشد باکم
کہ فلک را نہ رسد دست بسوئے خاکم

○

قادر علی فگار عظیم آبادی

قادر علی عظیم آبادی کی مثنوی "عشق نامہ" کا ایک نسخہ[1] مجھے ملا ہے۔ یہ مثنوی مولانا جامی کے قصۂ یوسف و زلیخا کا آزاد چربہ ہے۔ قادر علی کہتے ہیں :

ے ولیکن قصۂ یوسف زلیخا   ہر اک قصہ سی میری دل کو بھایا
کہ ہندی یکبی یہ ان کی کہانی   یہاں کچھ چھوڑ نئی اپنی نشانی

ے ہزاراں آفریں بر روحِ جامی   یہ قصہ کو کیا جو اس نی نامی

"عشق نامہ" آب حیات سائز کی ایک قلمی[1] کتاب کا جزء ہے۔ جس میں تین مثنویاں درج ہیں۔ پہلی مثنوی "عشق نامہ" ہے۔ دوسری مثنوی "سحرالبیان" از میر حسن دہلوی اور تیسری "کنور کام روپ و کلا کام"۔ آخرالذکر ناقص الآخر ہے۔ نسخہ سے ظاہر نہیں ہوتا کہ یہ کس کی تصنیف ہے۔

مثنوی "عشق نامہ" کا آغاز یوں ہوتا ہے ے

الٰہی عشق سی اپنی تو کر شاد   مرا دل کر تو اپنا عشق آباد

. . . .

حظِ باطل مری دل سی مٹا دی   تو اپنی حسن کا جلوہ دکھادی
منور شمع کر داغ جگر کے   کہ بستی ہوی روشن اس نگر کی
پڑی آدل میں میری نور ایسا   کہ خاکستر یہ دل ہو طور ایسا
ہوس رخصت جای دل سی ماسوا کی   رہی باقی ہوا تیری لقا کی

مثنوی "عشق نامہ" ۱۹۱ صفحات پر پھیلی ہوئی ہے۔ اختتام پر مندرجہ ذیل

---

[1] اس قلمی مجموعے کی ابتدا ایک فارسی نثری قصے سے ہوتی ہے۔ جس کے تین اوراق موجود ہیں۔ آغاز داستان مفقود ہے۔ یہ مجموعہ مجھے ممتاز احمد، ریسرچ اسکالر، شعبۂ اردو جامعہ پٹنہ کے ذریعہ ملا۔

Marfat.com

اشعار ملتے ہیں ؎

ہزار و دو صد و دہ اور نہی دو — کیا انجام جب اس داستاں کو
گنی ابیات جو میں اس کی اکبار — ہوئی تب سہ ہزار و بیست اشعار
لکھا تھا عشق سی جو اس کو خاما — رکھا تب نام اس کا عشق ناما

. . . .

فگار اب خامشی ہی تجھکو بہتر — بھلا ہی اب یہ قصا مختصر کر
گئی آنکھوں سی نیند اب ناگہانی — زبان کر بند بس کر یہ کہانی

مثنوی ۱۲۰۸ھ میں منظوم ہوئی۔ زیر نظر قلمی نسخہ کا سنہ کتابت ۱۲۵۱ھ ہے۔

کاتب لکھتا ہے:

"تمام شد نسخہ زلیخا بزبان اُردو تصنیف قادر علی عظیم آبادی قدس الہ سرہ بتاریخ ہشتم ماہ جمادی الاول۔ مطابق بست ششم ماہ بہادو ۱۲۴۲ فصلی۔ مطابق ۱۲۵۱ھ ہجرے قدسہ از دست یکے از طالبان کم استعداد عاصی الہ غلام صفدر برائے درس خود از کتاب یکے از دوستان دلبرا کھوری لعل سہائے سنگہ صاحب قوم کایستہ ساکن موضع جگدیشپور بمقام موضع گاگھاٹ پرگنہ بھوجپور بدروازہ لالہ گرداری لعل صاحب قوم کایست . . . . . اختتام یافت"

مجھے قادر علی فگار عظیم آبادی کے حالات سے آگاہی نہیں ہو سکی۔ بہر حال صاحب ذوق شخص معلوم ہوتے ہیں۔ نمونۂ کلام درج ذیل ہے۔ زلیخا کے حُسن کی تعریف ملاحظہ ہو ؎

قد اس کا سروِ رعنا ہوا ہی — بلای عالم بالا ہوا ہی

. . . .

یہ پیشانی کے اس کی تھی صفائی — کہ آتی تھی نظر اس میں خدائی
نہیں چیں برجبیں وہ نازنین ہر — کہاں ممکن کہ آئینے میں چین ہو

. . . .

خمار حسن سی آنکھیں سیہ مست — نگہہ کرتی تھی آہو کی طرح جست

Marfat.com

زلیخا کے عشق کا حال دیکھئے ؎

زلیخا خواب میں دیکھ اسکی صورت	بنی حیرت سی ماٹیکی وہ مورت

" "

ہوی بھور اور وہ در خواب شیریں	رہی بیہوش ہو جیو نقش قالیں

" "

وہ رخسارہ جو تھا جیوں شمع کافور	ہوا مثل چراغ صبح بے نور

مجموعی طور پر مثنوی بہت رواں اور پُر اثر ہے۔ اس میں روایتی رنگ ہر جگہ موجود ہے۔ لیکن تشبیہات و استعارات میں شاعر نے اپنی اُپج بھی دکھلائی ہے۔

Marfat.com

Marfat.com

بہار کے تذکرہ نگار شعراء

غلام حسین شورش

متوفی ۱۱۹۳ھ - ۱۱۹۵ھ

شورش، میر باقر حزیں کے شاگرد تھے۔ ان کی شہرت شاعری سے زیادہ تذکرہ نگاری کی وجہ سے ہے۔ تذکرہ کا صرف ایک قلمی نسخہ اب تک دستیاب ہو سکا ہے۔ یہ بوڈلین لائبریری آکسفورڈ میں ہے۔ اب پٹنہ یونیورسٹی نے اس کی فوٹو اسٹیٹ کاپی منگوائی ہے جو میری نظر سے بھی گزری ہے۔ پرنسپل کلیم الدین احمد صاحب کی مساعی جمیلہ کی وجہ سے یہ خزانہ انگلستان سے ہندوستان آیا۔ آرٹ فیکلٹی کے ڈین، کی حیثیت سے آپ نے بہت سے کارہائے نمایاں کیے ہیں۔ ان میں یہ بھی ایک اہم کام ہوا ہے۔ مذکورہ قلمی نسخے سے اشپرنگر نے اپنی فہرست کتب خانہ شاہان اودھ مرتب کرنے میں مدد لی تھی۔ اس تذکرہ کی تالیف کی ابتدا مؤلف کی وفات کے چند سال پہلے سے ہوئی ہے اور تکمیل وفات سے پہلے [illegible] ہرگز اردو نہیں۔ عزیز الدین بلخی مرحوم اور دوسرے لوگوں کو غلط فہمی ہوئی ہے اس کا باعث یہ ہے کہ صاحب گلزار ابراہیم نے لکھا ہے کہ شورش تذکرہ در ریختہ نوشتہ ... در ریختہ کے معنی شعرائے ریختہ کے متعلق کے ہیں [illegible] کنگن کو آرسی کیا۔ اب ہمارے پاس قلمی تذکرہ کا [illegible] فوٹو موجود ہے۔ بوڈلین لائبریری آکسفورڈ کی فہرست [illegible] سال تصنیف ۱۱۸۱ھ

لکھا ہے۔[1]

میر غلام حسین شورش عظیم آباد کے رہنے والے تھے۔ ان کے پیدائش کا علم نہیں۔ بلخی سال وفات[2] ۱۱۹۵ھ لکھتے ہیں اور قاضی عبدالودود صاحب ۱۱۹۳ھ بتاتے ہیں۔ مگر آخر الذکر صاحب مشتبہ ہیں[3]۔ شورش کا دیوان[4] ریختہ میں مرتب تھا مگر وہ ہنوز ملا نہیں۔ نمونۂ کلام ملاحظہ ہو ـــ

رقیب گرچہ بہت برخلاف ہے شورش — ہوا کرے ہمیں ہے یار اپنے کام سے کام

(تذکرۂ گلشن بیخار)

کسی کو خُم سے غرض ہے کسی کو جام سے کام — قسم مغاں کی ہے ساقی کے مجھ کو نام سے کام

ہماری صبح رُخِ یار شام زلف نگار — نہ مہر و ماہ کے ہے ہم کو صبح و شام سے کام

(شعرالہند)

ہم جو روتے ہیں لوگ ہنستے ہیں — ہنستے ہی گھر سُنا ہے بستے ہیں

رو برو جانے کی رخصت نہیں دیتے درباں — حالِ دل میں پسِ دیوار سنا آتا ہوں

(تاریخ شعرائے بہار)

نواب علی ابراہیم خاں خلیلؔ

......؟ تا ۱۲۰۸ھ

نواب امین الدولہ عزیز الملک علی ابراہیم خان بہادر، نصیر جنگ المتخلص بہ خلیل عظیم آبادی۔ یہ نواب میر قاسم علی خاں عالی جاہ کے وزیر تھے۔ کچھ دنوں تک عظیم آباد کے صوبہ دار اور نائب ناظم بھی رہے۔ اس دور کے بیشتر شعرا نواب کے واقف کار

---

[1] مقدمہ دیوان رضا، از قاضی عبدالودود۔ معاصر، پٹنہ۔ [2] تاریخ شعرائے بہار۔ بلخی ص۲۶۔

[3] صدائے عام، عید نمبر ۵۳ء ص۱۹۔ پروفیسر دردائی نے بھی اس سے بحث کی ہے۔ بہار اور اُردو شاعری ص۲۹۔

[4] تاریخ شعرائے بہار۔ بلخی ص۲۶۔

اور کسی نہ کسی رنگ میں عالی جاہ کے متوسلین میں سے تھے۔ علی ابراہیم خاں نے نواب عالی جاہ کی رفاقت خوب کی مگر عالی جاہ کی بربادی کے بعد وہ نواب اودھ شجاع الدولہ سے علیحدہ ہوئے اور مرشد آباد کا رخ کیا۔ لارڈ ہیسٹنگز گورنر جنرل نے ان کو عدالت دیوانی ضلع بنارس کا حاکم اعلیٰ مقرر کر دیا اور لارڈ کارنوالس کے عہد میں انھیں وہاں کی گورنری بھی ملی۔ قیام بنارس کے دور میں تالیف و تصنیف میں مشغول ہوئے۔

خلیلؔ، اردو و فارسی دونوں کے شاعر تھے لیکن ان کی شہرت تذکرۂ گلزار ابراہیم کی وجہ سے ہے۔ یہ تذکرہ مسخ شدہ شکل میں انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی کی طرف سے شائع ہوا تھا۔ دو قلمی[2] نسخے کم از کم پٹنے میں موجود ہیں۔ نواب علی ابراہیم خاں خلیلؔ عظیم آبادی نے ۱۱۸۴ھ میں تذکرۂ گلزار ابراہیم لکھنا شروع کیا اور ۱۱۹۸ھ میں تمام کیا[3] یہ تذکرہ بھی فارسی زبان میں ہے۔ قاضی عبدالودود صاحب مقدمۂ دیوان رضا میں لکھتے ہیں کہ:

"مقدمۂ دیوان جوشش میں لکھا گیا تھا کہ مصنف تذکرۂ گلزار ابراہیم (ناقل) کی ننھیال عظیم آباد میں تھی صحیح یہ ہے کہ علی ابراہیم خاں کے نانا مولوی نصیر شیخپورہ کے رہنے والے تھے اور ایران سے واپسی کے بعد عظیم آباد میں اقامت پذیر تھے۔ سیر المتاخرین نولکشوری ۶۱۱"

نواب علی ابراہیم خاں شیخپورہ ضلع مونگیر کے رہنے والے تھے تذکرۂ گلزار ابراہیم بنارس کے قیام کے دوران مکمل ہوا۔ خلیلؔ مرشد آباد میں بھی رہے ہیں۔ ان کے والد کا نام خواجہ عبدالحکیم تھا۔

تصانیف: (۱) گلزار ابراہیم شعرائے ریختہ کا تذکرہ ۱۱۸۴ھ تا [illegible] (مطابق ۱۷۸۴ء) تکمیل۔

(۲) صحف ابراہیم شعرائے فارسی کا تذکرہ ۱۲۰۵ھ میں مکمل ہوا نفع بخش زمانہ ۱۰۵۱۔ ۱۲۱۱ھ

---

[1] قاضی عبدالودود۔ صدائے عام، عید نمبر ۱۹۵۳ء ص ۲۱ [2] کتب خانہ مشرقیہ خدا بخش پٹنہ میں ایک قلمی نسخہ ہے اور دوسرا پٹنہ یونیورسٹی کی لائبریری میں۔ [3] تاریخ شعرائے بہار، حصہ اول، ص ۱۴۶

(۳) خلاصۃ الکلام۔ فارسی مثنوی نگاروں کا تذکرہ۔

(۴) وقائع جنگ مرہٹہ۔ لارڈ کارنوالس کے زمانہ میں۔ سنہ ۱۲ھ۔

(۵) ایک رسالہ راجہ چیت سنگھ والی بنارس کی بغاوت کے حالات میں۔

(۶) خطوط۔ برٹش میوزیم۔

اُن کا اُردو کلام اب نایاب ہے۔

تاریخ شعرائے بہار میں صرف چار اشعار درج ہیں۔ لکھا ہے۔ بہت تلاش سے ملے ہیں ؎

خلش رکھتا ہے جب سے دل سراپا خار پہلو میں ہُوا رکھنا ہے اس دشمن کا کیا دشوار پہلو میں
دل پُردرد ہے جس کا اسے آرام کیا ہووے یہ سچ ہے کیونکہ سووے جس کے ہو بیمار پہلو میں
لہو رونے سے میرے تر ہوا جیب و کنار آخر خلیلؔ آنکھوں کے ہاتھوں ہو گیا گلزار پہلو میں

اڑ گئے کچھ حواس سے میرے اُٹھ گیا کون پاس سے میرے

وجیہہ الدین عشقؔ

شیخ محمد وجیہہ الدین عشقؔ۔ شیخ غلام حسین مجرم کے بیٹے تھے۔ وطن عظیم آباد۔ عشقؔ کے والد محترم بھی اُردو فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے۔ اُن کا ایک اُردو مرثیہ بھی قاضی عبدالودود صاحب کی نظر سے گذرا ہے۔ عشقؔ فارسی انشار پردازی میں بڑا پایہ رکھتے ہیں۔ مرزا غالبؔ نے اپنے بعض خطوط میں ان کا ذکر کیا ہے۔ عشقؔ اٹاوہ اور ڈھاکہ وغیرہ میں رہے ہیں۔ آخر دفعہ جو ڈھاکہ گئے تو پھر واپس نہ آئے اور وہیں انتقال کیا

عشقؔ کی سب سے مشہور چیز اُن کا تذکرہ ہے۔ انھوں نے شعرائے اُردو کا تذکرہ

لہ تاریخ شعرائے بہار۔ از عزیز الدین بلخی رازؔ ص ۴۔ اور بہار کی اُردو شاعری۔ از قاضی عبدالودود صاحب اصدائے عام، عید نمبر ۵۳ص سنہ ۲۰ و مقدمہ دیوان جوشش و مقدمہ دیوان رضاؔ۔ از ق۔ ع۔ د۔

Marfat.com

فارسی میں لکھا۔ اس کا آغاز تیرہویں صدی کے اوائل میں ہوا اور انجام ۱۲۳۳ھ میں۔ ممکن ہے اس کے بعد تک آخری قلم کاری ہوتی رہی ہو تذکرہ عشقی کے دو نسخے اس وقت تک دستیاب ہوئے ہیں ایک آکسفورڈ میں ہے اور ایک قاضی عبدالودود صاحب کے پاس۔ تذکرہ کے علاوہ ایک دیوان اور مثنوی " یادگار چھوڑی تذکرہ گارسان دتاسی تذکرہ عشقی سے ماخوذ ہے۔ آغا حسین قلی خاں عاشقی عظیم آبادی صاحب تذکرہ " نشتر عشق " (مولفہ ۱۲۳۳ھ) عشقی کے شاگرد تھے۔ اور بہتیرے شعراء ان کے تلامیذ میں تھے۔ قاضی عبدالودود صاحب کے بقول " عشقی اُردو برائے نام کہتے تھے "۔ ممکن ہے کہ تذکرہ ' روز روشن ' میں فارسی دیوان کا ذکر ہو۔ تذکرہ عشقی میں قریباً نشتر عظیم آبادی شعراء کا ذکر ہے۔ خواہ وہ یہاں کے پرانے متوطن ہوں یا یہاں مقیم ہوں۔ ڈاکٹر اسپرنگر کے کیٹلاگ سے پتہ چلتا ہے کہ تذکرہ عشقی کا قلمی نسخہ شاہان اودھ کی لائبریری میں موجود تھا اور بقول گارسان دتاسی ایک قلمی نسخہ مسٹر جے۔ بی ایلیٹ کے پاس بھی تھا تذکرہ عشقی میں جتنے شاعروں کا ذکر ہے ان کے نام اور حالات مع اضافہ تحقیقات کے ڈاکٹر اسپرنگر کے کیٹلاگ آف اودھ لائبریری (فہرست کتب خانہ شاہان اودھ) اور تذکرہ گارسان دتاسی (تاریخ ادبیات ہندی و ہندوستانی) میں عشقی کے حوالہ کے ساتھ موجود ہیں شعرالہند جلد اوّل کے دیباچہ میں لکھا ہے کہ رحمت اللہ عشقی عظیم آبادی نے ۱۱۱۵ھ میں ایک تذکرہ ریختہ مرتب کیا۔ یہ صحیح نہیں۔ عشقی تخلص اور رحمت اللہ نام کا اجتماع عظیم آباد میں نہیں ہوا۔[3]

تذکرہ " روز روشن " (۱۲۲۶ھ) از عبرتی عظیم آبادی میں تذکرہ نگار نے خود عشقی کا دیوان مثنوی اور دیگر تصنیفات نظم و نثر وغیرہ ڈھاکہ میں عشقی کے احباب کے پاس دیکھیں۔ ہنوز مجھے اُردو نمونہ کلام کہیں نہیں مل سکا۔

---

۱ تاریخ شعرائے بہار، قلمی ص۴۹ بحوالہ تذکرہ روز روشن۔

۲ تاریخ شعرائے بہار، قلمی ص۲۱ از [illegible] علی عشقی عظیم آبادی [illegible]

۳ قلمی ورق [illegible] [illegible] ص۲۱ [illegible]

Marfat.com

نوٹ : آغا حسین قلی خاںؔ بن آغا علی خاں قاچار وجیہہ الدین عشقیؔ کے شاگرد تھے۔ ان کا وطن اصلی خراسان تھا۔ عظیم آباد میں پیدا ہوئے۔ انھوں نے تذکرہ "نشترِ عشق" لکھا۔ اس میں ایران و ہند کے چودہ سو شاعروں کا تذکرہ ہے۔ اُردو میں کہتے تھے ؎

جس سے کہ میں پوچھوں ہوں مزا عشق کا کیا ہے
رو رو کے یہ کہتا ہے کہ کچھ کہہ نہیں سکتا

عشقیؔ کے ایک اور شاگرد خواجہ حیدر جان شائقؔ۔ ڈھاکہ میں تھے۔

(تذکرہ "روز روشن" عبرتیؔ)

لہ ت۔ ق۔ ب۔ ا ر ع۔ آنچی ۱۲ ڈھاکہ۔

شعرائے شاہجہاں آباد جو عظیم آباد میں آباد ہوئے

میر محمد باقر حزیں

متوفی سنہ ۱۱۶۵ھ

نام میر محمد باقر، تخلص حزیں، دلّی کے رہنے والے حضرت [illegible] کے مرید اور شاگرد رشید، محمد شاہ بادشاہ کے عہد سلطنت [illegible] کے بعد پریشان حال ہو کر عظیم آباد چلے آئے [illegible]

[illegible]

Marfat.com

جو ہیں آنکھوں کے مخمور اونکو میخانے سے کیا نسبت   نگہہ کی جو ہیں تشنہ اونکو پیمانے سے کیا نسبت
ہوا ہے تو حزیں دیوانہ ان شہری غزالوں کا   تجھے صحرا سے اب کیا کام ویرانے سے کیا نسبت

اشرف علی خاں فغاں

متوفی ۱۱۸۶ھ

اشرف علی نام۔ مرزا علی خاں کے فرزند۔ فغاں تخلص۔ احمد شاہ بادشاہ کے کوکہ (سوتیلے بھائی) تھے۔ حاضر جواب۔ لطیفہ گو، ظریف و بذلہ سنج۔ خطاب شاہی۔ ظریف الملک کوکہ خاں۔ احمد شاہ ابدالی کے حملوں سے پریشان خاطر ہوکر مرشد آباد گئے۔ پھر فیض آباد۔ نواب اودھ شجاع الدولہ نے بہت آؤ بھگت کی۔ مگر بے تکلفی میں گرم پیبے سے ان کا ہاتھ داغ دیا۔ فغاں جل کر عظیم آباد چلے آئے۔ یہاں مہاراجہ شتاب رائے کی قدر دانی دامن گیر ہوئی۔ عظیم آباد سے کہیں نہ گئے۔ ۱۱۸۶ھ میں یہیں وفات پائی۔ ان کی قبر[1] محلہ دھولپورہ میں فقیر شاہی مسجد کے قریب ہے۔ قبر کے پتھر پر تاریخ انتقال کندہ ہے۔ "سرور دلہا رفت" ۱۱۸۶ھ نواب علی ابراہیم خاں خلیل کے بقول فغاں کے دیوان ریختہ کے علاوہ اُن کی دو مثنویاں بھی تھیں۔ اُن میں سے ایک ہجویہ تھی۔ نمونۂ کلام حسب ذیل ہے ؎

ہستی کے خرابے نظر آتے جو عدم میں   ہرگز کوئی اس خواب سے بیدار نہ ہوتا

دل بستگی قفس میں یہاں تک ہوئی مجھے   گویا مرا چمن میں کہیں آشیاں نہ تھا

عبث تو تڑپے ہے، کنج قفس میں مرغ چمن   اسی تڑپ میں تو یہ بال و پر گئے اپنے

میری طرف سے خاطر صیاد جمع ہے   کیا اُڑ سکے گا طائر بے بال و پر کہیں

---

[1] تاریخ شعرائے بہار، ج۱ ص ۵۲ - ۵۶ -

صیاد راہِ باغ فراموش ہوگئی
کنجِ قفس سے مت مجھے آزاد کیجو

فغاںؔ کا قلمی دیوان، اصلاح، لائبریری دسنہ، ضلع پٹنہ میں محفوظ ہے۔ (شتاب رائے از مولانا سید ابو ظفر ندوی۔ بہار نمبر ۱۹۳۵ء صفحہ ۲۹۷)

میر ضیاء الدین ضیاؔ

میر ضیاء الدین نام۔ ضیاؔ تخلص۔ دہلی کے رہنے والے۔ سوداؔ کے ہمعصر۔ وہاں سے نکل کر فیض آباد و لکھنؤ ہوتے ہوئے عظیم آباد میں آکر بس گئے۔ راجہ شتاب رائے کے بیٹے ان سے نہایت اچھا سلوک کیا کرتے تھے۔ میر حسنؔ دہلوی ان سے اصلاح لیا کرتے تھے (تذکرۂ میر حسنؔ)۔ نواب علی ابراہیم خاں سے تذکرۂ گلزار ابراہیم لکھتے وقت تک ملاقات نہیں ہوئی۔ اس امر کا صاحبِ تذکرہ نے ذکر کیا ہے (تاریخ شعرائے بہار صفحہ ۲۸) ۱۱۹۶ھ تک زندہ تھے۔ نمونۂ کلام ملاحظہ ہو

کل کی رُسوائی تجھے کیا بس نہ تھی اے ننگ خلق
اُس کے کوچہ میں ضیاؔ تو آج پھر جانے لگا

رُسوائیوں کی اپنے مجھے کچھ ہوس نہیں
ناصح پہ کیا کروں کہ مرا دل پہ بس نہیں

کچھ کل سے بھی زیادہ ہے بیتاب آج تو
قاصد ضیاؔ کو کیسی خبر آکے کہہ گیا

بھول کر بھی کبھی نہ یاد کیا   ہم ترے [illegible]

سلہ تاریخ شعرائے بہار [illegible]

Marfat.com

شاہ رُکنُ الدّین عشق

متوفی سنہ ۱۲۰۳ھ

شیخ رکن الدین نام۔ عُرف شاہ گھسیٹا۔ شیخ محمد کریم فاروقی کے بیٹے اور شاہ محمد فرہادؒ ابو العلائیؒ کے نواسے تھے۔ وطن دِلّی تھا۔ بچپن سے آغاز جوانی تک وہیں رہے۔ غالباً دُرّانیوں کے حملہ کی شہر آشوبی سے متاثر ہو کر وطن چھوڑا اور مرشد آباد پہونچے۔ خواجہ محمدی خان رسالہ دار نواب میر قاسم علی خاں عالی جاہ کی رفاقت میں ۰ ہزار سوار کی افسری کے منصب پر فائز ہوئے[1]۔ مرزا علی لطف اور اکثر تذکرہ نویس اس بات پر متفق ہیں کہ حضرت عشقؔ ایام شباب میں شاہجہاں آباد سے مُرشد آباد آئے۔ "یادگار عشق" از مولویؒ سیّد حسن رضا صاحب ثاقبؔ عظیم آبادی میں حضرت عشقؔ کی عمر سو برس قرار دی گئی ہے۔ اور سال ولادت سنہ ۱۱۰۳ھ متعین کیا گیا ہے۔ یہ تاریخی لحاظ سے بالکل صحیح نہیں معلوم ہوتا۔ کیونکہ میر قاسم کے عہدِ نظامت کا آغاز سنہ ۱۱۷۴ھ مطابق سنہ ۱۷۶۰ء میں ہوا۔ یہ قرین قیاس نہیں کہ اکہتر سال کی عمر میں عشقؔ کو فوجیؒ[3] ملازمت ملی ہو۔ ایک عرصہ تک اس رنگ میں بسر کرنے کے بعد فقرو درویشی کی طرف مائل ہوئے اور ترک ملازمت کرکے عظیم آباد چلے آئے۔ حضرت مخدوم منعم پاک رحمۃ اللہ علیہ کی توجہ سے فیض پایا اور بقیہ عمر ذکر الٰہی و خدمتِ خلق میں گزار دی۔ سنہ ۱۲۰۳ھ میں وفات[3] پائی۔ فدوی نے تاریخ وفات لکھی ہے

گفت فدوی سال تاریخ وفات　　ہادی ما شاہ رکن الدین عشق
۱۲۰۳ھ

---

[1] تاریخ شعرائے بہار۔ تمنّی ص۲۲-۲۷ سنہ ۱۹۳۰ء۔ [2] "یادگار عشق" حالات زندگی، خصوصیات شاعری و انتخاب کلام مع مقدمہ علامہ سلیمان ندوی سنہ ۱۹۲۶ء۔ [3] "گلشن ہند" مرزا لطف علی۔ تذکرہ مصحفی و تذکرہ حسن و تاریخ تذکرۃ الکرام از شاہ محمد کبیر صاحب ابو العلائی داناپوری۔

[3] نواب علی ابراہیم خلیلؔ سنہ وفات سنہ ۱۱۹۵ھ لکھتے ہیں۔ لیکن ایک اور تاریخ وفات ہے محمد تقی صاحب مرحوم شاہ کی اتی کی۔ "آفتاب طریقت" (سنہ ۱۲۰۳ھ)

Marfat.com

کسی مستند تذکرہ میں سال پیدائش درج نہیں اور قطعی طور پر یہ بھی نہ معلوم ہو سکا کہ عشق عظیم آباد کس سال تشریف لائے۔ قرینہ غالب یہی ہے کہ ۱۱۷۴ھ کے چند سال بعد تشریف فرمائی ہوئی ہوگی۔ میر قاسم عالی جاہ کی نظامت کا عہد ۱۱۷۴ھ تا ۱۱۷۸ھ (۱۷۶۱-۶۴ء) ہے۔ جناب ثاقب عظیم آبادی نے حضرت عشق کے ورود کا سال ۱۱۶۲ھ بحوالہ کیفیت العارفین لکھا ہے۔ یہ بھی صحیح نہیں معلوم ہوتا۔ حضرت عشق تقریباً پچیس سال تک عظیم آباد میں اقامت گزیں رہے۔ ڈھاکہ، مرشدآباد، عظیم آباد، وبہار کے اہل عقیدت آپ پر پروانہ وار نثار ہوتے تھے۔ نواب علی ابراہیم خلیل اور دوسرے تذکرہ نویس حضرت عشق کا ذکر بڑے ادب و احترام سے کرتے ہیں۔ پروفیسر دردائی لکھتے ہیں:

"اگر ملکہ نورجہاں ایرانی نژاد ہونے کے باوجود ایک ہندوستانی ملکہ کہلا سکتی ہے تو پھر کیسے ممکن ہے کہ میں شاہ گھسیٹا یا میاں فدوی کو عظیم آبادی شاعر نہ کہوں۔"

نواب شیفتہ صاحب گلشن بے خار نے بھی عشق کو "از سخن پروران معروف عظیم آباد" لکھا ہے۔

عشق کا اردو دیوان مرتب ہے۔ دیوان کا ایک قلمی نسخہ پیرس میں پروفیسر گارساں دتاسی کے پاس تھا۔ ایک دوسرا قلمی نسخہ خانقاہ، تکیہ حضرت عشق، پٹنہ سٹی میں موجود ہے۔ تیسرا قلمی نسخہ خانقاہ پھلواری شریف کے کتب خانہ میں ہے۔ دیوان ریختہ میں غزلیں، رباعیاں اور مثنویاں ہیں۔

حضرت عشق کی زندگی اور شاعری سے متعلق "یادگار عشق" از مولوی سید حسن رضا صاحب ثاقب عظیم آبادی نہایت ہی غنیمت تذکرہ ہے۔ علامہ سید سلیمان ندوی نے مختصر مگر بصیرت افروز مقدمہ لکھا ہے۔ اسلامی پریس صدر گلی، پٹنہ سٹی سے یہ چھوٹی

---

۱ بہار اور اردو شاعری، معین الدین دردائی ص۲۳ ۔ ۲ گلشن بے خار، ص۱۳۲۔

۳ تذکرہ طبقات الشعراء، از مولوی کریم الدین ص۱۸۴۸ء۔

۴ تاریخ شعرائے بہار، قلمی ص۲۵-۲۶۔ ۵ یادگار عشق، از ثاقب عظیم آبادی۔

سی کتاب ۱۹۲۹ء میں شائع ہوئی۔ ایک نسخہ میرے پاس موجود ہے۔ باب اوّل حالات زندگی میں ہے۔ باب دوم خصوصیات شاعری میں، اور باب سوم انتخاب کلام عشق پیش کرتا ہے۔ تذکرہ میں ہمعصر شعرائے عظیم آباد، پھلواری شریف اور مرشدآباد کے بارے میں بھی اہم اطلاعات ملتی ہیں۔ شاد عظیم آبادی نے بلا ثبوت یہ بات اپنی کتاب "تاریخ صوبۂ بہار" اور "حیاتِ فریاد" میں لکھ دی ہے کہ حضرت عشق کو راسخ عظیم آبادی سے تلمذ تھا۔ یہ بالبداہت غلط ہے۔ راسخ ۱۱۹۲ھ میں پیدا ہوئے۔ اور ان کے ہوش سنبھالنے سے پہلے عشق مسلم الثبوت اساتذہ میں شمار کیے جانے لگے تھے۔ جیسا کہ تذکروں سے ثابت ہے۔ حضرت عشق کے کلام کا نمونہ حسب ذیل ہے اس میں صوفیانہ عارفانہ و عاشقانہ کیف ہے۔ درد و میر کا انداز ہے ؎

آہ جانسوز کو سر دفتر دیوان کیا	عشق نے دیکھتے ہو پہلے ہی طوفان کیا

عرش تا فرش سیر کر دیکھا	تو ہی آیا نظر جدھر دیکھا

آگے میاں نصیب ہے سرسبز ہو نہ ہو	دل کی زمیں میں تخم محبّت تو بو دیا

چین ہی اس دل بے تاب کا منظور نہ تھا	ورنہ آنا ترا مجھ پاس تو کچھ دور نہ تھا

داغ دل کا تو کبھی ہم سے مٹایا نہ گیا	یہ دیا وہ ہے جو دن کو بھی بجھایا نہ گیا

نہ بت خانہ کو جاتے ہیں نہ کعبہ میں بھٹکتے ہیں	جہاں تم پانوں رکھتے ہو وہاں ہم سر پٹکتے ہیں

کیا پوچھتے ہو مجھ سے کہ کیوں تو نے رو دیا	دل نے کیا تھا جمع سو آنکھوں نے کھو دیا

عشق یادش بخیر اے یارو	آگے آتا تھا اب نہیں آتا

Marfat.com

محنتِ دل سوئے دیدہ آتا ہے　　لُوکو مت ا نورِ دیدہ آتا ہے

دل دھڑکتا ہے آج کچھ بے طور　　کوئی خنجر کشیدہ آتا ہے

تیر کے نام پر تڑپتا ہے　　اس طرح کا کہیں جگر دیکھا

ڈرے اُس کے زباں پہ حرف نہیں　　تس پہ ہے بدگمان کیا کیجئے

اُس کے دامن تلک نہ پہنچے ہم　　خاک میں آپ کو ملا دیکھا

میری آنکھوں سے وہ جُدا بھی نہیں　　گو وہ مجھ پر نظر نہیں رکھتا

بسا ہے دل میں آ وہ خانہ ویراں　　خدا وندا اُسے آباد رکھنا

اپنی آنکھوں سے پوچھ اے خوش چشم　　مجھ سے کیا پوچھتا ہے کیا دیکھا

ممکن نہیں جی بچے سحر تک　　باقی ہے ابھی دوپہر رات

جان کو بے قرار پاتے ہیں　　دل کو بے اختیار پاتے ہیں

یہ حُسن، یہ ادا یہ نگاہیں یہ گرمیاں　　نام خدا کہاں ہیں کسی طرحدار میں

نذر کو کچھ نہ تھا مجھ پاس　　دلِ بے اختیار لایا ہوں

ایک دن بھی خیال دلداری　　نہ کیا آہ تو نے پر نہ کیا

کون سی رات خونِ دل سے عشق   دامن و آستیں کو تر نہ کیا

جاتا ہے فلک کے پار نالہ   یہ تیر بھی کار گر نہ ہوگا

دل کے ہاتھوں خراب پھرتا ہوں   اس میں کچھ اختیار ہے میرا

بولیے تو زبان جل جائے   چپکے رہیے تو جان جل جائے

کس کی بستی ہے کون بستا ہے   کربلا جس کے گھر کا رستا ہے

تم عبث اب ڈھونڈتے ہو آشیانِ عندلیب
مشت پر گلشن میں باقی ہے نشانِ عندلیب

مرزا محمد علی فدوی

متوفی سنہ ۱۲۱۰ھ

مرزا محمد علی عرف مرزا بھجو یا مجو دہلی کے رہنے والے تھے۔ احمد شاہ[1] بادشاہ کے دربار میں وقائع نویس کی حیثیت سے ملازم رہے۔ دہلی سے مرشدآباد گئے کچھ دنوں وہاں مقیم ہوئے۔ سنہ ۱۱۹۰ھ میں[2] عظیم آباد آکر مستقل سکونت اختیار کی۔

---

[1] قاضی عبدالودود صاحب اور پروفیسر حسنین سلمہ کو اس بیان پر شبہ ہے۔ احمد شاہ کا عہد سلطنت (۱۱۶۲ھ/۱۷۴۹ء تا سنہ)، مختصر رہا ہے۔ فدوی کی پیدائش اگر سنہ ۱۱۴۰ھ کے لگ بھگ مانی جائے تو یہ ممکن ہے۔ لیکن اس صورت میں وہ جوانی میں عظیم آباد نہیں آسکتے، بلکہ ۴۵-۵۰ سال کی عمر میں یہاں آنا زیادہ قرین قیاس ہے۔

[2] تذکرۂ گلزار ابراہیم، فدوی کا تذکرہ گلشن بے خار، ص ۱۴۷ اور تذکرۂ میر حسن میں بھی ہے۔ نیز گلشن ہند، ص ۱۳۶۔ اور تذکرۂ شورش عظیم آبادی میں۔

Marfat.com

حضرت عشقؔ کے علوم ظاہری و باطنی میں شاگرد ہوئے۔ سنہ ۱۲۱۰ھ میں انتقال کیا۔ فن موسیقی میں بھی ماہر تھے۔ اُن کا اُردو دیوان مکمل ہے۔ اس کا ایک قلمی نسخہ مولوی سید ضمیرالحسن صاحب رئیس موضع گیلانی، مضافات بہار شریف کے کتب خانہ میں ہے۔ دوسرا روائیل ایشیاٹک سوسائٹی، کلکتہ کی لائبریری میں اور تیسرا پٹنہ یونیورسٹی کے شعبۂ مخطوطات میں۔ آخرالذکر پروفیسر حسنؔ عسکری صاحب کو پٹنہ سٹی سے ملا۔

پروفیسر حسنینؔ سلمہٗ عظیم آبادی فدویؔ پر ریسرچ کی تکمیل کر چکے ہیں۔ انھوں نے کئی سال کی محنت سے قلمی نسخوں اور تذکروں سے مواد مہیّا اور دیوان فدوی مرتّب کیا ہے۔ اُن کا مقالہ پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری کے لیے پیش ہو چکا اور انشاءاللہ شائع بھی ہو گا۔

فدویؔ کی شاعری میں اور فنی خوبیوں کے ساتھ درد و گداز بھی پایا جاتا ہے نمونۂ کلام حسب ذیل ہے ؎

چل ساتھ کہ حسرت دلِ مرحوم سے نکلے ۔۔۔ عاشق کا جنازہ ہے ذرا دھوم سے نکلے[1]

بن ملے تو یہ حال ہے فدویؔ ۔۔۔ وہ ملے گا تو کیا غضب ہوگا

کیوں کی اودھر نگاہ جو وہ مجکو پا گیا ۔۔۔ دل پر ہوئی جو ہونی تھی آنکھوں کا کیا گیا

بیخودی اور شرم سے باتوں کا کس میں ہوش تھا ۔۔۔ وہ اودھر خاموش تھا کل میں ادھر خاموش تھا

وہ ہم پہ مہربان کبھی ہے کبھی نہیں ۔۔۔ جینے کا اب گمان کبھی ہے کبھی نہیں

---

[1] تاریخ شعرائے بہار، بلمی۔ گر دردائی نے، بہار اور اُردو شاعری، میں اسی شعر کو یوں لکھا ہے ؎

چل ساتھ کہ حسرت دلِ محروم سے نکلے
عاشق کا جنازہ بھی ذرا دھوم سے نکلے

Marfat.com

پھرتے تھے تم تو آنکھ بچائے چھپے چھپے نکلا کدھر سے چاند جو آئے چھپے چھپے

تری ہم نے تاثیر بس آہ دیکھی
نہ آیا وہ کافر بہت راہ دیکھی

مہاراجہ کلیان سنگھ عاشق

۱۱۶۵ھ تا ۱۲۳۷ھ / ۱۸۲۱ء

مہاراجہ کلیان سنگھ، تخلص عاشق۔ یہ مہاراجہ شتاب رائے کے بیٹے تھے۔ باپ کے مرنے کے بعد اُن کا منصب بھی پایا تھا۔ ان کی پیدائش بھی دہلی کی ہے مگر کم عمری میں پٹنہ چلے آئے تھے۔ ان کی شاعری آغوش عظیم آباد میں پروان چڑھی۔

پروفیسر سیّد حسن عسکری صاحب نے ندیم بہار نمبر ۱۹۴۰ء میں ایک سیر حاصل مقالہ بعنوان صوبہ بہار کے آخری ہندوستانی گورنر لکھا تھا۔ اس میں بڑی تفصیل سے اس زمانہ کے حالات کا پس منظر اور انتظام الملک ممتاز الدولہ مہاراجہ کلیان سنگھ بہادر تہوّر جنگ کے احوال پیش کیے ہیں۔ پروفیسر موصوف نے خلاصۃ التواریخ اور واردات قاسمی (۱۲۳۴ھ / ۱۸۱۹ء) مؤلفہ مہاراجہ کلیان سنگھ۔ ان کی دوسری تصانیف کے قلمی نسخوں اور بہتیرے تاریخی شواہد سے مواد اکٹھا کیا ہے۔

مہاراجہ کا خاندان دہلی کا سکسینہ کائستھ خانوادہ تھا۔ راجہ رام نرائن لال موزوں ۱۱۶۶ھ / ۱۷۵۳ء تا ۱۱۷۶ھ / ۱۷۶۳ء بہار، بنگال و اُڑیسہ کی نظامت پر مامور رہے۔ اس عہد میں بڑے بڑے انقلابات رونما ہوئے۔ مہاراجہ شتاب رائے نے کچھ عرصہ راجہ رام نرائن لال کے ساتھ مل کر کام کیا۔ آخر ۱۱۷۹ھ میں مہاراجہ شتاب رائے اس عہدہ پر مامور کیے گئے۔ جنگ بیرپور سے بادشاہ دہلی کا زوال اور انگریزوں کا

---

[1] تذکرۂ معراج الخیال، از عبرتی عظیم آبادی۔ [2] شتاب رائے گورنر بہار۔ از مولانا سید ابوظفر ندوی۔ ندیم، گیا بہار نمبر ۱۹۳۵ء۔ بحوالہ سیر المتاخرین جلد دوم۔

Marfat.com

عروج شروع ہوتا ہے اور اسی وقت سے راجہ شتاب رائے کا ستارۂ اقبال طلوع ہوا۔ مگر جب میر قاسم نے راجہ نرائن سے محاسبہ کیا اور انھیں گرفتار کرلیا تو شرکت امارت کی وجہ سے شتاب رائے پر بھی عتاب آیا۔ راجہ موصوف مصلحتاً ہر کام سے دست بردار ہوکر خانہ نشین ہوئے۔ انگریزوں کی مداخلت کی وجہ سے انھیں کلکتہ بھیج دیا گیا۔ ممبران کونسل انگریزی نے راجہ کو بے قصور پایا۔ لیکن نواب میر قاسم کی رعایت بھی ملحوظ تھی۔ اس لیے حکم ہوا کہ راجہ شتاب رائے نواب کی مملکت سے باہر چلے جائیں۔ انھوں نے نواب شجاع الدولہ ناظم اُودھ کے دربار میں مُلازمت اختیار کرلی اور راجہ بینی بہادر کے ساتھ نائب صوبہ دار ہوکر باعزّت رہنے لگے۔

کچھ سیاسی نشیب و فراز کے بعد راجہ شتاب رائے اپنے پرانے عہدہ پر عظیم آباد واپس آگئے۔ اس وقت میر جعفر کی طرف سے میر کاظم ناظم اور راجہ دھیراج نرائن دیوان مقرر تھے۔ راجہ شتاب رائے شاہی دیوان کی حیثیت سے کام کرنے لگے۔ انھیں کی کوشش سے شاہ عالم بادشاہ نے ایسٹ انڈیا کمپنی کو بنگال، بہار اور اُڑیسہ کی دیوانی عطا کی۔ انگریزوں نے خوش ہوکر شتاب رائے کو نظامت بہار دلوائی۔ دربار شاہی سے 'ممتاز الملک مہاراجہ شتاب رائے بہادر منصور جنگ' خطاب عطا ہوا۔ راجہ شتاب رائے اور دھیرج نرائن امور نظامت انجام دیتے تھے اور مسٹر مڈلٹن ان کی نگہداری کرتے تھے (سیر المتاخرین)۔ دھیرج نرائن پر غبن کا الزام آیا۔ مظفر جنگ مُرشدآباد سے عظیم آباد حساب فہمی کے لیے بھیجے گئے اور انگریزوں کے حکم سے دھیرج نرائن گرفتار کرلیے گئے۔ بعد ازآں مہاراجہ شتاب رائے عظیم آباد، بہار کے تنہا ناظم مقرر ہوئے۔ ۱۱۸۶ھ میں لارڈ ہسٹنگز نے مظفر جنگ اور شتاب رائے دونوں کی گرفتاری کا حکم بجرم خیانت دیا۔ راجہ موصوف تین ماہ تک نظربند رہے۔ آخرش وہ باعزت رہا ہوئے۔ مگر بیمار و دل شکستہ۔ عظیم آباد کا نظم بھی بدل چکا تھا۔ ایک انتظامی کاؤنسل مقرر ہوئی تھی جس کے ایک رُکن راجہ موصوف بھی مقرر ہوئے تھے۔ ۱۱۸۷ھ میں اُن کا انتقال ہوا۔ تلافیٔ مافات کے سلسلے میں اُن کے بیٹے کلیان سنگھ کو پہلے انتظامی کاؤنسل کی ممبری اور پھر عظیم آباد کی نظامت سُپرد کی گئی۔

Marfat.com

میر غلام حسین مصنف سیر المتاخرین کی رائے ہے کہ:

"راجہ بہت زیادہ اوصاف حمیدہ رکھتا تھا۔ اور اُس عہد میں اکثر اُمرا سے ممتاز تھا اور اخلاق میں ان پر فضیلت حاصل تھی۔" راجہ شتاب رائے کی طرز معاشرت ہند اسلامی تہذیب کی آئینہ دار تھی۔ عقائد کے لحاظ سے وہ صوفی منش موحد شخص تھے۔

مہاراجہ شتاب رائے کا ادبی ذوق بھی بہت بلند اور اعلیٰ تھا۔ وہ شاعروں، فن کاروں اور صناعوں کے نہایت قدر دان تھے۔ اس باب میں ان کے گھرانے پر ہمہ خانہ آفتاب کی مثل صادق آتی تھی۔ اشرف علی فغاں، مہاراجہ کے دربار سے وابستہ تھے۔ راجہ شتاب رائے کے لڑکے خود شاعر اور شعراء کے قدر دان اور سرپرست تھے۔ وہ میر ضیاء الدین ضیاء سے بطور خاص حُسن سلوک کیا کرتے تھے۔ اس گھرانے اور راجہ رام نرائن لال کی بدولت اس عہد میں عظیم آباد، پٹنہ، دہلی اور لکھنؤ کا ہم پلہ ہو رہا تھا۔ اس کی بڑی شہرت ہوئی اور شاعروں کی کثرت نے اس شہر کو اُردو کا ایک اہم مرکز بنا دیا۔ چنانچہ میر شیر علی افسوس اور میر امن دہلوی بھی عظیم آباد آئے اور شتاب رائے کے صاحبزادے کے کرم وجود سے فیض یاب ہوتے رہے۔ عشقی کا قول ہے کہ فدوی، عاشق کی رفاقت میں زندگی بسر کرتے تھے۔[۵]

مہاراجہ کلیان سنگھ کی مہاراجگی اور مدار المہامی یوں تو عرصہ تک قائم رہی لیکن اصل میں رفتہ رفتہ انگریز ہر معاملہ میں پورے طور پر قابض و دخیل ہو گئے۔ کلیان سنگھ برائے نام "نائب ناظم صوبۂ بہار" رہ گئے۔ ۱۲۰۲ھ/۱۷۸۸ء میں مہاراجہ عظیم آباد چھوڑ کر کلکتہ جا پہنچے جاگیروں کی واگذاشت اور عہدوں کی بحالی کے لیے سعیٔ ناکامیاب کرتے رہے۔ مہاراجہ کے چوبیس سال کلکتے میں گذرے۔ بیمار ہو گئے۔ آنکھیں جاتی رہیں۔ ۱۲۲۶ھ میں کلکتہ سے عظیم آباد پٹنہ روانہ ہوئے۔ یہاں اب کیا رکھا تھا۔ ویرانی ہی ویرانی تھی۔ تقریباً ایک برس یہاں رہ کر اس "شہر ناپرسان جہنم آباد" سے کلکتہ واپس چلے گئے۔ بیماری اور نابینائی میں بھی دیوان پر دیوان، مثنوی پر مثنوی پر گو

۵۔ خطبۂ صدارت صلاح الدین خدابخش ۱۹۳۰ء۔

Marfat.com

شاعر منشیوں کو لکھواتا گیا[1]۔ ایک برس پٹنہ کے قیام میں پوری خلاصۃ التواریخ[2]، اور واردات قاسمی لکھوادی۔ ادبی شغل تا حیات جاری رہا۔ آخر ۷۳ سال کی عمر میں ۲۶ شوال ۱۲۳۷ھ / ۱۸۲۱ء میں[3] کلکتہ ہی میں انتقال کیا۔

مہاراجہ کلیان سنگھ عاشقؔ باکمال، ہمہ داں، شیریں زبان، عاشق مزاج و رنگین اطوار تھے۔ ہندو مسلمانوں کے مشترکہ تمدّن کے بہترین نمائندہ اپنے والد بزرگوار مہاراجہ شتاب رائے کے مَسلک پر کاربند۔ مخیّر، فیاض اور سرپرست علم و فن۔ عزیز الدّین بلخی لکھتے ہیں:

"اگرچہ یہ بھی اپنے باپ ہی کے مانند مجمع کمالات تھے۔ لیکن راحت طلب اور عیش پسند ہونے کے باعث اس خدمت جلیلہ پر اون کی جانشینی سے جی چراکر صہبائے لعل رنگ اور معشوقان شوخ و شنگ کے ساتھ زندگی بسر کرتے رہے۔ سوائے فکر شعر کے اور کسی درد سر کو مول نہ لیا۔"

دلّی کے محمد شاہ رنگیلے۔ لکھنؤ کے واجد علی شاہ رنگیلے پیا کی طرح پٹنہ کے کلیانؔ سنگھ بھی رنگیلے۔ رسیلے اور عاشق مزاج تھے۔ زوال اور شکست و ریخت کے دَور میں غم غلط کرنے کا فراری اور رندانہ فلسفہ احساسِ بربادی کو کم کرکے فریب نشاط کے رنگین دھندلکے پیدا کردیتا ہے ؎

حدیث مے د مطرب گو و رازِ دہر کم تر جو
کہ کس نکشود و نکشاید بہ حکمت ایں معمہ را

کلیان سنگھ عاشقؔ کے فارسی میں بکثرت دواوین۔ متعدد مثنویاں اور قصائد ہیں۔ مگر اُردو میں متفرق اشعار کے علاوہ صرف ایک سہرا اور ایک مثنوی ملتی ہے جس کے بہت سے اشعار ضائع ہوگئے ہیں۔ یہ مثنوی بہ اقساط رسالہ معاصر پٹنہ میں شائع

---

[1] یہ وزیر علی عبرتی عظیم آبادی: "معراج الخیال"۔

[2] خلاصۃ التواریخ اور واردات قاسمی کے قلمی نسخے نواب زادہ سید محمد مہدی، پٹنہ سٹی کے پاس ہیں

[3] "معراج الخیال" عبرتی میں غلطی سے ۱۲۰۷ھ درج ہے۔ بقول پروفیسر عسکری۔

Marfat.com

ہوتی رہی ہے اور پھر یکجا بھی " دائرۂ ادب " پٹنہ کی طرف سے مرتب کردی گئی ہے۔ جو میرے پیش نظر ہے۔ تذکرۂ شورش، تذکرۂ عشقی اور تذکرۂ عبرتی میں عاشق کے متعلق معلومات حاصل ہوتی ہیں اور سیر المتاخرین اور خلاصۃ التواریخ و واردات قاسمی سے حالات زندگی پر روشنی پڑتی ہے۔

مثنوی کا قلمی نسخہ بابو رامیشور پرشاد بی۔ اے۔ بی۔ ایل پٹنہ کے پاس ہے قاضی عبدالودود صاحب نے اپنے مختصر نوٹ کے ساتھ اسے معاصر میں شائع کرایا تھا۔ نمونۂ کلام حسب ذیل ہے:

ہوا[1] تیرے جلوے سے بے خود کلیم — کیا اُس نے اس شعلے سے خوف و بیم
دمِ وصل موسیٰ ہوا بے خبر — تجلی سے تیری گرا کوہ پر
محمدؐ سزا وار دیدار ہے — کہ تیرا وہ یارِ وفادار ہے

" "

محمدؐ ہے محبوب پروردگار — محمدؐ ہے مطلوب پروردگار

" "

محمدؐ کی سب سے بڑی شان ہے — محمدؐ کا چاکر سلیمانؑ ہے

گھٹا[2] گھر کے آئی پڑے ہے پھہار — چمکتی ہے بجلی بہ شان شرار
گرجتا ہے بادل عجب شور سے — برستا ہے ابر سیہ زور سے
عجب دھوم سے قطرہ زن ہے سحاب — چھپا ابر تاریک میں آفتاب

" "

قرابے کا منہ کھول ساقی شتاب — پیالے میں بھر پرتگالی شراب

" "

کہ کہتا ہوں میں اب کہانی نئی — دکھاتا ہوں غم کی نشانی نئی

---

[1] ورق ۳ قلمی نسخہ۔ [2] ورق ۱۴ قلمی نسخہ۔

حریم اس کے تھے نازنینوں سے پُر — گھر اُس شاہ کا مہ جبینوں سے پُر
شب و روز عشرت سے تھا اُس کو کام — مئے خرمی سے تھا لبریز جام
قمر طلعتوں سے ہم آغوش تھا — صراحئ عشرت سے مئے نوش تھا
سُلگنے لگی غم سے وہ دل جلی — ہوئی اس کے دل کو عجب بے کلی
گیا دل سے آرام اور جی سے چین — ہوئے مثل ابر اشک ریز اس کے نین

اکیلے چھپر کھٹ میں دولہا دولہن — لگاتے تھے آپس میں تازہ لگن
اِدھر سے کرشمہ اُدھر ناز تھا — محبت کا کیا خوب انداز تھا
لگائی بنے نے بنی ساتھ لاگ — ہوئی مشتعل عیش و عشرت کی آگ
گلے سے لگائی بنے نے بنی — تڑپنے لگی شرم سے کامنی
دیا بوسہ اُس لعل مے نوش پر — رکھی اس نے دو شاخ گل دوش پر

مذکورہ بالا شعراء کے علاوہ اور کئی شعراء دوسرے مراکزِ اردو سے عظیم آباد آئے۔ مگر پھر وہ تشریف لے گئے۔ مثلاً:

(۱) **اَلَم** دہلوی۔ صاحب میر نام۔ اَلَم تخلص۔ خواجہ میر درد کے بیٹے۔ مرشدآباد و عظیم آباد میں رہے تھے۔ قریباً ۱۲۱۵ھ میں وفات پائی۔

(۲) **دَردمَند** دکنی (محمدآبادی) ثم دہلوی۔ محمد فقیہ نام۔ دردمند تخلص۔ وطن محمدآباد۔ بیدر (دکن)۔ وہاں سے دہلی آئے (۱۱۳۶ھ) شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مظہر جانجاناں کے سایۂ عاطفت میں پروان چڑھے۔ دلی سے عظیم آباد آئے۔ ایک مدت تک یہاں رہنے کے بعد [illegible] گئے۔ انتقال مرشدآباد میں کیا (۱۱۷۵ھ)۔ اردو ساقی نامہ مشہور ہے۔

[illegible]

Marfat.com

بہار میں

اردو نثر نگاری

۱۰۸۱ھ تا ۱۲۷۵ھ

Marfat.com

Marfat.com

حضرت عماد الدّین قلندر پھلواروی

" سیدھا رستہ " دینیات کا ایک مختصر رسالہ ہے۔ یہ حضرت عماد الدین قلندر کی تصنیف ہے۔ جناب تمنّا عمادی مجیبی پھلواروی کو رسالہ مذکور خانقاہ عمادیہ، منگل تالاب، پٹنہ سٹی کے کتب خانہ سے ملا تھا۔ رسالہ از ابتدا تا انتہا خطِ نسخ میں لکھا ہوا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس رسالہ کا ایک نسخہ حضرت مصنّف کے دست مبارک کا لکھا ہوا کہیں نہ کہیں موجود ہے۔ مگر باوجود تلاش جناب تمنّا یا اور کسی کو اب تک نہیں مل سکا۔ " سیدھا رستہ " کا دریافت شدہ نسخہ غالباً جناب تمنا کے ساتھ ڈھاکہ جا چکا آپ وہاں ہجرت فرما گئے ہیں۔ رسالہ معیار، پٹنہ (ماہ مارچ ۱۹۳۶ء مرتبہ قاضی عبدالودود) میں " سیدھا رستہ " کی پوری نقل بالکل اصل کے مطابق شائع ہو چکی ہے۔ ابتدا میں سورۂ فاتحہ ہے۔ بعد از آں یوں شروع ہوتا ہے :

سیدھا رستہ

اما بعد پس جانو اے مسلمان بھین آؤر بیٹی سب کہ اللہ تعالےٰ ایک ہیں۔ اون کے تیئں دھڑ بدن ہاتھ آؤر پانوں ناک کان پیٹ پیٹھ کوچھ نہیں ہے۔ دھڑ بدن میٹی سے بنیں ہیں، وے میٹی پانی آگ ہوا سب کے تیئں تو آپی بنائن ہیں، آسمان زمین پاہاڑ ندی دریا سب اون ہی بنائن ہیں، اون کی تیئں صورت بھی نہیں ہے، مورت بدن کی ہووے ہے۔ جب اون کے تیئں بدن نہیں تو صورت کیسے ہو سکی۔ اللہ تعالےٰ کے ایسا کوؤ نہیں ہے۔ آؤر نہیں ہو سکے ہے۔ اللہ تعالےٰ کا کوؤ شریک ساتھی سنگھاتی نہیں ہے۔ آؤر نہیں ہو سکے ہے۔ نہیں اون کے تیئں کوؤ جنس ہے۔ آؤر نہیں اون سے کسو کی تیئں جنن ہے، اون کے تیئں جورو جاتا

Marfat.com

بال۔ بچہ نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔، نہیں مرد، ۔۔۔۔۔۔۔۔ نہیں وے لڑکا ہیں، نہیں بوڑھا، نہیں جوان، وے ہمیشہ سدا ستی ہیں آور سدا تک رہیں جیسے تھے ویسے ہی ہیں، اور ویسی ہی رہیں۔ وے دیکھے ہیں بنا آنکھ کے آور سُونے ہیں بنا کان کے، اور بولے ہیں بنا موںھ اور زبان کے۔۔۔۔۔۔"

رسالہ میں سات چھوٹی چھوٹی فصلیں ہیں اور رسالہ کا اختتام یوں ہوتا ہے:

"۔۔۔۔ ان سب بات سیتی بچنا ہر مسلمان کے واسطے فرض ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان مرد عورت کے تئیں نیک کام کی توفیق دیویں۔ اور ہر بورے کام سیتی بچاویں اور اس فقیر عماد الدین کے تئیں جو شاہ برہان الدین کا بیٹا ہے اور اون دونوں کے مائے باپ کے تئیں اور سب مسلمان عورت مرد جیتے موئے کون اپنی کرم سیتی بخش دیویں اور سب کے گناہوں سیتی درگذر فرماویں۔ اور موئے پیچھے اپنے حبیب رسول کی شفاعت روزی فرماویں آمین ثم آمین۔

رُباعی

یارب نگہ عنایت ایدھر کردو کانٹا ہے عمادؔ تم گُل تر کردو

ہے رنگ گنہ سیتی رُخ اس کا کالا تم غازۂ عفو سین منور کردو

تمام ہوا یہ رسالہ صراط مستقیم معروف بہ "سیدھا رستہ" بتاریخ ۲۲ ربیع الاول شریف بیچ وقت ظہر کے ۱۰۸۱ھ ایکہزار اکاسی ہجری میں۔"

الحمد للہ کہ ایں رسالہ در مدت دو روز حسب فرمائش اہل خانہ خود در زبان مروجہ دریا خود نوشتہ شدہ کہ مردمان وزنان ناخواندہ را در زبان مادری ایشان ذریعۂ معلومات ضروریہ دینیہ گردد و برائے مَن ذخیرۂ آخرت شود ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم۔[1]

حضرتؒ عماد الدین قلندر ۱۰۶۵ھ میں پیدا ہوئے۔ تکمیل تعلیم کے لیے اٹھارہ انیس برس کی عمر میں دہلی گئے۔ اور شیخ عبدالحق دہلوی کے نبیرہ سے علم حدیث کی سند

---

[1] تذکرۃ الصالحین مصنفہ محمد حبیب اللہ صاحب عظیم آبادی ص ۱۱۳ - ۱۱۱ - و تذکرۃ الکرام و رسالہ معارف پھلواری (پٹنہ) بابت شوال ۱۳۳۰ھ۔

Marfat.com

حاصل کی۔ اسی زمانہ میں حضرت سید محمد فاضل قلندر ساڈھوری سے فیض روحانی بھی پایا۔ آپ لاہور بھی تشریف لے گئے تھے۔ پچیس سال کی عمر میں فارغ التحصیل ہوئے اور لاہور کے مدرسے میں دو سال تک درس دیتے رہے۔ پھر ساڈھورے تشریف لے گئے اور حضرت سید محمد فاضل قلندر سے بیعت کی۔ وہاں بھی قیام فرمایا۔ ۱۱۰۴ھ میں پھلواری واپس تشریف لائے۔ ۱۱۲۴ھ میں انتقال فرمایا۔ دو صاحبزادے، ایک ہشت سالہ، دوسرے دو سالہ یادگار چھوڑے۔

صراط مستقیم عرف سیدھا رستہ کے اصل نسخے میں یائے مجہول بالعموم یائے معروف کی طرح لکھی گئی۔ چند الفاظ کا طرز املا حسب ذیل ہے:

اُن۔ ادن، اُس۔ اوس، اور۔ آؤر، ناک۔ ناکھ، ہاتھ۔ ہانتھ، آپ ہی۔ آپی مٹی۔ میٹی، بہت۔ بہوت، دوسرے۔ دُسر، دونوں۔ دنوں، بُرا۔ بورا، دکھلانا دیکھلانا، پھر۔ پھیر۔

رسالہ، سیدھا رستہ کے متعلق مشہور محقق قاضی عبدالودود صاحب کا خیال حسب ذیل ہے:

"۔۔۔۔ کتاب کا سال تصنیف ۱۰۸۱ھ بتایا گیا ہے، اگر مصنف کا سال ولادت ۱۰۶۵ھ ہے جیسا کہ مصنف تذکرۃ الصالحین نے لکھا ہے تو ۱۰۸۱ھ میں مصنف کی عمر ۱۶ سال سے زیادہ نہیں ٹھہرتی، اور یہ بالکل قرین قیاس نہیں کہ گیارہویں صدی میں اس عمر کا کوئی شخص تصنیف کے لیے اُردو کو منتخب کرتا جو اس عہد کی تصنیفی زبان نہ تھی اور صرف نثر ہی نہیں، بلکہ نظم بھی اس زبان میں لکھتا۔ کتاب کے خاتمے سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ تاہل کی زندگی اختیار کرنے کے بعد یہ کتاب تصنیف ہوئی ہے۔ حالانکہ مصنف کے حالات جو تذکرۃ الصالحین میں درج ہیں ان سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ تاہل کا زمانہ ۱۰۹۱ھ کے بہت بعد ہوگا ۔۔۔۔ اگر یہ واقعی گیارہویں صدی کا لکھا ہوا ہے تو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اس صوبہ میں نثر و نظم اُردو کا اس سے قدیم تر نمونہ اس وقت تک دستیاب نہیں ہوا۔۔۔۔" (تعارف معیار، پٹنہ، مارچ ۱۹۳۶ء [illegible])

میرے خیال میں قاضی صاحب کے شکوک باوزن نہیں۔ پھلواری شریف میں ہندوستانی بولی کی طرف توجہ ابتدا سے تھی۔ دراصل صوفی خانوادوں میں تبلیغ حق اور ترویج اسلام کی لگن تھی اور اس غرض کے لیے عام بول چال کی زبان کو ہی ذریعۂ اظہار بنایا جاتا تھا۔ کسی نہ کسی کو تو ابتدا کرنی ہی تھی۔ اب تک کی تحقیقات کے لحاظ سے حضرت عمادؔ ہی موسس اوّل ظاہر ہوتے ہیں۔ پھر یہ کوئی انوکھی ریت نہ تھی۔ دکنؔ میں صوفیائے کرام قدیم اُردو میں مذہبی رسالے تصنیف فرما چکے تھے۔ دوسرا شبہ عمر کے متعلق ہے۔ یہ بھی محض وہم ہے۔ آپ کے سوانح سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ غیر معمولی طور پر تیز و طبّاع تھے۔ گھریلو زبان میں مذہبی معلومات کے متعلق مختصر سا رسالہ لکھنا کوئی بڑی بات نہ تھی۔ آج بھی ۱۶ سال کی عمر میں ذہین افراد اَدب و شعر کی تخلیق کرنے لگتے ہیں۔ اس عمر میں ڈگری کلاسوں میں تعلیم حاصل کرتے ہیں اور اچھے خاصے مضامین لکھتے ہیں۔ تیسری بات تاہل کی زندگی کے متعلق ہے۔ اس میں بھی کوئی پیچیدگی نہیں۔ چودہ، پندرہ سال کی عمر میں بھی بعض شادیاں ہو جاتی ہیں۔ ممکن ہے حضرت عمادؔ کی شادی بھی پندرہ سولہ سال کے سن میں ہوئی ہو۔ اور آپ نے "حسب فرمائش اہل خانہ خود" رسالہ صراطِ مستقیم معروف بہ 'سیدھا رستہ' شادی کے بعد لکھا ہو۔ تکمیل تعلیم کے لیے آپ اٹھارہ اُنیس سال کی عمر میں دہلیؔ گئے۔ ۱۱۰۲ھ میں آپ مستقلاً وطن واپس آئے۔ اس کا بھی امکان ہے کہ دوران تعلیم و ہدایت بھی وطن آتے رہے ہوں۔ ہو سکتا ہے آپ کی دو شادیاں ہوئی ہوں۔ میرے خیال میں "سیدھا رستہ" کی تاریخ تصنیف اور مصنف کے متعلق کوئی قباحت پیدا نہیں ہوئی۔ کتب خانۂ خانقاہ عمادیہ منگل تالاب، شہر پٹنہ والے نسخے کے متعلق خود قاضی عبدالودود صاحب لکھتے ہیں کہ:

"بظاہر کم از کم ستر۔ اسّی برس قبل کا لکھا ہوا ہے۔" (معیار)

ہر چند کہ رسالے کے خاتمے پر کاتب کا نام درج نہیں لیکن بقول جناب تمناؔ پھلواروی۔ یہ نسخہ حضرت شاہ وجہ اللہ قلندر (۱۲۱۱-۱۱۸۲ھ) خواہر زادۂ حضرت شاہ نورالحق طپاںؔ پھلواروی کا لکھا ہوا ہے، کیونکہ ان کے خط سے رسالہ "سیدھا رستہ" کا خط ملتا ہے۔

Marfat.com

جدید تحقیقات سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ پھلواری شریف کے صوفیائے کرام نے رُشد و ہدایت اور تبلیغ و ترویج اسلام کے لیے حضرت عمادؔ کے وقت سے مُسلسل اُردو زبان کو استعمال کیا ہے۔ مثلاً حضرت عمادؔ، سجادؔ، آیت اللہ جوہری، نورُ الحق طپاںؔ، ظہور الحق ظہورؔ، وغیرہم۔ لہٰذا اس سُنہری زنجیر کی پہلی کڑی کے متعلق وہم و شک میں مبتلا ہونا صحیح نہیں۔ حقیقت یہی ہے کہ "سید ھارستہ" سے قدیم تر نمونۂ اَدب اس صوبہ میں اب تک دستیاب نہیں ہوا۔

حضرت ظہورُ الحق ظہورؔ

۱۱۸۵ھ تا ۱۲۳۴ھ

حضرت ظہور الحق پھلواروی کے چار نثری رسالے خانقاہ عمادیہ منگل تالاب پٹنہ سٹی کے کُتب خانہ میں محفوظ ہیں[لہ]۔ رسالہ نمازؔ، فضائلؔ رمضان، فیضِ عام اور کسبؔ النبی۔ ان رسالوں کا انکشاف شاہ غلام حسنین صاحب ندوی پھلواروی نے کیا۔ ان کے حوالے سے رخشاںؔ ابدالی صاحب لکھتے ہیں کہ :

"اتنا تو یقینی ہے کہ یہ دونوں رسالے (یعنی رسالہ نماز اور فضائل رمضان) ۱۲۰۰ھ سے قبل لکھے گئے۔ کیونکہ یہ اور بعض دوسرے رسالے حضرت مصنف نے اپنے ایام طالب العلمی میں لکھے تھے۔ اور آپ پورے ۱۲۰۰ھ میں فارغ التحصیل ہوئے ہیں"

غرض یہ کہ رسالہ نمازؔ اور فضائلؔ رمضان کا سن تصنیف ۱۲۰۰ھ سے پہلے ہے۔ فیضِ عام کا سن تصنیف ۱۲۲۸ھ ہے اور رسالہ کسبؔ النبی کا ۱۲۳۴ھ ہے۔

رسالہ "نمازؔ" کی نثر کا نمونہ حسب ذیل ہے :

"نماز تہجد کی بارہ رکعت ہے۔ بعد نیند سے اٹھنے کے دوگانے۔ دوگانے

لہ عہد نثر کے ارتقا میں اربابِ بہار کا حصہ۔ از رخشاںؔ ابدالی، اسلام پورہ، پٹنہ۔ (بہارؔ نمبر، ندیم ۱۹۳۵ء)

پھر دوگانے کے بعد توبہ اور استغفار اور سب کے بعد مناجات اور بعد اس کے خدا کی یاد کرے، بلکہ صبح تک، جو توفیق ملے۔"

رسالہ 'فضائل رمضان' کی ابتدائی عبارت حسب ذیل ہے:

"ہلالِ رمضان دیکھ پڑھے اللھم سلمنی من رمضان سلمہ منی اللھم ارزقنا صیامۃ وقیامۃ وتلاوۃ القران بالقلب واللسان۔ ایضاً ہر روز و شب سورۂ اخلاص تین سے بہتر مرتبہ پڑھا کرے۔ حق تعالیٰ اس کے بدن کو جہنم پر حرام گردانے۔"

رسالہ 'فیض عام' کی طرز تحریر یہ ہے:

"اس سال پہلے ہجرت کے کتنے واقعے درپیش ہوئے پہلا تو مسلمان ہونا عبداللہ بن سلام یہودی کا کہ مدینہ میں رہتے تھے اور اپنی قوم میں تھے۔ بمجرد مشاہدہ کرنے شواہد کے خود اور چند یاران کے دولتِ اسلام سے مشرف ہوئے۔

دوسرے عہد مواخات باندھنا حضرت نبینا صلی اللہ علیہ وسلم کا درمیان ایک ایک مہاجر اور ایک ایک انصاری کے۔ تیسرا عہد صُلح کرنا — یہودیوں کا قُریظہ اور نضیر اور قینقاع کے جناب پیغمبر صلعم سے بایں شرط کہ طرفین میں کوئی مدد گاری تلک دوسرے کے دشمنوں کی نہ کرے۔ خود جنگ کرنے کا تو کیا دخل ہے۔ چوتھا مقرر ہونا طریقہ اذان کا واسطے خبردار کرنے نمازیوں کے نماز اور جماعت سے مطابق خواب عبداللہ بن زید انصاری یا عمر فاروق کے بروائت جبرئیل علیہ السلام نے بھی آکر طریقہ خاص اذان کا تلقین فرمایا۔"

واللہ اعلمُ بالصواب

رسالہ "کسب النبی" کی غرض مُسلمانوں کو صنعت و حرفت کی طرف متوجہ کرنا ہے۔ میں نے غالباً اسی رسالہ کا ایک نسخہ سید شاہ تقی حسن صاحب بلخی سجادہ نشین خانقاہ بلخیہ فتوحہ۔ ضلع پٹنہ کے پاس بھی دیکھا ہے۔ لیکن نام کسب الانبیاء پایا۔ رات صفحات کا رسالہ ہے۔ مذکورہ بالا نسخہ کی کتابت ۱۲۶۱ھ میں ہوئی۔ لکھا ہے:

Marfat.com

"مابعد عاصی ظہور الحق عظیم آبادی عفا اللہ عنہ جو حرفت کے مسئلوں کو اپنے والد ماجد اور اکثر علمائے سفر دیدہ اور عجم گردیدہ اور مکی و مدنی علمائے کبار کے صحبت دیدہ سے تحقیق کیا اور اس کے جواب میں جو کچھ ارشاد ہوا عوام و خواص کے نفع کے لیے بجنسہٖ اس تقریر کو ہندی زبان میں لکھ دیا۔ الٰہی قبول کر۔ آمین ثم آمین۔

سوال

عوام لوگ جو کھیتی کرنے والے اور کپڑے بینے والے اور بُننے والے اور حرفت کرنے والے پر طعن کرتے ہیں کچھ قرآن و حدیث اصول و فقہ سے بھی اس کی برائی ثابت ہے یا نہیں۔ یعنی صاف کہدو اور اجر خدا سے ا

ج: قرآن و حدیث سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ ان حرفتوں کو نبیوں نے کیا ہے اس کو یا اس کے کرنے والے کو جو بُرا سمجھتا ہے وہ مردود ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ جو لوگ اہل سنت والجماعت ہیں کبھی اس کو بُرا نہ سمجھیں گے۔۔"

ختم رسالہ پر سرخ روشنائی سے لکھا ہے:

"تمام شد بتاریخ یازدہم شہر ذیقعدہ روز چہار شنبہ ۱۲۶۱ھ مطابق ۱۲۵۳ھ فصلی از خط بندہ تیغ علی بمقام بریول (دربھنگہ) تحریر یافت۔"

رخشاں ابدالی صاحب نے اس رسالہ کے بارے میں لکھا ہے:

"آپ ہی کی ایک اردو کتاب 'کسب النبی' ہے۔ اس کا سن تالیف ۱۲۳۰ھ ہے۔ اس رسالہ کی غرض صنعت و حرفت کی طرف متوجہ کرنا ہے، جو خود نام سے ظاہر ہے۔" (ندیم۔ گیا۔ بہار نمبر ۱۹۳۵ء)

رسالہ کا مختصر اقتباس یوں ہے:

"بات یہ ہے کہ لوگ ناواقف کاری کے سبب اکثر کسب و حرفت کو کہ جس کو نبیوں نے کیا ہے ذلیل اور حقیر سمجھتے ہیں۔ اس کا حال مختصر سا یہاں پر بیان کیا جاتا ہے کہ لوگ واقف ہو جائیں اور عیب نہ کریں اور سب کوئی حرفت کر کے دکھلادیں اور خوب سیکھیں اور سکھلادیں۔

(ندیم۔ گیا۔ بہار نمبر ۱۹۳۵ء ص ۶۳)

حضرت محمد تقی بلخی فردوسی

حضرت محمد تقی بلخی، حضرت ظہور الحق کے ہمعصر تھے۔ آپ اپنی کتاب میں لکھتے ہیں "فاضل کامل علامہ عصر مولوی ظہور الحق دام برکاتہ . . . . " حضرت بلخی کی کتاب احکام کا قلمی نسخہ مجھے پروفیسر ذکی الحق صاحب بی۔ ان کالج سے ملا۔ اس نسخہ کی کتابت ۱۲۴۸ھ فصلی (۱۲۵۶ھ) میں شیخ خیرات علی نے کی۔ اس وقت مصنف زندہ تھے لکھا ہے۔ " تمام ہوئی یہ کتاب ترجمہ ہندی تصنیف شاہ محمد تقی بلخی فردوسی مدظلہ کے خط خام سے عاصی حقیر سراپا تقصیر شیخ خیرات علی ولد شیخ نجیب علی انصار سے رہنے والے محلہ عالم گنج متعلقہ شہر عظیم آباد حال سکونت موضع ارندہ ضلع شہر مذکور بیچ تاریخ دوازدہم شہر ذیقعدہ ۱۲۴۸ھ فصلی . . . . . "

کتاب کی تقطیع ۵ x ۹ ہے۔ ۸۹ اوراق زرد اردلی کاغذ کے ہیں۔ جا بجا کرم خوردہ۔ کتاب احکام آغاز یوں ہوتا ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیقیاس واسطے خداوند برتر کے کہ اپنے قدرت کاملہ سے دونو جہاں پیدا کیا تو سب کوئی اوس کی یگانگی پر اقرار کریں اور معبود اپنا جانیں اور درود بے حد اوپر افضل انبیا، خاتم پیغمبران محمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ حق نے اون کو سب خلقوں سے برگزیدہ کیا اور واسطے بتانے راہ راست کے بھیجا صلی اللہ علیہ والہ واصحابہ اجمعین۔ بعد اوس کے کہتا ہے فقیر حقیر سراپا تقصیر محمد تقی بلخی فردوسی کہ اگرچہ یہ قلیل البضاعت اتنا استعداد نہیں رکھتا تھا لیکن بموجب فرمانے بعضے شخصوں کے کہ اوپر فارسے قدرت نہیں رکھتا تھا مثالات

چند کہ جاناں اوس کا ضروریات دین سے تھا ، کتابیں معتبر سے چن کر کے زبان ہندی میں ترجمہ کیا گیا اور خوف درازی کلام سے سند لاناں اون کتابوں کا ترک ہوا اور وہ کتابیں یہہ ہیں شرح عقائد فارسے تصنیف حضرت مولانا منظفر شمش بلخے کے رسالہ شرح عقائد تصنیف صاحب انیس الواعظین کے شرح اوراد مفتاح الصلوٰۃ الطبعی مالا ید منہ فی الاسلام اوامر تصنیف فاضل کامل علامہ عصر مولوی ظہور الحق دام برکاتہ کے کہ فی الحقیقتہ ایجاز کے اعجاز ہے ، اوراد وہ فصل تصنیف جدّنا حضرت مخدوم حسین العز شمس بلخے کے دعائیں اور وردیں اوس کے احادیث صحیحہ سے سند ہے اور مقصود القاصدین ، پس اگر کسے کو بیچ اس ترجمہ کے کسے مقام میں شک واقع ہو تو طرف اون کتابوں کے دیکھے اور رفع شک اپنے کا کری اور نام اس کتاب کا احکام رکھا گیا اور یہہ ترجمہ میں تین کتاب ہے باب باب اور فصل فصل ۔ کتاب پہلی بیچ بیان ایمان کے اور یہہ باب پانچ فصل ہے ۔ فصل پہلی بیچ بیان حقیقت ایمان کے ۔ فصل دوسری بیچ بیان ایمان لانے ساتھ خدا کے ۔ فصل تیسری بیچ ایمان لانے ساتھ فرشتہ کے ۔ فصل چوتھی بیچ ایمان لانے ساتھ سوال منکر نکیر اور قیامت وغیرہ کے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ "

احکام عقائد ، ایمانیات ، شرح اعمال اور تفصیلِ شریعت کے متعلق ایک عمدہ کتاب ہے ۔ جستہ جستہ چند حوالے اور پیش کیے جاتے ہیں :

" ہر عاقل اور بالغ یعنے عورت اور مرد سے جو کہ جوان ہو پہلے اوس پر فرض ہے کہ ساتھ خدا کے ایمان لاوے اور ایمان بیچ جاناں بیچ دل کے ہے کہ یعنے مان لیناں اوس چیز کا کہ خدا کنے سے آئی ہے اور اقرار زبان کا بھی شرط ہے واسطے اوس کے ساتھ بیزاری کے ہر دین سے سوائے دین اسلام کے ۔ پس اگر کوئی کام کرے یا کوئی بات ایسی بولے کہ جتے انکار یا شرک پایا جائے ایمان اوس کا درست نہیں ہے ۔ اگرچہ نماز پڑھے یا روزہ رکھے نزدیک خدا کے وہ کافر ہے اور حکم کفر پر اوس کے کیا جائے گا "

" ۔ ۔ ۔ بیع ساتھ شرط فاسد کے فاسد ہے اور وہ بیچ اوس

Marfat.com

کے نفع ہو بیچنے والے یا خریدار کو اگر مستحق نفع کے ہو یعنی ایسا ہو اور شرط فاسد وہ ہے کہ مناسب عقد بیع کے نہ ہو پس شرط کرنا نانِ ملک خریدار کرکے فاسد بیع نہیں ہے کہ مناسب عقد کے ہے ۔۔۔۔۔"

اختتام کتاب کی عبارت ایک دُعا کی فضلیت میں حسب ذیل ہے:

"۔۔۔۔۔ روایت ہے کہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نین فرمایا ہے کہ پیغامبر صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ دو سو برس کی نماز کو اوس کے کفارہ ہے اور عمر خطاب رضی اللہ عنہ نین فرمایا کہ ہم پیغامبر صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ چار سو برس کی نماز گزشتہ اوس کے کفارہ ہو اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے پیغامبر صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ چھہ سو برس کی نماز گزشتہ اوس کے کفارہ ہو۔ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نین فرمایا ہے کہ ہم نے پیغامبر صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ سات سو برس کی نماز گزشتہ اوس کے کفارہ ہو۔ یاروں نے پوچھا کہ یا رسُول اللہ عمر ہم سبھوں کی نشریا اتی یا سو ہے اتنا صفت کیونکر ہے فرمایا کہ نماز مای اور باپ اور اقربا بیٹا بیٹی کے اُوس کے کفارہ ہو تمام شد۔"

معلوم ہوتا ہے کہ کتاب احکام مصنف کی وفات کے بعد طبع بھی ہوئی تھی۔

رخشاں ابدالی صاحب لکھتے ہیں:

"اس کتاب کا نام احکام ہے۔ اس کے مصنف حضرت سید شاہ محمد تقی بلخی سجادہ نشین خانقاہ بلخیہ فتوحہ ضلع پٹنہ ہیں۔ یہ ۱۲۸۲ھ میں مٹیا برج کلکتہ میں مرزا مہدی حسن کے اہتمام سے طبع ہوئی ہے۔ صفحہ ۲۱۶ پر کتاب تمام ہوئی ہے اور بعد والے صفحہ پر شاہ یحییٰ عظیم آبادی کے دو قطعے تاریخ فارسی میں ہیں۔

مُصنف کے صاحبزادہ اور جانشین شاہ عظیم الدین صاحب نے مصنف کی رحلت کے چند برس بعد چھپوایا ہے۔ جس کی صراحت اپنے

Marfat.com

مقدمہ میں اُنہوں نے کی ہے۔ ۱۲۸۳ھ سال طباعت[1] ہے۔ لہٰذا متحقق ہے کہ ۱۲۸۳ھ سے چند سال پہلے یہ کتاب لکھی جاچکی تھی۔ یہ تین کتاب اور چند ابواب و فصول پر مشتمل ہے۔ جن میں عقاید، مسائل فقہ اور اوراد و وظائف کا بیان ہے۔ کتاب کی ابتدائی سطور یہ حاضر ہیں:"

(ندیم بہار نمبر ۱۹۳۵ء، ص ۶۷)

بعد از آں عبارت نقل کی گئی ہے:

"۔۔۔۔۔۔ کہتا ہے فقیر حقیر سراپا تقصیر محمد تقی بلخی فردوسی کہ ۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔ کتابوں معتبر سے چُن کر زبان ہندی میں ترجمہ کیا گیا۔ ۔۔۔۔۔"

معلوم ہوتا ہے کہ قلمی نسخہ اور مطبوعہ نسخہ میں قدرے فرق ہے۔ املا کا، جمع و واحد کا اور کچھ اور خفیف فرق۔ مثلاً:

	قلمی نسخہ	مطبوعہ نسخہ
۱	اتنا استعداد	اتنی استعداد
۲	کہ اوپر فارسی قدرت نہیں رکھتا تھا	کہ اوپر فارسی کے قدرت نہیں رکھتے تھے
۳	مثالات چند کہ جاننا اوس کا ضروریات دین ۔۔۔	مثال چند کہ جاننا اُن کا ضروریات دین ۔۔۔۔
۴	۔۔۔ کتابیں معتبر سے چُن کرکے ۔۔	کتابوں معتبر سے چُن کر ۔۔۔۔
۵	ترجمہ کیا گیا۔	ترجمہ کیا گیا۔

---

[1] سال تصنیف بلاشبہ ۱۲۷۵ھ سے پہلے ہے۔ کیونکہ قلمی نسخہ کی کتابت اسی سال مصنف کی زندگی میں ہوئی ہے۔ تفصیل پہلے درج ہو چکی ہے۔ (اورینوی)

Marfat.com

حضرت سید شاہ عطا حسین منعمی گیاوی

۱۲۳۱ھ تا ۱۳۱۱ھ

رخشاں ابرالی صاحب کتاب 'دید مغرب معروف بہ ہدایت المسافرین' کے متعلق لکھتے ہیں:

"اس کے مصنف حضرت سید شاہ عطا حسین صاحب منعمی قدس سرہٗ گیاوی (۱۲۳۱ھ تا ۱۳۱۱ھ) مصنف 'کیفیت العارفین' و 'کنزالانساب' (فارسی) ہیں۔ 'ہدایت المسافرین' حضرت کا مفصل سفرنامہ حج ہے۔ اس کی تین ضخیم جلدیں تھیں۔ (۱) سیرالہند، ہندوستان کے مشہور شہروں کے حالات پر مشتمل (۲) زاد عرب (۳) کیفیت مراجعت۔ کتاب کی تالیف ۱۲۶۱ھ سے شروع ہو کر ۱۲۶۴ھ میں اختتام کو پہنچی۔ اس کی پہلی جلد 'سیرالہند' کا کچھ حصہ خانقاہ منعمیہ، رام ساگر، گیا میں محفوظ ہے۔ جو ۲۵۰ صفحات کو محیط ہے۔ اور افسوس ہے کہ بقیہ حصص آج مفقود ہیں۔ اس کتاب کے کافی اقتباسات، رسالہ گنجینہ (پٹنہ) کے دو نمبروں میں آچکے ہیں۔۔۔۔۔۔" (ندیم، بہار نمبر ۱۹۳۵ء صـ۶۶)

سیرالہند کی زبان مقفٰی و مسجع، رنگین و پُر تصنع ہے۔ ذیل کے اقتباس سے طرز تحریر کا اندازہ ہوگا:

"الحاصل، بادشاہ بہادر شاہ نے چادر اپنے ہاتھوں سے مزار شریف پر چڑھائی اور پھول کی چادر بھی اس پر رکھی۔ زاں بعد تقسیم ہوئی مٹھائی، وہاں سے حاضری مجلس خانہ کی نوبت آئی۔ جس وقت مجلس میں شاہ کالے

Marfat.com

صاحب لائے تشریف، اور اُٹھ گئے ان کی تعظیم کو جوان و ضعیف۔ اس وقت خواجہ اکبر علی صاحب نقیب الاولیا مجھے لا کے شاہ کالے صاحب سے ملائے، مختصر سا کچھ میرا حال سُنائے کہ یہ بزرگ ہیں، پورب کے رہنے والے مشائخ زادہ۔ باوجود ثروت بکمال عقیدت زیارت کو آئے ہیں پاپیادہ۔ شاہ صاحب مصافحہ کرکے معانقہ کیے مجھ سے باتپاک بغیر بھی ملا بہر تعظیم، چوما ان کا دست پاک۔ کرکے مسکین کا اعزاز و توقیر اپنے پہلو میں بٹھلائے۔۔۔۔۔"

"۔۔۔ جب مشائخ ہوئے مجتمع، قوال اپنا اپنا ساز ملائے غزلیں طرح طرح کی گائے، صوفیائے عظام وجد و شورش میں آئے۔ ان چشتیوں کے وجد و شورش کا ابو العلائیوں سے نیا دیکھا انداز۔ پیروں کی توصیف کی غزلوں میں، کوئی جھومتے تھے، کوئی روتے تھے بخشوع و نیاز۔۔۔"

"۔۔۔ القصہ فقیر بحالت وجد نعرہ کرتا ہوا پہنچا بادشاہ کے پاس، مُصافحہ کرکے اُن سے کہا، اے بادشاہ دین پناہ اگرچہ اس غزل کے اشعار و مضمون آپ کے ہیں مقال، اگر غور فرمائے حقیقت میں تو یہ اشعار فقیر مسکین کے ہیں حسب حال۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ظاہر و باطن بنایا ہے شاہ، اور اس مسکین کی شاہی تو ہے فی سبیل اللہ۔ بہادر شاہ سن کے عاجز مسکین کی تقریر اور معائنہ کر حالت کیفیت فقیر حقیر اس مجلس میں فقیر کے ہوئے معانقہ پذیر، اگرچہ ان کے پہلو میں تھے کھڑے ہمنشیں و دبیر۔۔۔۔"

(رسالہ ندیم، بہار نمبر ۱۹۳۵ء ص ۶۶)

یہ دہلی کی ایک مجلس سماع کا حال ہے، جس میں خاندان تیموری کا آخری چراغ بادشاہ بہادر شاہ ظفر بھی جلوہ افروز تھا۔

Marfat.com

سیّد محمد اسحٰق عرف پیر دمڑیا ولادت

سنہ ۱۲۲۴ھ - سنہ ۱۲۳۲ھ

مجھے سید محمد اسحٰق عرف پیر دمڑیا کے دو رسالے شاہ مجتبیٰ حسن صاحب رئیس بہار شریف[1] سے حاصل ہوئے۔ سید محمد اسحٰق آپ کے پردادا تھے۔ بہار کے صوفیوں کا یہ خاندان نہایت معزز و محترم ہے۔ حضرت پیر دمڑیا کے دو رسالے نثر اردو میں میرے پیشِ نظر ہیں۔ ایک کا نام " اصول احکام شرح " اور دوسرے کا " جذبات معینہ " ہے۔

سید محمد اسحٰق فاطمی والمرتضوی النسب تھے۔ مذہب " ملت حنفی مشرب صوفی" آپ شاعر بھی تھے۔ قلمی نسخوں میں آپ کی نظمیں حمد میں، نعتیہ، قصیدے بزرگوں کی توصیف میں دیگر قصائد، مرثیے اور صوفیانہ غزلیں بھی ملتی ہیں۔ تخلص فقیر فرماتے تھے۔ حضرت پیر دمڑیا اپنی ولادت کے متعلق لکھتے ہیں:

"جب میرے بڑے بھائی سید شاہ محمد اشفاق عرف شاہ خوش کو کہ ولی مادر زاد تھے۔ سات برس کی عمر میں معاندوں نے زہر کھلا کے شہید کیا اور والدین کو ہمارے نوید لاولدی سے ناامید کیا۔ چند عرصہ تک کوئی فرزند دلبند ظہور میں نہ آیا اور فلک کج رفتار نے مژدہ خورمی کا انہو نکو نہ سنایا، حکایت نسوات مخدرات عصمت نین بہت دعا

---

[1] محلہ دائرہ، بارہ دری، بہار شریف، ضلع پٹنہ سید محمد اسحٰق عرف پیر دمڑیا کے بیٹے شاہ عطا حسین ان کے بیٹے شاہ رضا حسین و شاہ فدا حسین۔ شاہ مجتبیٰ حسن شاہ رضا حسین کے بیٹے ہیں۔ • ادریس نوی •

Marfat.com

و تعویذ کرایا اور اکثر روضہ چلہ پیرونکا منایا، جب ثمرہ اوس کا کچھ نہیں پایا سبھونکا دیہان اپنے پیروں کی طرف آیا۔ جناب دادی و پردادی صاحبوں نے استخارہ معین کیا اور دل میں اپنے ایسی یقین کیا کہ اگر بعنایات رب العالمین و بہ استمداد غوث العالمین حضرت پیر دستگیر خواجہ معین الدین لخت جان چراغ خاناں کا پیدا ہوگا تو اوس کو واسطے زیارت آستانہ کرامت کے اجمیر شریف روضہ منیف میں روانہ کردیں گے اور اس عہد سے اپنے کبھی نہ پھروں گی۔ آخر یہ دعا بدرگاہ خدا مستجاب ہوئی۔۔۔۔" بعد ازیں حکایت کرامت منظوم۔

۔۔۔۔"تاریخ چودہویں شہر صفر المظفر روز چہار شنبہ ۱۲۲۴ھ فصلی یہ کمترین خلایق بندہ نالائق مُصنّف پیدا ہوا۔ بہزار نازونعمت آغوشِ والدین میں پرورش پا کے سن بلوغ پہونچا۔ چونکہ پیدائش اس کی بتصرف پیرانِ پیر تھی اس جہت سے اس میں یہ تاثیر تھی کہ ایام طفولیت سے اب تک عاشق پیراں رہا۔۔۔۔" (جذبات معنیہ)

میں پہلے رسالہ 'جذبات معنیہ' کا مختصراً جائزہ لیتا ہوں۔ پیش نظر رسالہ نامکمل ہے۔ آخر میں نو صفحات ہلکے زرد کاغذ کے سادہ چھوڑے گئے ہیں اور چوبیں صفحات لکھے ہوئے ہیں۔ سائز ۵" × ۹" ہے۔ صفحات جا بجا کرم خوردہ ہیں۔ یہ رسالہ دو اور مطبوعہ[1] اُردو رسالوں اور مُصنّف کے ایک طویل قصیدہ کے ساتھ مجلد ہے۔

پہلے قصیدہ ہے، مطلع ہے

کس مونہہ سے حمد خالقِ اکبر بیاں کروں
اور کس زبان سے منت داور بیاں کروں

---

[1] پہلے مطبوعہ رسالہ کا نام "چیچک اور مواد چیچک کے ٹیکا اور انگریزی ٹیکا کا حال مفید عام" ہے۔ مطبوعہ گورنمنٹ پریس، الہ آباد۔

دوسرے رسالے کا نام "ایکٹ نمبر ۸ ۱۸۶۵ء بابت ترمیم ضابطہ مقدمات زمیندار اور رعایا کے" ہے۔ مطبوعہ کلکتہ جنوری ۱۸۶۶ء۔

Marfat.com

۱۴ صفحات سے کچھ زیادہ پر یہ قصیدہ ہے۔ در اصل یہ قصیدہ درقصیدہ ایک ہی بحر و ردیف اور اہتمام قوانی میں ہے۔ پہلے حمد، پھر نعت، پھر توصیف اہل بیت۔ بعد ازاں وصف خلفائے راشدین اور آخر میں پیران طریقت کی شان میں قصیدے ہیں خصوصاً حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ کے مناقب میں۔

قصائد کے بعد رسالہ "جذبات معنیہ" شروع ہوتا ہے۔ اس کا آغاز بھی حمد و نعت سے ہوتا ہے ؎

" بسم اللہ الرحمن الرحیم"

حمد بیحد شکر بیعد ذات رب العالمین کس زباں سے ہوا واجب اوسکا پایاں کچھ نہیں

شاہ کا گرچہ پتا تم ڈھونڈتے ہو اے فقیر چشم دل سے دیکھلو در سینہ ہائے عارفین

چاہیئے اب وصف شاہ انبیا و مرسلین مالک ارض و سماں و سالک عرش بریں

وصف جس شہہ کا کرے خود خالق کون و مکاں کیا لکھے اوس کو فقیر بے نوا ہر کمترین

اب جانا چاہیئے کہ وجہہ لکھنے اس رسالہ کی یہ ہے کہ جب اس فقیر بے تدبیر کمترین خلایق بندہ نالائق خادم الفقرائے آفاق شجاعت العشق فقیر زادہ حقیر سید محمد اسحاق المشتاق الی الہ عُرف پیر دھڑیا چشتی النظامی والملقب من المرشد معدن الفیض سر خلقہ ابو العرفان مقبول حین ابو الفیاضی الباری التکوی کو اندوہ دنیہ و جذبات معنیہ متمکن حال ہوا اور کاشانہ ویرانہ سے اپنے طرف دارالخیر حضرت اجمیر نور الہ ارضہ کے انتقال کیا۔ ابتدائے روانگی سے پھر آنے تک کچھ عجیب و غریب سامان بندہا و گوناگوں کرامات و عنایات وافضال اوس حبیب ذوالجلال کا آسکے حال پر رہا کہ اگر مشروح وار کل کو لکھے تو جلد مطول ہوئے اور جنم بھر نقل نہوئے مگر بعض بعض کرامات عجیب اور وقوعات غریب کہ ہنگام اوس سفر وسیلۃ الظفر کے مُشاہدہ اور معائنہ کرتا تھا۔ جس مقام پر ٹھہرتا تھا لکھنے سے اوسی احوالات کے

Marfat.com

کاغذ بھرتا تھا اور یک جدول بطور جنتری کے بنا کیا تھا کہ سب حالات اوس میں لکھا کیا تھا کہ وہ مجموعہ زبان فارسی میں بقید روز و تواریخ و تعداد منازل ہوا تھا۔ سب مریدان راسخ الاعتقاد اور دوستان واثق الاتحاد نے دیکھ اور سُن کے بہت خوش ہو داد دیا اور یہ فرمائش بصد تاکید کیا کہ اگر اوس کا ترجمہ زبان ہندی میں ہوتا تو خوب تھا بلکہ ہر دل میں مرغوب تھا کہ وہ سب سُن کے خواہش زیارت کی دلوں میں ہوتی اور یہ کتاب تخم عقیدت کا مزرعہ دلوں میں بوتی۔ ہر چند عذر کیا اور کہا کہ زبان ہندی میں مجھ کو دخل نہیں۔ بھوتیرے معترض کیں گے چناں وچنیں رتس پر بھی اون لوگوں نے پچھوڑا۔ اس عاجز نے بھی اون لوگوں کے کہنے سے موہنہ نموڑا۔ اس لیے خلاصہ حال سفر اور کیفیات منازل و شہر کے لکھا۔ چونکہ جانا اس کا صرف بکشش و غلبات یقینہ تھا نام اوس کا جذبات[1] مغیبہ رکھا۔ تو جو کوئی پڑھے ساتھ دعاے خیر کے اوس فقیر کو یاد کرے۔ اب التماس بیچ خدمت اہل قیاس حق شناس کے یہ ہے کہ اوس کے مضامین کو سمجھ لیں اور عبارات غیر فصیح کو خیال نہ کریں بلکہ اگر کوئی الفاظ بے ضابطہ تحریر اور غیر محاورہ تقریر کے دیکھیں تو ساتھ اصلاح کے بار احسان کا مجھ عاجز پر دھریں۔۔۔۔"

یہ رسالہ اجمیر شریف کا سفرنامہ ہے۔ نثر کے بین بین ابیات و اشعار خود مُصنف کے درج ہیں۔ کہیں کہیں پوری کی پوری غزل بھی ہے۔ کلام منظوم کی کثرت ہے۔

"پہلی منزل، حضرت بہارے بلدہ عظیم آباد تک کہ سولہ کوس ہے" کے بیان پر رسالہ نامکمل رہ جاتا ہے۔ آخری الفاظ حسب ذیل ہیں:

"۔۔۔۔ جب اس عاجز کو بہت مستعد پایا حضرت مرشد سے سارا احوال

۔۔۔۔ کا ظاہر کیا اور عزم و ارادہ سے اس احقر کے ماہر کیا"

مصنف کئی بار اجمیر شریف کی زیارت کے لیے روانہ ہوئے مگر مقصد پورا نہ ہوا۔ آخرش "روز دو شنبہ تاریخ ساتویں صفر ۱۲۰۱ھ ہجری مطابق چوبسویں کاتک

---

[1] "جذبات مغیبہ" سرخ روشنائی سے لکھا ہے جس سے مختلف سرخیاں رسالے کی لکھی گئی ہیں۔

Marfat.com

۱۲۶۲ھ فصلی روانہ عظیم آباد ہوئے۔

سید محمد اسحٰق عُرف پیر دمڑیا کا دوسرا رسالہ " اصول احکام شرع " ہے۔ یہ رسالہ فقہ ہندی منظوم کے ساتھ مجلد ہے۔ سایز ۵" × ۹" کاغذ ہلکا زرد۔ کرم خوردہ۔ صفحات ۳۱۔ رسالہ کا آغاز یوں ہوتا ہے:

" بسم اللہ الرحمن الرحیم

اچھی تعریف خدائے پاک کے لیے ہے کہ جس نے یک امرسے وجود نابود دو جہان کا بنایا اور اوس میں اپنی ساری صفت اور صنعت کر دیکھایا کہ تمامی مخلوقات اپنا پیدا کرنے والا، روزی دینے والا، آفتوں سے بچانے والا، معصیتوں سے چھوڑانے ہارا جانیں اوراوس کے حکموں کو جان اور دل سے مانیں۔۔۔۔"

"۔۔۔ اب آگے اس کے جانا چاہیئے کہ یہ عجیب زمانہ ہے کہ جس میں وعظ و نصیحت ایک فسانہ ہے۔ کیسی کو توفیق دینداری اور ایمان شناسی کی نہیں، اعمال کچھہ ہے اور نیت کہیں اور احکامات شرع کی تلاش کرتے ہیں، آخر سُنی سُنائی بات پر چلتے ہیں اور اپنی سمجھ پر مرتے ہیں اور خوف خدا سے کچھ نہیں ڈرتے ہیں۔ اس جہت سے ظہور دین مصطفےٰ کے چھوڑ کے راہ ضلالت اور ہلاکت میں پڑتے ہیں اور اپنے ساتھ دوسروں کو بھی برباد کرتے ہیں اس واسطے یہہ فقیر بے تدبیر کمترین خلایق بندہ نالائق محمد اسحٰق المعروف پیر دمڑیا چشتی النظامی۔۔۔۔۔ نسب ہادی الفاطمی والمرتضوی مذہب۔۔۔ ملت حنفی مشرب صوفی۔۔۔۔ واسطے عزیزان اور دوستان کے اکثر کتب ہائے فقہ سے ان اُصولوں کو فراہم لاکے رسالہ مختصر کیا اور نام اوس کا، اُصول احکام شرع رکھا۔۔۔"

۔۔۔۔ "جانو اے مُسلمانو! کہ ہر کام کے واسطے اصول ہے کہ بغیر آگاہی اوس کے کرنا فزول[1] ہے۔ پس اسی طرح سے دس اصول شرع

---

[1] اسی طرح لکھا ہے۔ فزول۔ فضول۔

Marfat.com

ہیں کہ سب کام اور احکام مسلمانوں کے اوسی کے فرع ہیں۔ فہرست اصولات، توحید، ایمان، اسلام، اعتقاد، دین، مذہب، اجتہاد ملت، اتفاق، اختلاف۔ اور شرع کے معنی راہ روشن ہے۔ جو کوئی اس راہ پر چلے گا ضلالت اور ہلاکت میں نہ پڑے گا۔"

رسالہ کا اختتام مندرجہ ذیل جملوں پر ہوتا ہے:

"۔۔۔۔۔۔ اس لیے رسالہ ہندی کیا کہ ہر شخص کی سمجھ میں آوے۔ شکر و احسان خدا کا کہ اتمام کو پہونچا۔ اللہ برتر پڑھنے والے کو توفیق دے کہ مصنف کے ساتھ دعائے خیر کے یاد کرے۔ تمام شد۔ نسخہ احکام الشرع من تصنیف شجاعت العشق فقیر۔۔۔ حقیر محمد اسحق المعروف پیر دمڑیا چشتی النظامی والا بوالفیاضی البہاری الثیکوی۔"

رسالہ کی تصنیف کی تاریخ کہیں درج نہیں۔ اس رسالہ کی زبان صاف اور رواں ہے۔ اشعار اور ابیات کے بوجھ سے دبی ہوئی ہے۔ ہاں طرز مقفیٰ کے نمونے جا بجا ملتے ہیں۔

عالم علی عظیم آبادی

(سنہ ۱۲۵۷ھ)

عالم علی عظیم آبادی نے ۱۲۵۷ھ میں میر محمد تقی خیال کی مشہور کتاب "بوستان خیال" کا فارسی سے اُردو میں ترجمہ کیا ہے۔ یہ ترجمہ ملخص ہے بوستان خیال۔ سولہ ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے۔ اس کے ملخص ترجمہ کا نام "زبدۃ الخیال" ہے۔ "اس کا ایک نسخہ کتب خانۂ قادریہ خانقاہ اسلام پور (پٹنہ) میں ہے۔ اس نسخہ میں ۲۳۰ صفحات موجود ہیں۔ اور آخر کے بقیہ صفحے غائب ہیں۔ ابتدا میں جو فہرست مضامین ہے، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ کتاب ۴۸۰ صفحوں پر تمام ہوئی ہے۔ افسوس کہ مصنف کے حالات بالکل تاریکی میں ہیں۔ اس کتاب کی زبان بہت صاف سلیس اور رواں ہے۔۔" (درخشاں ابدالی۔ اسلام پور۔ ندیم بہار نمبر ۱۹۳۹ء ص ۶۳)

Marfat.com

"زبدۃ الخیال" کا اقتباس حسب ذیل ہے:

"جب ملکہ مہر افروز زوجہ اورنگ خاں بادشاہ ملک ختا، کہ حُسن تدبیر سے حکیم اسقلینوس کے حاملہ ہوئی۔ بعد نو مہینے کے دختر نیک اختر آفتاب صورت، ماہتاب سیرت پیدا ہوئی۔ نام اس کا زہرہ جبیں ختائی رکھا ۔

چہ دختر، اخترِ برج سعادت
گرامی گوہر درج سعادت

اکتالیس اسباب حُسن کے، جو کتب معتبرین میں مقرر ہیں، وہ سب اسباب ملکہ میں مجتمع تھے۔ سر سے پاؤں تک سراپا حُسن، اور تمام عضو اُس کے نور الٰہی سے مجسّم تھے۔ اور جو جو علم و ہُنر کہ بادشاہ زادیوں کو چاہیئے بارہ برس کے سن میں سب میں لائق و فائق ہوئی۔ جس رات کو ملکہ کی سالگرہ تیرہویں برس کی ہوئی، ملکہ نے لباس مکلف اور زیوراتِ مُرصّع پہن کر بستر راحت پر آرام فرمایا۔ عالم خواب میں دیکھا کہ خود ملکہ حمام سے غسل کر جامہ خانہ میں کپڑے بدل کر، آئینہ خانہ میں گئی۔ اپنی صورت اس کو آئینہ خانہ میں نظر نہ آئی۔ بدلے اس کے شکل و شمائل ایک جوان ماہرو کی دیکھی ۔ دیکھنے کے تیر عشق کا کمان ابروے اس کے سینہ پر لگا۔ ملکہ نے شرم سے سر نیچے کر لیا۔ جب پھر نظر اُٹھائی، تو وہی صورت نظر آئی۔ چاروں طرف اس مکان کے آئینے تھے۔ جدھر نظر کرتی ہے، وہی صورتِ زیبا نظر آتی ہے۔ ملکہ بے اختیار نعرہ مارکر خواب سے اٹھی۔ عشق نے اس جوان کے ملکہ کو بے قرار کیا۔ عشرت افزا نے چہرہ کو ملکہ کے دیکھ کر دریافت کیا، کہ ملکہ بلا شبہ کسی پر عاشق ہوئی، نہیں تو یہ حالت سوائے عاشقوں کے دوسرے کی نہیں ہوتی۔۔۔"

(ص ۲۷۵-۲۷۶، نسخہ خانقاہ قادریہ، اسلام پور)

Marfat.com

مولوی شجاع الدّین علی

۱۲۵۷ھ - ۱۸۴۲ء

مولوی شجاع الدین علیؔ کا لکھا ہوا ایک مطبوعہ مذہبی رسالہ مجھے شاہ مجتبیٰ حسن صاحب کے اکتب خانہ، بہار شریف سے ملا۔ رسالہ کے نام کا پتہ نہ چل سکا۔ اس کی تقطیع ۵" × ۹" ہے۔ صفحات ۹۷۔ کاغذ ہلکا زرد۔ نہایت کرم خوردہ۔ رسالہ کے آخر میں درج ہے:

"تمام ہوا سولھویں ذی الحجہ اخر ۱۲۵۷ھ ہجری روز جمعہ مطابق ۲۸ / جنوری ۱۸۴۲ء مسیحی میں و بانطباع شیخ دین محمد متوطن قصبہ چھپرہ کے مکمل پایا۔"

یہ رسالہ رخشاںؔ ابدالی صاحب کی نگاہ سے بھی گزرا تھا۔ وہ لکھتے ہیں:

"۔۔۔ میں ایک مطبوعہ رسالہ کی تفصیلات پیش کرنا چاہتا ہوں جو اسی ۱۲۵۷ھ میں مرتب ہوا ہے۔ یہ رسالہ مدرسہ اسلامیہ بہار شریف کے کتب خانہ میں ہے۔۔۔۔ رسالہ کا نام نہ ابتدا میں ہے۔ (سرورق ہے ہی نہیں)، نہ سبب تالیف میں۔ اور نہ خاتمہ پر۔ یہ خستہ کاغذ کے ۹۵ صفحات پر چھپرہ میں طبع ہوا ہے[1]۔۔۔"

بعد ازاں رسالہ کے اختتام کا اقتباس درج کیا گیا ہے جو بالکل وہی ہے جو خود میں نے دوسرے نسخے سے اوپر درج کیا ہے۔ مگر تعجب یہ ہے کہ رخشاںؔ

---

[1] ندیم۔ بہار نمبر ۱۹۴۰ء ص ۲۳۔

ابدالی صاحب کے مقالہ میں ۹۵ صفحات کیسے درج ہوگئے۔ ایک ہی طباعت کے دو نسخوں میں بھلا ایسا فرق کس طرح ہوسکتا ہے۔ میرے پیش نظر نسخہ میں آخری صفحہ کے سرے پر صاف "۹۷" مطبوعہ ہے۔ غالباً رسالہ ندیم کی کتابت کی غلطی ہے کہ '۹۷' کی بجائے '۹۵' چھپ گیا ہے۔ رسالہ کا آغاز یوں ہوتا ہے:

"ھوالقادر۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسّلام علی خیر خلقہ محمد والہ الطیبین الطاہرین وعلیٰ اصحابہ حماۃ الدین وہداۃ الیقین واتباعہ اجمعین اما بعد۔ اگرچہ یہ ہیچمداں شجاع الدین علی ولد حضرت مولانا...... عالم باعمل محقق کامل فاضل عدیم المثل محدث یگانہ فقیہ زمانہ عابد بے ریا زاہد باخدا تارک الدنیا ومافیہا متوکل علی اللہ حقائق ومعارف آگاہ مولوی سید تیم اللہ رضوی ترمذی بہاری...... لیکن مثل مشہور چہ نسبت خاک رابا عالم پاک کہ آنحضرت عالم ربانی ومرد باخدا ویہ ہیچ میرز مبتلا نحوسات دنیائے فانی بدنام کنندہ نکونامی چند ہے لیکن برکت انفاس متبرکہ اباد کرام وحسن تربیت وفیضان صحبت والد ماجد علیہ الرحمتہ کے فی الجملہ علوم ضروری صرف ونحو وفقہ وعقاید وعلم کلام واصول دین وتفسیر وحدیث سے بہرہ رکھتا ہے وبایمان حقیقی تحقیقی مانند بزرگانِ خود پیراستہ وعقیدہ تقلیدی بے وارستہ ہے

مذہب عاشق ز مذہب ہاجداست

عاشقاں را مذہب وملت خداست۔۔۔"

"۔۔۔ محبت خداورسول واہلبیت نبوت وتبعیت کتاب اللہ وسنت، دین وایمان ہمارا ہے وتعصب ونفاق وعداوت اہلبیت نبوت کو بموجب شقاوت دارین وضلالت نشاتین جانتا ہے، محقق بے تعصب وشیعہ بے تبرا مذہب آبائی ہمارا ہے۔۔۔"

مولوی شجاع الدین علی کا زیر نظر رسالہ جوازِ تعزیہ داری میں ہے۔ یہ مُلّا

کرامت علی جونپوری ولد ملّا امام بخش کے رسالہ "قوت الایمان" اور مولوی نعمت علی عظیم آبادی کے خیالات کا پُر زور رد ہے۔ مولوی شجاع الدین علی رسالہ "قوت الایمان" کے متعلق لکھتے ہیں۔ "کہ وہ فی الحقیقت قوت الایمان سارے اہل اسلام کا ہے"۔ کتاب کی حیثیت مذہبی اور مناظرانہ ہے۔ حاصل کلام یہ ہے کہ:

"۔۔۔۔ اور خط میاں شاہ عبد العزیز دہلوی کا کہ جواب میں سوال جواز و عدم جواز مجلس تعزیہ داری کے لکھا ہے اور راقم بھی اوس ایّام میں شاہجہاں آباد میں تھا۔ اوس سے بھی جوازِ مجلس تعزیہ داری کی ظاہر ہے۔ بالجملہ بوجوہات مرقومۃ الصدر کے جواز و موجب ثواب ہونے میں اوسکے کچھ شک نہیں" (ص ۹۷، رسالہ ہذا)

مصنف نے اس رسالے سے پہلے تین اور رسالے ردِ نصاریٰ میں لکھ کر شائع کیے تھے۔ انہیں اس کا دُکھ تھا کہ "عرصہ چند مدت سے غلبہ و تسلط قوم عیسائی نصاریٰ کا مملکت ہندوستان پر یوماً فیوماً ترقی پر ہے" (ص ۳)، اور "اکثر اشخاص اپنے عقیدہ آبائی سے مرتد ہوگئے ہیں"۔

مُصنف اُس عصر کے مذہبی حالات پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں:

"بایں وجہ تمام ملک ہندوستان عموماً و دارالامارۃ کلکتہ و صوبہ بنگالہ و بہار خصوصاً دارالاباحۃ والضلالۃ ہے کہ کوئی معترض حال و عقائد و مقال کسی کے نہیں ہے۔ اس لیے بسبب مطلق العنان ہونے ہر ایک شخص کے کہ کوئی کسی سے باز پُرس نہیں کرسکتا ہے۔ عجب طرح کا خلاف و اختلاف اہل اسلام و ہر ایک اہل ادیان و ملل و نحل میں ہے"۔ (ص ۵)

رسالہ زیر نظر گو تعزیہ داری کے جواز میں ہے۔ لیکن مصنف کو دہریوں اور عیسائیوں کے خلاف قلمی جہاد کرنے کی فکر زیادہ تھی۔ اس سلسلہ میں انہوں نے راجہ رام موہن رائے بنگالی کے خیالاتِ فاسدہ کا جواب بھی دیا۔ لکھتے ہیں:

"۔۔۔۔ ایک رسالہ حبالہ کفر و ضلالۃ بخلاصہ مذہب و عقیدہ باطلہ

Marfat.com

دہریہ کے بایں مضمون کہ جمیع مذاہب و ادیان ہندو مسلمان و یہود و نصاریٰ وغیرہ مذاہب اہل کفر و اسلام موضوع و مخترع ابی انسان فانی بنیان کا ہے، کوئی مذہب و مشرب خدا کی طرف سے نہیں ہے وسارے مذاہب و عقاید بنائے ہوئے انہیں آدمیوں کے ہیں، انہوں نے جھوٹ نسبت اوس کی طرف خدا کے کر دیا ہے و جھوٹ آنا فرشتہ کا و لانا اوس کا حکم الٰہی و توراۃ و انجیل و قرآن واسطے اعتقاد عامہ مردمان کے ظاہر کیا ہے کہ لوگ خدا کے ڈر سے و خوف جزائے دوزخ و بامید آسائش جنت کے اپنے عقیدہ و ایمان پر قائم رہیں، خود تصنیف و تالیف کیا۔ لیکن چونکہ جانتے تھے کہ یہ عقیدہ باطلہ اضحوکہ علما و عقلاے و فضلاے کامل کا ہوگا۔ نظر بر بدنامی و اشتہار رسوائی اپنی بنظر عام مردمان ہندو و مسلمان وغیرہ اہل ادیان کے، نام سے اپنے نہ لکھا و اوس رسالہ حبالہ کفر و ضلالۃ کو بنام بابو رام موہن ایک بنگالی کے کہ وہ بظاہر اعلم سنسکرت و عقیدہ براہمو میں مناسبت رکھتا تھا و وہ شخص غیر مقید و اپنے اعتقادات کا بھی پابند نہ تھا و مرد دولتمند تھا، تصنیف کر کے شہرت دیا۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ لکھنا جواب کا اوس کے واجب ہوا چنانچہ اوسی ایام میں جواب بالصواب اس رسالہ حبالہ کفر و ضلالۃ کا بخلاصہ اس مضمون کے لکھا گیا۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (ص ۶۵۔۶۶)

"۔ ۔ ۔ چونکہ بادشاہ و حاکم اس ملک کے عیسائی ہیں اکثر پادریان عیسائی نے صدہا رسالہ مغالطہ حبالہ کفر و ضلالت بہ ابطال مذہب ہندو و مسلمان کے لکھ کر چھاپ کر واسطے اغوائے ہندو و مسلمان کے لوگوں کو بلا قیمت دیتے ہیں و اہل اسلام بسبب ۔ ۔ ۔ ۔ و غلبہ عیسائیوں کے کچھ جواب اوس کا باوجود اسکے کہ وہ رسالے سراسر لغو بیمعنی و محض مغالطہ ہے، نہ لکھا۔ بنا برعلیہ پادریوں کو جرأت زیادہ ہوئی۔ اور انہوں نے کئی رسالہ بدیں مضمون کے

لکھ کر چھاپ کر مشہور کیا کہ عقیدہ ہندو و مسلمان کا محض باطل ہے اس لیے کہ اکثر رسائل بابطال مذہب ہندو و مسلمان کے لکھ کر چھاپ کر مشتہر کیا گیا و حضور میں اکثر علمائے نامور مولوی شاہ عبدالعزیز دہلوی و مولوی دلدار علی لکھنوی کے بھیجا گیا لیکن کسی نے کچھ جواب اوس کا نہیں لکھا"

"...... اس لیے ہیچداں نے ایک کتاب مدلل بابطال و رد مذہب نصرانی کے واثبات مذہب اہل اسلام کے تصنیف کرکے بصرف ایک ہزار پانچ سو روپے کے پانچسو نسخہ چھاپ کر لوگوں کو تقسیم کیا و نام اوس کا 'تحفہ مسیحا' رکھا...." (ص ۱۰ و ۱۱)

مصنف کو یہ احساس بھی تھا وہ وقت فرقہ داری بحثوں کے لیے سخت نا موزوں تھا۔ لکھتے ہیں:

"اس زمانہ میں علمائے عقلائے اہل اسلام کو مناسب و ضرور تھا کہ کتب و رسائل باستحسان و حقیقت مذہب اہل اسلام کے عموماً و بابطال و رد مذہب غیر اسلام کے خصوصاً مذہب عیسائی کے لکھے......"

"...... یہ تو مقتضائے حال اس زمانہ کے مناسب تھا۔ برخلاف مصلحت وقت برخلاف مقتضائے حال اس زمانہ کے بعضے بعضے مولویان اختلاف جدید درمیان اہل اسلام کے عموماً ڈالا ہے کہ کئی مولویوں نے رسالے اوپر تکفیر مطلق اہل اسلام تعزیہ دار کے برخلاف طریقہ اہل سنت والجماعت کے لکھا ہے...."

(ص ۱۳ و ۱۴)

رسالہ کا طرز بیان بڑے بڑے پیچیدہ جملوں سے ترتیب پاتا ہے۔ 'جب اور' تب' کی بجائے 'جد' اور 'تد' استعمال ہوتے ہیں اور 'سب' کو 'سبھ' لکھا جاتا ہے۔ زبان میں پرانے پن ہے۔ کہیں کہیں علامت فاعلی محذوف ہے اور کہیں کہیں فعل کو فاعل و مفعول سے مطابقت نہیں۔ اور چونکہ ایسا کئی جگہوں

پر ہے لہٰذا کتابت و طباعت کی غلطی نہیں کہی جا سکتی۔

میرا خیال ہے کہ مولوی شجاع الدین علی قصبہ بہار شریف کے رہنے والے تھے۔ وہ اپنے والد صاحب کو "بہاری" لکھتے ہیں۔ اگر یہ نسبت صوبہ بہار کی طرف ہے تو پھر مصنف چھپرہ کے رہنے والے ہوں گے۔ اُن کی کتاب شیخ دین محمد چھپرہ کے مطبع میں چھپی تھی۔ اس سے زیادہ حال معلوم نہ ہوسکا۔

مولوی محمد عالم علی

۱۲۶۵ھ - ۱۸۴۸ء

مجھے جناب شاہ فخر عالم صاحب، سجادہ نشین خلیفہ باغ بھاگلپور کے کتب خانہ سے ایک مطبوعہ کتاب نثر اُردو کی ملی۔ اس کا نام "دہ مجلس" ہے۔

"دہ مجلس

تالیف مولوی محمد عالم علی صاحبؒ، سررشتہ دار کمشنری اضلاع بھاگلپور وغیرہ واسطے پڑھنے محرّم کی مجلسوں میں۔

احقر العباد حیدر علی و علی حسین نے ...... دار الامارۃ کلکتہ، مطبع اخوان الصفا میں، اہتمام سے مولوی عبدالحمید صاحب و مولوی کرامت اللہ صاحب کے ۱۲۶۵ھ قدسی کے رمضان مبارک میں، مطابق ماہ اگست ۱۸۴۸ء کے چھپوایا۔ قیمت کتاب یکروپیہ چار آنہ۔"

چھوٹے سائز کی کتاب ہے تقطیع ½۵ × ½۷، صفحات ۱۶۰ (ایک سو ساٹھ) 'دہ مجلس' کی تصنیف ۱۲۶۱ھ ہجری ہی میں ہوگئی تھی۔ مُصنف لکھتے ہیں:

"احباب صادق اور مخلصان واثق کی خدمت میں عالم علی عرض کرتا ہے کہ ۱۲۶۱ھ میں ...... زبان ریختہ اُردو میں لکھا ہے ......"

فہرست مضامین 'دہ مجلس' حسب ذیل ہے:

مجلس اول مشعر انتقال پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم ص۱
مجلس دوم مشعر انتقال فاطمہ زہرا علیہا الصلوٰۃ والسلام ص۱۶

Marfat.com

مجلس سوم مشعر شہادت علی مرتضیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام ۔ ۔ ۔ صـ۲۹
مجلس چہارم بہ شہادت امام حسن علیہ الصلوٰۃ والسلام ۔ ۔ ۔ صـ۴۳
مجلس پنجم بہ شہادت حضرت مسلم بن عقیل علیہ السلام ۔ ۔ ۔ صـ۵۹
مجلس ششم بہ شہادت پسران مُسلم علیہ السلام ۔ ۔ ۔ ۔ صـ۷۲
مجلس ہفتم بہ شہادت حُر بن یزید ریاحی ۔ ۔ ۔ صـ۸۴
مجلس ہشتم بہ شہادت حضرت قاسم علیہ السلام ۔ ۔ ۔ صـ۹۳
مجلس نہم بہ شہادت حضرت عباس علیہ السلام ۔ ۔ ۔ صـ۱۰۲
مجلس دہم بہ شہادت حضرت علی اکبر و علی اصغر علیہما السلام ۔ ۔ ۔ صـ۱۱۱
مجلس یازدہم بہ شہادت امام حسین علیہ الصلوٰۃ والسلام ۔ ۔ ۔ صـ۱۲۱
مجلس سِیوم امام مظلوم علیہ السلام ۔ ۔ ۔ صـ۱۳۵
مجلس چہلم جناب سید الشہدار علیہ السلام ۔ ۔ ۔ صـ۱۴۵

دہ مجلس ، کی طرز تحریر حسب ذیل ہے :

"الحمد للہ الذی والخ ۔ ۔ ۔ ۔ (عربی عبارت) ۔ ۔ ۔ ۔ عقلائے عالم و فضلائے بنی آدم پر واضح اور آشکار ہے کہ آدمیوں کا لباس حیات مستعار ہے اور اون کی عمر کی بنیاد نہایت ناپائیدار۔ جس گُل نے چمن وجود کے صحرا میں شگفتگی پائی ہے بے شک صرصر فنا سے پر مردہ ہوا اور جس نے کشور زندگانی میں قدم رکھا اوسنے بالضرور متاع جان متقاضی اجل کو سونپا۔ چونکہ ایام غم انجام عاشورہ محل ماتم و بکا ہے۔ اس واسطے دو کلمہ وفات کے حال میں حضرت سید کائنات علیہ الصلوٰۃ والتحیات کے لکھا جاتا ہے کہ ۔ ۔ ۔ "

۔ ۔ ۔ ۔ ایکدن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کے زانو پر سرِ مبارک رکھ کر آنکھیں بند کریں اور چہرہ نورانی کا رنگ متغیر ہوگیا۔ فاطمہ زہرہ نے کہا وا ابتاہ ، کچھ جواب ندیا پھر کہا بابا! جان ذرا آنکھ کھولیے اور کچھ مجھ سے بولیے۔ حضرت صلعم نے فاطمہ زہرا کو بے قرار دیکھ کر پاس بُلایا اور اپنے

Marfat.com

سے لگا کر فرمایا خدا وندا فاطمہ کو صبر دے۔ اتنے میں حسنین آئے۔ رخسار سے سینہ مبارک پر ملتے تھے اور رو رو کر کہتے تھے۔ اے پدر بزرگوار آپ کی مفارقت سے ہمارا کیا حال ہو گا اور تمہارے بعد ہمارے ماں اور باپ کی غمخواری کون کرے گا۔ ازواج مطہرات اور اصحاب کے رونے سے زمین اور آسمان کانپا تھا۔ حضرت صلعم نے فرمایا، لوگو صبر کرو اور دو دن جبرئیلؑ عیادت کے واسطے رسول صلعم کے پاس آئے اور مزاج کا احوال پوچھا۔ فرمایا بہت ناساز ہے۔ تیسرے دن پھر آکر عرض کی۔ یا رسول اللہ حق تعالیٰ نے آج ملک الموت کو حضور میں بھیجا ہے۔ اگر اجازت ہو تو خدمت میں حاضر ہو، حکم ہوا آوے۔ جبرئیلؑ ملول و محزوں الوداع الوداع کہتے ہوئے اٹھے اور کہا پھر اتفاق دُنیا میں آنے کا نہ ہوگا۔ الغرض ملک الموت نے پکارا کہ اگر اجازت ہو تو گھر میں آؤں۔ اس وقت فاطمہ زہرا حضرت صلعم کے سرہانے بیٹھی تھیں، جواب دیا کہ رسول خدا شدید مرض میں مبتلا ہیں ملاقات نہ ہوگی پھر اذان طلب کیا، وہی جواب پایا۔ تیسری بار ایسی آوازِ مُہیب سے اجازت چاہی کہ سُننے والوں کا بدن ہیبت سے کانپنے لگا۔ حضرت صلعم نے آنکھ کھول کر پوچھا کیا حال ہے؟ فاطمہ زہرہ نے عرض کی ایک اعرابی دروازے پر کھڑا ہوا آنے کی رخصت چاہتا ہے۔ ہر چند عذر کرتی ہوں نہیں مانتا۔ آپ نے فرمایا اے فاطمہ یہ ملک الموت ہے۔ مٹانے والا لذتوں کا۔ توڑنے والا راحتوں کا۔ یتیم کرنے والا فرزندوں کا، بیوہ کرنے والا عورتوں کا۔ حضرت فاطمہ زہرہ رونے لگیں۔ سیّد المرسلین صلعم نے فرمایا، اے جان پدر مت رو۔ تیرے رونے سے حاملان عرش روتے ہیں۔۔۔۔

(مجلس اوّل)

اندازِ بیان صاف، سلیس، واضح اور پُراثر ہے۔ مجلسیں نثر میں لکھی ہوئی ہیں

Marfat.com

اور اختتام پر نوحے درج ہیں، جو مصنف کے ہی منظوم کیے ہوئے ہیں۔ تخلص عالم ہی رکھا ہے۔ ایک نوحہ درج ذیل ہے ؎

ابن علی حیدرِ کرار واحسین — سبطِ نبی احمد مختار واحسین
زیب کنار فاطمہ زہرا تھی ذات پاک — دُرج نبی کے تھے دُر شہوار واحسین
تھے مجمع فضائل و بحرِ علوم دین — علم الیقین کے واقف اسرار واحسین
توصیف جسکے چہرے کی وَالشمس ہوسکے — آغشتہ خاک وخوں میں وہ رخسار واحسین
جس زلف مشکبار کی والیل ہو صفت — آلودہ خاک اوس کا ہو ہر تار واحسین
وہ حلق جو تھا بوسہ گہہ ختم مرسلیں — چل جاوے اوس پر خنجر و تلوار واحسین
لعل لب اونکا خشک ہوا تشنگی سے ہائے — ہیں آنکھیں اس الم سے گہربار واحسین

عالم کا دل الم سے ہوا بسکہ بے قرار
کہتا ہے رو رو ہر گھڑی صد بار واحسین (نوحہ، ص ۱۳۳)

حیدری

شاہ فخر عالم صاحب (خلیفہ باغ، بھاگلپور) کے کتب خانہ میں ایک اور مطبوعہ کتاب مجالسِ محرم کے متعلق ہے۔ ٹائپ نستعلیق سے مشابہہ۔ اس کتاب کے ابتدائی اور آخری حصے موجود نہیں ہیں۔ موجودہ حالت میں کتاب صفحہ دس سے شروع ہوتی ہے اور صفحہ دو سو چالیس پر ختم ہو جاتی ہے۔ ابتدائی صفحے کے سرے پر لکھا ہوا ہے "مجالس چہلم"۔ 'دہ مجلس' اور 'مجالس چہلم' کی ترتیب ایک جیسی ہے۔ مجلسیں نثر اُردو میں لکھی ہوئی ہیں اور اختتام پر نوحے درج ہیں۔ قطعی طور پر نہیں کہا جاسکتا ہے کہ 'مجالس چہلم' کا مصنف کون تھا اور یہ کتاب کہاں طبع ہوئی۔ ممکن ہے دونوں کتابوں کے مُصنف مولوی محمد عالم علی ہی ہوں۔ لیکن 'مجالس چہلم' کے نوحوں میں تخلص حیدری استعمال ہوا ہے اور 'دہ مجلس' میں عالم۔

تخلص کے فرق سے اس طرف خیال جاتا ہے کہ 'مجالس چہلم' کے مُصنف کوئی

Marfat.com

اور بزرگ ہوں گے جن کا تخلص حیدری تھا۔ اغلب یہ ہے کہ دونوں کتابیں ایک ہی زمانہ کی لکھی ہوئی ہیں۔

"مجالس چہلم" کی طرز تحریر حسب ذیل ہے:

"جذبات جگر سوز کے لکھنے والوں اور روایات غم اندوز کے بیان کرنے ہارون نے اس احوال جاں گزا اور اس ماجرائے ہوشربا کو صفحہ دل پر قلم آہ سے یوں رقم کیا ہے کہ ماہ محرم کی دسویں تاریخ صبح سے لے کر ظہر تک حضرت امام حسین علیہ السلام کے جتنے بھائی بھانجے بھتیجے تھے سوائے جناب علی اصغر و حضرت زین العابدین اور جناب امام حسین علیہ السلام کے دشت کربلا میں جام شہادت پی کر سیراب ہو چکے تھے۔ درجہ شہادت کو پہنچ چکے تھے کہتے ہیں کہ ان سب شہیدوں خدا رسیدوں کی خاطر اتنی بے حواسی و بے طاقتی خیمہ اہل بیت رسالت میں کسی کو نہ ہوئی تھی جس قدر آہ وزاری حضرت امام حسین علیہ السلام کے ذوالجناح پر سوار ہونے کے وقت ان بی بیوں پردۂ عصمت و عفت کی بیٹھنے والیوں سے کی۔۔۔۔۔" (ص ۱۹۵)

"مجلس چہلم" کا ایک اختتامی نوحہ درج ذیل ہے

"سنتا نہیں فریاد یہاں انگوٹھی کوئی — مجھ کو کھ جلی کی
دیتی ہوں کھڑی کب سے محمد کی دوہائی — ہے ہے علی اصغر
اے حیدری اب تاب کہاں یوں کہ لکھیں ہم — اس دکھیا کی زاری
جس طور سے کہتی تھی وہ قسمت جلی مائی — ہے ہے علی اصغر

انا للہ وانا الیہ راجعون۔" (ص ۲۰۱)

Marfat.com

مولانا محمد احسن گیلانی

(۱۲۶۶ھ)

مولانا محمد احسن صاحب مرحوم گیلانی ضلع پٹنہ کے رہنے والے، مدرسہ عزیزیہ بہار شریف کے مدرس اوّل تھے۔ مولانا سید مناظر احسن گیلانی مرحوم، پروفیسر عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد نے مولانا محمد احسن گیلانی کے ایک اُردو رسالہ کا انکشاف کیا اور اسے بہار میں "اُردو نثر کی پہلی کتاب" کی حیثیت سے رسالہ ندیم، گیا، بہار نمبر ۱۹۳۳ء میں پیش کیا۔ اس رسالہ کو مصنف نے بہ زمانۂ تحصیل علم بنارس میں تحریر کیا۔ خود مصنف فرماتے ہیں:

"اب اوپر دانشمندان خبیر و روشن دلان صافی ضمیر کے پوشیدہ نہ رہے کہ خادم الطلبہ محمد احسن ولد سید شجاعت علی رہنے والا متصل صوبہ بہار کا بارادہ تحصیل علم آوارہ از وطن ہو کر ۱۲۶۶ھ میں وارد شہر بنارس تھا۔"

اور خاتمہ کی عبارت یوں ہے:

"تمام شد ایں کتاب در شہر بنارس ماہ صفر ۱۲۶۶ھ۔"

مولانا مناظر احسن مرحوم لکھتے ہیں کہ:

"صوبہ بہار میں اس سے پیشتر کوئی کتاب نثر اُردو زبان میں غالباً نہیں لکھی گئی۔"

"اُردو زبان کے اس قدیم دور میں ان حقائق و اسرار، معارف و نکات کے موتیوں کو اس کے صفحات میں بکھرا ہوا پایا۔"

Marfat.com

"۔۔۔۔۔ اسلام کی جدید ذہنی ضرورتوں اور آیندہ پیش آنے والے عقلی و علمی خطروں کو بھانپ کر سارے ہندوستان میں بھی اُس وقت تک شاید کوئی کتاب اُردو زبان میں تصنیف نہ ہوئی تھی ۔۔۔۔۔"

مقالہ نگار کے بیان سے مُصنف کے موضوعِ سخن کا کچھ اندازہ ہوتا ہے افسوس کہ مولانا مناظر احسن مرحوم کا مقالہ ناتمام رہا۔ اس لیے کتاب کے متعلق تفصیلی علم حاصل نہ ہوسکا۔ ادارہ ندیم نے لکھا تھا کہ :

"کتاب پر تفصیلی تبصرہ جو مولانا ممدوح نے فرمایا ہے نہایت دلچسپ اور پُراز معلومات ہے۔ مگر افسوس ہے کہ بہار نمبر کے محدود صفحات میں اتنی گنجائش نہیں۔ اس لیے یہ مضمون یہیں پر ختم کردیا گیا ہے۔ ہم مولانا ممدوح سے اس اختصار کے لیے معافی چاہتے ہیں اور ناظرین ندیم کو یقین دلاتے ہیں کہ وہ کسی اور نمبر میں بقیہ مضمون کا مُطالعہ فرمائیں گے۔"

مجھے بہت تلاش و جستجو پر بھی بقیہ مضمون اور قلمی رسالہ نہیں مل سکا۔

مولانا ولایت علی زبیری صادقپوری

متوفی ۱۸۵۲ء

اسلامی تہذیب و تمدن کی قماش کا بہت بڑا حصہ مذہبی ہے۔ ملت اسلامیہ کی ثقافت کی بُنیاد ہی دینی ہے اور اس کے دنیاوی ڈھانچے کے پیچ و خم میں بھی مذہب کی میخیں لگی ہوئی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اسلامی کلچر کے ہر شعبہ میں مذہب کی نمایاں جھلک ملتی ہے۔ ادبیات اسلامیہ میں ہر طرح پر مذہبی محرکات کی جلوہ گری ہے۔

اُردو زبان و ادب کی پیدائش و ارتقا میں ہندو مُسلم کلچر کی آمیزش ہے اس کے مُسلم حصہ میں بھی اسلامیت کے ساتھ ساتھ عجمیت و ہندیت کے واضح

نقوش ملتے ہیں۔ اور ہندو حصہ میں ہندیت کے روشن خد و خال کے ہم پہلو اسلامی عناصر بھی نظر آتے ہیں۔ اُردو ادب کے آغاز کے وقت نظم میں عجمیت اور ہندیت کے اثرات زیادہ گہرے پڑے ہیں اور نثر میں اسلامی اثرات زیادہ۔ دکن اور شمالی ہندوستان کے صوفیوں کے مذہبی رسالوں کے علاوہ قصہ کہانیوں میں بھی اخلاقی و مذہبی مقصدیت موجود ہے۔ اس امتیاز کو سمجھنے کے لیے ملا وجہی کی مثنوی "قطب مشتری" اور قصہ "سب رس" کا تقابلی مطالعہ رہ نمائی کرے گا۔

بہار کے اُردو نثری ادب کے آغاز میں بھی اسلامی مذہبیت کا تیز رنگ دکھائی دیتا ہے۔ بلکہ یہ کہنا زیادہ صحیح ہے کہ بہار کی ابتدائی اُردو نثر اسلامیات کے تار و پود سے ہی بُنی گئی ہے۔ صوفیائے کرام اور اہل دور علماء نے ترویج و تائید اسلام کی خاطر مختلف مذہبی رسالے لکھے۔ قدیم بہار کی ادبی روایتیں بھی کچھ ایسی ہی ہیں۔ بودھ بھکشوؤں نے مذہبی اور اخلاقی محرکات کے تحت مذہبی لٹریچر اور اخلاقی ادب پالی پراکرت میں پیش کیا تھا۔ بہاری صوفیا' بہاری بھکشوؤں کی طرح سبزہ زار ادب میں بھی اپنا زعفرانی جامۂ مذہب پہنے ہوئے خوش خرم ہوتے ہیں۔

علمائے صادق پور نے بھی اُردو نثر کی تخلیق میں بہت بڑا حصہ لیا ہے۔ صادق پور نہ صرف بہار بلکہ سارے مُلک کی مذہبی و سیاسی تاریخ میں ایک غیر فانی اور اہم نام ہے۔ صادق پور (عظیم آباد) ایک احیاء، ایک تحریک، ایک تنظیم کا مرکز تھا جو ہند گیر وُسعت و اہمیت رکھتی تھی، اور چونکہ یہ ایک عوامی تحریک تھی اور زمانہ نے نئی کروٹیں لی تھیں علمائے صادق پور نے اپنا ذریعۂ پیام اُردو کو بنایا۔ لارڈ اکلینڈ کی حکومت کے زمانہ میں (۱۸۳۷ء) عدالتوں اور سرکاری محکموں سے فارسی زبان کا رواج اُٹھا دیا گیا۔ خاندان ولی اللّٰہی نے بھی قرآن شریف کے اُردو ترجمے بجائے فارسی تراجم کے عامۃ المسلمین کے سامنے پیش کیے۔

لہ شاہ عبدالقادر متوفی ۱۲۳۲ھ نے قرآن شریف کا پہلا اردو ترجمہ پیش کیا ہے۔ یہ با محاورہ ہے۔ دوسرا ترجمہ آپ کے برادر کرم شاہ رفیع الدین نے کیا۔ یہ تحت اللفظ ہے۔

Marfat.com

لہٰذا علمائے صادق پور نے بھی اپنے مذہبی رسالے اُردو ہی میں لکھے ، نیز حضرت سید احمد بریلوی رحمۃ اللہ علیہ اور شاہ اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کے مواعظ اور تفاسیر کے نکتوں کو اُردو میں منتقل کیا۔ اُردو اَدب کو صادق پوری تحریک سے بیش بہا فائدہ پہنچا کیوں کہ یہ منظم اجتماعی کوشش تھی اور عوامی میلانات کی حامل ۔

صادق پوری رسالوں کے موضوعات و مقاصد کو سمجھنے اور صاحبانِ رسائل کے ثقافتی محرکات کو جاننے کے لیے یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ صادق پوری تحریک کے سلسلوں کے متعلق مختصراً کچھ بیان کیا جائے۔

مُغلیہ عہد میں خالص اور ٹھیٹھ اسلام پیش کرنے کی سعیٔ مشکور حضرت احمد سرہندی ، مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ سے شروع ہوئی۔ اُس دَور میں ہند اسلامی تہذیب و تمدن کی ذیلی و ثانوی سطحوں کے علاوہ اسلامی عقاید و افکار کے مرکزی طبقات میں بھی عجمی و ہندی ملاوٹ شدّت سے ہونے لگی تھی۔ ایک مذہبی تہذیب کے حواشی پر دوسری تہذیبوں کی آمیزش و امتزاج کو اُس حد تک برداشت کیا جا سکتا ہے جو مرکزی اُمور کو خطرے میں نہ ڈالے ۔ لیکن ایک مذہبی ثقافت اپنی بُنیادوں اور اپنے دائرۂ خاص میں کسی قسم کے امتزاج و ترکیب کو بہ رضا و رغبت قبول نہیں کرتی ۔ عہدِ مُغلیہ میں بالعموم ہند اسلامی کلچر کے غیر اسلامی عناصر خطرناک طور پر بڑھ رہے تھے ۔ دَورِ جہاں گیر میں حضرت سرہندی رحمۃ اللہ علیہ نے اسلامی وحدانیت و وَحدت کی تجدید کی پُرزور کوشش فرمائی اور دورِ احمد شاہ میں حضرت شاہ ولی اللہ محدّث دہلویؒ نے اسلامی سیرت اور صحیح اسلامی سماجی، سیاسی اور اقتصادی فضا پیدا کرنے کی جدو جہد کی۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ بارہویں صدی کے مجدّد تھے تو حضرت سید احمد بریلوی رحمۃ اللہ علیہ تیرہویں صدی ہجری کے مجدّد و مامور تھے ۔ حضرت بریلوی کا سلسلہ حضرت محدّث دہلوی سے براہ راست ملا ہوا ہے ۔ مولانا ولایت علی کے رسالہ شجرۂ باثمرہ میں آپ کا

لہ حجۃ اللہ البالغہ ، از حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ ۔

Marfat.com

شجرہ یوں پیش ہوا ہے:

"۔۔۔ عارف رموز خفی و جلی حضرت مولانا ولایت علی و مولانا عنایت علی و مولانا فرحت حسین و مولانا شاہ محمد حسین قدس اللہ اسرارہم۔ خلیفہ امیر المؤمنین امام اوحد حضرت سید احمد مجدد مأتہ ثالثہ عشر مازالت برکاتہم۔ خلیفہ سید المحدثین خاتم المفسرین حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ۔ خلیفہ حضرت والد بزرگوار خود حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم قدس سرہٗ۔" (ص۹۲)

صادق پوری تحریک کا تعلق حضرت سید احمد بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی دعوت و تحریک سے تھا۔ آپ نے مسلمانوں کی اصلاح اور تبلیغ اسلام کے اہم فرائض کی طرف ایک مامور کی حیثیت سے توجہ کی۔ ۱۲۳۶ھ کے قریب حج کو جاتے ہوئے سید صاحب کا قافلہ عظیم آباد، پٹنہ وارد ہوا۔ آپ براہ کلکتہ حج کے لیے تشریف لے جا رہے تھے۔ مولانا سید ولایت علی کی تحریک سے صادق پور، پٹنہ کے چند اکابر مع اپنے متعلقین کے سید صاحب کے ہاتھ پر بیعت سے مشرف ہوئے۔ ان بیعت کرنے والوں میں سید ولایت علی کے علاوہ ان کے بھائی عنایت علی، مولوی شاہ محمد حسین، مولوی احمد اللہ، ان کے ایک چچا مولوی یحییٰ علی اور ان کے والد مولوی الٰہی بخش، ساکنان صادق پور تھے۔ یہ سب بزرگ خود بھی علم و فضل کے مالک تھے۔ ۱۲۳۹ھ میں حضرت سید احمد رحمۃ اللہ علیہ کا قافلہ پانچ چھ سو مریدوں کے ساتھ حج سے واپس ہو کر پٹنہ وارد ہوا۔ حضرت بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس دفعہ صادق پور میں قیام کیا اور علمار صادق پور کے سارے خاندان حلقۂ ارادت میں داخل ہوئے۔ آپ نے مولانا ولایت علی، مولانا عنایت علی اور مولوی شاہ محمد حسین کو اپنا خلیفہ مقرر

۱؎ حکیم عبدالحمید صاحب پریشاںؔ کے والد ماجد۔ حکیم صاحب علامہ عظیم الدین احمد مرحوم صدر شعبہ جات اردو، فارسی، عربی۔ پٹنہ کالج کے نانا تھے۔

۲؎ تاریخ گدھ از فصیح الدین بلخی عظیم آبادی، ص۱۴۳۔

Marfat.com

فرمایا اور پنجاب کے مظلوم مسلمانوں کی امداد کے لیے ضروری سامان فراہم کرنے کی تاکید کی۔ جب سید صاحب کا قافلہ روانہ ہوا تو مولانا ولایت علی و مولانا عنایت علی بھی ساتھ ہو لیے۔ کچھ دنوں بعد حضرت نے پنجاب کے سکھوں سے جہاد کرنے کے لیے راجستھان، سندھ، بلوچستان، ایران و افغانستان کا سفر فرمایا۔ ہندوستان کے شمالی مغربی سرحدی صوبہ میں وارد ہوئے اور اس علاقہ کو اپنے کا سارا فتح کر لیا۔ مولانا ولایت علی و مولانا عنایت علی بھی معیت میں موجود تھے۔ ان دونوں بھائیوں نے اپنی جدو جہد سے بنگالہ و بہار کی ایک بڑی جمعیت فراہم کی تھی اور کثیر رقم بھی جمع کر لی تھی۔ ان کی تنظیم کا صدر مقام صادق پور، پٹنہ تھا $\frac{\text{۱۸۲۶ء}}{\text{۱۲۴۱ھ}}$ تا ۱۸۳۱ء کا زمانہ اس جہاد کا دورِ اوّل تھا۔ جو حضرت سید احمد بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی شہادت پر جنگ بالاکوٹ، صوبہ سرحد میں ختم ہوا $\frac{\text{۱۲۴۵ھ}}{\text{۱۸۳۱ء}}$ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

حضرت اپنے مقاصد میں کامیاب ہوئے۔ آپ نے اصلاح و تبلیغ کے کام میں بہت فروغ حاصل کیا اور مسلمانانِ ہند میں دیرپا ذہنی و فکری، ایمانی و اخلاقی بیداری و زندگی پیدا کر دی۔ جنگ بالاکوٹ میں شاہ اسمٰعیل دہلوی بھی شہید ہوئے۔ اس جنگ کے بعد تحریکِ احمدی کا سارا کام بگڑتا ہوا معلوم ہوا۔ لیکن علماء صادق پور کی ثابت قدمی نے بگڑی بنالی۔ مولانا ولایت علی اور مولانا عنایت علی نے نئے سرے سے تنظیم و تبلیغ کا کام جاری کیا اور اپنی جماعت کو اسی قدر طاقتور بنادیا جس قدر وہ حضرت سید احمد کی زندگی میں تھی۔ اس جماعت نے، جو بیشتر بہار کے علاقوں سے جمع کی گئی تھی، پھر خطۂ پنجاب پر چڑھائی کی اور چند سال کے جدال و قتال کے بعد ایک وسیع شمالی مغربی خطۂ ملک پر اپنی حکومت قائم کر لی۔ سکھوں نے ہزیمت اٹھا کر انگریزوں کا سہارا پکڑا۔ دراصل سکھ اس جماعت کے پے بہ پے حملوں سے کمزور

ؔ تواریخ عجیبہ، موسوم بہ سوانح احمدی، مؤلفہ مولوی محمد جعفر تھانیسری۔

ؔ ۔ ہری پور سے کاغان تک اور ستھانہ سے سرحد کشمیر تک، دریائے سندھ و دریائے جہلم کے درمیان۔

Marfat.com

ہو ہی چکے تھے۔ انگریزوں نے پسند نہ کیا کہ ہندوستان کے شمالی مغربی علاقے میں ایک نئی پُرجوش طاقت اُبھرے۔ انھوں نے مجاہدین کو متنبہ کیا اور وہ اُن کی راہ میں رکاوٹیں ڈالنے لگے۔ لہٰذا مجاہدین کا ٹکراؤ انگریزی فوج سے بھی ہونے لگا۔ ۴۸۔۱۸۴۷ء تک سارا مفتوحہ علاقہ مجاہدین کے ہاتھ سے نکل گیا۔ مولانا ولایت علی اور اُن کے بھائی مولانا عنایت علی گرفتار کرکے پٹنہ بھیج دیئے گئے جہاں اُن سے میعادی مچلکے لیے گئے۔ میعاد گزرنے پر دونوں بھائی پھر ستھانہ پہنچ گئے۔ وہیں مولانا ولایت علی نے ۱۸۵۴ء میں انتقال کیا۔ ان کے جانشین مولانا عنایت علی قرار پائے۔ انھوں نے سرکار انگریزی کے خلاف جنگ کرنے کی بڑی سرگرمی سے تیاریاں کیں لیکن ناکام رہے۔

۱۸۵۲ء میں پنجاب کے افسران کے ہاتھ میں کچھ ایسے خط پڑے جن سے ظاہر ہوتا تھا کہ راولپنڈی چھاؤنی کے دیسی سپاہیوں کو سرکار انگریزی سے برانگیختہ و باغی کرنے کی سازش کی ابتدا پٹنہ سے ہوئی تھی اور وہیں سے مولوی احمد اللہ اور چند دوسرے علمائے صادق پور کے زیر اہتمام روپے، سامان رسد اور اسلحے بغرض جہاد ستھانہ بھیجے جا رہے تھے۔ ان لوگوں کی خانہ تلاشی ہوئی اور ان پر کڑی نظر رکھی جانے لگی۔ ۱۸۵۷ء ۱۸ جون کو مولوی احمد اللہ صادقپوری، مولوی شاہ محمد حسین صادق پوری اور مولوی واعظ الحق ساکن بخشی محلہ نظر بند کردیئے گئے۔ انہیں ولیم ٹیلر کمشنر پٹنہ نے تین مہینے نظر بند رکھا۔ ان واقعات کے بعد ۱۸۵۷ء کا غدر ہوا۔ غدر کے کئی برس بعد ۱۸۶۳ء میں پھر مجاہدین سے انگریزوں کی ٹکر انبیلہ د کوہ سیاہ کے میدانوں میں ہوئی۔ لڑائی کے دوران میں اور اس کے بعد کی تحقیقات سے معلوم ہوا کہ بغاوت کی آگ دھیمے دھیمے سارے ملک میں سُلگ رہی ہے، صادق پور میں تحریک آزادی و تنظیم جنگ جاری ہے اور مجاہدین کے قافلے مع سامانِ جہاد سرحد کو روانہ ہو رہے ہیں۔ ملک کے مختلف مقامات میں گرفتاریاں شروع ہوئیں۔ صادق پور کے علماء میں مولوی احمد اللہ کے چھوٹے بھائی مولوی یحییٰ علی اور مولوی عبدالرحیم گرفتار کیے گئے۔ مولوی محمد جعفر تھانیسری کو بھی گرفتار کیا گیا۔ یہ سب انبالہ بھیج دیئے گئے اور

Marfat.com

انھیں مقدمہ کے بعد حبس دوام بہ عبور دریائے شور کی سزا[1] ملی (۱۸۶۴ء/۱۲۸۰ھ)۔ ۱۸۶۵ء میں مولوی احمد اللہ پر بغاوت کا مقدمہ قائم کیا گیا اور انھیں بھی حبس دوام کی سزا[2] ملی۔ اُن کی ساری جائداد ضبط کرلی گئی۔ مولوی احمد اللہ اور مولوی یحییٰ علی نے وطن سے دُور جزیرۂ انڈمان میں علی الترتیب ۱۸۸۲ء و ۱۸۸۶ء میں انتقال کیا۔ حکیم عبدالحمید خلف اکبر مولوی احمد اللہ اور اُن کے خاندان پر سخت مُصیبت ٹوٹ پڑی۔ اس داستانِ[3] درد کو انھوں نے اپنی فارسی مثنوی "فسانۂ جانگداز" میں پیش کیا ہے ؎

من بہ تشویش و فکر لیل و نہار
بخت در خواب و فتنہ ہا بیدار

حضرت سیّد احمد بریلوی کی تحریک، اہل صادق پور کی نصرت و اعانت اور اس تحریک کے مسلسل نشیب و فراز پر تبصرہ مقصود نہیں۔ غرض یہ تھی کہ میں اس تحریک کی ارتقائی اور تخلیقی قوت کو پیش کردوں تاکہ اس امر کی پوری حقیقت ظاہر ہو جائے کہ تحریکِ احمدیؒ نے اُردو اَدب، خصوصاً اُردو نثر کو کافی تقویت پہنچائی۔ ۱۸۱۰ء میں فورٹ ولیم کالج، کلکتہ بند ہوگیا تھا۔ اس زمانہ سے ۱۸۲۵ء تک اُردو نثری ادب کی دُنیا میں خلا سا نظر آتا ہے۔ آخرالذکر سن کے قریب کسی ہندو ادیب نے "گُل باصنوبر چہ کرد" کا فارسی سے اُردو میں ترجمہ کیا اور رجب علی بیگ سرور نے "فسانۂ عجائب" لکھا۔ ۱۸۲۵ء کے بعد بھی سہل و سلیس نثر کی طرف توجہ نہ تھی۔ لیکن سیّد احمد بریلوی کی جماعت نے ہدایت و تعلیم اور ردّ مخالفین کے لیے سلیس و عام فہم اُردو میں کثرت سے رسالے لکھے اور فارسی سے ترجمے کیے۔ مولوی عبداللہ نے ہوگلی پریس سے سیّد صاحب کی تصنیف 'تنبیہ الغافلین' کا اُردو ترجمہ شائع کیا۔ شاہ اسمٰعیل شہید کی 'تقویتہ الایمان' بزبانِ اُردو، فرقہ اہل حدیث میں آج تک متداول ہے۔ اسی سلسلہ میں علمائے صادق پور نے بھی متعدد اُردو رسائل لکھے، جن کا ذکر آگے آئے گا۔ اُن بزرگوں میں مولانا

---

[1] تذکرۂ صادقہ۔ [2] پٹنہ گزیٹیر ص۲۰۶۔ [3] معاصر، پٹنہ، جولائی ۱۹۴۹ء، ص۲۰-۸۱۔

ولایت علی کی شخصیت بہت اہم تھی۔

مولانا ولایت علی حضرت تاج فقیہہ مَدنی ثم منیری کی نسل میں سے تھے۔اس طرح آپ کو حضرت مخدوم شاہ شرف الدین احمد منیری سے بھی نسبت حاصل تھی۔ مولانا ولایت علی نے حضرت سید احمد بریلوی کی رفاقت میں دین کی بڑی خدمتیں انجام دیں۔ مولانا کے گھرانے میں پیری مُریدی کا سلسلہ جاری تھا۔ مگر حضرت مجدد کی بیعت نے آپ کو شریعت و سُنّت کا دیوانہ اور اسلام کا سرفروش مُجاہد بنادیا۔حضرت احمدؒ کی تنظیم تحریک حریت انسانی اور دعوتِ احیائے اسلام تھی۔آپ کو اور آپ کی جماعت کو سِکھوں سے اِس لیے جنگ کرنی پڑی کہ پنجاب میں مُسلمانوں پر نہ صرف عرصۂ حیات تنگ تھا بلکہ وہ اسلام پر بھی آزادانہ عمل نہیں کرسکتے تھے۔ ہرچند کہ حضرت بابا نانک ایک اسلام دوست صوفی تھے۔تاہم اُن کے بعد پنجاب میں ایسے سیاسی حالات پیدا ہوئے کہ مُسلمان خدا کا نام بلند کرنے کے لیے اَذان تک نہیں دے سکتے تھے۔ ہرطرف قتل و غارت کی فضا تھی، انسان کی بُنیادی آزادیاں سلب کرلی گئی تھیں۔ اور ظلم کی انتہا ہوچکی تھی۔ سارے ہندوستان میں طوائف الملوکی تھی۔ لیکن قانونی طور پر اب تک مغل بادشاہ مُلکُ الہند تھا۔ انگریز مشرقی اور وسطی صوبوں کو جارحانہ طور پر دابے بیٹھے تھے۔ مگر ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت محض نیابت و نظامت کی حکومت تھی اور وہ بھی بالجبر۔ تحریکِ احمدی کے دوسرے دَور میں جب مُجاہدین کی انگریزوں سے ٹکر ہوئی تو وہ بالکل حق بجانب تھی۔انگریز بادشاہ نہ تھے۔ اُن کی کوئی اخلاقی وقانونی حیثیت اس ملک میں نہ تھی۔ شمالی مغربی سرحد کا علاقہ کسی منظم حکومت کا خطہ بھی نہ تھا۔ وہ یاغستان تھا۔ پنجاب کے صوبہ میں جو مظالم ہورہے تھے اُن کا سدّباب مغل بادشاہ کو کرنا چاہیئے تھا۔لیکن

لہ مولانا ولایت علی کے برادر زادہ مولانا عبدالرحیم نے باشندگان صادق پور کے حالات میں ایک کتاب "الدر المنثور فی تراجم اہل صادق پور" لکھی تھی جس سے بہار کے سادات زبیری وجعفری اور دوسرے وابستہ خاندانوں کے حالات کا پتہ چلتا ہے۔

Marfat.com

دراصل اُس وقت ملک ہند میں سلطنت برائے نام تھی۔ ایسی صورت میں انسانی آزادی اور حریتِ ضمیر کی حفاظت کا فرض ہر باغیرت شخص پر عاید ہوتا تھا۔ حضرت مجدّد کی جماعت نے اس فرض کو ادا کیا اور غاصب و فتنہ پرور کمپنی کی حکومت نے حیلہ جوئی اور مخاصمت سے کام لیا۔ ایسی صورت میں کمپنی کے سپاہیوں سے جنگ شرعی اور اخلاقی طور پر صحیح و جائز تھی۔ اس جہت سے تحریکِ احمدی آزادئ ہند کی سب سے پہلی ملک گیر عوامی تحریک بن گئی۔ سلطان ٹیپو اور سراج الدولہ کی جدّو جہد مقامی اور خواصی تھی۔ حضرت سیّد احمد بریلوی کا مقصد تو صرف مسلمانوں کا اخلاقی و روحانی احیاء تھا۔ لیکن تمکنتِ دین کے لیے ہر شرعی کوشش آپ کے اور آپ کی جماعت کے نزدیک جائز تھی۔ اسی طرح آزادئ ضمیر کے قیام کے لیے سعی پیہم بھی اس برگزیدہ جماعت کے خیال میں لازمی تھی۔

ب اس جماعت کی خدمتِ اُردو کی تفصیل بیان کی جاتی ہے۔ سرفہرست مولانا ولایت علی صادق پوری عظیم آبادی کا نام نامی آتا ہے۔ آپ کے مصنفات میں فارسی اور اُردو کے متعدد مذہبی رسالے ہیں۔ مثلاً ردِ شرک اربعین فی المہدیین' رسالۂ دعوت، تیسیر الصلوٰۃ، شجرۂ باثمرہ، تبیان الشرک، رسالہ عمل بالحدیث وغیرہ۔

مجھے ایک مطبوعۂ رسائل مولوی عبدالغفار صاحب صادق پوری سے ملا۔ اس کا نام "مجموعۂ رسائل تسعہ" ہے۔ اس مجموعہ میں مندرجہ ذیل رسائل شامل ہیں؛

(۱) ردّ شرک	(۲) عمل بالحدیث
(۳) اربعین فی المہدیین	(۴) رسالۂ دعوت
(۵) تیسیر الصلوٰۃ	(۶) شجرۂ باثمرہ
(۷) بُت شکن	(۸) فیض الفیوض
(۹) تبیان الشرک	

یہ رسالے مولانا ولایت علی وغیرہ بزرگوں کے لکھے ہوئے ہیں۔ پانچ رسائل اُردو میں ہیں۔ تین فارسی میں ہیں اور ایک عربی میں۔ یہ مولانا عبدالرحیم صادق پوری کے حسب الارشاد مطبع فاروقی دہلی میں طبع ہوئے۔ سنہ درج

Marfat.com

نہیں۔ سائز "۶ × ۱۰۔ صفحات ۱۵۶۔ پہلے میں مولانا ولایت علی کے رسالوں کا تذکرہ کروں گا۔

رَدِّ شرک

از تصنیف مولانا ولایت علی صاحب معہ ترجمہ مولوی الٰہی بخش صاحب بہاری۔ بقول مولوی عبدالغفار صاحب صادق پوری یہ رسالہ شاہ اسمٰعیل شہید کی تصنیف تقویۃ الایمان کا مختصر اور واضح خلاصہ ہے۔ ترجمہ عام فہم اُردو میں ہے۔ اصل کتاب کی عبارت کو صفحہ کے ایک حصّہ میں اور ترجمہ کو دوسرے مقابل حصّہ میں خط کھینچ کر لکھا گیا ہے۔ اُردو عبارت یوں شروع ہوتی ہے:

" وہ زبان کہاں ہے جس سے ہادیِ مطلق کا شکر بجالاؤں۔ اور وہ ہاتھ کہاں ہے جس سے اُس کی تعریف کے لکھنے میں ہمت کروں۔ اُس خدا نے ہم لوگوں کو امواجِ شرک کے ہچکولوں سے بچاکر توحید کے کنارہ پر پہنچایا باوجود اس کے کہ طوفان شرک میں ایک جہان ڈوبا ہوا ہے اور میدانِ ضلالت میں ایک عالم سرگرداں ہے۔ اور درود بے شمار اُس سرور کائنات کے حضور میں پیش ہے کہ اولاد آدم کی نجات سوائے اُن کی پیروی کے کوئی دوسرا طریقہ نہیں ہے۔ اور ان کی آل واصحاب پر جن کی پیروی عین رسول خدا کی پیروی ہے۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔ بعد حمد و نعت کے چند فصل شرک اور اقسام شرک کے دفع میں لکھتا ہوں اور اس کا اختتام واحدِ حقیقی سے چاہتا ہوں۔

اندازِ ترجمہ سمجھانے کے لیے اصل فارسی عبارت بھی درج ذیل ہے۔ ترجمہ کی نہج فارسی اسلوب کے عین مطابق ہے:

" کو زبانہائے کہ شکر ہادی مطلق بجا آورد و کجا دستے کہ بہ تحریر ثنایش ہمت گمارم کہ ما یان را از طلاطم امواج شرک بر کنارۂ توحید بر آوردہ باآنکہ یک جہان غرقہ بطوفان اوست دیک عالم سرگشتہ بہ بیابان او۔ و درود نا معدود حضور سرورِ

Marfat.com

کائنات کہ بغیر اتباعش برائے نجات بنی آدم طریقہ دیگر نیست۔ و بر آل و اصحابش کہ اتباعش عین پیروی رسول اللہ است، صلی اللہ علیہ وسلم۔ امابعد فصلے چند بدفع شرک و اقسامش می گویم و انصرامش از واحد حقیقی میجویم ۔"

پہلی فصل : "اس فصل میں اُن لوگوں کے اقوال کی تردید ہے۔ جو اللہ کی کتاب اور رسول کی خدمت سے بذریعہ حیلوں کے منہ پھیرتے ہیں اور دعویٰ مسلمانی کا کرتے ہیں، اس کا بیان یہ ہے کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ قرآن مجید اور حدیث شریف کو وہی شخص سمجھ سکتا ہے جس نے تمام علوم اور کل کتابیں پڑھی ہیں اور اپنے زمانہ میں علامہ دہر ہو۔ ایسے لوگوں کے جواب میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ ...... (آیت شریفہ) وہی ہے خدا جس نے بھیجا اَن پڑھوں میں ایک رسول اُنہیں لوگوں میں سے جو پڑھتا ہے اُن اَن پڑھوں پر خدا کی آیتیں اور اُن کو پاک کرتا ہے اور اُن کو سکھاتا ہے کتاب اور حکمت۔ یعنی رسول بھی اَن پڑھ تھے اور اصحاب کرام بھی اَن پڑھ تھے۔ باوجود اس کے جب رسول خدا نے صحابہ کرام کو اللہ تعالیٰ کی آیتیں پڑھ کر سُنائیں تو اصحاب سُن کر شرک و فساد سے پاک ہوگئے۔ پس اگر ناخواندہ آدمی قرآن مجید اور حدیث شریف کو نہیں سمجھ سکتا ہے اور استعداد فہم نہیں رکھتا ہے تو بھلا صحابہ کرام نے کیوں کر سمجھا اور عیبوں سے پاک کس طرح ہوئے ...... " (ص ۳) رسالہ کے چھتیس صفحات اور سات فصلیں ہیں۔

رسالۂ عمل بالحدیث

از تصنیف مولانا ولایت علی صاحب مع ترجمہ مولوی الٰہی بخش صاحب۔ رسالہ کی تین فصلیں اور سولہ صفحات ہیں۔ نثر اُردو کا نمونہ حسب ذیل ہے :

"...... کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ دلِ مُردہ رکھتے ہیں اور ظاہر سے باطن تک نہیں پہنچتے ہیں، اپنی اوقات عزیز کو دُنیا حاصل کرنے میں برباد کرتے ہیں اور ہمت کا قدم غور و تامل کے میدان میں نہیں رکھتے ہیں اور چور کی طرح ہر آشنا و نا آشنا کی تھیلی میں

Marfat.com

نگاہ ڈالتے ہیں اور اندھوں کی طرح ہر عاقل اور دیوانے کے مونڈھے پر ہاتھ رکھتے ہیں ....." (ص ۳۲)

اَربَعِینَ فِی المَھدِیِّینَ

ازتالیف جناب مولانا ولایت علی صاحب معہ ترجمہ۔ مجموعۂ رسائل تسعہ کے صفحہ ۴۶ سے صفحہ ۶۳ کے سرے تک یہ رسالہ عربی زبان میں مع ترجمۂ اُردو پھیلا ہوا ہے۔ غالباً یہ ترجمہ بھی مولوی الٰہی بخش نے ہی کیا ہے۔ نمونۂ تحریر حسب ذیل ہے:

"پہلی فصل میں وہ حدیثیں ہیں جو شان میں سارے ہادی من اللہ کے ہیں جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پیچھے آویں گے۔ روایت ہے ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے، کہا اُن حدیثوں میں کہ یاد رکھتا ہوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ ہے کہ بے شک اللہ اُٹھائے گا اس اُمت کے واسطے ہر سو کے سرے پر اس شخص کو کہ نیا کر دکھاوے گا اس امت کو دین اُس کا۔[1]" (ص ۴۶)

رسالۂ دعوت

از تالیف لطیف مولانا ولایت علی صاحب۔ یہ رسالہ اُردو میں ہے اور سولہ صفحات پر محیط ہے۔ مضامین کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ اس کی تصنیف حضرت سید احمد بریلوی رحمۃ اللہ کی زندگی کے اواخر میں یا جنگ بالاکوٹ کے معاً بعد ہوئی۔ اس سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ سن تصنیف ۱۸۳۱ء کے لگ بھگ ہے۔ چند اقتباسات مندرجہ ذیل ہیں:

"اے اللہ تجھ کو سب قدرت ہے، تو ایسا کرم کر کہ اس رسالہ کو سن کر ہمارے جتنے بھائی مسلمان ہیں ان کے دل کے شبہے اور وسواس سب جاتے رہیں اور گروہ محمدی میں داخل ہو جاویں کہ محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیدھی راہ نجات کی اُن کے ہاتھ

۱؎ ابوداؤد اور مشکوٰۃ۔ کتاب العلم (حدیث شریف)

Marfat.com

گے اور درود لیسے نبی پر اور اُن کی آل و اصحاب پر آمین یا ربّ العالمین! جو لوگ ہوشیار ہیں وے جو کام کرتے ہیں پہلے اُس کے اوّل و آخر ابتدا انتہا کو سوچ لیتے ہیں اور ہر جگہ موافقت و مخالفت لڑنے مارنے میں بے تکلف قدم نہیں رکھتے۔ آنکی خدمت میں یہ عرض ہے کہ بعضے شخصوں کی عادت ہے کہ صاحبِ دعوت کی بات کو اُس کے رو برو قبول نہیں کرتے۔ ان کے واسطے یہ رسالہ لکھا گیا، کہ تنہائی میں اس کو خوب انصاف اور تامل کی نظر سے دیکھیں، اگر کچھ اپنے کام کا پاویں اور اپنے دین و دُنیا کی منفعت سمجھیں تو اُس پر چلیں، ایسا نہ کریں کہ مارے خفگی کے پڑا نہ دیکھیں کیونکہ عاقلوں کا قول ہے کہ بات دُشمن کی بھی سن لینی چاہئے، پھر اگر پسند نہ آوے تو ماننے نہ ماننے کا اختیار اپنے ہاتھ ہے۔ ...." (صـ۳)

"...... اس رسالے میں تھوڑا سا وہ احوال امام وقت کا ہے کہ جس کی تحقیق کے واسطے حضرت کے حضور میں جانا کچھ ضرور نہیں، بلکہ اپنے شہر و دیار میں جہاں ہووے اُس کو تحقیق و تامل کرے۔ یہ باتیں موجود پاوے گا۔ لیکن انصاف شرط ہے۔ احوال امیرالمؤمنین کا۔ حضرت کے پہچاننے کو تھوڑی سی عقل سیدھی اور تھوڑی سی واقفیت حدیث سے چاہئے کہ اکثر اولیاء اللہ کو پر تو بعضے انبیاء کا عنایت ہوتا ہے، ہمارے حضرت کو اللہ نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا پر تو عنایت کیا اور گروہ پر حضرت کے صحابہ کا پر تو ڈالا کہ لوگوں کے دل میں محبت اتباع سنّت کی اور غیرت ایمان کی حد سے زیادہ ہوئی۔ اللہ کا دین زیادہ ہونے کے واسطے دل بے قرار ہونے لگا۔ جب بیقراری حد سے زیادہ بڑھی تو اللہ تعالیٰ نے اُن کے دل میں الہام صادقہ فرمانا شروع کیا اور بشارتیں دیں کہ ہم نے تجھ کو امام صاحب اقبال اور

اولوالعزم کیا اور دین کے بتانے میں اور حکم شرع جاری کرنے میں صاحب تاثیر برکت والا بنایا، اب تھوڑی سی تیری التفات و توجہ میں لوگوں کو ہم بڑے بڑے عمدہ مقام پر ولایت کے پہونچادیں گے اور تھوڑی سی محنت میں ہم تجھ کو سردار بنائیں گے۔ اور اکثر ملکوں پر فتح دیں گے۔ اور جو کوئی تیرے ہاتھ پر بیعت کرے گا اُس کو میں آپ کفایت کروں گا، اور رستہ دین کا بتاؤں گا، اور دُنیا سے اس کا دل بیزار کروں گا۔" (ص۶۴)

:.... پھر جب حق دعوت کا ملک ہندوستان میں ادا ہوچکا تب بطریق اپنے نبی کے تابعین کے ساتھ ارادہ ہجرت کا فرمایا۔ پھر جس مقام پر یہ قافلۂ متبرکہ وارد ہوتا تھا، وہاں کے تمام اطراف کے لوگ صورت دیکھتے بے اختیار ہوکر آتے تھے اور نہایت عقیدت سے بیعت کرتے تھے، باوجودیکہ نہ کبھی کی واقفیت نہ آگاہی بلکہ زبان بھی اُن کی نہ سمجھتے تھے۔ اسی طرح اللہ نے تمام ہندو خراسان کے لوگوں کو مطیع بیعت کردیا۔ اس طرح سُنّت رسول اللہ کے مُطابق آج تک کسی کو ہجرت کرتے نہ سُنا تھا۔ سُبحان اللہ حق تعالیٰ نے اپنے رسول کا کیسا پیرو کامل پیدا کیا۔ بعد اُس کے محض اللہ پر توکل کرکے جہاد شروع کیا۔...." (ص۶۵)

:.... جس کو اللہ جب تک چاہتا ہے چھپاتا ہے جب چاہتا ہے ظاہر کرتا ہے۔ ہمارے حضرت کی خلوت کوئی حضرت عیسیٰ کی سی نہ سمجھے کہ کسی سے مُلاقات نہیں ہوتی یا ظہور میں اُن کے عرصہ بعید گزرے گا۔ یہاں تو اکثر لوگ جب چاہتے ہیں تھوڑی سی کوشش میں حضرت کی زیارت سے مشرف ہوتے ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ عرصۂ قریب میں مثل خورشید درخشاں کے ظاہر ہوکر عالم کو اپنے انوارِ ہدایت سے منوّر فرمائیں[1] گے۔..." (ص۶۶)

---

[1] جنگ بالاکوٹ کے بعد یہ شبہ پڑ گیا تھا کہ حضرت سید احمدؒ شہید ہونے یا بچ کر نکلے اور روپوش ہوگئے۔ ممکن ہے کہ ایسا ہی ہوا ہو، اور کچھ عرصہ کے بعد جناب کی وفات ہوئی ہو۔ اسے غیبوبت نام بتے ہیں۔

اس کے بعد اس گروہ کے بیعت کرنے والوں کا احوال ہے، مخالفوں کا احوال ہے، مولویوں کی دعوت اور مخالف علماء کی حالت ہے، مشائخ کی دعوت اور ان کا احوال ہے، مخالفوں کے دوستوں، اُن کے مُرید اور شاگردوں، دوبارہ بیعت میں مُضائقہ کرنے والوں، فاسقوں اور فاجروں، امیروں، حاسدوں، جاہل غیرت والوں، شیعوں اور خلفاء کے ہاتھ پر بیعت نہ کرنے والوں کی دعوت ہے۔ آخری فصل یوں شروع ہوتی ہے:

"بعضے مُسلمانوں کا دل بیعت کرنے کو رغبت کرتا ہے۔ مگر اُن کو یہ خیال ہوتا ہے کہ حضرت دُور تشریف رکھتے ہیں اور کسی خلیفہ کے ہاتھ پر بیعت کرنے میں دل شرماتا ہے۔ حقیقت کو سمجھنا چاہیئے کہ جو شخص بیعت محض اللہ کی خوشی کے واسطے کرتا ہے اور دوسری غرض کوئی نہیں متعلق ہوتی، تو وہ بیعت حقیقت میں اللہ سے ہوتی ہے اور اللہ کا ہاتھ اُس کے ہاتھ پر ہوتا ہے۔ قرآن میں یہ خبر مذکور ہے۔ ....

.... اللہ سب کو توفیق دیوے کہ جلد اس گروہ مقبول میں داخل ہو کر دین کے سرسبز ہونے اور اللہ رسول کی رضامندی کی باتیں حاصل کرنے میں شریک ہوویں۔ آمین یارب العالمین۔"

رسالہ تَیسِیرُ الصَّلوٰۃ

از تصانیف مولانا ولایت علی عظیم آبادی۔ یہ رسالہ اُردو میں ہے۔ نو صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔ ۷۹ تا ۸۷۔ نماز اور اقسام نماز کے متعلق ہے۔ طرز تحریر حسب ذیل ہے:

"...... خداوند آج اس کو اُمید اپنے اعمالوں کی اور تدبیر کی بالکل جاتی رہی۔ محض بے اختیار ہے۔ تو جیسا چاہے ویسا کرے۔ ہم تجھ کو سُپرد کرتے ہیں۔ تو محض اپنے کرم سے اس کو بخش دے۔ ......" (صفحہ ۸)

Marfat.com

رسالۂ شجرۂ باثمرہ

مؤلفہ مولانا ولایت علی۔ صفحہ ۸۸ تا ۹۴۔ یہ رسالہ صحیح طریقۂ تصوف کے متعلق ہے۔ طرز بیان درج ذیل ہے؛

"...... نادانوں کے خیال میں یہ بات جمی ہے کہ جب تک مُرید نہیں ہوں گے ہمارے گناہوں کی پُوچھ ہم سے ہووے گی۔ بعد اس کے اگلے پچھلے سارے گناہ پیر بخشوالیں گے۔ اور قیامت میں اُن کے جھنڈے تلے جانے سے کوئی ہمارے گناہ ہم سے نہ پوچھے گا۔ بلکہ ہمارے پیر سے پُوچھیں گے۔ وے جو کچھ جانیں گے بتادیں گے۔ ہم کو اتنا ہی چاہئے کہ پیروں کی جناب میں اپنا اعتقاد مضبوط رکھیں۔ غرض پیر کو عاقبت کا گدھا، گُناہوں کا بوجھ اُٹھانے والا ٹھہرایا ہے۔ اس خیال سے شجرے کو اپنا ایمان جانتے، اوراس کی تعظیم حد سے زیادہ کرتے ہیں۔" (صـ۸۸)

"...... یوں سمجھے کہ کوئی کسی کا عذاب بلکہ کسی کے سر کا درد بھی اپنے سر میں لے نہیں سکتا۔ کوئی کسی کے بدلے نہیں پوچھا جاتا۔ ایک دن باپ دادے، پیر اُستاد سب سامنے سے آنکھیں چُرادیں گے۔ آخر جس کا خون اُسی کی گردن ہو جاوے گی۔ اور ہر مُرید کو شجرہ اپنے پاس رکھنا کچھ ضروری نہیں۔ پیرزادے جو ہر سال شجرہ پڑھوانے کی تاکید کرتے ہیں۔ اُن کی غرض ہر سال کچھ کھانے کمانے کی ہے۔ اُن کا قول مشہور ہے کہ بُرا کھیت مولی کا کہ ایک دفعہ اکھاڑنے سے میدان ہوجاوے۔ بھلا کھیت ساگ کا جوں جوں کاٹو توں توں بڑھے۔"

تبیان الشرک

مُصنفہ مولانا ولایت علی۔ صفحہ ۱۴۲ تا ۱۵۶۔ [illegible] رسالہ رد شرک [illegible] زبان فارسی لکھا لیا تھا۔ چند فصلوں کے اضافہ کے ساتھ یہ رسالہ عوام کے سمجھنے کے لئے اردو میں لکھا گیا۔ جا بجا حضرت [illegible] سعدی کی طرف مضامین کی نظریں بھی ادا کیا ہے۔

انداز بیاں درج ذیل ہے:

"بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ ہمارا بہت دُور ہے شرکوں سے۔ اگرچہ لوگ اپنی عقل میں آدم مُشت خاک کو اُس مالک عرش و افلاک کا شریک جانتے ہیں، اور اس غبار ناپائدار کی تعظیم برابر اُس پاک پروردگار کے کرتے ہیں کہ جس کام میں نبی اور ولی کو دخل نہیں اور جس کے حکم میں فرشتوں کو دم مارنے کی طاقت نہیں، فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ یعنی جس کام کا ارادہ کرے اُس کو کرہی کے چھوڑے اور کسی کے روکنے سے نہ رُکے۔

بڑے چھوٹے ہیں سارے بے اختیار
جو چاہے کرے میرا پروردگار

رسالہ بدعت (تقریر بدعت)

از مولانا ولایت علی۔ مطبوعہ کلکتہ۔ ۲۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ یہ رسالہ مجموعۂ رسائل تسعہ میں نہیں۔ مولوی عبدالغفار صاحب صادق پوری کی کی ہوئی ایک نقل از اصل مجھے آپ کے فرزند محمد اسمٰعیل سے ملی۔ نمونۂ نثر حسب ذیل ہے:

"سبب تحریر: بعد اس کے سُنا چاہئے کہ کتنے لوگ صراط مستقیم پر بلکہ جناب امام حضرت سید احمد صاحب پر اعتراض اور نسبت بدعت کی کرتے ہیں وجہ یہ کہ مولانا اسمٰعیل علیہ الرحمۃ کا رسالہ جس کا نام ایضاح الحق ہے بدعت کے باب میں فارسی زبان میں جو تصنیف فرمایا اس کے سمجھنے کی اکثر لوگوں کو لیاقت نہیں۔ اس سبب اس عاجز سے بدعت کے باب میں آکر پوچھتے اور تنگ کرتے ہیں اس واسطے ہندی زبان میں تھوڑی سی تقریر بدعۃ کی جو آسان اور سہل اور سوار تقریر مولانا ممدوح کے ہے لکھ دیا کہ ہر کسی کے سمجھ میں آوے اور آیت سے اس کو مدلل کردیا۔ سیدھی سمجھ والے کو بہت

---

۱ از شاہ اسمٰعیل شہید علیہ رحمت۔ فارسی ۱۶۰ صفحات۔ بڑی تقطیع۔

Marfat.com

ہے " (صا) ....

"امور متعلق بعثت : اور جس کے بتانے کے واسطے حضرتؐ آئے۔ مثلاً حضرت اس واسطے مبعوث ہوئے کہ اُمّت کو منع کریں کہ جس چیز سے غفلت پیدا ہو اور دُنیا میں تنگی ہو وہ نہ کریں چنانچہ مکان، کھانے، کپڑے میں حد باندھ دی کہ بہت اسراف نہ کریں۔ حرام چیزیں نہ کھاویں۔ ریشمی، زرّیں اور کُوسم زعفران کا رنگا ہوا کپڑا نہ پہنیں۔ اور اُمّت کو حکم کریں کہ جن باتوں سے خدا کا دھیان بڑھے اور دُنیا کا انتظام دُرست ہو وہ کریں " (صا)

اس رسالہ میں اشغال، مراقبہ، خواب، رویائے صالحین، الہام ووحی اور اقسام الہامات سے بہت ہی تشفی بخش بحث کی گئی ہے۔

مولانا عنایت علی صادقپوری عظیم آبادی

مولانا عنایت علی عُرف منجھلے صاحب۔ آپ مولانا ولایت علی کے منجھلے بھائی اور آپ کے شریک کار تھے۔ قبل بیان ہوچکا ہے کہ آپ نے بھی حضرت سید احمد بریلویؒ کی بیعت کی تھی اور آپ کی خلافت بھی حاصل کی تھی۔ غزوات میں مولانا عنایت علی نہایت جری تھے۔ آپ خالدؓ دوراں کہلاتے تھے۔ آپ کی شجاعت بے مثل تھی۔ فن سپہ گری میں بھی آپ کو مہارت حاصل تھی اور فوجی تنظیم کی صلاحیت بھی ثابت ہے۔ تفصیلات مولانا ولایت علی کے حال میں بیان ہوچکی ہیں۔ مجموعۂ رسائل تسعہ میں ایک رسالہ اُردو موسوم بہ بُت شکن شامل ہے۔ "جس میں تعزیہ کی بُرائی اور اس کے بنانے اور پُوجنے والوں کی بے وقوفی اور نادانی کا بیان ہے " یہ رسالہ مولانا عنایت علی عظیم آبادی کا تصنیف کیا ہوا ہے۔ سن تحریر درج نہیں۔ نمونہ تحریر حسب ذیل ہے:

Marfat.com

"...... اسی طرح اب سمجھو وہ جنّت جس کی چوڑائی ساتوں آسمانوں و زمین کے برابر ہے اور تمام آباد، کہیں جنگل اور ویران نہیں۔ ایک بالشت زمین اُس کی قیمت میں ساری روئے زمین سے زیادہ۔ ایک ادنیٰ مکان وہاں کا تمام دُنیا کے محل سے بہتر۔ یہ نعمتیں اللہ نے امام کو بخشیں۔ بے شک وہ ایسے عیش میں اسوقت ہیں۔ اور ان کا دُشمن جو یزید تھا۔ وہ دوزخ میں جلتا ہوگا۔ جس کے شعلے آسمان سے بات کرتے ہیں۔ چنگاریاں اُس کی جیسے اُونٹوں کی قطار۔ ساٹھ برس کی راہ سے آدمی کو کھینچتی ہے۔ جیسے بھوکا اژدہا۔ مچھّر وہاں کے اُونٹوں کے برابر۔ مکھیاں جیسے ہاتھی۔ کھٹمل جیسے گینڈے۔ جُوں جیسے بھینسیں۔ یہ سب ہزاروں بدن میں لپٹ رہے ہیں اور سانپ بچھّو بے شمار۔ ایسے زہر دار کہ اگر دُنیا میں آکے دَم پھونکیں گھانس سارے جہاں کی جل جاوے اور درخت خشک ہوجاویں۔ وہاں کی بیڑیوں کی زنجیر کی ایک ایک کڑی ستر ستر ہزار گز کی۔ سیخ کا پھل جیسے شیطان کا سَر۔ اس کا ایک قطرۂ عرق زمین پر نچوڑیں تو تمام زمین کے ڈوم چمار خاک روب تک اُس کی بُو بے تاب نہ لاکر مرجاویں۔ وہ کھانے کو ملے گا اور تانبا پگھلا اور لہو پیپ گرم پانی پینے کو......" (ص ۹۷-۹۸)

رسالہ بُت شکن صفحہ ۹۴ سے صفحہ ۱۰۶ تک پھیلا ہوا ہے اور آخر میں ایک طنزیہ غزل ہے۔ عبارتِ نثر میں بھی طنز کی تیز کاٹ جا بہ جا محسوس ہوتی ہے۔ مثلاً:

"..... ایک سال ایسا ہوا کہ محرم کا تعزیہ اور ہندوں کا رتھ جاترا ایک ہی دن پڑا۔ جب بازار میں تاشے پر ڈھپ بجتا۔ اور لوگوں کی بھیڑ چلی آتی دیکھی تو مسلمان تعزیہ پرستوں نے سمجھا کہ تعزیہ آتا ہے۔ اُسی وقت اُٹھ کھڑے ہوئے اور اونچا سا لکڑی کا بنا ہوا اور اُس پر چنور ہوتا دیکھ دست بستہ ہوکر ادب سے سلام

بجالائے۔ نزدیک پہنچے، دیکھا تو معلوم ہوا کہ رتھ جاتا ہے۔ توبہ توبہ کرکے دوکان میں غیرت سے گھس گئے۔ اس واسطے کہ جو تعزیہ نہیں پُوجتے ٹھٹھا کریں گے۔ اور کبھی ایسا ہوا کہ ڈھپ ڈھپ کی آواز سُن کر ہندوؤں کو دھوکا ہوا، وہ سمجھے کہ ہمارا ٹھاکر چلا آتا ہے۔ جب بہت قریب پہنچے تب معلوم ہوا کہ تعزیہ ہے۔ اور کبھی یوں ہوا کہ دُور سے اُس کی چھتری اور ڈھول بجتا چنور ہوتا دُھوم دھام سے آتا ہوا دیکھ کر ہندو کہنے لگے کہ ہمارا ٹھاکر ہے اور مُسلمان کہنے لگے کہ ہمارا تعزیہ ہے۔ آخر خوب ردّ و بدل ہوئی اور آپس میں شرط ہونے کی نوبت پہنچی۔ یہ تہتک اور فضیحتی دیکھ کر کتنے ہی غیرت والے مُسلمانوں نے اُسی سال تعزیہ پُوجنے سے توبہ کی۔ ۔ ۔ ۔ ۔

(ص ۱۰۵)

غزل کے چند اشعار بھی نقل کیے جاتے ہیں۔ ؎

جہاز و مہندی و شدہ دیا نشان و علم ۔۔۔ بنائے لوگوں نے بُت لاکلام لکڑی کے
کریں ہیں عیش ہمارے امام جنّت میں ۔۔۔ یہاں پڑے ہیں تمھارے امام لکڑی کے
نکالو کھود کے ہندو کی طرح پتھر کا ۔۔۔ یہ پائدار نہیں ہوتے کام لکڑی کے

تمت

مولانا فیاض علی

" رسالہ فیض الفیوض۔ از تصنیفات فاضل اجل عالم اکمل حضرت مولانا فیاض علی صاحب علیہ الرحمۃ والغفران خلف الصدق حضرت مولوی الٰہی بخش مرحوم مغفور۔ صادق پوری عظیم آبادی نبایند حضرت مولانا ولایت علی صاحب زبیری الہاشمی صادق پوری رحمۃ اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اما بعد واضح ہو کہ جب کہ جناب مولانا فیاض علی صاحب خلف اوسط حضرت مولانا الٰہی بخش خدا ماب عرش

صادق پوری عظیم آبادی یکے از خلفائے عظام حضرت مولانا ولایت علی علیہ الرحمۃ زبیری الہاشمی صادق پوری عظیم آبادی ملک افغانستان سے ۱۲۷۰ھ ہجری میں اپنے وطن عظیم آباد کو تشریف لیے آتے تھے۔ اثنائے راہ میں واردِ دہلی ہوئے۔ اُس وقت بعض لوگوں نے وہاں کے آپ سے کچھ سوال کیا۔ اُس کا جواب فی الفور بالبدیہہ بغیر رجوع بطرف کتاب آپ نے دیا اور روانہ عظیم آباد ہوگئے۔ بعد اُس کے اُن لوگوں نے اُس سوال وجواب کو صاف کرکے اور اس کا نام فیض الفیوض رکھ کر چھپوادیا۔ چونکہ وہ رسالہ فارسی زبان میں تھا۔ عوام اُس کے فوائد ومنفعت سے محروم تھے۔ لہٰذا فقیر سراپا تقصیر الٰہی بخش بہاری عفی عنہ حسب ارشاد فاضل اجل عالم باعمل یادگار سلف ممتاز خلف جناب مولانا عبدالرحیم صاحب زبیری الہاشمی صادق پوری عظیم آبادی دام فیضہ خلف اکبر جناب مولانا فرحت حسین قدس سرہٗ برادرِ حقیقی حضرت مولانا ولایت علی الرحمۃ والغفران کے اُس کا ترجمہ عام فہم اُردو میں اصل کتاب کو صفحہ کے اوّل کالم میں اور ترجمہ کو دوسرے کالم میں لکھ کر عام اہل اسلام کے پیش نظر کرتا ہے ۔۔۔۔۔" (ص۱۰۶-۱۰۷)

مولانا فیاض علی مولانا الٰہی بخش صادق پوری کے بیٹے اور شیخ ہدایت علی مہدانوی کے پوتے تھے۔ آپ نے درسی کتابیں اپنے برادر معظم مولوی احمد اللہ سے پڑھیں اور سندِ حدیث مولانا ولایت علی سے لی۔ آپ کا وعظ نہایت پُر اثر ہوتا تھا۔ آپ بڑے مناظر بھی تھے۔ آپ اپنے مرشد مولانا ولایت علی کے ساتھ جہاد میں بھی شریک ہوتے رہے۔ دلیری اور شجاعت کے ساتھ اُمورِ تمدن کے بھی ماہر تھے۔ آپ مولانا ولایت علی کے انتقال (۱۸۵۲ء) کے بعد سرحد سے پٹنہ واپس آگئے تھے۔ پھر چند سالوں کے بعد سرحد افغانستان کی طرف ہجرت کرگئے اور مُلک سوات بُنیر کو پہنچے اور وہیں وفات پائی۔

ل‍ہ الدرالمنثور فی تراجم اہل صادقفور۔ معروف بہ تذکرہ صادقہ از محمد عبدالرحیم صادق پوری۔

Marfat.com

رسالہ فیض الفیوض مع ترجمہ اُردو موسوم بہ منبع الفیوض مجموعۂ رسائل تسعہ کے صفحہ ۱۰۶ سے صفحہ ۱۴۸ تک پھیلا ہوا ہے۔ سوال و جواب اجتہاد و فقاہت تقلید و سنت۔ استنباط و تفکر فی الدین کے متعلق ہے۔ طرز کلام درج ذیل ہے:

"سوال (۴) بعد لازم کرلینے ایک مذہب کے دوسرے مذہب میں چلا جانا صحیح ہے یا نہیں۔ اور یہ جو حنفیوں کے بعض فتویٰ میں لکھا ہے کہ اگر شافعی مذہب والا حنفی مذہب میں چلا آئے تو اس کو خلعت دیا جائے۔ اور اگر حنفی مذہب والا شافعی مذہب میں چلا جائے تو اس کو سزا دینی چاہیئے۔ اس کی کیا دلیل ہے۔ اور اگر مقلد فقیہ ہے اور علم تفسیر و حدیث و اُصول و فقہ کو جانتا ہے اُس کو اگر کسی مسئلہ میں دوسرے مذہب کے علماء کے قول کی کسی دلیل سے ترجیح معلوم ہو تو اس مسئلہ میں اس کو اپنے امام کے مذہب سے انتقال کرنا لازم ہے یا نہیں؟

جواب (۴) ایک مذہب سے دوسرے مذہب میں چلا جانا بشرطیکہ لہو و لعب کے قصد سے نہ ہو درست ہے۔ ہمارے شیخ ملک العلماء مولانا عبدالعلی قدس سرہٗ مُسلّم کی شرح میں فرماتے ہیں کہ جس شخص نے ایک مذہب معین کو اپنے اوپر لازم کرلیا اُس پر واجب نہیں ہے کہ عمر بھر اُسی مذہب پر رہے۔ اگر وہ ایک مذہب سے دوسرے مذہب میں چلا جائے تو صحیح ہے۔ .... اب رہی یہ بات کہ حنفی اگر شافعی مذہب میں چلا جائے تو اُس کو سزا دینی چاہئے اور شافعی اگر حنفی مذہب میں چلا جاوے تو اس کو خلعت دینا چاہیے یہ محض مبتدع قول ہے۔ اس کے لیے کوئی دلیل نہیں ہے۔ بلکہ یہ تعصب سے پیدا ہوا ہے۔ مُلّا علی قاری سم العوارض میں کہتے ہیں کہ یہ جو حنفیوں میں مشہور ہے کہ حنفی جب شافعی مذہب ہو جائے تو اُس کو سزا دی

جائے اور جب اُس کا اُلٹا ہو تو خلعت دیا جائے یہ ایک بناوٹ کی بات ہے ....

.... اور امام ابو شامہ فرماتے ہیں کہ جو شخص فقہ کے ساتھ مشغول ہو اُس کو لائق ہے کہ نہ بس کرے ایک امام کے مذہب پر اور اُس کو لائق ہے کہ مسائل میں سے انہیں مسائل کی صحت کا اعتقاد کرے جو قریب تر ہو کتاب و سُنّت و حکمت کے دلالت سے اور یہ آسان ہے اُس پر جب کہ علوم متقدمہ کے معظمات کا یقین رکھتا ہے۔ اور چاہیئے کہ پرہیز کرے تعصب سے الخ۔" (ص ۱۲۲-۱۲۴)

مجھے چند مطبوعہ رسالے مولوی عبد الغفار صاحب صادق پوری سے ملے۔ دو رسالے ایک ساتھ چھپے ہیں اور تین رسائل ایک ساتھ۔ اول الذکر ۸۰ صفحات پر مشتمل ہیں۔ سائز ۶" × ۸"۔ کاغذ ہلکا زرد اور زردی مائل سُفید، مخلوط۔ اختتام پر مندرجہ ذیل عبارت درج ہے:

"الحمد للہ کہ تفسیر الحمد للہ کی ہندی زبان میں جو حضرت رئیس المومنین امام العارفین سید المسلمین قدوۃ السالکین پیر و مرشد حضرت سید احمد صاحب نے نفع پہنچائے اللہ ہم کو اور سب مُسلمان بھائیوں کو ان کی بقا سے اور زاید کرے فیض اور ارشاد اُن کا۔ آپ اپنی زبان فیض و ہدایت ترجمان سے فرما کے جامع علوم ظاہری و باطنی جناب مولانا عبد الحیٔ صاحب دام فیضہ سے تحریر کروائی۔ اور حقیقت صلوٰۃ کی جو بیان نماز پنجگانہ ہے۔ اور کئی فائدوں کے ساتھ جسے ایک فاضل کامل نے حضرت پیر و مرشد کے مریدوں میں سے حضرت کی زبان اقدس سے سُن کے ہندی زبان میں لکھا ہے۔ تصحیح سے جناب مولانا بدیع الزماں صاحب زاد اللہ برکاتہ کے کلکتے کے مصری گنج میں دسویں محرم ۱۲۶۸ھ میں چھاپی گئی۔" (ص ۲۸)

پہلے رسالہ حقیقت نماز ہے۔ نمونہ بیان حسب ذیل ہے:

"الٰہی شکر تیرے احسان کا کہ تو نے ہمارے دل کو روشن اور زبان کو گویا کیا۔ اور ایسے نبی مقبول کو خلق اللہ کی ہدایت کے واسطے بھیجا، کہ جس کی ادنیٰ شفاعت سے دونوں جہان کی نعمت پاویں۔ اور اس کی رہنمائی سے عرفاں کی لذت اُٹھاویں۔" (صا)

صفحہ ۱۷ کے سرے تک حقیقتِ نماز بیان ہوئی ہے۔ بعد از آں تفسیر الحمد شروع ہوتی ہے اور صفحہ ۲۸ تک جاتی ہے:

"سورۂ فاتحہ اس سورے میں اللہ نے دعا کی طرح بتلائی اور اللہ کے بتلائے برابر کسی کا بتلایا نہیں ہوتا۔ اس واسطے یہ سُورت بڑی بزرگی رکھتی ہے۔ اور دُعا میں دستور یوں ہے۔ ہر کوئی جانے ہے۔ کہ باوجودیکہ سب آدمی محتاج بے مقدور ہیں۔ پر سوال کرنے میں جو آدمی سخی کریم باہمت اور بامقدور ہوتا ہے۔ اُسی سے مانگتے ہیں۔" (ص۱۸) ...

دوسرے مجموعے میں پہلا رسالہ نماز بامعنی ہے۔ یہ صفحہ ۴ کے وسط تک ہے۔ دوسرے مجموعہ کا سائز بھی وہی ہے جو پہلے مجموعہ کا ہے۔ رسالے مطبوعہ ہیں۔ کاغذ زردی مائل سفید۔ طرز تحریر حسب ذیل ہے:

"سُنا چاہئے کہ نماز میں جو جو سورتیں اور دُعائیں معمولی لوگ پڑھا کرتے ہیں۔ اگر ان کے معنوں کو بھی یاد کرلیں تو اللہ کی رحمت دل پر نماز میں ٹپکے اور جہاں مضمون عتاب کا آوے تو دل خود بخود ڈر جاوے اور آنکھوں میں پانی بھر آوے اور جہاں انعام و اکرام اور عیش و آرام جنت کے سمجھیں تو بے اختیار دل میں فرحت اور تازگی پیدا ہونے لگے اور بُرے کام کیطرف دل نجاوے۔ آپ سے آپ متقی بن جاویں۔ ..." (صا)

بعد ازیں رسالہ جہادیہ شروع ہوتا ہے۔ یہ منظوم ہے اور صفحہ ۴ کے وسط سے صفحہ ۲۰ تک پھیلا ہوا ہے۔ نمونہ کلام درج ذیل ہے:

Marfat.com

بعد تمہید خدا نعت رسُول اکرم　　یہ رسالہ ہے جہادیہ کہ لکھتا ہے قلم
واسطے دین کے لڑنا نہ پئے طمع بلاد　　اہل اسلام اِسے شرع میں کہتے ہیں جہاد

ہند کو اسطرح اسلام سے بھردے اے شاہ　　کہ نہ آوے کوئی آواز جُز اللہ اللہ

صفحہ ۸ جو آخری صفحہ ہے نکاح ثانی بیوگان کے متعلق نثر میں ہے۔ یہ دوسرے مجموعہ کا تیسرا رسالہ ہے۔ طرز بیان حسب ذیل ہے :

"اِن دنوں میں ہندوؤں کی رسموں میں سے ایک رسم مُسلمانوں میں بہت بڑی پھیلی ہے کہ جہاں عورت کا شوہر مرا تو اُس کا نکاح نہیں کر دیتے بلکہ اُس کے کرنے کو عیب سمجھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے دوسرے نکاح کو قرآن میں بہت تاکید سے فرمایا اور اس کی تعریف کی ......" (صہ)

اس رسالے کے اختتام پر چند نصیحت آموز اشعار ہیں۔ رسالوں کے دوسرے مجموعے کے مؤلف کے بارے میں کوئی علم حاصل نہ ہوسکا۔ اَغلب یہی ہے کہ یہ رسالہ اہل صادقپور میں سے کسی کا لکھا ہوا ہے۔

دراصل جدید اُردو نثر کی تاریخ حلقۂ سرسیّد احمد خاں سے نہیں شروع ہوتی بلکہ دائرۂ سیّد احمد بریلویؒ سے اس کا آغاز ہوتا ہے۔ اوّل الذکر نے رسالہ تہذیب الاخلاق جاری کیا اور ثانی الذکر نے تہذیب الایمان کے لیے متعدد رسالے شائع کیے۔ دونوں تحریکیں اصلاحی تھیں حضرت سیّد احمد بریلویؒ کی تحریک میں صادقپوریوں کا بڑا ہاتھ تھا۔ مختصر یہ کہ جدید اُردو نثر کی ترویج کی محفل میں اوّلیت کا سہرا دائرۂ سیّد احمد کے سَر ہے۔ اس حقیقت سے ابھی تک پوری واقفیت بھی نہیں اور عام طور پر اِسے تسلیم نہیں کیا گیا۔

بہار میں اُردو ادب کے عام میلانات

میں اپنی اس پیش کش کو ختم کرتے ہوئے بہار میں اُردو ادب کے عام میلانات کے متعلق کچھ عرض کرنی چاہتا ہوں۔

آپ نے غور فرمایا ہوگا کہ اس دیار کی شاعری میں صوفیانہ اور مذہبی رنگ غالب ہے۔ مرثیے تو جذبات عقیدت و غم سے بھرے ہوئے ہیں ان غزلوں اور مثنویوں میں بھی عارفانہ میلان نمایاں ہے۔ گو عام عاشقانہ اور منظری شاعری کی نمائندگی بھی ہوتی رہی ہے۔

نثر نگاری پر بھی مذہبیت طاری ہے۔ ناصحانہ، واعظانہ اور مباحثانہ نثری رسالوں کے نمونے اکثر و بیشتر ملتے ہیں۔ ہاں داستانیں اور قصے بھی لکھے گئے ہیں۔ ایک نثری داستان کا نمونہ تو میں نے پیش کیا ہے اور بعض[1] نمونے مجھے مل نہیں سکے۔

حق تو یہ ہے کہ ۱۸۵۷ء تک بہار میں اُردو ادب صوفیوں اور مذہبی پیشواؤں کے ہاتھ میں ہی رہا ہے۔

زبان و بیان کے طرز اور اسلوب اظہار کے اعتبار سے بہار کے اُردو ادب پر ہندوستانیت کا رنگ چوکھا رہا ہے۔ اُردو زبان و ادب کی روایات کے دو نم

---

[1] مثلاً سید حمید الدین بہاری کی خوان الوان، جو فورٹ ولیم کالج [illegible] ڈاکٹر گلکرائسٹ [illegible] لکھی گئی تھی۔ اُردو ادب میں جان گلکرائسٹ کا مقام، بہاری زبان، ۱۹۵۵ء علی گڑھ، ص ۱۱۔

Marfat.com

دھارے ہیں " ہندوستانیت " اور " عرب عجمیت "۔

اُردو نظم و نثر کے طرز و اسلوب میں بھی یہ دو میلانات صاف نظر آتے ہیں کبھی "ہندوستانیت" کا غلبہ رہتا ہے اور کبھی "عرب عجمیت" کو فوقیت حاصل ہو جاتی ہے۔ بہار میں اٹھارہویں صدی عیسوی تک خصوصاً طرز و اسلوب کے لحاظ سے "ہندوستانیت" کو غلبہ حاصل رہا ہے اور بعد ازاں توازن کی صورت پیدا ہوئی۔ اس صوبہ میں "عرب عجمیت" کو کبھی کامل فوقیت حاصل نہیں ہوئی۔

تیسری خصوصیت یہ ہے کہ بہار کی شاعری میں موضوعِ سخن، فضا اور زبان کے اعتبار سے مقامی رنگ چمک اور بہاری آہنگ گونج اُٹھتا ہے۔

دورِ اولیٰ کے کئی بہاری شعراء کے کلام میں بحر و وزن کا استعمال ناہموار طور پر ہوا ہے۔

۱۸۵۷ء تک بہار کے تذکرہ نگاروں نے اُردو شعراء کے تذکرے فارسی میں لکھے۔ ان کے معیارِ تنقید و ترتیب پر بھی کلیم الدین احمد صاحب کی وہ تنقید صادق آتی ہے جو انھوں نے تذکروں کے متعلق اپنی کتاب "اُردو تنقید پر ایک نظر" میں لکھی ہے یعنی یہ تذکرے برائے نام تنقیدی ہیں اور حالات کی پیش کش اور ترتیب کے لحاظ سے بھی ناقص ہیں۔

معذرت

مجھے اپنی تنگ دامانی اور بے بضاعتی کا افسوس ہے۔ اس کتاب میں بہتیرے شعراء اور کئی اُدباء نہیں شامل کیے جا سکے۔ جو شریکِ انجمن ہوئے بھی ہیں۔ اُن کے کلام و سخن کی پوری نمائندگی نہیں ہو سکی۔ بعض اہلِ فن کی تاریخِ پیدائش یا تاریخِ وفات یا دونوں باوجود کوشش کے معلوم نہ ہو سکیں۔ اس وجہ سے ترتیبِ کتاب میں نقص رہ گیا۔ اور بعض دوسری جہتوں سے بھی نقائص رہ گئے ہوں گے یہ میری خطا یا کمزوری ہے۔ میں ان سب نقائص کے لیے اہلِ نظر حضرات سے معذرت خواہ ہوں۔

Marfat.com

نوٹ

صفحہ ۲۵ : ڈاکٹر ایس. سی. سرکار، سابق صدر شعبۂ تاریخ، پٹنہ کالج، اپنے خطبات میں اس حقیقت کو بیان فرمایا کرتے تھے کہ "آریہ حملہ آور تین بڑی بڑی لہروں میں ہندوستان کے طول و عرض میں پھیلے ہیں۔"

صفحہ ۹۳ : اشفاق حسین اور شکیلہ اختر کے مقالے "بہار کے دیہاتی گیت" معاصر، پٹنہ فروری و مارچ ۱۹۴۴ء (جلد ۷، نمبر ۲، ۳) میں شائع ہوئے تھے۔ از صفحہ ۶۷ تا ۷۶۔

صفحہ ۱۰۱ : پروفیسر گورکھ ناتھ سنہا کے غیر مطبوعہ مقالات تک میری رسائی ہوئی ہے۔ موصوف نے شعبۂ تاریخ، پٹنہ یونیورسٹی کو بھی توجہ دلائی تھی کہ وہ اس امر کی تفصیلی تحقیق کرے کہ بہار کے اکثر راجپوت گھرانے ترکوں اور مغلوں کی افواج کے ساتھ اس دیار میں آئے۔"

صفحہ ۳۸۱ : "مجالس چہلم" حیدر بخش حیدری کی تصنیف۔ آرائش محفل کی تصنیف ہوسکتی ہے۔ صاحب ارباب نثر اردو نے حیدر بخش حیدری کی کتاب "گل مغفرت" کا تذکرہ کیا ہے۔ انہوں نے اس کا ایک مطبوعہ نسخہ دیکھا تھا۔ لکھتے ہیں کہ نایاب ہے۔

• اختر اورینوی

Marfat.com

کتابیات

۱) لنگوئسٹک سروے آف انڈیا۔ گریرسن

۲) انڈو ایرین اینڈ ہندی از ڈاکٹر سونیتی کمار چڑجی ۱۹۴۲ء

۳) بنگالی زبان کا آغاز وارتقا از ڈاکٹر سونیتی کمار چڑجی ۱۹۲۶ء

۴) نیشنلزم اینڈ کلچر از روڈ ولف روکر ۱۹۳۶ء

۵) تفسیر کبیر از حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد ۵۷-۱۹۴۴ء

۶) ہندوستانی لسانیات۔ از ڈاکٹر محی الدین زور

۷) اُردو شہ پارے۔ از ڈاکٹر محی الدین زور

۸) افادات سلیم۔ از پروفیسر وحیدالدین سلیم

۹) ہندوستانی لسانیات کا خاکہ از بیمز۔ ترجمہ سید احتشام حسین

۱۰) خطبات و مقالات گارسان دتاسی۔ ترجمہ انجمن ترقی اُردو ہند

۱۱) پنجاب میں اُردو از پروفیسر محمود شیرانی

۱۲) دکن میں اُردو از نصیرالدین ہاشمی

۱۳) نقوش سلیمانی از علامہ سید سلیمان ندوی

۱۴) اُردو کی ابتدائی نشوونما میں صوفیائے کرام کا کام۔ از مولانا عبدالحق

۱۵) سب رس۔ از ملا وجہی دکنی مع مقدمہ مولانا عبدالحق

۱۶) قطب مشتری از ملا وجہی دکنی مع مقدمہ مولانا عبدالحق

۱۷) آبِ حیات از محمد حسین آزاد

۱۸) داستان اُردو از نواب نصیر حسین خیال

۱۹) مقدمہ تاریخ زبان اُردو از ڈاکٹر مسعود حسین خاں

۲۰) اُردو زبان کا ارتقا از ڈاکٹر شوکت سبزواری

۲۱) عرب و ہند کے تعلقات۔ از علامہ سید سلیمان ندوی

Marfat.com

(۲۲) انٹروڈکشن ٹو پراکرت از ڈاکٹر اے۔سی۔ وولنر ۱۹۳۹ء

(۲۳) پالی از ڈاکٹر لاؤ

(۲۴) جلوۂ خضر از صفیر بلگرامی

(۲۵) کاشف الحقائق معروف بہ بہارستان سخن از نواب امداد امام اثر ۱۸۹۷ء

(۲۶) بہار اور اردو شاعری از پروفیسر معین الدین دردائی

(۲۷) تحقیقی مقالے از پروفیسر معین الدین دردائی

(۲۸) تاریخ شعرائے بہار از سید عزیز الدین بلخی

(۲۹) دیوان جوشش عظیم آبادی، مرتبہ قاضی عبدالودود

(۳۰) کلیات راسخ عظیم آبادی۔ مطبوعہ

(۳۱) راسخ از حمید الدین عظیم آبادی

(۳۲) بہار نمبر ندیم۔ گیا۔ ۱۹۳۳ء و ۱۹۳۵ء و ۱۹۴۱ء

(۳۳) رسالہ معاصر، پٹنہ کی پوری فائل از ۱۹۳۵ء تا ۱۹۵۶ء

(۳۴) ساتھی، پٹنہ کے خاص نمبر

(۳۵) صدائے عام، پٹنہ کے خاص نمبر

(۳۶) پٹنہ یونیورسٹی جرنل کے مختلف پرچے

(۳۷) کرنٹ اسٹڈیز، پٹنہ کالج کے مختلف پرچے

(۳۸) یادگار عشق عظیم آبادی مرتبہ شاد عظیم آبادی

(۳۹) رسالہ معیار، پٹنہ کی فائل

(۴۰) اردو تنقید پر ایک نظر از پروفیسر کلیم الدین احمد

(۴۱) تذکرۂ گلزار ابراہیم از خلیل عظیم آبادی

(۴۲) تذکرۂ شورش عظیم آبادی

(۴۳) تذکرۂ عشقی عظیم آبادی

(۴۴) شاہ مجتبیٰ حسین صاحب بہار شریف کے کتب خانہ سے حاصل شدہ چند قدیم مطبوعہ کتابیں اور قلمی نسخے

(۴۵) چھوٹی اور بڑی خانقاہ پھلواری شریف سے حاصل شدہ قلمی مجموعے اور نسخے

Marfat.com

(۴۶) حکیم شعیب صاحب مرحوم پھلواروی سے حاصل کیے ہوئے مخطوطات

(۴۷) خانقاہ منگل تالاب، پٹنہ سٹی کی چند قلمی مثنویاں

(۴۸) مشرقی کتب خانہ خدا بخش خاں پٹنہ کے قلمی نسخے۔ مثلاً کلیات راسخ عظیم آبادی (خود نوشتہ) اور مکتوبات حضرت مظفر شمس بلخی

(۴۹) مثنوی گوہر جوہری کا قلمی نسخہ۔ پٹنہ یونیورسٹی لائبریری

(۵۰) پٹنہ یونیورسٹی لائبریری کے متعدد مخطوطات

(۵۱) پروفیسر سید ذکی الحق بی۔ این کالج سے حاصل کی ہوئی قلمی کتابیں

(۵۲) مولوی عبدالغفار صاحب صادقپوری سے حاصل شدہ قلمی اور مطبوعہ رسالے

(۵۳) الدر المنثور از مولوی عبدالرحیم صاحب صادق پوری

(۵۴) حیات سید احمد بریلوی، از جعفر تھانیسری

(۵۵) سیرت اسماعیل شہید۔ مطبوعہ لاہور

(۵۶) تقویت الایمان از حضرت اسمٰعیل شہید

(۵۷) اردو گزٹ۔ الہ آباد۔ برائے ممالک مشرقی [illegible] فائل

(۵۸) پٹنہ کمشنری کے ریکارڈ اور تاریخ مگدھ (مطبوعہ) از سید فصیح الدین بلخی

(۵۹) شاہ فخر عالم۔ سجادہ نشین خانقاہ خلیفہ باغ، بھاگل پور کے [illegible] کی قدیم [illegible] کتابیں اور قلمی نسخے

(۶۰) وضع اصطلاحات از پروفیسر وحید الدین سلیم

مذکورہ بالا کتابوں، رسالوں اور قلمی نسخوں کے علاوہ [illegible] مخطوطات سے مدد لی گئی ہے۔ پروفیسر [illegible] میں لکھے ہوئے مخطوطوں کا بھی مطالعہ کیا [illegible] اور ایک علمی رسالے کے چند نمبروں سے بھی استفادہ [illegible] ممنون کرم ہوں۔

Marfat.com

Marfat.com

اشاریہ

آب حیات ۔ 60
ابوالفضل ۔ 48
آتش ۔ 146
احتشام حسین ۔ 12، 15، 38، 49، 50
احمد دین 13
احمد بہاری 83
احمد، سید 83، 84
احمد جان 85
آخرت نامہ 101
آدم 13 14
اربعین فی المہدیین [illegible]
آریہ ورت 23، 27، 42
اَرزاں، دَرویش 86
آزاد بلگرامی 91، 154
آزاد محمد حسین 26، 59
اسرائیلیات 13، 18

اِسمٰعیل 84
اِسمٰعیل، شہید 306، 308
اشپرنگر 249، 253
اسحٰق، سید محمد، پیر دمڑیا 286، [illegible]
اَسوگھوش 32، 33
اَشوک 23، 24، 32، 33، [illegible]، 39، 73، 78
افضل، جھنجھانوی 198، [illegible]
افسوس میر شیر علی 266
اقبال 14، 24
اکبر الٰہ بادی 145
البیرونی [illegible]0
اُلفت، اُجاگر چند 173، [illegible]
اُلفتی پیارے لال 175
اَلم دہلوی 269
الیٹ جے بی [illegible]، [illegible]، 253
امجری، سید محمد 121

Marfat.com

اَمن، امیر 266
اَمِین، امین الدین 193, 222
امیر خسرو 48, 116
انشاء، انشاء اللہ خاں 146
انیس 146
آئنسٹائن 14
آیونوویکی 18

ب

باجن شیخ 48
بائبل 13
بت شکن 312, 321, 322
بدرعالم 85
بروپاسدھ 80
برہان، شیخ 83, 87
بلاک جیولس 40, 49, 55
بلیٹین اسکول آف آرنٹیل اسٹڈیز 55
بلخی حسن 85
بلخی مظفر شمس 85, 119, 120, 281
بلخی عزیز الدین 153, 160, 168, 173
بلخی فصیح الدین 123, 139, 193
بلخی محمد تقی فردوسی 280, 282
بندہ نواز 46, 47
بودھ 32, 34, 37
بوستان خیال 191
بھنڈارکر 24

بھوبھوتی 32
بیزر جوزن 12, 49

پ

پاتنجلی 32, 33
پانینی 32, 33
پالی 24, 31, 32, 34, 44
47, 60
پالی گرامک 73
پراکرت 23, 31, 32, 33, 34
37, 40, 44, 62, 63
68, 79, 107
200, 305
پروٹو آردو 68, 75
پریشاں، حکیم عبدالحمید 80, 307

ت

تاج فقیہہ 84, 311
تاریخ فرشتہ 91
تانتی پاسدھ 80
تبیان الشرک 312, 313
تاباں، نورالحق 171, 172
182, 199
تخمینہ 40, 41, 106, 165
تجلیات الانوار 157
تحقیق عظیم آبادی 159, 160
تذکرہ 39, 40, 106, 109

Marfat.com

تذکرۃ الکرام 285
تذکرۂ مفید خوشگو 90
تذکرۂ صادقہ 310
تذکرۂ عبرتی 90
تذکرۂ میر حسن 257 ، 358
ترقی شاہ امان علی 237
تفسیر کبیر 15
تقویۃ الایمان 313
تمنا، عمادی پھلواروی 165، 273، 276
تواریخ عجیبہ 308
تہذیب الاخلاق 328
تیسیر الصلوٰۃ 312، 318

ث

ثابت، اصالت خاں 213
ثاقب مظفر آبادی، سید حسن رضا
358 ، 259
ثروت، مفتی غلام مخدوم
204 ، 208 ، 221 ، 222

ج

جا جنیری، سید احمد 85
جانجاناں، مظہر دہلوی 91 ، 255
جذب عشق، مثنوی 233 ، 237
جذبات حسینہ 386 ، 387 ، 388
جسونت رائے ناگر 218
جعفر عظیم آبادی 144
جگجوت پیر شہاب الدین
84 ، 85 ، 88
جلال الدین، حافظ ملتانی 114 ،
جلوۂ خضر 148 ، 153
154 ، 156
جمال الدین، سید 85
جواہر الاسرار 162
جوشش عظیم آبادی
199 ، 206 ، 215 ، 216
217 ، 251
جوہری، آیت اللہ پھلواروی 165
172 ، 181 ، 182
183 ، 189 ، 190
193 ، 198 ، 199
202 ، 204 ، 208
جیمز جینیز 14

چ

چٹرجی، سونیتی کمار 22 ، 24 ، 27
30 ، 38 ، 44 ، 49 ، 50 ، 58 ، 62
64 ، 65 ، 74 ، 75 ، 78 ، 99
چرم پوش، مخدوم سید احمد
85 ، 86 ، 121
چشمۂ علم 136

چمنستانِ شعراء ..... 154 ، 155

ح

حالی، الطاف حسین 145
حجۃ اللہ البالغہ 306
حزیں، شیخ علی 90 ، 179 ، 219
حزیں میر باقر 149 ، 213 ، 249
255
حسرت موہانی 193 ، 233
حسرت، ہیبت قلی خاں 213
حسن، سید مخدوم 85
حسن، میر 146
حسن و عشق، مثنوی 233 ، 235
حسین، احمد، حکیم 234
حضور، شیخ غلام یحییٰ 211 ، 212
حمید الدین بہاری 329
حمید عظیم آبادی 140 ، 143
154 ، 156 ، 160 ، 161
230 ، 231
حیاتِ فریاد 144
حیدری 301 ، 302

خ

خاتم سلیمانی 232
خانخاناں، عبدالرحیم 47
خزانۂ عامرہ 153
خلاصۃ الکلام 252
خلیل، نواب علی ابراہیم خاں عظیم آبادی
258 ، 256 ، 251 ، 250 ، 223
خمخانۂ جاوید 223
خنگسوار، سید حسن 83
خوشگو، بندرابن 153 ، 173
خیال، میر محمد تقی 291
خیال، نواب نصیر حسین 56

د

درد، میر 144
دردائی، معین الدین پروفیسر
119 ، 120 ، 144 ، 155
156 ، 158 ، 159 ، 161
163 ، 173 ، 214 ، 259
دردمند، فقیہہ 149 ، 269
دل، شیخ محمد عابد 215
دلدار، نور محمد 204 ، 205
دوویدی، مہابیر پرشاد 76
دھکڑ پوش، شیخ حسین 85
دہ مجلس 298 ، 299 ، 301
دھیرج نرائن 222
دیسی نام مالا 32

ڈ

ڈوسن 48

Marfat.com

ذ

ذکی الحق 255
ذوق، شیخ ابراہیم 156

ر

راستی، منہاج 85
راسخ عظیم آبادی 145 ، 193 ، 230 ، 231 ، 232 ، 260
رام موہن رائے، راجہ 295
رخشاں ابدالی 277 ، 279 ، 282 ، 291 ، 293
ردِ شرک 312
رسالۂ دعوت 312 ، 315
رضا، میر محمد 220
رگ وید 28 ، 29 ، 33
روز روشن، تذکرہ 253
ریاض الافکار 90
ریاض السلاطین 176 ، 177 ، 179
ریس اینڈ کلچر 19
ریناں، فرانسیسی 24

ز

زبدۃ الخیال 291
زخاؤ، ڈاکٹر 68
زور، محی الدین قادری، ڈاکٹر 12 ، 15 ، 20 ، 46 ، 49 ، 56

س

ساما وید 28
سب رس 57 ، 58 ، 305
سبزواری، شوکت 49 ، 50 ، 62 ، 63 ، 65
سبیل نجات، مثنوی 233
سجاد، غلام نقشبند 161 ، 162 ، 164 ، 165 ، 167 ، 168 ، 169 ، 170 ، 182 ، 226 ، 277
سراج الدولہ 176 ، 312
سرکار، اس، سی، ڈاکٹر 27 ، 68
سرگذشتِ الفاظ 13
سروِ آزاد 153
سفید باز، یتیم اللہ 85 ، 86
سفینۂ خوشگو 175 ، 198
سکینہ 47
سَلم و مُسلم 91
سلیم عظیم آبادی 193
سلیم، وحید الدین، پروفیسر 19 ، 21
سلطان ٹیپو 312
سلیمان ندوی 22 ، 23 ، 50 ، 51 ، 59 ، 60 ، 61 ، 65 ، 67 ، 81 ، [illegible] ، 113 ، 118 ، 119

Marfat.com

سمنانی، اشرف جہانگیر 113

سنکرتیاین، راہول 22

سودا 204 ، 255 ، 257

سورداس 45 ، 47

سوریہ سدھانت 105 ، 106

سوز، میر 146

سہیل عظیم آبادی 110

سیاناچاریہ 28

سیر المتاخرین

141 ، 160 ، 176 ، 264

سیر الہند 284

سیرتی 89

سید احمد بریلوی 306 ، 307

308 ، 312 ، 328

سید احمد خان، سر 328

سیوطی، ابن 61

ش

شاد عظیم آبادی

143 ، 144 ، 280

شانتی دیو شاستری 28

شاہ جہاں 48

شتاب رائے، راجہ

96 ، 105 ، 148 ، 178

179 ، 222 ، 265 ، 266

شجرۂ باثمرہ 312 ، 319

شرف الدین، شیخ منیری

72 ، 83 ، 84 ، 90 ، 114

شرف نامہ 114 ، 115

147 ، 119

شطاری، قاضی 83 ، 87

شعراء الہند 250 ، 263

شعیب، شیخ مخدوم 21

شعیب محمد قادری حکیم 157 ، 171

172 ، 183 ، 208 ، 221 ، 238

شکلا، رام چندر 80

شکنتلا 32

شمس الدین، شیخ 85

شورش عظیم آبادی 183 ، 199

شوق نیموی 138

شہباز 138

شیرانی، محمود، پروفیسر 49 ، 50

51 ، 52 ، 53 ، 57

65 ، 91 ، 93 ، 97

99 ، 113 ، 117 ، 198

شیفتہ دہلوی 219 ، 269

ص 8

صادق، مرزا محمد اصفہانی 89

صبح صادق 89

Marfat.com

صبح گلشن 89
صحف ابراہیم 251
صراط مستقیم 320
صفیر بلگرامی 148 ، 153 ، 155
صلاح الدین، خدا بخش 266

ض

ضمیر الدین، خان بہادر 230 ، 231
ضیاء، میر ضیاء الدین دہلوی 220 ، 267

ط

طبقات الشعراء 259
طبقات ناصری 139
طپاں، شاہ نور الحق 224
225 ، 232 ، 242 ، 276

ظ

ظہور، شاہ ظہور الحق 182
225 ، 226 ، 238 ، 239
241 ، 242 ، 277

ع

عارف کلیم 89
عاشق کیان سنگھ، مہاراجہ 264
266 ، 267
عاشقی عظیم آبادی، حسین قلی خاں آغا 263
عالم علی عظیم آبادی 2[illegible]1
عالمگیر، اورنگ زیب 94 ، 96 ، 99 ، 94
عالی گوہر شہزادہ 158

عبدالحق 57 ، 58 ، 88
عبدالحی 230
عبدالرزاق بہاری 91
عبدالعزیز 84
عبدالغفار صادق پوری 326
عبدالقادر سروری 239
عبدالمقتدر، محدث 91
عبدالودود، قاضی 136 ، 144
145 ، 147 ، 181
184 ، 198 ، 204
213 ، 214 ، 215
220 ، 233 ، 249
273 ، 275 ، 276
عبرتی عظیم آبادی، وزیر علی
253 ، 254
عسکری، سید حسن پروفیسر
71 82 84 100
101 102 114 117
120 123 172 173
174 180 181 183
192 194 198 216
239 264
عشق دہلوی، شمس عظیم آبادی شاہ
رکن الدین 231 258 259

عشق نامہ 245 246

عشقی عظیم آبادی، وجیہہ الدین 184 192 252 253 266

عطاء الرحمٰن کاکوی، پروفیسر 214

عظیم الشان، شہزادہ 85 140

علی شجاع الدین 293 294

علی محمد عالم 298

عماد، سید عمادالدین پھلواروی 157 158 159 162 171 182 277

عمل بالحدیث رسالہ 312 _ 314

عنایت علی صادق پوری 307 321 322

عین الدین، گنج العلم 47

غ

غالب، اسد اللہ خاں 146

غنا، قاضی عبدالغفار 161 162 164

ف

فتو، شیخ 83 85

فدوی، مرزا محمد علی 182

فرحت، فیض اللہ معروف بہ شاہ غلام مخدوم عظیم آبادی 234

فرخ سیر 140

فرد، شاہ ابوالحسن 90 234 243

فردوسی، شیخ نجیب الدین 113

فریاد، شاہ الفت حسین 90

فضائل رمضان 277

فطرت موسوی خاں 160

فغاں، اشرف علی خاں 256 257

فقہ محمدی 96 97 98 99 100

فگار عظیم آبادی، قادر علی 245 246 247

فیاض علی، مولانا 323 324

فیض عام (رسالہ) 277

فیض الفیوض 323 324

ق

قاسم، میر 178 179 180

قبال، برکت اللہ 85

قزوینی، محمد حسین 89

قسمی، میر یحییٰ 89

قطب مشتری 305

قلندر، حضرت عمادالدین 273 - 274 276

قلندر، شاہ وجیہہ اللہ

قلی قطب شاہ 58 59

قیس، معین الدین احمد 234

ک

کاڈول 30

کالی داس 32 33

کالی کنکر دت 130 131

کبیر داس 47 77 82 164

کرتی پتاکا 76

کرتی لتا 76 77

کسب النبی، رسالہ 277

کشش عشق 233

کلیم الدین، احمد 330

کمال، شاہ کمال علی 215

کمالو، بی بی 85

کیٹل 30

کینی، چڑیا کوٹی 214

کینے، اے۔ ایچ 27

گ

گارساں دتاسی 49 135 136 191 231 253 259

گریرسن 24 47 49 50 55 65 75 115

گل رعنا 230

گلزار ابراہیم 193 211 230 249 251 257 262

گلشن بے خار 219 230 250 259 262

گلشن ہند 193 214 218 258 262

گلکرائسٹ، جان 329

گنج رشیدی 115

گنجینۂ حسن، مثنوی 233

گوسائیں، سید فضل اللہ 85

گوہر جوہری، مثنوی 183 192 193 197

گھوش، منموہن 58

گیگر، ڈبلیو 73

گیلانی، مولانا محمد احسن 303

گیلانی، مناظر احسن 303

ل

لاؤ 44

لسانیات 17 18

لنگردریا، احمد 85

لنگوسٹک سروے آف انڈیا 50 115

لوہی پا 80

م

مارشل، جون، سر 22

مجمدار، بی۔ بی، ڈاکٹر 18

محب اللہ بہاری 91

مخزون، غلام جیلانی 204، 208، 209، 210
محمد جعفر تھانیسری 308، 309
محمد، سید 83، 85
محمود احمد، بشیرالدین، مرزا 15
مرآۃ الجمال مثنوی 233
مسرت افزا 215، 218
مسعود حسین، ڈاکٹر 34، 47، 48، 49، 50، 54، 56، 58، 59
مصحفی 146
مصرا، جے دیو 104، 105
مصرا، کمو وانند 104
معاصر 75، 122، 123، 165، 173، 206، 207، 238
معدن المعانی 116
معراج الخیال 90، 264، 267
معراج العاشقین 46، 47
مقدمہ تاریخ زبان اردو 54
مکتوب شوق، مثنوی 233
ملر، جے۔ ایچ 18
ملک یار، محمد ابراہیم 85، 86
مناقب محمدی 121
منتخب التواریخ، بدایونی 90
منعمی گیاوی، شاہ عطا حسین 285
موزونی، رام نرائن لال، راجہ 1.. 175، 176، 177، 178، 181، ..4، 264
مومن 46
مہابھارت 69
میرا 164
میر تقی میر 144، 145، 146، 232، 233
میر حسن 245
میکس مولر 28

ن

نازونیاز مثنوی 233
ناسخ 146
نالاں، میر وارث علی 206، 207
نام دیو 164
نانک، بابا 164، 311
نجیب اشرف ندوی 89، 156
ندیم، ابن 68
ندیم، رسالہ 116، 131، 140، 143، 173، 279
نشاط، عبدالغفور خاں 156
نشتر عشق 253
نصیر دہلوی 146
نظام الدین اولیاء 113

نظیر اکبر آبادی 145

نعمت علی عظیم آبادی 295

نقوش، رسالہ 50 51 52

نقوش سلیمانی 48 50 59

نوائے وقت بمبئی 58

نور الافکار، مثنوی 233

نوشتۂ توحید 86

نیالوی، بہاء الدین احمد فیض 173

نیرنگِ محبت، مثنوی 233

و

وجہی، ملا 57 59 305

ودیاپتی 76 82

وضع اصطلاحات 13

وِکرم آروسی 32

ولایت علی 304 307 308 309 311 314 315 319 324

ولی اللہ، شاہ 306

ولی دکنی 141

ولیہ، حضرت بی بی 172 173

ورڈلنز 43 79

وید 13 25 27 28

ہ

18

ہرٹز، فریڈرس 19

ہردے نارائن، پنڈت 37

ہرش وردھن 37

ہری اودھ 80

ہندوستانی لسانیات 2 15 50

ہندوستانی لسانیات کا خاکہ 12

ہندی ساہتیہ کا اتہاس 76

ہیم چندر 32 33 62 63

ہیون سیانگ 70 75

ی

یادگارِ عشق 258

یاس، انور علی آروی 231 234

یجروید 28

یحییٰ منیری، حضرت 72 84 86 91

ید اللہ 119

یدِ بیضا 153

یزدی، محمد معزالدین 89

یوسف زلیخا 245

سے نقل کیے گئے ہیں ۔

زُلفوں میں جب میں تیری گرفتار ہوگیا　　آزادگی کے نام سے بیزار ہوگیا

نالاںؔ اسیرِ زُلف کو آزادگی کہاں　　اس پیچ میں پڑا سو گرفتار رہا

آغازِ محبت میں اگر جان نہ دیتے　　یہ کام کسی طرح سے انجام نہ ہوتا

پوجا کرے ہے جو کوئی دل کے کنشت کا　　اے شیخ معتقد نہیں وہ سنگ و خشت کا

یک بہ یک شام کو وہ یار جو گھر سے نکلا　　لوگ حیراں ہوئے یہ چاند کدھر سے نکلا

قتل کو تیرا ہی مجاز نہیں　　ورنہ میں کب کہاکہ آج نہیں

اے چشم رازِ عشق کو افشا نہ کیجیو　　ناحق کسی غریب کو رُسوا نہ کیجیو

چین سے بیٹھنے کہیں نہ دیا　　مجھ کو میری ہی بدگمانی نے

آنکھیں پُرآب ، خاک بسر، جیب چاک ہے　　نالاںؔ یہ کیا ہوا ، تری صورت بدل گئی

کل سے کچھ ہو رہے ہو برہم سے　　ایسی تقصیر کیا ہوئی ہم سے

کس روز میری خاک پہ تونے گذر کیا　　آلودہ کب ہوا [illegible]

[illegible]